المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة

اہم مسائل

جن میں ابتلائے عام ہے

جلد دھم

پسند فرمودہ:

حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی

رئیس: جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا ننندربار

تحریک وتحریض:

حضرت مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی

ناظم تعلیمات ومعتمد جامعہ

تالیف:

مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی

صدر دارالافتاء جامعہ اکل کوا

تحقیق وتخریج:

معاون مفتیان کرام دارالافتاء

ناشر:

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم

اکل کوا، نندربار، مہاراشٹر

تقسیم کار

جملہ حقوق محفوظ ہیں!

نام کتاب : المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة **جلد دهم**

مؤلف : حضرت مولانا مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی

تحقیق وتخریج : معاون مفتیانِ کرام دارالافتاء

کمپیوٹر کتابت وترتیب: عبدالمتین اشاعتی کانڑگانوی

طبع اول : ۱۴۳۸ھ ۲۰۱۷ء

صفحات : ۴۰۶

تعداد مسائل : ۲۵۰

قیمت :

باہتمام : ابوحمزہ وستانوی

ناشر : جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

ملنے کا پتہ

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا ضلع نندر بار مہاراشٹر

Phone & Fax: 02567,252556

E-mail jafarmilly@gmail.com

fatawaakkalkuwa@gmail.com

http://jamiyaakkalkuwa.com/fatawa/

فہرست عناوین

نمبر شمار	فہرست عناوین	صفحہ
۞	**تمہیدی کلمات**	۞
◉	**کتاب الإیمان والعقائد** **ایمان وعقائد کے احکام ومسائل**	◉
۱	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا پہنچانا	۲۱
۲	تقویٰ یا دل کا روگ	۲۲
۳	مرتد شخص اہلِ کتاب میں شامل نہیں!	۲۳
۴	سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا	۲۴
۵	مسلم عہدہ دار کا سرسوتی کی پوجا کرنا	۲۵
۶	تحقیق "حُبُّ الْوَطَنِ مِنَ الإِیْمَانِ"	۲۷
۷	"وندے ماترم" کہنے کا شرعی حکم	۲۹
۸	قومی پرچم کو سلامی اور قومی ترانہ	۳۱
۹	قمر در عقرب والی تاریخ کو منحوس سمجھنا اور شادی نہ کرنا	۳۲
۱۰	بڑوں بزرگوں کو "حضرت" یا "مولانا" کہنا	۳۴
۱۱	حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمہ اللہ کا یومِ وفات	۳۶
۱۲	گیارہ ربیع الآخر کو چراغاں یا روشنی کرنا	۳۸
۱۳	مخصوص طریقے پر ایصالِ ثواب کی مجلس	۴۰

۱۴	''نماز بخشوانے گئے روزے گلے پڑ گئے'' کہنا	۴۲
۱۵	عیسوی تاریخ کے ساتھ اے ڈی (AD) لکھنا	۴۳
۱۶	بار بار اسم محمد پر درود پڑھنا	۴۵
۱۷	غیر صحابی کے لیے ''رضی اللہ عنہ'' کا استعمال	۴۶
۱۸	تعظیمی و دعائیہ کلمات میں اختصار	۴۸
۱۹	بیعت کی حقیقت اور اس کی ضرورت	۴۹
۲۰	تبلیغ دین بے حد ضروری ہے!	۵۲
۲۱	امتحان میں کامیابی کا مجرب نسخہ	۵۵
	کتاب الطهارة **پاکی کے احکام ومسائل**	
۲۲	دھوپ میں گرم شدہ پانی سے وضو	۵۶
۲۳	اٹیچ باتھ روم میں واش بیسن پر دعائیں پڑھنا	۵۷
	کتاب الصلوة/نماز کے احکام ومسائل	
	باب القبلة والأذان	
۲۴	سمتِ قبلہ میں معمولی انحراف	۵۹
۲۵	گھر کی عورتیں کونسی اذان پر نماز پڑھیں؟	۶۱
	باب صفة الصلوة	
۲۶	سلام کے بعد صف سے آگے یا پیچھے بیٹھنا	۶۲
۲۷	دو ستونوں کے درمیان صف بنانا	۶۲
۲۸	جائے نماز پر بیٹھ کر دعا مانگنا	۶۳

◉	**باب الإمامة**	◉
۲۹	امام کے پیچھے کون لوگ کھڑے ہوں؟	۶۵
◉	**مفسدات الصلوة ومکروهاتها**	◉
۳۰	غلبۂ نیند کے وقت نماز	۶۷
۳۱	دورانِ نماز صفوں کی درستگی کے لیے چلنا	۶۸
۳۲	بے ڈھب اور اشتہار چھپے ہوئے لباس میں نماز	۶۹
۳۳	عام مسجد اور مسجد حرام میں نمازی کے سامنے سے گزرنا	۷۳
۳۴	چھوٹی یا بڑی مسجد میں نمازی کے سامنے سے گزرنا	۷۵
۳۵	نمازی اور گزرنے والے کے مابین محاذات کی صورتیں	۷۷
۳۶	نمازی کے سامنے سے گزرنا (پہلی صورت)	۷۹
۳۷	نمازی کے سامنے سے گزرنا (دوسری صورت)	۷۹
۳۸	نمازی کے سامنے سے گزرنا (تیسری صورت)	۸۰
۳۹	نمازی کے سامنے سے گزرنا (چوتھی صورت)	۸۰
۴۰	نمازی کے سامنے سے ہٹنا	۸۱
۴۱	سترے کی جگہ تپائی یا اٹیچی سامنے رکھنا	۸۱
۴۲	بجائے سترہ کسی شخص کو نمازی کے سامنے کھڑا کرنا	۸۲
۴۳	سترے کی جگہ اپنا عصا یا رومال نمازی کے سامنے کر دینا	۸۳
۴۴	سترے کا ایک مخصوص طریقہ	۸۳
۴۵	سلامِ اول کے بعد نمازی کے سامنے سے گزرنا	۸۵
۴۶	نماز میں موبائل پر مس کال دیکھنا	۸۶

◉	**باب السنن والنوافل**	◉
۴۷	نمازِ مغرب سے پہلے دو رکعت نماز کی شرعی حیثیت	۸۸
◉	**باب الجمعة**	◉
۴۸	مسافر اور نمازِ جمعہ	۸۹
◉	**باب صلوة المسافر**	◉
۴۹	مسافر مقتدی کی فاسد نماز کا اعادہ	۹۰
◉	**باب صلوة المریض**	◉
۵۰	موتیا آپریشن والے پر نماز	۹۱
◉	**کتاب الجنائز** **جنازہ کے احکام ومسائل**	◉
۵۱	نمازِ جنازہ کے بعد اجتماعی دعا	۹۳
۵۲	میت کی طرف سے نماز کی ادائیگی	۹۴
۵۳	میت کے سینہ سے مشین نکالنا	۹۵
◉	**کتاب الوقف** **اوقافِ مساجد، مدارس وقبرستان کے احکام ومسائل**	◉
۵۴	ضرورۃً دوسری مسجد کی تعمیر	۹۷
۵۵	مسجد کی دوبارہ تعمیر میں کرایہ کی دکانیں نکالنا	۹۸
۵۶	مسجد کا مائک اعلانات کے لیے استعمال کرنا	۹۸
۵۷	مسجد میں آل آؤٹ (All Out) لگانا	۱۰۰

۵۸	مسجد میں مورٹین/ کچھوا اگربتی جلانا	۱۰۳
۵۹	مسجد کے واٹر کولر (Water Cooler) سے وضو	۱۰۴
۶۰	مسجد کا بینک اکاؤنٹ	۱۰۵
۶۱	مسجد کو رنگین بلب اور قمقموں سے سجانا	۱۰۶
۶۲	سرکاری زمینوں پر قبضہ	۱۰۸
۶۳	اوقاف کی زمینوں کی خرید وفروخت	۱۱۰
◉	**کتاب الزکوۃ** **زکوۃ کے احکام ومسائل**	◉
۶۴	تجارتی فلیٹ پر زکوۃ	۱۱۲
۶۵	مارکیٹ ویلیو سے زیادہ پر زکوۃ	۱۱۳
◉	**کتاب الصوم** **روزہ کے احکام ومسائل**	◉
۶۶	رمضان کی خبر سب سے پہلے دینا	۱۱۴
۶۷	روزہ کی حالت میں ''حجامہ''	۱۱۶
◉	**کتاب الحج والعمرۃ** **حج وعمرہ کے احکام ومسائل**	◉
۶۸	ہر صاحبِ نصاب پر حج فرض نہیں	۱۱۷
۶۹	فرضیت کے بعد پہلے ہی سال میں حج	۱۱۸
۷۰	حج کے لیے ابھی پوری عمر پڑی ہے	۱۲۰
۷۱	جس کے پاس مدینہ منورہ جانے کا خرچ نہ ہو	۱۲۰

۷۲	تعمیرِ مکان یا شادی کو فرضِ حج پر مقدم کرنا	۱۲۲
۷۳	حج کی اجازت ملنے کے وقت فقیر تھا	۱۲۳
۷۴	بھیک مانگ کر حج کے لیے جانا	۱۲۴
۷۵	ٹراویل ایجنسی (Travel Agency) کے ذریعے مفت میں حج	۱۲۵
۷۶	حکومت کی طرف سے حج سبسِڈی	۱۲۷
۷۷	عورت صاحبِ استطاعت ہے مگر محرم نہیں!	۱۲۸
۷۸	حج کے موقع پر دعوتوں کا اہتمام	۱۲۹
۷۹	نابالغ بچہ کا احرام	۱۳۰
۸۰	بچہ کا حج کس طرح ہوگا؟	۱۳۱
۸۱	مکہ مکرمہ میں داخل ہو کر غسل	۱۳۲
۸۲	گونگے شخص کا تلبیہ	۱۳۳
۸۳	تلبیہ کے الفاظ یاد نہ ہوں تو کیا پڑھے؟	۱۳۳
۸۴	حدودِ حرم میں بغیر احرام کے کون لوگ داخل ہو سکتے ہیں؟	۱۳۴
۸۵	مقیم عورت کا مقامِ تنعیم کا تنہا سفر کرنا	۱۳۵
۸۶	مسافر عورت کا مقامِ تنعیم کا تنہا سفر کرنا	۱۳۶
۸۷	منھ بولے بھائی کے ساتھ سفرِ حج	۱۳۷
۸۸	چچا کا بھتیجی کے ساتھ سفرِ حج	۱۳۸
۸۹	حج بدل کے لیے دیا گیا روپیہ ذاتی ضرورت میں خرچ کرنا	۱۳۸
۹۰	ایک وقت میں ایک ہی حج بدل	۱۳۹
۹۱	احرام؛ حج یا عمرہ کی نیت کو کہتے ہیں، دو چادروں کو نہیں!	۱۴۰

۹۲	موت کے بعد احرام کا حکم	۱۴۱
۹۳	مسجد حرام کی حدود میں نماز	۱۴۲
۹۴	حج مقبول کی علامت	۱۴۳
۹۵	رمی کے بعد دعا کے لیے کھڑا ہونا	۱۴۴
۹۶	عورتوں کے لیے حج وعمرہ میں بعض چیزوں کی مُمانَعت	۱۴۴
۹۷	توسیع کے بعد مسعیٰ کا حکم	۱۴۶
۹۸	حجر اسود کی محاذات میں لکیر	۱۴۷
۹۹	احرام کی حالت میں خون کا نکلنا	۱۴۸
۱۰۰	استلامِ حجر کے وقت چاندی کے حلقہ کو ہاتھ نہ لگائیں!	۱۴۸
۱۰۱	اپنے کو ''حاجی'' لکھنا یا کہلوانا	۱۵۰
	كتاب الأضحية **قربانی کے احکام ومسائل**	
۱۰۲	دو انتہائیں ناپسند!	۱۵۲
۱۰۳	قربانی کے لیے اپنے ملک کے وقت کا اعتبار ہوگا	۱۵۴
۱۰۴	بڑھے ہوئے کُھر والے جانور کی قربانی	۱۵۶
۱۰۵	دانت نہ نکلے ہوئے جانور کی قربانی	۱۵۶
۱۰۶	سینگ کی خول اُترے ہوئے جانور کی قربانی	۱۵۷
۱۰۷	جڑ سے اُکھاڑے گئے سینگ والے جانور کی قربانی	۱۵۸
۱۰۸	دُم بُریدہ (دُم کٹی ہوئی) بھیڑ کی قربانی	۱۵۹

	کتاب النکاح **نکاح کے احکام ومسائل**	
۱۰۹	خواتین کے دسترخوان پر مرد ویٹر	۱۶۰
۱۱۰	نکاح میں نوشہ کے ہاتھ میں چاقو، کٹار	۱۶۱
۱۱۱	ساس اور سسر کی خدمت	۱۶۲
	کتاب النفقة **نفقہ (خرچہ) کے احکام ومسائل**	
۱۱۲	انسان کا نفقہ خود اپنی ذات پر	۱۶۳
۱۱۳	تنگ دست والدین کا نفقہ	۱۶۵
۱۱۴	خود کفیل والدین کا نفقہ	۱۶۵
۱۱۵	والدین کو چھوڑ کر بیرون جانا	۱۶۷
۱۱۶	والدین کی خدمت بیٹی پر	۱۶۹
۱۱۷	قریبی رشتہ داروں کا نفقہ	۱۷۱
۱۱۸	اولاد کا والد کو نکاحِ ثانی سے روکنا	۱۷۳
	کتاب البیوع **خرید وفروخت کے احکام ومسائل**	
۱۱۹	ڈسکاؤنٹ پر سامان خریدنا	۱۷۵
۱۲۰	کیش بیک (Cash Back) رقم کا استعمال	۱۷۷
۱۲۱	سگریٹ فروشی کا حکم	۱۷۷
۱۲۲	ٹائی فروشی کا حکم	۱۸۱

۱۲۳	فوروہیلر وغیرہ کی خرید وفروخت میں بیع سلم	۱۸۴
۱۲۴	پیکنگ چیزوں کی وزن کیے بغیر خرید وفروخت	۱۸۶
۱۲۵	بالائی نکال کر دودھ بیچنا	۱۸۸
۱۲۶	مرغیوں کی بیٹ کی خرید وفروخت	۱۸۹
۱۲۷	گیس سلینڈر کی خرید وفروخت	۱۹۰
	کتاب الربوا **سود کے احکام ومسائل**	
۱۲۸	بینک میں سود کی نیت سے پیسے جمع کرنا	۱۹۳
۱۲۹	سود کی رقم انکم ٹیکس میں دینا	۱۹۴
۱۳۰	سودی رقم ہاؤس ٹیکس میں دینا	۱۹۵
۱۳۱	سودی رقم گاڑی کے انشورنس میں دینا	۱۹۷
۱۳۲	سیل ٹیکس، سروس ٹیکس میں سودی رقم دینا	۱۹۸
۱۳۳	سودی رقم سے تحفہ	۱۹۹
۱۳۴	رشوت میں سودی رقم	۲۰۰
۱۳۵	بینک کا سروس چارج وصول کرنا	۲۰۰
۱۳۶	کسٹم ڈیوٹی سے بچنے کے لیے انوائس بنانا	۲۰۱
۱۳۷	جیون بیمہ کمپنی کا ایجنٹ بننا	۲۰۳
۱۳۸	کمپنی کی طرف سے میڈیکل انشورنس کی سہولت	۲۰۴
۱۳۹	بچوں کے نام سے ایل آئی سی (LIC)	۲۰۵
۱۴۰	ہیلتھ انشورنس (Health Insurance)	۲۰۶

۱۴۱	بکروں کا انشورنس کرانا	۲۰۷
۱۴۲	کمی بیشی کے ساتھ نوٹوں کی خرید وفروخت	۲۰۹
۱۴۳	انڈین کرنسی کا تبادلہ فورین کرنسی سے	۲۱۲
۱۴۴	”786“ عدد والا دو ہزار کا نوٹ پچاس ہزار میں	۲۱۵
۱۴۵	نئے نوٹ خریدنے پر اضافی رقم لینا	۲۱۷
۱۴۶	مورٹگیج (Mortgage) پر مکان وغیرہ خریدنا	۲۱۹
۱۴۷	انٹرنیٹ پر سونے کی خرید وفروخت	۲۲۲
۱۴۸	بینک یا فائنانس ادارہ کی ضبط کردہ گاڑی یا مکان خریدنا	۲۲۴
۱۴۹	سرکاری قرضوں میں معافی	۲۲۶
۱۵۰	مقررہ مدت میں قرض کی واپسی پر معافی	۲۲۷
۱۵۱	قرض پر زائد رقم کو سروس چارج شمار کرنا	۲۲۹
۱۵۲	سرکاری امدادی رقم کا استعمال	۲۳۰
۱۵۳	سرکاری امداد کے حصول میں واسطہ بننے والے کی اُجرت	۲۳۱
۱۵۴	سرکاری امدادی رقوم کے حصول کے لیے غلط بیانی	۲۳۴
۱۵۵	عوام کی طرف سے حکومت کا سود اَدا کرنا	۲۳۵
۱۵۶	سرکاری امداد سودی رقم سے	۲۳۶
۱۵۷	سرکاری خزانہ میں مسلمانوں کا حق	۲۳۸
۱۵۸	ایزی پیسہ موبائل اکاؤنٹ Easy Paisa Mobile Account	۲۴۰
	کتاب الإجارة/اجارہ کے احکام ومسائل	
۱۵۹	بینک کا کورس سیکھنا	۲۴۱

۱۶۰	سودی بینک کی ملازمت	۲۴۲
۱۶۱	انٹرنیشنل ٹریڈنگ ایجنٹ	۲۴۴
۱۶۲	مورتی کی صفائی اور اُس پر اجرت	۲۴۶
۱۶۳	آدھار سینٹر قائم کرنا	۲۴۷
◉	**کتاب الحظر والاباحة** **مباح وممنوع چیزوں کے احکام ومسائل**	◉
۱۶۴	اپنی ولدیت کی نسبت دوسرے کی طرف کرنا	۲۴۸
۱۶۵	بوقتِ سلام ''السلام علیکم'' کہنا چاہیے	۲۵۰
۱۶۶	غیر مسلم کو نمستے، نمسکار کہنا اور ہاتھ جوڑنا	۲۵۱
۱۶۷	مطالعہ وتکرار میں مشغول کو سلام	۲۵۳
۱۶۸	ریڈیو یا ٹی وی چینل وغیرہ پر سلام کا جواب	۲۵۵
۱۶۹	تقریر ختم ہونے کے بعد مقرر سے مصافحہ	۲۵۵
۱۷۰	استقبال میں پھول برسانا	۲۵۷
۱۷۱	گٹکھا اور تمباکو کی سپلائی	۲۵۸
۱۷۲	عورتوں کا الیکشن میں اُمیدوار بننا	۲۶۱
۱۷۳	پٹاخے پھوڑنا اور آتش بازی کرنا شرعاً ناجائز ومنع ہے!	۲۶۲
۱۷۴	زخموں پر ''نمک'' پاشی	۲۶۵
۱۷۵	فیس بک یا واٹس ایپ وغیرہ پر تصویر اَپ لوڈ کرنا	۲۶۸
۱۷۶	غیر مستحق کا اسکالرشپ/Scholarship (وظیفہ) لینا	۲۷۰
۱۷۷	آل آؤٹ یا گوڈ نائٹ کے ذریعہ مچھروں کو مارنا	۲۷۲

۱۷۸	تصویر دار کھلونوں کی خرید فروخت	۲۷۳
۱۷۹	نجی وسرکاری نصاب کی تصاویر والی کتابیں	۲۷۵
۱۸۰	اتنے لوگوں کو یہ میسیج فارورڈ (Forward) کریں	۲۷۷
۱۸۱	مشغولیت یا آرام کے وقت فون کرنا	۲۷۹
۱۸۲	موبائل پر طویل گفتگو کرنا	۲۸۰
۱۸۳	بلا اجازت اسپیکر کھولنا یا گفتگو ریکارڈ کرنا	۲۸۱
۱۸۴	ڈرائیونگ کے وقت موبائل فون سننا یا کال کرنا	۲۸۴
۱۸۵	بات کے ختم پر ''خدا حافظ'' یا ''اللہ حافظ'' کہنا	۲۸۵
۱۸۶	غائبانہ سلام کا طریقہ	۲۸۷
۱۸۷	گاڑی میں تیز آواز کا ہارن (Horn) لگانا	۲۸۹
۱۸۸	تقریبات میں ڈی جے (D.J.) کا استعمال	۲۹۰
۱۸۹	سیاسی جلسوں ومشاعروں میں قانون کی خلاف ورزی	۲۹۲
۱۹۰	سستے ایندھن کا استعمال	۲۹۴
۱۹۱	بطورِ ایندھن گیس کا استعمال	۲۹۵
۱۹۲	شمسی توانائی (Solar Sistum) کا استعمال	۲۹۶
۱۹۳	تمباکو سے بنی اشیاء کا استعمال	۲۹۷
۱۹۴	سامان کی پیکنگ کے لیے پالیتھن (Polythene) کا استعمال	۲۹۸
۱۹۵	عوامی مقامات پر تھوکنا	۲۹۹
۱۹۶	الیکٹرانک آلات کے استعمال میں احتیاط	۳۰۱
۱۹۷	گندگی پھیلا کر دوسروں کی تکلیف کا باعث نہ بنیں!	۳۰۳

۱۹۸	وقت کی پابندی نہایت ضروری ہے	۳۰۵
۱۹۹	اجازت سے زائد آبِ زم زم لانا	۳۰۷
۲۰۰	اِنسیکٹ کِلَر (Insect Killer) کا استعمال	۳۰۹
۲۰۱	کرنسی کی اسمگلنگ (Smuggling)	۳۱۰
۲۰۲	دینی پروگرام کی سی ڈی (CD) بنانا	۳۱۱
۲۰۳	بلا اجازت وائی فائی کنیکشن کا استعمال	۳۱۲
	کتاب اللباس والحجاب **لباس وحجاب کے احکام ومسائل**	
۲۰۴	شرعی لباس کے اصول وضوابط	۳۱۳
۲۰۵	تشبُّہ کے اقسام اور اُن کے احکام	۳۱۶
۲۰۶	مصنوعی ریشم کے کپڑے پہننا	۳۱۸
۲۰۷	چمڑے کی جیکٹ کا استعمال	۳۱۹
۲۰۸	ریشمی دھاگے والی تسبیح	۳۲۰
۲۰۹	ریشمی قالین کا استعمال	۳۲۱
۲۱۰	خوبصورت ڈیزائن والے برقعہ کا حکم	۳۲۳
۲۱۱	سبز عمامہ پہننے کا ثبوت	۳۲۴
۲۱۲	ٹوپی پہننے کا ثبوت	۳۲۷
۲۱۳	تقریبات میں عورتوں کی شرکت	۳۳۱
۲۱۴	بوڑھی عورتوں کے لیے پردے کا حکم	۳۳۴
۲۱۵	مرد کا چوٹی بنانا	۳۳۵

۲۱۶	بطورِ فیشن سر کے بالوں کو اونچا بنانا	۳۳۶
۲۱۷	ٹائیٹینم (Titinum) کی انگوٹھی کا استعمال	۳۳۷
۲۱۸	عورت کے لیے پلاٹینم (Platinum) کے زیورات کا استعمال	۳۳۹
۲۱۹	رنگ برنگی شیشے (Lenses) کا استعمال	۳۴۰
۲۲۰	عطر لگانے کا طریقہ	۳۴۲
۲۲۱	کان کے بالوں کو کاٹنا	۳۴۳
۲۲۲	ناک کے بالوں کو تراشنا	۳۴۴
۲۲۳	عورتوں کا لیئرنگ کٹ بنانا (Layering Of Women's hair)	۳۴۵
۲۲۴	خودرُو بیل بوٹے پھل پھول کسی کی زمین سے لینا	۳۴۷
◉	**کتاب الاکل والشرب** **کھانے پینے کے احکام ومسائل**	◉
۲۲۵	جیلاٹین کی تحقیق اور اس کا حکم	۳۴۹
۲۲۶	شراب کی عادت چھڑانے کے لیے کوے کے خون کا استعمال	۳۵۲
۲۲۷	شارک (Shark) مچھلی کھانا	۳۵۳
۲۲۸	نہار منہ پانی پینا	۳۵۵
۲۲۹	نسوار کا استعمال	۳۵۸
◉	**کتاب الطب والرقی** **طب اور جھاڑ پھونک کے احکام ومسائل**	◉
۲۳۰	غیر حیوانی اَجزا کا استعمال	۳۶۰
۲۳۱	انسانی اعضا کا استعمال	۳۶۱

۲۳۲	انسانی اعضا کی پیوند کاری	۳۶۳
۲۳۳	اپنا گُردہ دوسرے کو دینا	۳۶۴
۲۳۴	مرنے کے بعد اعضا دوسرے کو دینے کی وصیت	۳۶۵
۲۳۵	اسٹیم سیل خلیہ (Stem Cell) سے علاج	۳۶۶
۲۳۶	ایل سیسٹائن دوا کا حکم	۳۶۸
۲۳۷	بطورِ علاج کان میں بالیاں	۳۷۰
۲۳۸	بلڈ پریشر کنٹرول کے لیے چین پہننا	۳۷۱
۲۳۹	چہرے کے دانوں کے علاج کے لیے تانبہ کا چھلہ	۳۷۱
۲۴۰	آپریشن کے ذریعے جنس کی تبدیلی	۳۷۲
۲۴۱	نظر بد کا علاج	۳۷۴
۲۴۲	''حجامہ'' ایک مسنون علاج	۳۷۶
◉	**كتاب الأسامي** **ناموں کے احکام ومسائل**	◉
۲۴۳	نومولود کا نام رکھنے کا انوکھا طریقہ	۳۷۹
◉	**كتاب الضمان** **ضمان کے احکام ومسائل**	◉
۲۴۴	کرایہ کے برتن ٹوٹنے پر ضمان	۳۸۱
۲۴۵	چپل گم ہوجانے پر ضمان	۳۸۲
◉	**مسائل شتی/مختلف ومتفرق مسائل**	◉
۲۴۶	سننِ عادیہ اور سننِ تعبُّدیہ میں فرق	۳۸۳

۲۴۷	بزرگ رشتہ داروں کو اولڈ ایج ہوم (Old Age Home) میں رکھنا	۳۸۶
۲۴۸	والدین کو اولڈ ایج ہوسٹل (Old Age Hostel) میں رکھنا	۳۸۸
۲۴۹	حکومتی رعایت سے غلط فائدہ اُٹھانا	۳۸۹
۲۵۰	گھر کے اندر حمام بنانا	۳۹۱
۞	مصادر و مراجع	۳۹۳

۞۞۞

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى :

﴿فَسْئَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ﴾

(سورة الأنبياء :۷)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :

”مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ“

(صحيح البخاري)

۞۞۞

تمہیدی کلمات

الحمد للّٰہ رب العالمین ، والصلوۃ والسلام علی رسولہ الکریم أما بعد !

أعوذ باللّٰہ من الشیطٰن الرجیم O بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم O

قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ : ﴿یآ أیھا الذین اٰمنوا ادخلوا في السلم کآفّۃ ولا تتّبعوا خطوات الشیطٰن انہ لکم عدوٌّ مبینO﴾ . (سورۃ البقرۃ : ۲۰۸)

قال رسول اللّٰہ ﷺ : " لا یؤمن أحدکم حتی یکون ھواہ متبعًا لما جئت بہ " .

(کنز العمال)

دینِ اسلام اس مکمل نظامِ حیات کا نام ہے، جو قرآن وحدیث میں بیان ہوا ہے، خواہ اس کا تعلُّق عقائد وعبادت سے ہو، یا معاملات ومعاشرت سے، حکومت وسیاست سے اس کا تعلُّق ہو، یا تجارت وصنعت سے، اللہ پاک نے ہمیں پوری طرح اس نظامِ اسلامی میں داخل ہونے کا حکم فرمایا۔ (مستفاد: معارف القرآن: ۱/۴۹۹)

ہم مسلمان جب تک ایمان وعمل کے اعتبار سے اس نظام کو اپنے اُوپر لازم نہیں کر لیتے، کامل مومن نہیں ہوسکتے، مسلمانوں کے ایک بڑے طبقہ نے دین اور اس کی تعلیمات کو صرف مسجد اور عبادات کے ساتھ خاص کر رکھا ہے، معاملات، معاشرت اور اخلاق کو دین کا جزو ہی نہیں سمجھتے، یہی وجہ ہے کہ بڑے بڑے دین دار، تہجُّد گزار، اوّابین، چاشت، نفل روزوں اور صدقات کی پابندی واہتمام کرنے والے لوگوں میں بھی یہ غفلت عام ہے، حقوق ومعاملات اور خصوصًا معاشرتی حقوق سے بالکل بیگانے ہیں، ایسا لگتا ہے کہ ان احکام کو وہ اسلام کے احکام ہی یقین نہیں کرتے، نہ ان کے معلوم کرنے یا سیکھنے کا اہتمام کرتے ہیں، نہ اُن پر عمل کا۔

مدارسِ دینیہ کے نصاب میں فنِ فقہ میں ایک کتاب بنام ''ہدایہ'' پڑھائی جاتی ہے، جس کی چار جلدیں ہیں، ان میں سے صرف پہلی جلد احکامِ عبادات سے متعلق ہے، بقیہ تین جلدوں میں جتنے احکام وہدایات ہیں، اُن کا تعلُّق؛ معاملات، معاشرت اور اخلاق سے ہے۔ اِس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ عبادات سے متعلق دینی احکام محض ۲۵ رفی صد ہیں، اور معاملات، معاشرت اور اخلاق سے متعلق ۷۵ رفی صد، گویا عبادتوں میں دین محض ۲۵ رفی صد ہے، اور معاملات، معاشرت اور

اخلاق میں ۷۵ رفی صد، جسے ہم دین سمجھتے ہی نہیں۔

دارالافتاء جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا کے قیام کے روزِ اول سے ہی اس بات کی فکر کی جارہی ہے، کہ عام مسلمانوں کو روز مرّہ کی زندگی میں جن مسائل سے سابقہ پڑتا ہے، اسی طرح اِس ترقی پذیر زمانے میں جونت نئے مسائل پیش آرہے ہیں، اُن کی صورتوں کو قلم بند کرکے، اُن کے حکمِ شرعی سے انہیں مطلع کیا جائے، اور پوری زندگی کو تعلیماتِ اسلام کے مطابق گزارنے کی تلقین کی جائے، کہ اسی میں اِس دنیا کی کامیابی اور اُس آخرت کی نجات ہے۔

الحمدللہ! آج تک اس سلسلۃ الذہب کی نوکڑیاں امتِ مسلمہ کے ہاتھوں میں پہنچ چکیں، اور یہ دسویں کڑی ہے، جو آپ کے مبارک ہاتھوں میں ہے۔ اس پورے سلسلے کا سہرا؛ ایک قابل وفاضل ولد، اور صالح ومدبّر والد کے سر جاتا ہے، کہ اللہ کے فضل وکرم اور ان کی تحریک وتحریض اور تحسین وتشجیع سے یہ کام یہاں تک پہنچا، میری مراد؛ برادر عزیز، مولانا حذیفہ صاحب زید مجدہٗ (ناظم تعلیمات)، اور آپ کے والد بزرگوار، میرے مربی ومحسن؛ حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی دامت برکاتہم (رئیس جامعہ) ہیں۔ اللہ پاک حضرتِ والا کو صحت وتن دُرستی اور عافیت کے ساتھ درازیٔ عمر عطا فرما کر، آپ کے سایۂ عاطفت کو ہم خوردوں پر تادیر قائم رکھے، آمین!

میں مشکور ہوں اپنے تمام ہی رفقائے کار (بالخصوص؛ مولانا مفتی عبدالمتین، مولانا مفتی مجیب الرحمٰن، اور مولانا مفتی افضل صاحبان وغیرہم) کا، جو ہر وقت علمی کاموں کے لیے انتہائی خوش دِلی کے ساتھ، میری مُعاوَنت کے لیے مستعد وتیار رہتے ہیں، اللہ پاک ان تمام کو اُن کی دینی خدمات پر اپنی شایانِ شان اجر وثواب عطا فرمائے، اور علمِ نافع سے نوازے۔ اسی طرح جامعہ، اس کی انتظامیہ، اور جمیع اساتذۂ کرام کی تمام دینی محنتوں اور کاوِشوں کو اپنے ہاں شرفِ قبولیت عطا فرما کر، اپنی رضا وخوش نودی کا ذریعہ بنائے۔

تھے بال وپر شکستہ، فضا حوصلہ شکن! تیرا کرم، کہ قوتِ پرواز پاگئے!

ربنا تقبل منا إنك أنت السميع العليم، وتب علينا إنك أنت التواب الرحيم!

وصلى الله تعالىٰ على خير خلقه محمد وآله وصحبه أجمعين، ومن تبعهم بإحسان إلى يوم الدين!

محمد جعفر ملی رحمانی

۲۴ رجب المرجب، لیلۃ السبت، ۱۴۳۸ھ

كتاب الإيمان والعقائد

ایمان وعقائد کے احکام ومسائل

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا پہنچانا

مسئلہ(۱): جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی طرح ایذا پہنچائے، آپ کی ذات یا صفات میں کوئی عیب نکالے، صراحۃً ہو یا کنایۃً، وہ کافر ہو جاتا ہے، اور آیتِ کریمہ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا﴾ کی رُو سے اُس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت دنیا میں بھی ہوگی، اور آخرت میں بھی۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إن الذين يؤذون الله ورسوله لعنهم الله في الدنيا والأخرة واعدّ لهم عذابًا مهينًا﴾ . (سورة الأحزاب :۵۷) وقوله تعالى : ﴿ومنهم الذين يؤذون النبيّ ويقولون هو أُذن قل أُذن خير لكم يؤمن بالله ويؤمن للمؤمنين ورحمةٌ للذين اٰمنوا منكم والذين يؤذون رسول الله لهم عذابٌ اليمٌ . (سورة التوبة : ٦١) – وقوله تعالى : ﴿ألم يعلموآ أنه من يحادد الله ورسوله فإن له نار جهنّم خالدًا فيها ، ذلك الخزي العظيم﴾ .

(سورة التوبة :٦٣)

ما في " التفسير المظهري " : من آذى رسول الله ﷺ بطعن في شخصه أو دينه أو نسبه أو صفة من صفاته أو بوجه من وجوه الشين فيه صراحة أو كناية أو تعريضاً أو إشارة كفر، ولعنة الله في الدنيا والآخرة وأعدّ لهم عذاب جهنم ..... قال ابن همام : كل من أبغض رسول الله ﷺ بقلبه كان مرتدًا فالسباب بالطريق الأولى ويقتل عندنا حدًا .

(۷/ ۳۸۲ ، مكتبة زكريا ديوبند)=

تقویٰ یا دل کا روگ

مسئلہ (۲): جو کام آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے قولاً یا عملاً ثابت ہو، اس کے کرنے سے دل میں تنگی محسوس کرنا بھی ضعفِ ایمان کی علامت ہے، مثلاً جہاں شریعت نے تیمّم کر کے نماز پڑھنے کی اجازت دی، وہاں تیمّم کرنے پر جس شخص کا دل راضی نہ ہو، وہ اس کو تقویٰ نہ سمجھے، بلکہ اپنے دل کا روگ سمجھے، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کوئی متقی نہیں ہوسکتا۔ (۱)

=ما في " معارف القرآن " : مسئله : "جو شخص رسول اللہ ﷺ کو کسی طرح کی ایذا پہنچائے، آپ کی ذات یا صفات میں کوئی عیب نکالے، خواہ صراحۃً ہو یا کنایۃً وہ کافر ہو گیا، اور اس آیت کی رُو سے اُس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت دنیا میں بھی ہوگی اور آخرت میں بھی۔" (کذا قال القاضی ثناء اللہ فی التفسیر المظہری)۔

(۷/۲۲۹، سورۂ احزاب، آیت نمبر: ۵۷)

ما في " جامع الترمذي " : عن عبد الله بن مغفل قال : قال رسول الله ﷺ : " الله الله في أصحابي ، لا تتخذوهم غرضًا بعدي ، فمن أحبهم فبحبي أحبهم ، ومن أبغضهم فببغضي أبغضهم ، ومن آذاهم فقد آذاني ، ومن آذاني فقد آذى الله ، ومن آذى الله فيوشك أن يأخذه " . قال أبو عيسى : هذا حديث غريب لا نعرفه إلا من هذا الوجه .

(۵/۶۹۶، رقم: ۳۸۶۲، ط: دار احياء التراث العربي بيروت)

(معارف الفقہ: ص/۸، عقائد کے مسائل، معارف القرآن: ۷/۲۲۹)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما آتاكم الرسول فخذوه وما نهكم عنه فانتهوا﴾ .

(سورة الحشر : ۷)

ما في " روح المعاني " : وفي الكشاف : الأجود أن تكون عامة في كل ما أمر به ﷺ ونهى عنه . (۱۵/۷۱)

ما في " تفسير المظهري " : هذا أصل من أصول وجوب متابعته ولزوم طريقته وسيرته .=

مرتد شخص اہلِ کتاب میں شامل نہیں!

مسئلہ (۳): اگر کوئی مسلمان، معاذ اللہ! مُرتد ہوکر یہودی یا نصرانی بن جائے، تو وہ اہلِ کتاب میں داخل نہیں، بلکہ وہ مُرتد ہے، اُس کا ذبیحہ باجماعِ امت حرام ہے۔ (۱)

(۳۰۴/۳)=

ما في " صحيح البخاري " : قال النبي ﷺ : " إذا أمرتكم بشيء فافعلوه ما استطعتم ، وإذا نهيتكم عن شيء فانتهوا " . (۱۰۸۲/۲)

ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه قال : خطبنا رسول الله ﷺ : ".....فإذا أمرتكم بشيء فأتوا منه ما استطعتم ، وإذا نهيتكم عن شيء فدعوه " .

(۴۳۲/۱ ، كتاب الحج ، باب فرض الحج مرة في العمر ، رقم : ۱۳۳۷)

(معارف الفقہ :ص/۹،تیمّم کے مسائل،معارف القرآن:۴۶۲/۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : ذبيحة المرتدّ لا يجوز أكلها ؛ لأنه لا ملة له ، ولا يُقَرُّ على دين انتقل إليه ، حتى ولو كان دينَ أهل الكتاب .

(۲۰۱/۲۲ ، ردة ، ذبائح المرتد ، المبسوط للسرخسي :۱۰۴/۱۰ ، ط : دار المعرفة بيروت ، كتاب الأم للشافعي :۱۵۵/۶ ، ط : بولاق ، و:۳۳۱/۷ ، ط : بولاق)

(المغني لإبن قدامة :۱۳/۹ ، ط : مكتبة القاهرة)

(الإنصاف للمرداوي :۳۸۹/۱۰ ، ط : دار احياء التراث العربي)

(معارف الفقہ :ص/۸،عقائد کے مسائل،معارف القرآن:۵۹/۱)

سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا

مسئلہ (۴): علامہ اقبال مرحوم کے مشہور ترانہ کا مصرع- ''سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا''- اس کے بارے میں بعض حضرات کا خیال ہے کہ یہ مصرع اسلامی تصور کے خلاف ہے (یعنی نعوذ باللہ! سرزمینِ ہند مکہ مکرمہ ومدینہ طیبہ سے افضل اور مبارک ہے)، جب کہ کسی کلام کا معنی ومقصود متعین کرتے ہوئے ضروری ہے کہ صاحبِ کلام کی فکر اور اس کے خیالات کو بھی ملحوظ رکھا جائے، اگر ایک شخص کا مومن وموحد ہونا معلوم ہو، اور وہ کوئی ایسی بات کہے جس کی دو تشریحات کی جاسکتی ہوں، ایک عقیدۂ توحید سے مطابقت رکھتی ہو، اور دوسری مشرکانہ فکر سے، تو اس کلام کی تشریح میں پہلی صورت کو ملحوظ رکھا جائے گا، اور اگر یہی بات کسی مشرک کی زبان سے نکلے، تو اس کلام کو مشرکانہ تصور کیا جائیگا۔ علامہ اقبال مرحوم نہایت ہی قابل اور راسخ العقیدہ مسلمان تھے، قرآن وحدیث کے ایک ایک حرف پر ایمان رکھتے تھے، آپ کے کلام کا ہر شعر اسلامی فکر کا نقیب ہے، قرآن وحدیث کی اصطلاحات سے آپ کا کلام پُر ہوتا ہے۔ نیز کسی جگہ کا افضل ہونا اور اچھا ہونا دونوں میں فرق ہے، افضل کا لفظ عموماً دینی اور روحانی فضیلت کے لیے بولا جاتا ہے، اور اچھا ہونا مادی اسباب ووُجوہ سے بھی ہوتا ہے، مثلاً کوئی کہے کہ: ہندوستان موسم کے اعتدال، کھیتی باڑی کے لیے موزونیت اور ہر جگہ میٹھے پانی وغیرہ کی دستیابی کے اعتبار سے بمقابلہ جزیرۃ العرب کے زیادہ اچھا ہے، تو اس میں کوئی قباحت نہیں، علامہ اقبال کا مقصد بھی یقیناً یہی ہوگا، ورنہ

اگر روحانی فضیلت کے اعتبار سے کوئی ہندوستان (بلکہ دنیا کے کسی بھی ملک) کو ان مقاماتِ مقدسہ ومبارکہ سے افضل وبرتر سمجھے، تو اس کے بارے میں کفر کا اندیشہ ہے۔ (۱)

مسلم عہدہ دار کا سرسوتی کی پوجا کرنا

مسئلہ (۵): آج کل دیکھا جارہا ہے کہ اعلیٰ عہدے پر فائز مسلمان آفیسروں کے ہاتھوں سرسوتی کی پوجا کرائی جاتی ہے، پوجا کے پتھر پر ناریل توڑوایا جاتا ہے، اور وہاں دیپ جلانے کو کہا جاتا ہے، جب کہ سرسوتی کی پوجا، پوجا کے پتھر پر ناریل توڑنا اور دیپ جلانا، مشرکانہ افعال ہیں (۲)، اور کسی بھی مسلمان کے لیے ایسا کرنا قطعاً درست نہیں (۳)، قانوناً بھی کسی مسلمان پر یہ بات لازم نہیں قرار دی جاسکتی، مسلمان عہدہ داروں کو چاہیے کہ وہ اس سے انکار کردیں، اور غیر مسلم بھائیوں کو سمجھائیں کہ یہ اُن کے ایمان وعقیدے کا مسئلہ ہے، جیسے ہم کسی غیر مسلم کو نماز پڑھنے پر مجبور نہیں کرتے، بلکہ اس کی خواہش بھی نہیں کرتے، اسی طرح ہمارے غیر مسلم بھائیوں کو بھی کسی مسلمان سے ایسا مطالبہ نہیں کرنا چاہیے۔ (۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " قواعد الفقه " : " أمور المسلمين على السداد حتى يظهر غيره " . (ص/۶۳)
ما في " عقود رسم المفتي " : وكل قول جاء ينفي الكفرا ـــ عن مسلم ولو ضعيفًا أحرىٰ . (ص/۱۴۵)

(کتاب الفتاویٰ: ۱/۳۱۴، ۳۱۵، سارے جہاں سے اچھا، ایمانیات)=

.....

.....

.....

الحجة على ما قلنا :

=(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يٰبنيّ لا تشرك باللّٰه إن الشرك لظلمٌ عظيمٌ﴾ .

(سورة لقمان :۱۳)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿إنه من يشرك باللّٰه فقد حرّم اللّٰه عليه الجنة ومأواه النار وما للظّٰلمين من أنصار﴾ . (سورة المائدة : ۷۲)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن معاذ رضي اللّٰه عنه قال : أوصاني رسول اللّٰه ﷺ بعشر كلمات، قال : " لا تشرك باللّٰه شيئًا وإن قُتلتَ وحُرّقتَ ، ولا تُعقّن والديك وإن أمرك أن تخرج من أهلك ومالك ، ولا تتركنّ صلوة مكتوبة متعمدًا ، فإن من ترك صلوة مكتوبة متعمّدًا فقد برئت منه ذمة اللّٰه " . الحديث . رواه أحمد .

(ص/۱۸ ، كتاب الإيمان ، باب الكبائر وعلامات النفاق ، الفصل الثالث ، رقم : ۶۱)

(مسند أحمد :۱۶/۱۸۸ ، حديث معاذ بن جبل ، رقم :۲۱۹۷۴)

(۳) ما في" شرح الفقه الأكبر " : اعلم أن من أراد أن يكون مسلماً عند جميع طوائف الإسلام فعليه أن يتوب من جميع الآثام صغيرها وكبيرها ، سواء ما يتعلق بالأعمال الظاهرة أو بالأخلاق الباطنة ، ثم يجب عليه أن يحفظ نفسه في الأقوال والأفعال والأموال من الوقوع في الارتداد ، نعوذ باللّٰه من ذلك ، فإنه مبطل للأعمال وسوء خاتمة المآل ، وإن قدر اللّٰه عليه وصدر عنه ما يوجب الردة فيتوب عنها ، ويجدد الشهادة لترجع له السعادة .

(ص/۱۶۱ ، بحث التوبة)

(۴) ما في " مشكوة المصابيح " : عن النواس بن سمعان قال : قال رسول اللّٰه ﷺ : " لا طاعة لمخلوق في معصية الخالق " . (ص/۳۲۱ ، كتاب الإمارة والقضاء ، الفصل الثاني ، رقم :۳۶۹۶ ، كشف الخفاء ومزيل الإلباس للعجلوني :۲/۳۳۳ ، حرف اللام ألف ، رقم :۳۰۷۴) (کتاب الفتاویٰ:۱/۳۴۵،۳۴۷،مسلم عہدیداراور سرسوتی کی پوجا، پوجا کے پتھر پر ناریل پھوڑنا)

تحقیق "حُبُّ الْوَطَنِ مِنَ الإِیْمَانِ"

مسئلہ(۶): بعض حضرات جو قومیت ووطنیت کو مذہب سے بھی زیادہ اہم سمجھتے ہیں، وہ اپنے نظریۂ قومیت ووطنیت پر ایک زبان زدِ عام وخاص -غیر مستند وبے اصل روایت پیش کرتے ہیں:" حب الوطن من الإیمان " کہ وطن سے محبت کرنا یہ ایمان کا جز ہے[۱]، جب کہ اکثر علماء حدیث، مثلاً: شیخ ملا علی قاری، علامہ عجلونی، علامہ سیوطی، علامہ سخاوی اور علامہ طاہر پٹنی رحمہم اللہ وغیرہ نے اس روایت کو موضوع اور من گھڑت قرار دیا ہے، اور اس کے حدیث ہونے سے اپنی لاعلمی ظاہر کی ہے[۲]، لہٰذا یہ استدلال صحیح ودرست نہیں ہے، ہاں! البتہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ وطن سے محبت ہر فردِ بشر میں ایک فطری چیز ہے، جو ہر ہندوستانی مسلمان میں بھی پائی جاتی ہے، اور ہمیں اپنے ملک اور اس کے ذرّے ذرّے سے فطری محبت ہے، اب رہا نظریۂ قومیت، تو اسلامی نقطۂ نظر سے یہ کہا جاسکتا ہے کہ محبت ونصرت اور تعلق کی تمام تر اساس وبنیاد اخوتِ ایمانی ہے، جیسا کہ ارشادِ خداوندی: ﴿اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ﴾[۳] اور ﴿اَلْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بعضهم أولیآء بعض﴾[۴] سے ثابت ہوتا ہے، رہی بات نظریۂ وطنیت وعلاقائیت کی تو وہ ایک عظیم فتنہ ہے، جس نے مسلمانوں کو وہ نقصان پہنچایا ہے کہ شاید ہی کسی اور چیز نے اِس درجے نقصان پہنچایا ہو، اس لیے اس نظریہ کو کمزور کرنے کی ضرورت ہے، نہ یہ کہ اس کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

اللہ پاک ہمیں ہدایت عطا فرمائے۔ آمین!

.....

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " موسوعة الرد على المذاهب الفكرية المعاصرة " : وإن أخطر ما في مثل هذه الدعوة أن بعض المسلمين يتحمس لها ويدافع عنها بحسن نية وسلامة مقصد ، بل وتجدهم يرددون ما يزعمون أنه حديث نبوي (حب الوطن من الإيمان) وهو حديث موضوع لا يجوز الاحتجاج به ولا الركون إليه . وأشير هنا إلى أن حب الوطن أمر غريزي جبلي لا يستطيع الإنسان أن ينكره أو ينفيه ، ولكن الخطر الداهم أن كثيرًا من دعاة الوطنية اتخذوه صنمًا يعبد من دون الله ، وتخلوا على مبادئهم الإسلامية باسم الوطنية (ومن الناس من يتخذ من دون الله أندادًا يحبونهم كحب الله) . [البقرة :١٦٥] .

(٣٩/٨١ ، من القومية إلى الوطنية ، جمع وإعداد : علي بن نايف الشحود، و: ٣٩/١٧٤ ، ثقافة التلبيس ، و: ٤٩/٧ ، الإسلام والوطنية المزعومة)

(٢) ما في " أسنى المطالب في أحاديث مختلفة المراتب " : حديث " حب الوطن من الإيمان" حديث موضوع . (١/١٢٣، رقم :٥٥١ ، م : محمد بن درويش بن محمد الحوت، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " الدرر المنتثرة في الأحاديث المشتهرة " : (حديث) " حب الوطن من الإيمان " لم أقف عليه . (١/١٩٧، م : جلال الدين عبد الرحمن بن أبي بكر السيوطي)

ما في " المقاصد الحسنة في بيان كثير من الأحاديث المشتهرة على الألسنة " : حديث (حب الوطن من الإيمان) لم أقف عليه .

(١/٢٩٧ ، رقم : ٣٨٦ ، م : عبد الرحمن السخاوي ، ط : دار الكتاب العربي بيروت)

ما في " كشف الخفاء ومزيل الإلباس عما اشتهر من الأحاديث على ألسنة الناس " : (حب الوطن من الإيمان) قال الصغاني : موضوع . وقال في المقاصد : لم أقف عليه . (١/٣٤٥، م : إسماعيل بن محمد الجراحي العجلوني ، ط : دار احياء التراث العربي بيروت ، موضوعات الصغاني : ١/٢ ، م: الرضي الصغاني ، اللؤلؤ المرصوع : ١/٧٢ ، حرف الحاء ، رقم :١٧٠ ، م : محمد بن خليل بن إبراهيم المشيشي الطرابلسي ، ط : دار البشائر الإسلامية بيروت ، المصنوع في معرفة الحديث الموضوع : ١/٩١ ، م : علي بن سلطان=

''وندے ماترم'' کہنے کا شرعی حکم

مسئلہ (۷): بدقسمتی سے اس وقت ہندوستان پر بتدریج فرقہ پرستی کا غلبہ ہوتا جارہا ہے، فرقہ پرست سیاسی جماعتیں برسر اقتدار ہیں، اور انہوں نے بعض ریاستوں میں ایک ایسے ترانہ کو پڑھنا لازم کردیا ہے، جو مشرکانہ تصوُّر پر مبنی ہے، اس سے مراد ''وندے ماترم'' ہے، یہ سنسکرت زبان کا فقرہ ہے، اس کے معنی یہ ہے کہ-''میں اپنے مادرِ وطن کا پرستار ہوں، اور اس کی عبادت کرتا ہوں''-حب الوطنی بری چیز نہیں ہے، اور اگر انصاف کے دائرہ میں ہو، تو اسلام بھی اسے پسند کرتا ہے، کیوں کہ یہ ایک فطری جذبہ ہے، اور خدا ہی کی طرف سے ہر انسان کے اندر ودیعت ہے، لیکن اسلام میں خدا کے سوا کسی کی پرستش نہیں کی جاسکتی، اور بندگی صرف خدا کے لیے ہے، اس لیے اسلامی نقطۂ نظر سے اس طرح کے اشعار کا پڑھنا اور ان کو قبول کرنا قطعاً جائز نہیں ہے۔[۱]

= الهروي القاري ، ط : مكتب المطبوعات الإسلامية بيروت)

(۳) (سورة الحجرات : الآية/ ۱۰) (۴) (سورة التوبة : الآية/ ۱۷)

(مستفاد: کتاب الفتاویٰ: ۱/ ۳۱۵، ۳۱۶، وطن کی محبت ایمان سے ہے کی تحقیق)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل يآ ايها الكٰفرونo لا اعبد ما تعبدون o ولا انتم عٰبدون ما اعبد o ولا انا عابد ما عبدتم o ولا انتم عٰبدون ما اعبدo لكم دينكم ولي دينo﴾ .

(سورة الكافرون : ۱ – ۶)

ما في " تفسير السمرقندي " : قوله تعالى : ﴿ولا انا عابد ما عبدتم﴾ يعني لست أنا في الحال عابدًا لأصنامكم وما كنت عابدا لها قبل هذا ؛ لأني علمت مضرة عبادتها =

.....

.....

.....

.....

.....

=..... ﴿لكم دينكم ولي دين﴾ .... وأنا أثبت على ديني الذي أكرمني الله تعالى به ..... وإنما عليه أن يحفظ مذهبه وطريقه ويتركهم على مذهبهم وطريقهم . وقال الحسن : سمعت شيخًا يحدث قال : بينما أسير مع النبي – ﷺ – فسمع رجلا يقرأ ﴿قل يا أيها الكفرون﴾ فقال : أما هذا فقد برئ من الشرک . وسمع رجلا يقرأ ﴿قل هو الله أحد﴾ فقال : أما هذا فقد غفر الله تعالى له . والله أعلم . (۳/۵۲۰ ، ۵۲۱ ، سورة الكافرون)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل هو الله أحد o الله الصمد o لم يلد ولم يولد o ولم يكن له كفوًا احد o﴾ . (سورة الإخلاص : ۱ – ۴)

ما في " تفسير السمرقندي " : (قل هو اللّٰ احد﴾ يعني قل يا محمد للكفار ! إن ربي الذي أعبده (هو الله احد) يعني فرد لا نظير له ، ولا شبيه له ، ولا شريک له ، ولا معين له .

(۳/۵۲۵ ، سورة الإخلاص)

ما في " فتاوى محموديه " : ''اول تو یہ ترجمہ اصل ترانہ کے انگریزی ترجمہ کا ترجمہ ہے، جب تک اصل الفاظ ترانہ کے سامنے نہ ہوں، کوئی قطعی وحتمی بات نہیں کہی جاسکتی، پیش نظر ترجمہ کے الفاظ کا جہاں تک تعلق ہے، دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ترانہ محض سیاسی انداز کا نہیں ہے، بلکہ اس میں مذہبی رنگ غالب ہے، اور غیر متوازن وغیر معتدل محبت وعقیدت کا حامل جو اسلامی عقائد کے نظریات سے میل نہیں کھاتا، بلکہ متصادم ہے، اور اسلام جو مزاج بنانا چاہتا ہے، اس کے خلاف ہے، اور بعض جملے موہم شرک بھی ہیں، اس لیے مسلمانوں کو ان اسے اجتناب وپرہیز لازم ہے، بلکہ مسلمانوں کو چاہیے کہ حکومت کی طرف سے مسلمانوں کو اس سے قانوناً وعملاً مستثنیٰ کرائیں۔'' (فتاویٰ محمودیہ: ۲۴/ ۴۲۶، ۴۲۷، وندے ماترم اور ترانہ، باب الموالات مع الکفار والفسقۃ، ط: کراچی، جدید فقہی مسائل: ۱/ ۳۱۵، متفرقات، وندے ماترم، ط: زمزم، کفایت المفتی: ۹/ ۲۸۵، ۲۸۶، کتاب السیاسیات، فصل چہارم، قومی ترانہ اور قومی نعرہ، مسلمان بچوں سے ہندوؤں کا گیت گانے پر احتجاج کیا جائے، ط: دار الاشاعت کراچی)

قومی پرچم کو سلامی اور قومی ترانہ

مسئلہ (۸): ہندوستان میں یومِ آزادی (۱۵/اگست) اور یومِ جمہوریہ (۲۶/جنوری) کو پرچم کشائی کے موقع پر، ہر اسکول وکالج میں جب ''جن گن من'' یا ''جھنڈا اونچا رہے ہمارا'' گیت گایا جاتا ہے، تو سب اُسے سلامی دیتے ہیں، شرعاً یہ عمل جائز ہے، کیوں کہ کسی بھی ملک کا جھنڈا اور پرچم اس ملک کی عزت، بلندی، اور شان کا نشان ہوتا ہے، ہمارے ملکِ عزیز؛ ہندوستان کا بھی ایک پرچم ہے، جو انہی چیزوں کی علامت ونشانی ہے، ۱۵/اگست یا ۲۶/جنوری کو پرچم کشائی کے موقع پر وطنِ عزیز؛ ہندوستان کے تمام اسکولوں، کالجوں اور مدارس کے طلبہ واساتذہ اور دیگر محکموں کے افسران وملازمین اسے اپنے ہاتھ کے اشارے سے جو سلامی دیتے ہیں، یہ عمل محض عرفی طریقہ پر اس کا احترام ہے، اس میں اس کی عبادت وتعظیم کا کوئی پہلو نہیں ہے، اور نہ ہی کوئی مسلم اس کا یہ احترام اس نیت سے کرتا ہے کہ وہ قابلِ تعظیم وعبادت ہے، کیوں کہ اس کا عقیدہ ہے کہ لائق عبادت وتعظیم صرف اللہ کی ذات ہے، اس لیے شرعاً یہ عمل جائز ہے۔ (۱)

والحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إياك نعبد وإياك نستعين﴾ . (سورة الفاتحة : ۴)

ما في " صحيح البخاري " : عن ابن عمر رضي الله عنهما قال : قال رسول الله ﷺ : "بني الإسلام على خمس : شهادة أن لا إله إلا الله ، وأن محمدًا رسول الله ، وإقام الصلاة ، وإيتاء الزكوة ، والحج وصوم رمضان " .

(۱/ ۶ ، كتاب الإيمان ، باب قول النبي ﷺ: بني الإسلام الخ)=

قمر درعقرب والی تاریخ کو منحوس سمجھنا اور شادی نہ کرنا

مسئلہ(۹): ''قمر درعقرب''یعنی شمسی نظام میں چاند جب دائرۂ عقرب میں آجاتا ہے، تو اسے نجومی لوگ ''قمر درعقرب'' کہتے ہیں، اور اسے منحوس سمجھتے ہیں۔ آج کل بعض علاقوں میں شادی کی تاریخ طے کرتے وقت لوگوں کا یہ خیال ہوتا ہے کہ اسلامی اُردو کیلنڈر میں جس تاریخ پر ''قمر درعقرب''[☆] لکھا ہوا ہوتا ہے، وہ تاریخ نجومیوں کے گمان کے مطابق منحوس ہوتی ہے، اس لیے اس دن میں شادی نہیں رکھنی چاہیے، اُن کا یہ خیال شرعاً غلط ہے، کیوں کہ شریعت میں اس کی کوئی اصل نہیں ہے، اللہ تعالیٰ نے کسی بھی وقت کو منحوس نہیں بنایا، یہ وہم اور کافروں ومشرکوں کے خیالات ہیں، جس کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سخت الفاظ میں تردید فرمائی ہے، اس لیے ایسا عقیدہ نہیں رکھنا چاہیے۔[۱]

=ما في " موسوعة الفتاوى " : التشبه بالكفار ممنوع ، والضابط فيها أن يقوم الإنسان بشيء يختص به الكفار ، بحيث يظن من رآه أنه من الكفار ، وأما ما انتشر بين المسلمين ولا يتميز به الكفار ، فإنه لا يكون تشبهاً وإن كان أصله ماخوذا من الكفار . (بحواله اسلام ويب)

ما في " القواعد الفقهية " : الأصل أن تزول الأحكام بزوال عللها . (ص/١٧٦)

(القواعد الفقهية لعلي أحمد الندوي :ص/١٧٠، أصول الشاشي :ص/٤٦، ٤٧)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : الأمور بمقاصدها . (١/١١٣)

(کفایت المفتی:۹/۳۷۸،فتاویٰ رحیمیہ:۱۰/۱۸۰،کتاب الفتاویٰ:۱/۲۸۲،المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ: ۳/۲۹۹،۳۰۰،مسئلہ نمبر:۲۳۲،طبع دوم،و:۹/۳۵۱،۳۵۲،قومی پرچم کو سلامی دینا،مسئلہ نمبر:۲۱۷،طبع اول)

(فتاویٰ دینیہ:۱/۸۵،کتاب العقائد،جھنڈے کو سلامی دینا اور راشٹری گیت گانا)

الحجة على ما قلنا :=

.....

.....

=[☆]''قمر در عقرب'': چاند کا بُرج عقرب میں جانے کا وقت جو منحوس سمجھا جاتا ہے۔

(حسن اللغات: ص/ ۶۴۸، ق۔م، ط: اعتقاد پبلشنگ ہاؤس دہلی)

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يصيبنآ إلاّ ما كتب الله لنا هو مولٰنا وعلى الله فليتوكل المؤمنون﴾. (سورة التوبة : ۵۱)

ما في " روح المعاني " : أي لن يصيبنا إلا ما خط الله لأجلنا في اللوح ولا يتغير بموافقتكم ومخالفتكم ، فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء الله تعالى . (۱۶۶/۶)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما تشآء ون إلآ أن يشآء اللّٰه﴾ . (سورة الدهر :۳۰) وقوله تعالى : ﴿وما تشآء ون إلآ أن يشآء اللّٰه ربُّ العٰلمين﴾ . (سورة التكوير: ۲۹)

ما في " الإبانة عن أصول الديانة " : فأخبر تعالى : إنا لا نشاء شيئا إلا قد شاء الله أن يشاء ه ..... أجمع عليه المسلمون من أن ما شاء الله كان ، وما لم يشأ لم يكن وردا لقول الله عزّ وجلّ ﴿وما تشآء ون إلآ ان يشآء اللّٰه﴾ . (ص/۱۲)

ما في " مرقاة المفاتيح " : من اعتقد أن شيئاً سوى الله ينفع أو يضر بالاستقلال فقد أشرك أي شركاً جلياً . (۳۹۸/۸ ، رقم : ۴۵۸۷)

ما في " القول المفيد على كتاب التوحيد " : وأما النوع الثاني : فالشرك في الربوبية ، فإن الرب سبحانه هو المالك المدبر المعطي المانع النافع الضار الخافض الرافع المعز المذل ، فمن شهد أن المعطي أو المانع أو الضار أو النافع أو المعز أو المذل غيره فقد أشرك بربوبيته ..... قوله ﷺ لإبن عباس رضي الله عنهما : " واعلم أن الأمة لو اجتمعوا على أن ينفعوك لم ينفعوك إلا بشيء قد كتبه الله لك ". فهذا يدل على أنه لا ينفع في الحقيقة إلا الله ولا يضرّ غيره . (۱۲/۱ ، تعريف التوحيد وأقسامه)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وكان القفّال يقول : فإن الأمور كلها بيد الله ، يقضي فيها ما يشاء ، ويحكم ما يريد ، لا مؤخر لما قدّم ولا مقدّم لما أخّر . اهـ .

(۲۰۳/۱۹ ، خطبة ، خامسًا – الخُطبة قبل الخِطبة)

(فتاویٰ دینیہ: ۱/ ۱۶۹، قمر در عقرب کے وقت شادی نہ کرنا، ایسا عقیدہ رکھنا کیسا ہے؟)

بڑوں بزرگوں کو ''حضرت'' یا ''مولانا'' کہنا

مسئلہ (۱۰): بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ بڑوں اور بزرگوں کے لیے ''حضرت'' یا ''مولانا'' جیسے الفاظ کا استعمال شرک ہے، اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ ''حضرت'' یا ''مولانا'' اعزازی لقب کے طور پر استعمال ہوتا ہے، اس میں شرعاً کوئی حرج نہیں، اس لیے کہ ایک لفظ کے مختلف معانی ہوتے ہیں، موقع اور محل کے اعتبار سے مرادی معنی کی تعیین ہوتی ہے، مثلاً: لفظِ ''مولیٰ'' کے عربی اور اُردو لغت میں آقا، سردار، جناب، سلطان، آزاد کردہ غلام۔ اور لفظِ ''حضرت'' کے جناب، حضور، تعظیم وعزت کا لقب وغیرہ بہت سے معانی لکھے ہیں[۱]، اور حدیث میں بھی لفظ ''مولانا'' غیر اللہ کے لیے استعمال ہوا ہے، چنانچہ صحیح بخاری میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید کو '' أنت أخونا ومولانا ''[۲] فرمایا، نیز ابن ماجہ وغیرہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ جملہ ثابت ہے: ''مَنْ كُنْتُ مَوْلاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلاهُ''.[۳] لہٰذا بڑوں بزرگوں کو ''حضرت'' یا ''مولانا'' کہنا جائز ودرست ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿أنت مولٰنا﴾ . (سورة البقرة :۲۸۶)

ما في " روح المعاني " : ﴿أنت مولٰنا﴾ أي مالكنا وسيدنا ، وجوز أن يكون بمعنى متولي الأمر وأصله مصدر أريد به الفاعل . (۱۱۵/۳)

ما في " مرقاة المفاتيح " : المولى يقع على جماعة كثيرة كالرب والمالك والسيد=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

= والناصر والمعتق والمحب والجار ..... وأكثرها قد جاء ت في الأحاديث فيضاف كل واحد إلى ما يقتضيه الحديث الوارد فيه . (۱۱/۲۴۷)

ما في " فيروز اللغات " : حضرت (حض-رَت) ---قُرب، نزدیکی، درگاہ، جناب، حضور، قبلہ، تعظیم وعزت کا لقب۔ (ص/۵۷۰، ح-ض)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : وقال البراء ، عن النبي ﷺ : " أنت أخونا ومولانا " .

(۱/۵۲۸ ، باب مناقب زيد بن حارثة مولى النبي ﷺ)

وفي رواية : وقال لزيد : " أنت أخونا ومولانا " .

(صحيح البخاري : رقم : ۲۶۹۹ ، كتاب الصلح ، قبيل باب الصلح مع المشركين)

(۳) ما في " مرقاة المفاتيح " : عن رباح بن الحارث قال : جاء رهط إلى علي بالرحبة فقالوا : " السلام عليک يا مولانا " . فقال : كيف أكون مولاكم وأنتم عرب ؟ قالوا : سمعنا رسول الله ﷺ يقول : " من كنت مولاه فعلي مولاه " . (۱۱/۲۵۸ ، جامع الترمذي : ۵/۶۳۳ ، رقم : ۳۷۱۳ ، باب مناقب علي بن أبي طالب ، ط : احياء التراث العربي)

(چند اہم عصری مسائل: ۲/۱۲۳، ۱۲۴، کیا بڑوں، بزرگوں کے لیے حضرت یا مولانا کہنا شرک ہے؟ المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ: ۳/۲۹، ۳۰، علماء کے لیے لفظ ''مولانا'' کا استعمال، کتاب العقائد، مسئلہ نمبر: ۴، طبع دوم)

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ کا یومِ وفات

مسئلہ (۱۱): ماہِ ربیع الآخر قمری سال کا چوتھا مہینہ ہے، اس مہینے سے متعلق اسلامی شریعت نے کوئی خاص حکم نافذ نہیں کیا، البتہ اس موقع پر برصغیر میں ایک عمل بہت رَواج پا گیا ہے، جسے شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمہ کی جانب منسوب کیا جاتا ہے، اور وہ ہے ''گیارہویں شریف''۔ شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمہ چھٹی صدی میں پیدا ہوئے، ظاہر ہے کہ اس سے پہلے اسلام کی پانچ صدیوں میں گیارہویں شریف کی رسم یا تقریب کہیں نہ تھی، آپ کے بعد یہ کب جاری ہوئی، اس کی تاریخی حقیقت کے بارے میں کوئی مستند حوالہ نہیں ہے۔ بے شک حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمہ ایک بڑے بزرگ ہیں، جن کی عظمت ومحبت ایمان کی علامت ہے، اور بے ادبی وگستاخی کرنا گمراہی کی دلیل ہے، لیکن ایک ولی کا یومِ وفات منانے کا کیا مطلب؟ ویسے بھی ہر عظیم شخصیت کا دن منانا، ممکن نہیں، کیوں کہ مراتب ودرجات کا لحاظ کرکے سب سے پہلے حضرات انبیائے کرام علیہم السلام اور صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ہزاروں کی تعداد میں ہیں، اور سال کے کل ایام تین سو چون (۳۵۴) یا تین سو ساٹھ (۳۶۰) ہیں، تو سب کے ایامِ وفات منانے کے لیے مزید دن کہاں سے لائیں گے، اور انبیائے کرام وصحابۂ کرام کو چھوڑ کر ان سے کم درجے والے بزرگوں کے دن منائے جائیں، تو یہ انبیاء علیہم السلام وصحابۂ کرام کے مراتب میں رخنہ اندازی ہے۔ نیز شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمہ کی تاریخِ وفات میں بڑا

اختلاف ہے، ''تفریح الخاطر فی مناقب الشیخ عبد القادر جیلانی'' میں آٹھ اقوال بیان کیے گئے ہیں: ساتویں، آٹھویں، نویں، دسویں، گیارہویں اور سترہویں ربیع الاول، اور اس کے بعد لکھا ہے کہ صحیح دسویں ربیع الاول ہے، اس اختلاف سے معلوم ہوا کہ حضرت شیخ کے خلفاء ومریدین اور متبعین نے بھی آپ کی تاریخ وفات اور دن وماہ کی تعیین کے ساتھ برسی اور یومِ وفات منانے کا اہتمام نہیں کیا ہے، ورنہ تاریخ وفات میں اتنا شدید اختلاف نہ ہوتا۔ اور حضرت شیخ علیہ الرحمہ خود فرماتے ہیں: اپنے آقا کی خوش نودی سے محروم ہے وہ شخص جو اس پر تو عمل نہ کرے جس کا اسے حکم دیا گیا ہے، اور اس میں مشغول رہے جس کا حکم نہیں دیا گیا، یہی اصل محرومی ہے[1]، لہٰذا مسلمانوں کو اس طرح کی بدعات ورسومات سے پرہیز کرنا چاہیے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتح الرباني " : المحروم رضا مولاه من لم يعمل بما أمر واشتغل بما لم يؤمر به ، هذا هو الحرمان بعينه ، والموت بعينه ، والطرد بعينه .

(ص/۴۰۰ ، م۶۰۰ ، بحوالہ فتاویٰ رحیمیہ :۲/۷۶، ۷۷، گیارہویں منانا چہ حکم دارد؟ کتاب السنۃ والبدعۃ)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس فيه فهو ردٌّ " . (۱/۳۷۱ ، كتاب الصلح ، باب إذا اصطلحوا – الخ ، رقم : ۲۶۹۷ ، صحيح مسلم :۲/۷۷ ، كتاب الأقضية ، سنن أبي داود : ص/۶۳۵ ، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، رقم :۴۶۲۲ ، سنن ابن ماجة :ص/۱۳ ، مشكوة المصابيح : ص/۲۷ ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الأول)

ما في " بذل المجهود " : سواء كان في العمل أو الاعتقاد فهو مردود .

(۱۳/۳۳ ، رقم :۴۶۲۲)

ما في " رد المحتار " : البدعة ما أحدث على خلاف الحق المتلقى عن رسول الله ﷺ=

گیارہ ربیع الآخر کو چراغاں یا روشنی کرنا

مسئلہ (۱۲): گیارہ ربیع الآخر کو چراغاں یا روشنی کرنا، بالکل ناجائز اور بدعت ہے، اور دیوالی کی پوری نقل ہے[۱]، مساجد میں بھی نمازیوں کی ضرورت سے زیادہ رسماً ورَواجاً روشنی کرنا، اِسراف وحرام ہے، اگر متولی مسجد کے مال میں سے ایسا کرے گا، تو اس کو اس کا تاوان دینا ہوگا، شب برأت، شب قدر اور دیگر راتوں کا بھی یہی حکم ہے۔[۲]

=من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان ، وجعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيمًا .
(۲۵۶/۲ ، مطلب البدعة خمسة أقسام)

ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : البدعة : هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص/۴۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس فيه فهو ردٌّ " . (۳۷۱/۱ ، كتاب الصلح ، باب إذا اصطلحوا – الخ ، رقم : ۲۶۹۷ ، صحيح مسلم : ۷۷/۲ ، كتاب الأقضية ، سنن أبي داود : ص/۶۳۵ ، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، رقم : ۴۶۲۲ ، سنن ابن ماجة : ص/۱۳ ، مشكوة المصابيح : ص/۲۷ ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الأول)

ما في " بذل المجهود " : سواء كان في العمل أو الاعتقاد فهو مردود .
(۳۳/۱۳ ، رقم : ۴۶۲۲)

ما في " رد المحتار " : البدعة ما أحدث على خلاف الحق المتلقى عن رسول الله ﷺ من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان ، وجعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيمًا .
(۲۵۶/۲ ، مطلب البدعة خمسة أقسام)=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : البدعة : هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص/۴۷)

(۲) ما في " مجالس الأبرار " : إن سراج السرج الكثيرة ليلة البراء ة في السكك والأسواق بدعة ، وكذا في المساجد ويضمن القيم بل لو ذكره الواقف وشرطه لا يعتبر ذلك الشرط شرعًا ، وإن لم يكن من مال الوقف بل تبرع به يكون ذلك تبديرًا وإضاعة المال والتبذير حرام بنص القرآن. (ص/۱۶۵ ، م۲۴ ، بحوالہ فتاویٰ رحیمیہ:۲/۷۷، گیارہویں کو روشنی وچراغاں کرنے کا کیا حکم ہے؟ کتاب السنۃ والبدعۃ)

ما في " فتاوى حاميه " : وصرح أئمتنا الأعلام رحمهم الله بأنه لا يجوز أن يزاد على سراج المسجد ، سواء كان في شهر رمضان أو غيره ؛ لأن فيه إسرافا كما في الذخيرة .

(۲/۳۷۸ ، بحوالہ فتاویٰ رحیمیہ)

مخصوص طریقے پر ایصالِ ثواب کی مجلس

مسئلہ (۱۳): بعض علاقوں میں ایک رسم ہے کہ اگر کسی کے گھر میں کوئی انتقال کر جائے، تو مرحوم کو ایصالِ ثواب کی غرض سے اس کی تدفین کے اگلے روز، یا تین دن کے بعد قرآن خوانی کی مجلس منعقد کی جاتی ہے، اس میں قرآن کریم کی تلاوت اور دیگر دعاؤں اور وظائف کا اہتمام کیا جاتا ہے، کچھ دعا اور وظائف کھانے پینے کی چیزوں (مثلاً: چنے، پھل فروٹ وغیرہ) پر پڑھے جاتے ہیں، پھر انہیں لوگوں میں تقسیم کیا جاتا ہے، تو اس سلسلے میں یہ بات یاد رکھیں کہ مرحوم کے لیے ایصالِ ثواب تو صحیح اور ثابت ہے، لیکن اس کے لیے کوئی دن، تاریخ اور طریقہ لازم و متعین نہیں ہے، میت کی تدفین کے بعد اگلے روز یا اس کے علاوہ دن میں اجتماعی قرآن خوانی کا اہتمام کرنا، اور اس کے لیے باضابطہ مجلس منعقد کرنا اور کھانے پینے کی چیز پر دعا اور وظیفہ پڑھنے کے بعد اسے تقسیم کرنا وغیرہ، مکروہ اور ناپسندیدہ طریقہ ہے[1]، ہاں! دن و تاریخ کی تعیین و تخصیص کے بغیر اور کسی غیر ثابت شدہ ہیئت کے التزام کے بغیر انفرادی طور پر، جب اور جس قدر ہو سکے، تلاوتِ قرآن کر کے، یا نفلی نمازیں پڑھ کر، یا صدقہ خیرات کر کے، یا کسی بھی کارِ خیر کے ذریعے میت کو ثواب پہنچایا جا سکتا ہے۔ اور جس چنے وغیرہ پر وظیفہ وغیرہ پڑھا گیا، اس کا کھانا، ناجائز نہیں ہے۔[2]

الحجة على ما قلنا : =

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس فيه فهو ردٌّ " . (۱/۳۷۱ ، كتاب الصلح ، باب إذا اصطلحوا – الخ ، رقم : ۲۶۹۷ ، صحيح مسلم :۲/۷۷ ، كتاب الأقضية ، سنن أبي داود : ص/۶۳۵ ، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، رقم :۴۶۲۲ ، سنن ابن ماجة :ص/۱۳ ، مشكوة المصابيح : ص/۲۷ ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الأول)

ما في " بذل المجهود " : سواء كان في العمل أو الاعتقاد فهو مردود .

(۱۳/۳۳ ، رقم :۴۶۲۲)

ما في " رد المحتار " : البدعة ما أحدث على خلاف الحق المتلقى عن رسول الله ﷺ من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان ، وجعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيمًا .

(۲/۲۵۶ ، مطلب البدعة خمسة أقسام)

ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : البدعة : هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص/۴۷)

(۲) ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : فللإنسان أن يجعل ثواب عمله لغيره عند أهل السنة والجماعة ، صلاة كان أو صومًا أو حجًّا أو صدقة أو قراءة للقرآن أو الأذكار أو غير ذلك من أنواع البر ، ويصل ذلك إلى الميت وينفعه .

(ص/۶۲۱ ، ۶۲۲ ، فصل في زيارة القبور ، رد المحتار :۴/۱۰ ، مطلب في إهداء ثواب الأعمال للغير ، البحر الرائق :۳/۱۰۵ ، باب الحج عن الغير)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۴۶۱۷۷)

''نماز بخشوانے گئے روزے گلے پڑ گئے'' کہنا

مسئلہ (۱۴): بعض افراد؛ دورانِ گفتگو ضرب المثل (کہاوت) کے طور پر ایسی مثال دیتے ہیں جو کہ ایک مسلمان کو نہیں کہنی چاہیے، مثلاً: ''گئے تھے نماز بخشوانے روزے گلے پڑ گئے''[۱] (یعنی ایک کام سے عذر کیا دوسرا کام اور سپرد ہوگیا/ اُلٹے لینے کے دینے پڑے)۔ اس طرح کے محاورے میں اگرچہ نماز روزے کی توہین مقصود نہیں ہوتی[۲]، مگر پھر بھی ایسی مثال نہیں دینی چاہیے، اور مسلمانوں کو اس طرح کی کہاوتوں کے استعمال سے احتیاط کرنا چاہیے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فيروز اللغات " : ''گئے تھے روزے بخشوانے نماز گلے پڑی''۔ ''گئے تھے نماز بخشوانے روزے گلے پڑے''۔ [مثل-ایک کام سے عذر کیا دوسرا کام اور سپرد ہوگیا۔ اُلٹے لینے کے دینے پڑے۔] .

(ص/۱۱۳۶، ط : فيروز سنز لاهور)

(۲) ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : الأمور بمقاصدها .

(۱/۱۱۳، كذا في قواعد الفقه :ص/۶۲ ، قاعدة : ۵۱)

(۳) ما في " الموسوعة الفقهية " : ومن معاني الاحتياط لغة : الأخذ في الأمور بالأحزم والأوثق وبمعنى المحاذرة ، ومنه القول السائر : أوسط الرأي الاحتياط ، وبمعنى الاحتراز من الخطأ واتقائه . (۲/۱۰۰)

(مستفاد: آپ کے مسائل اور اُن کا حل: ۸/۴۹۴، ۴۹۵، ضرب المثل میں ''نماز بخشوانے گئے روزے گلے پڑے'' کہنا، ط: جدید ایڈیشن)

عیسوی تاریخ کے ساتھ اے ڈی (AD) لکھنا

مسئلہ (۱۵): انگریز مصنفین اپنے عقیدہ کے مطابق عیسوی سال کے ساتھ ''اے ڈی/ AD'' یعنی: ''آفٹر ڈیتھ آف کرائسٹ'' (Ofter Deth Of Christ/حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کے بعد) لکھتے ہیں، بدقسمتی سے جہاں ہم دیگر معاملات میں انگریزوں کی اندھی تقلید کر رہے ہیں، اسی طرح ہمارے مسلمان مصنفین بھی جب عیسوی تاریخ لکھتے ہیں، تو ساتھ میں ''اے ڈی/ AD'' لکھتے ہیں، جب کہ اُن کے اِس عمل سے عیسائیوں کے عقیدے؛ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو قتل کیا گیا، کی تائید ہوتی ہے، حالانکہ مسلمانوں کا یہ عقیدہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو صلیب پر نہیں چڑھایا گیا، بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اُٹھا کر آسمان میں بسایا ہے، ارشادِ خداوندی ہے: ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ .... وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا بَّلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ إِلَيْهِ﴾. ''یہودیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو قتل نہیں کیا، نہ صلیب پر چڑھایا، بلکہ اللہ تعالیٰ نے اُن کو آسمان پر اُٹھالیا''[1]۔ لہٰذا ایسے الفاظ جن سے عیسائی عقیدے کی تائید ہوتی ہو، اُن کا استعمال جائز نہیں ہے، مسلمان مصنفوں کو اس سے احتراز واحتیاط کرنا چاہیے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وقولهم إنا قتلنا المسيح عيسى بن مريم رسول الله وما قتلوه وما صلبوه ولكن شبه لهم وإن الذين اختلفوا فيه لفي شك منه ما لهم به من علم الا =

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=اتباع الظن وما قتلوه يقينًا O بل رفعه الله اليه وكان الله عزيزًا حكيمًاO﴾ .

(سورة النساء :۱۵۷، ۱۵۸)

ما في " التفسير السمرقندي " : ﴿وقولهم إنا قتلنا المسيح عيسى بن مريم رسول الله﴾ هذا قول الله ، لا قول اليهود ، وقول اليهود : إنا قتلنا المسيح عيسى بن مريم ، ثم قال الله تعالى : (رسول الله) يعني الذي هو رسول الله ، وذلک أن اليهود لما اجتمعوا على قتله ، هرب منهم ودخل في بيت فأمر ملک اليهود رجلا يدخل البيت يقال له : يهوذا ، ويقال : ططيانوس ، فجاء جبريل – عليه السلام – ورفع عيسى – عليه السلام – إلى السماء ، فلما دخل الرجل إلى البيت لم يجده ، فألقى الله شبه عيسى عليه ، فلما خرج ظنوا أنه عيسى فقتلوه ، وصلبوه ، ثم قالوا : إن كان هذا عيسى فأين صاحبنا ؟ وإن كان هذا صاحبنا فأين عيسى ؟ فاختلفوا فيما بينهم فأنزل الله تعالى إكذابا لقولهم فقال : ﴿وما قتلوه وما صلبوه ولكن شبه لهم﴾ يعني ألقي شبه عيسى على غيره فقتلوه ..... ﴿بل رفعه الله إليه﴾ وقال مقاتل : بل رفعه الله إلى السماء في شهر رمضان ليلة القدر ، وقال الضحاک : رفعه في يوم عاشوراء ، بين صلاتي المغرب والعشاء . (۱/۴۰۲ ، سورة النساء)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : ومن معاني الاحتياط لغة : الأخذ في الأمور بالأحزم والأوثق وبمعنى المحاذرة ، ومنه القول السائر : أوسط الرأي الاحتياط ، وبمعنى الاحتراز من الخطأ واتقائه . (۲/۱۰۰)

(مستفاد: آپ کے مسائل اور اُن کا حل:۸/۴۸۵،عیسوی تاریخ کے ساتھ "AD" لکھنا جائز نہیں)

بار بار اسم محمد پر درود پڑھنا

مسئلہ (۱۶): بہتر اور مستحب یہ ہے کہ ہر مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک ادا کرنے والا اور سننے والے تمام احباب آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجیں، لیکن اگر پوری مجلس میں بعض لوگوں نے بھی آپ کا نام مبارک سن کر ''صلی اللہ علیہ وسلم'' کہہ دیا، تو اس صورت میں دیگر کے حق میں اس کی ادائیگی ساقط ہوجاتی ہے، جب کہ پوری مجلس کے دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک نام پر، کم از کم ایک مرتبہ درود وسلام پڑھنا واجب ہے، جس میں کوتاہی موجبِ عقاب ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ان اللّٰه وملٰئكته يصلون على النبي يآيها الذين اٰمنوا صلوا عليه وسلموا تسليما﴾ . (سورة الأحزاب : ٥٦)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الصلاة على النبي ﷺ : وهي قول " صلى اللّٰه على محمد وسلم " أو نحوها مما يفيد سؤال اللّٰه تعالى أن يصلي على رسوله ويسلم عليه . وقد أمر اللّٰه تعالى المؤمنين بذلك في قوله تعالى : ﴿ان اللّٰه وملٰئكته يصلون على النبي يآيها الذين اٰمنوا صلوا عليه وسلموا تسليما﴾ . (٢١/٢٣٤ ، ذكر ، صيغ الذكر ، الصلاة على النبي ﷺ)

ما في " الموسوعة الفقهية " : لا خلاف بين الفقهاء في مشروعية الصلاة على النبي ﷺ للأمر بها قال تعالى : ﴿ان اللّٰه وملٰئكته يصلون على النبي يآيها الذين اٰمنوا صلوا عليه وسلموا تسليما﴾ . قال ابن كثير في تفسير الآية : المقصود من هذه الآية : أن اللّٰه سبحانه وتعالى – أخبر عباده بمنزلة عبده ونبيه عنده في الملأ الأعلى ؛ بأنه يثني عليه عند الملائكة المقربين ، وأن الملائكة تصلي عليه . ثم أمر جل شأنه بالصلاة والتسليم عليه ؛ ليجتمع الثناء عليه من أهل العالمين : السفلي والعلوي جميعًا ، وجاء ت الأحاديث المتواترة عن=

غیر صحابی کے لیے ''رضی اللہ عنہ'' کا استعمال

مسئلہ (۱۷): ''رضی اللہ تعالیٰ عنہ'' دعائیہ کلمہ ہے، جس کا معنی ہے ''اللہ ان سے راضی ہوا'' اور یہ دعا صحابہ کے علاوہ تابعین، ائمہ مجتہدین، علماء اور صلحا کو بھی دی جاسکتی ہے، مگر عموماً اس کا استعمال صحابہ کے لیے خاص سمجھا جاتا ہے، اور صحابی وغیر صحابی کے درمیان فرق اسی دعائیہ کلمہ سے کیا جاتا ہے، اس لیے جس جگہ صحابی وغیر صحابی میں التباس کا شبہ ہو، تو ایسی جگہ غیر صحابی کے لیے یہ الفاظ بولنے سے احتراز کرنا چاہیے۔ (۱)

= رسول اللہ ﷺ بالأمر بالصلاة عليه ، وكيفية الصلاة عليه .

(۲۷/۲۳۴ ، ۲۳۵ ، الصلاة على النبي ﷺ)

مسئلہ (۴۳): بعض حضرات ''عصا'' لے کر چلتے ہیں، وہ اپنا عصا نمازی کے سامنے رکھ کر آگے سے گزر جاتے ہیں، اور پھر اپنا عصا بھی ساتھ میں لے جاتے ہیں۔ اسی طرح بعض لوگ اپنا ''رومال'' نمازی کے سامنے کر دیتے ہیں اور گزر جاتے ہیں۔ اِس صورت کے بارے میں علامہ شامی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مجھے کسی کتاب میں اِس کا حکم نہیں ملا، البتہ مفتی رشید احمد صاحب لدھیانوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ- بظاہر اِس کے جواز میں کوئی مانع نہیں ہے، لہٰذا بوقتِ ضرورت اِس کی گنجائش ہے۔ (۱)

سترے کا ایک مخصوص طریقہ

مسئلہ (۴۴): بعض علاقوں میں سترے کا یہ طریقہ رائج ہے کہ چند نمازیوں سے آگے ایک خاص طریقے سے بنی ہوئی تپائی، یا کوئی دوسری چیز رکھ دی جاتی ہے، جس کے بیچ کا حصہ زمین سے مَس نہیں ہوتا ہے، صرف دونوں طرف کے کنارے زمین سے لگے ہوئے ہوتے ہیں، تو اِس صورت میں اگرچہ ہر نمازی کے سامنے سترہ زمین سے مَس نہیں ہوتا ہے، لیکن چوں کہ اِس کو باقاعدہ سترے کے مقصد سے بنایا جاتا ہے، اور دونوں طرف کے کونے زمین پر ٹکے ہوئے ہوتے ہیں، اِس لیے گویا اِس صورت میں بھی حکماً ہر نمازی کے سامنے سترے کا زمین سے اتصال پایا جاتا ہے، لہٰذا اس طرح کی چیزیں شرعاً سترہ بن سکتی ہیں۔ (۲)

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " رد المحتار " : قال : وإذا كان معه عصًا لا تقف على الأرض بنفسها ، فأمسكها بيده ، ومر من خلفها هل يكفي ذلک ؟ لم أره . (١/ ٤٠١)

(احسن الفتاویٰ:۴/۴۱۰، چندا ہم عصری مسائل:۲/۱۵۵،۱۵۶)

الحجة على ما قلنا :

(٢) ما في " سنن ابن ماجة " : عن عبد الرحمن بن أبي سعيد عن أبيه قال : قال رسول اللّٰه ﷺ : " إذا صلى أحدكم فليصل إلى سترة ، وليدن منها ، ولا يدع أحدًا يمر بين يديه ، فإن جاء أحد يمر فليقاتله ؛ فإنه شيطان " . (١/ ٣٠٧ ، ط : الحلبي)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وسترة المصلي في الاصطلاح : هي ما يغرز أو ينصب أمام المصلي من عصا أو غير ذلک ، أو ما يجعله المصلي أمامه لمنع المارين بين يديه . وعرفها البُهوتي : بأنها ما يستتر به من جدار أو شيء شاخص ... أو غير ذلک يصلي إليه .

(٢٤/ ١٧٧ ، سترة المصلي) (چندا ہم عصری مسائل:۲/۱۵۶)

سلامِ اول کے بعد نمازی کے سامنے سے گزرنا

مسئلہ (۴۵): بعض لوگ کہتے ہیں کہ دونوں طرف سلام پھیرنا واجب ہے، اس لیے پہلے سلام کے بعد دوسرے سلام سے پہلے نمازی کے سامنے سے گزرنا مکروہ ہے، اُن کا یہ قول غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ پہلے سلام کے بعد نمازی کے سامنے سے گزرنا شرعاً درست ہے، اِس لیے کہ دونوں سلام اگرچہ واجب ہیں، لیکن نماز پہلے سلام ہی پر ختم ہوجاتی ہے، بلکہ ''علیکم'' کہنے سے پہلے لفظِ ''السلام'' سے ہی نماز ختم ہوجاتی ہے، اِسی وجہ سے اگر کوئی شخص پہلے سلام کے بعد اقتدا کرے، تو اُس کی اقتدا صحیح نہیں ہوتی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (ولفظ السلام) مرتين ، فالثاني واجب على الأصح . برهان . دون عليكم ، وتنقضي قدوة بالأول قبل عليكم على المشهور عندنا . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (وتنقضي قدوة بالأول) أي بالسلام الأول . قال في التجنيس : الإمام إذا فرغ من صلوته ، فلما قال : السلام ، جاء رجل واقتدى به قبل أن يقول عليكم لا يصير داخلا في صلوته ؛ لأن هذا سلام . (۱۶۲/۲ ، كتاب الصلاة ، باب صفة الصلاة ، مطلب لا ينبغي أن يعدل عن الدراية إذا وافقتها رواية ، ط : زكريا ديوبند)

(چند اہم عصری مسائل:۱۵۶/۲)

نماز میں موبائل پر مِس کال دیکھنا

مسئلہ (۴۶): نماز شروع کرنے سے پہلے موبائل بند کرلینا ضروری ہے، ورنہ مسجد میں نماز کے دوران موبائل بجنے کی صورت میں میوزک بجنے کا گناہ ہوگا، اور لوگوں کی نماز میں خلل ڈالنے کی وجہ سے بھی گناہ ہوگا، تاہم اگر کوئی نماز سے پہلے موبائل بند کرنا بھول گیا تھا، اور نماز کے دوران کسی کی کال آئی، اور موبائل بجنا شروع ہوگیا، تو نماز کے دوران صرف ایک ہاتھ کی مدد سے اس کو بند کردے، دونوں ہاتھ ایک ساتھ استعمال نہ کرے، ورنہ عملِ کثیر [☆] کی وجہ سے نماز فاسد ہوجائے گی۔ بعض لوگ نماز کے دوران موبائل کال آنے کی صورت میں موبائل نکال کر دیکھتے ہیں، کہ کال کس کی ہے، پھر بند کرکے رکھ دیتے ہیں، یہ صورت صحیح نہیں ہے، احناف کے نزدیک نماز فاسد ہوجائے گی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

[☆] ما في " المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة " : ''مسئلہ (۶۶): عملِ کثیر نمازی کے اس عمل کو کہا جاتا ہے جو اصلاحِ صلوۃ کے لیے نہ ہو، اور اعمالِ صلوۃ میں سے بھی نہ ہو، اور اس کو اس انداز سے کیا جائے کہ اچانک دیکھنے والا یہ سمجھے کہ یہ شخص نماز میں نہیں ہے، ایسے عمل سے نماز فاسد ہوجاتی ہے، بہت سے لوگوں سے نماز میں عملِ کثیر سرزد ہوتا ہے۔ (۵/۱۱۱)

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (و) يفسدها (كل عمل كثير) ليس من أعمالها ولا لإصلاحها ، وفيه أقوال خمسة : أصحها (ما لا يشكّ) بسببه (الناظر) من بعيد (في فاعله أنه ليس فيها) . (التنوير وشرحه) . وفي الشامية : قال الشامي رحمه اللّٰه : القول الثاني : أن ما يعمل عادة باليدين كثيرٌ ، وإن عمل بواحدة كالتعمّم وشدّ السراويل ، وما عمل بواحدة قليلٌ ، وإن عمل بها كحلّ السراويل ولبس القلنسوة ونزعها إلا إذا تكرّر ثلاثاً =

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=متواليةً . اهـ . (٣٣٢/٢ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره ، مطلب في التشبه بأهل الكتاب ، شرح الوقاية : ص/١٦٥ ، مفسدات الصلاة)

ما في " البحر الرائق " : إذا رآه على هذا العمل وتيقن أنه ليس في الصلاة فهو عمل كثير ، وإن شك فهو قليل ، ثانيها أن ما يقام باليدين عادة كثير ، وإن فعله بيد واحدة كالتعمم ولبس القميص ، وشد السراويل ، والرمي عن القوس ، وما يقام بيد واحدة قليلٌ ، ولو فعله باليدين كنزع القميص ، وحلّ السراويل ، ولبس القلنسوة ونزعها ، ونزع اللجام ، وما أشبه ذلك .

(٢٠/٢ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، ط : دار الكتاب ديوبند)

ما في " الفتاوى الهندية " : (الأول) أن ما يقام باليدين عادة كثيرٌ ، وإن فعله بيد واحدة كالتعمم ولبس القميص وشدّ السراويل ، والرمي عن القوس ، وما يقام بيد واحدة قليلٌ ، وإن فعل بيدين كنزع القميص وحلّ السراويل ، ولبس القلنسوة ونزعها ، ونزع اللجام . هكذا في التبيين . (١٠١/١ – ١٠٢ ، كتاب الصلاة ، الباب السابع فيما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، تبيين الحقائق : ٤١٢/١ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

(نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا:۴/ ۱۵۸،۱۵۹،موبائل)

باب السنن والنوافل

نمازِ مغرب سے پہلے دو رکعت نماز کی شرعی حیثیت

مسئلہ (۴۷): سورج غروب ہوتے ہی مغرب کا وقت شروع ہو جاتا ہے، اور حدیث شریف میں مغرب کی نماز جلد پڑھنے کی ترغیب دی گئی ہے[۱]، اس لیے نمازِ مغرب کو جلد پڑھنے پر اُمت کا اِجماع ہے، اور حنفیہ تعجیلِ مغرب کا لحاظ کرتے ہوئے مغرب سے قبل نفل نماز کو مکروہ کہتے ہیں، کہ لوگ کہیں نوافل میں مشغول ہو کر مغرب میں تاخیر نہ کرنے لگیں[۲]، اور جن روایتوں میں نفل قبل المغرب کا ثبوت ہے، وہ بعض بعض سے متعارض ہیں، اس سے سنیت ثابت نہیں ہوتی، ہاں! اگر کوئی شخص بغیر سنت سمجھے (نفل سمجھ کر) ادا کر لے، تو مباح درجے کی چیز ہے، اِنکار میں تشدُّد برتنے کی ضرورت نہیں۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : ..... " لا تزال أمتي بخير " أو قال : " على الفطرة ما لم يؤخّروا المغرب إلى أن تشتبك النّجوم ".(ص/٦٠ ، رقم : ٤١٨ ، باب في وقت المغرب)

(۲) ما في " إعلاء السنن " : فرجّحت الحنفية أحاديث التعجيل لقيام الإجماع على كونه سنة ، وكرهوا التنفل قبلها ؛ لأن فعل المباح والمستحب إذا أفضى إلى الإخلال بالسنة يكون مكروها ، ولا يخفى أن العامة لو اعتادوا صلاة ركعتين قبل المغرب ليخلون بالسنة حتمًا ، ويؤخرون المغرب عن وقتها قطعًا ، وأما لو تنفل أحد من الخواص قبلها ولم يخل بسنة التعجيل فلا يلزم عليه ؛ لأنه قد أتى بأمر مباح في نفسه أو مستحب عند بعضهم ، فحاصل الجواب أن التنفل قبل المغرب مباح في نفسه ، وإنما قلنا بكراهته نظرًا إلى =

باب صلاة الجمعة

مسافر اور نمازِ جمعہ

مسئلہ (۴۸): بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ مسافر شخص جمعہ کی نماز نہیں پڑھ سکتا، اور پڑھا بھی نہیں سکتا، اُن کا یہ خیال صحیح نہیں، صحیح یہ ہے کہ مسافر شخص جمعہ کی نماز پڑھ بھی سکتا ہے، اور پڑھا بھی سکتا ہے، شرعاً اس میں کوئی ممانعت نہیں ہے۔ (۱)

=العارض، فالكراهة عارضة . (۲/ ۶۹ ، مبحث الركعتين قبل المغرب ، ط: أشرفيه ديوبند) (چند اہم عصری مسائل: ۲/ ۱۰۸، ۱۰۹، نمازِ مغرب سے قبل سنت پڑھنے کی شرعی حیثیت)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (وشرط لافتراضها) تسعة تختص بها : (إقامة بمصر) . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (إقامة) خرج به المسافر .

(۲/ ۱۵۳ ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة ، مطلب في شروط وجوب الجمعة ، ط: سعيد كراچي ، و: ۳/ ۲۶ ، ط : بيروت)

ما في " البحر الرائق " : ومن لا جمعة عليه إن أداها جاز عن فرض الوقت وللمسافر والعبد والمريض أن يؤم فيها . كنز .

(۲/ ۱۵۲ ، كتاب الصلاة ، باب صلاة الجمعة ، ط : سعيد كراچي)

(نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا: ۴/ ۵۷، مسافر جمعہ کی نماز پڑھا سکتا ہے)

باب صلاة المسافر

مسافر مقتدی کی فاسد نماز کا اعادہ

مسئلہ (۴۹): اگر کسی مسافر شخص نے مقیم امام کی اقتدا میں نماز ادا کی، اور امام کی نماز فاسد ہوئی، تو مقیم امام تو دوبارہ چار رکعت ہی پڑھے گا، اور یہ مسافر شخص اس کی اقتدا کر لے، تو وہ بھی چار ہی رکعت پڑھے گا، لیکن اگر مسافر مقتدی اسی نماز کو دوبارہ اکیلا پڑھ رہا ہو، تو وہ قصر کرے گا، مقیم امام کی اقتدا میں فاسد شدہ نماز کو دوبارہ اکیلا پڑھنے کی صورت میں چار رکعت نہیں پڑھے گا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : قوله : (وأما اقتداء المسافر بالمقيم) .... (فيصح في الوقت ويتم) أي سواء بقي الوقت أو خرج قبل إتمامها لتغير فرضه بالتبعية لاتصال المغير بالسبب وهو الوقت ، ولو أفسده صلى ركعتين لزوال المغير . (۱۳۰/۲ ، كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط : سعيد كراچي ، و:۶۱۲/۲، ط : بيروت)

ما في " الفتاوى الهندية " : وإن اقتدى مسافر بمقيم أتم أربعا وإن أفسده يصلي ركعتين . (۱۴۲/۱ ، كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر في صلاة المسافر ، ط : حقانيه پشاور)

ما في " البحر الرائق " : قوله : (ولو اقتدى مسافر بمقيم في الوقت صح وأتم) لأنه يتغير فرضه إلى الأربع للتبعية ..... وإذا كان التغيير لضرورة الاقتداء ، فلو أفسده صلى ركعتين لزواله . (۱۳۴/۲ ، كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد كراچي)

(نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا:۴/۵۷،۵۸، مسافر کے امام کی نماز فاسد ہوگئی)

باب صلوة المريض

موتیا آپریشن والے پر نماز

مسئلہ (۵۰): اگر کسی شخص کی آنکھ میں موتیا ہے، آپریشن کرانا ضروری ہے، ورنہ آنکھ کی بینائی ختم ہوجائے گی، تو آپریشن کراسکتا ہے، اگر آپریشن کے بعد قیام، رکوع اور سجود کے ساتھ نماز پڑھ سکتا ہے، تو قیام، رکوع اور سجود کے ساتھ نماز پڑھے، اور اگر قیام، رکوع وسجود کے ساتھ نماز نہیں پڑھ سکتا ہے، تو بیٹھ کر سر کے اشارے سے نماز پڑھے [۱]، اور اگر سر کے اشارے سے نماز پڑھنے میں نقصان ہوتا ہے، تو ایسی مجبوری کی صورت میں نماز نہ پڑھے، بلکہ نماز پڑھنے کے قابل ہونے کے بعد، فوت شدہ نمازوں کی قضا پڑھ لے۔ [۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (من تعذر عليه القيام) أي كله (لمرض) حقيقي، وحدُّهُ أن يلحقه بالقيام ضرر ، به يفتى (قبلها أو فيها) ... (أو) حكمي بأن (خاف زيادته ، أو بطء برئه بقيامه ، أو دوران رأسه ، أو وجد لقيامه ألمًا شديدًا) ..... (صلى قاعدًا) ..... (كيف شاء) على المذهب ؛ لأن المرض أسقط عنه الأركان فالهيئات أولى .... (بركوع وسجود وإن قدر على بعض القيام) .... (قام) .... (وإن تعذرا) ... (لا القيام أومأ) ... (قاعدًا) ..... (ويجعل سجوده أخفض من ركوعه) ..... (وإن تعذر القعود) ولو حكمًا (أومأ مستلقيًا) على ظهره (ورجلاه نحو القبلة) . اهـ .

(٢/٥٦٣ – ٥٦٩ ، كتاب الصلاة ، باب صلاة المريض ، ط : بيروت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : فإن تعذر عليه القيام لمرض صلى قائمًا مستندًا ثم جالسا مستقبلا ثم جالسا مستندا ، ثم مضطجعا على جنبه الأيمن مستقبل القبلة بوجهه ثم=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=مستلقيا على ظهره مستقبل القبلة برجليه ، ثم مضطجعا على جنبه الأيسر ، ويؤمي بالركوع والسجود في الاضطجاع والاستلقاء . ..... وذهب الحنفية – ما عدا زفر – وهو قول عند المالكية ، ورواية عن أحمد اختارها ابن تيمية إلى أنه إن تعذر الإيماء برأسه تسقط عنه الصلاة ؛ لأن مجرد العقل لا يكفي لتوجه الخطاب .

(٣٥٦/٣٦ ، مرض ، أحكام المرض ، ثالثا : كيفية صلاة المريض واستقبال القبلة)

(٢) ما في " الموسوعة الفقهية " : العبادات المحددة بوقت تفوت بخروج الوقت المحدد لها من غير أداء ، وتتعلق بالذمة إلى أن تقضى ..... وجاء في الفتاوى الهندية : والقضاء فرض في الفرض ، وواجب في الواجب ، وسنة في السنة .

(٢٤/٣٤ ، ٢٥ ، قضاء ، قضاء الفوائت ، الحكم التكليفي ، الفتاوى الهندية : ١/ ١٢١ ، الباب الحادي عشر في قضاء الفوائت ، ط : دار الفكر بيروت)

(نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا:۴/۱۵۹،۱۶۰،موبائل)

(فتاویٰ رحیمیہ:۵/۱۹،آنکھ میں موتیا ہو تو نماز کا حکم،و:۵/۱۶۲،آنکھ کے آپریشن کے بعد نماز پڑھنے کا طریقہ)

کتاب الجنائز

جنازہ کے احکام ومسائل

نمازِ جنازہ کے بعد اجتماعی دعا

مسئلہ (۵۱): تدفینِ میت کے بعد اجتماعی دعا کا ذکر، احادیث میں وارد ہے، لیکن نمازِ جنازہ کے فوراً بعد دعا کسی حدیث میں مذکور نہیں ہے، بلکہ یہ ایک غیر مشروع عمل ہے، اور بدعت ہے، اسی لیے مشہور شارحِ حدیث شیخ ملا علی قاری رحمہ اللہ نے نمازِ جنازہ کے بعد دعا کو منع لکھا ہے، اور اسے نمازِ جنازہ کے اندر (اپنی طرف سے) اضافے کے مشابہ قرار دیا، الغرض! نمازِ جنازہ کے بعد اجتماعی طور پر دعا کرنا بے اصل ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مرقاة المفاتيح " : ولا يدعو للميت بعد صلاة الجنازة ؛ لأنه يشبه الزيادة في صلاة الجنازة . الخ .

(۳/۱۲۱۳ ، باب المشي بالجنازة والصلاة عليها ، ط: دار الفكر بيروت)

ما في " الفتاوى البزازية على هامش الهندية " : ولا يقوم بالدعاء بعد صلاة الجنازة ؛ لأنه دعا مرة ؛ لأن أكثرها دعاء . (۴/۸۰ ، الخامس والعشرون في الجنائز وفيه الشهيد)

(چند اہم عصری مسائل: ۲/۱۵۹، ۱۶۰، نمازِ جنازہ کے بعد اجتماعی دعا کرنا کیسا ہے؟)

میت کی طرف سے نماز کی ادائیگی

مسئلہ (۵۲): نماز بدنی عبادت ہے، ہر آدمی کے لیے خود ادا کرنا ضروری ہے، اگر کسی آدمی کے انتقال کے بعد اس کے ورثاء اس کے حکم سے، یا اس کے حکم کے بغیر اس کی فوت شدہ نمازوں کو پڑھیں گے، تو میت کی طرف سے ادا نہیں ہوں گی[1]، ہاں! اگر میت نے فدیہ دینے کی وصیت کی ہو، اور اس کا وارث موجود ہو، تو ترکہ کے تہائی حصے میں سے اس کی نمازوں کا فدیہ دینا لازم ہوگا[2]، اور اگر کوئی وارث نہ ہو، تو پورے ترکہ میں سے اس کی فوت شدہ نمازوں کا فدیہ دیا جائے گا، اور اگر میت نے فدیہ دینے کی وصیت نہیں کی، تو ورثاء اپنی خوشی سے نمازوں کا فدیہ دے دیں، تو یہ اُن کی طرف سے میت پر احسان ہوگا۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (وهي عبادة بدنية محضة ، فلا نيابة فيها أصلا) أي لا بالنفس كما صحت في الصوم بالفدية للفاني . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (فلا نيابة فيها أصلا) ؛ لأن المقصود من العبادة البدنية إتعاب البدن وقهر النفس الأمّارة بالسوء ، ولا يحصل بفعل النائب ؛ بخلاف المالية فتجري فيها النيابة مطلقًا . اهـ .

(۱/۳۵۵ ، كتاب الصلاة ، مطلب فيما يصير الكافر به مسلما من الأفعال ، ط : سعيد كراچي ، و:۲/۹ ، ط : بيروت)

وفيه أيضًا : (وفدى) لزوما (عنه) أي عن الميت (وليه) الذي يتصرف في ماله (كالفطرة) قدرًا ..... (بوصيته من الثلث) ..... (وإن) لم يوص و(تبرّع وليه به جاز) إن شاء الله ، ويكون الثواب للولي . " اختيار " . (وإن صام أوصلى عنه) الولي (لا) لحديث النسائي " لا يصوم أحد عن أحد ، ولا يصلي أحد عن أحد ، ولكن يطعم عنه وليه " . (در مختار) .=

میت کے سینہ سے مشین نکالنا

مسئلہ (۵۳): موجودہ دور کے ترقی یافتہ طریقۂ علاج میں ہارٹ (Heart) کے مریض کے سینے میں پیس میکر (Pace Maker) نامی ایک مشین بٹھائی جاتی ہے، جو بہت قیمتی ہوتی ہے، اگر کوئی ہارٹ کا مریض جس کو یہ مشین لگائی گئی تھی انتقال کر جائے، تو میت کے احترام کا خیال رکھتے ہوئے ضرورت کے مطابق سینہ چاک کر کے مشین نکالی جاسکتی ہے، تو نکالنے کی گنجائش ہے، اور اگر مشین نکالنا مشکل ہو، اور زیادہ محنت کرنے میں میت کی بے حرمتی ہو، تو اندر ہی چھوڑ دیا جائے، اس لیے کہ میت کی حرمت مال کی حرمت سے زیادہ ہے[1]، نیز اس بات کا بھی خیال رکھا جائے کہ جو چیز نکالی جائے اس کی قیمت دس درہم چاندی یا اس سے زیادہ ہو۔[2] (درس درہم کی موجودہ مقدار: ۳۰؍گرام ۶۲۰؍ملی گرام/ساڑھے تین تولہ چاندی ہوتی ہے)۔

=وفي الشامية : قوله : (ويكون الثواب للولي . اختيار) ... أقول : الذي رأيته في الاختيار هكذا : وإن لم يوص لا يجب على الورثة الإطعام ؛ لأنه عبادة فلا تؤدى إلا بأمره ، وإن فعلوا ذلك جاز ويكون له ثواب . اهـ . (۲/۴۲۴ ، ۴۲۵ ، كتاب الصوم ، باب ما يفسد الصوم وما لا يفسده ، فصل في العوارض المبيحة لعدم الصوم ، ط : سعيد كراچي ، و:۳/۴۰۶ ، ۴۰۷ ، ۴۰۸ ، ط : بيروت) (نماز کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا:۴/۱۶۶، میت کی طرف سے نماز ادا کرنا)

(۲) ما في " السراجي في الميراث " : تتعلق بتركة الميت حقوق أربعة مرتبة : الأول يبدأ بتكفينه وتجهيزه من غير تبذير ولا تقتير ، ثم تقضى ديونه من جميع ما بقي من ماله ، ثم تنفذ وصاياه من ثلث ما بقي بعد الدين ، ثم يقسم الباقي ورثته بالكتاب والسنة وإجماع الأمة .=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=(ص/۳ – ۵، مقدمه)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : قال اللّٰه تعالى : ﴿ ولقد كرّمنا بنيٓ اٰدم وحملنٰهم في البرّ والبحر﴾ . (سورة الإسراء : ۷۰)

ما في " المؤطا للإمام مالک " : قال مالک : إنه بلغه أن عائشة زوج النبي ﷺ كانت تقول : " كسر عظم المسلم ميتاً ككسره وهو حي " . قال مالک : نعني في الإثم .

(ص/۸۳ ، كتاب الجنائز ، باب ما جاء في الاختفاء النبش)

ما في " رد المحتار " : وإن كان حرمة الآدمي أعلى من صيانة المال لكنه أزال احترامه بتعدّيه كما في الفتح . ومفاده أنه لو سقط في جوفه بلا تعدّ لا يشقّ اتفاقًا . واللّٰه اعلم .

(۲۳۸/۲ ، ط: مكتبه سعيد كراچی و دار الفكر بيروت)

ما في " احسن الفتاوی " : ''اگر دانت منہ سے نکالنا مشکل ہو اور زیادہ محنت کرنے میں میت کی بے حرمتی ہو، تو اندر ہی چھوڑ دیئے جائیں، غسل وکفن میں کوئی محذور نہیں، مال کی حرمت سے میت کی حرمت زیادہ ہے''۔

(۲۵۱/۴، ط: بنگلہ اسلامک اکیڈمی دہلی، فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۶۱۴/۲، ۶۱۵)

(۲) ما في " رد المحتار " : لو بلع عشرة دراهم ومات يشق ، وأفاد البيري عدم الخلاف في الدراهم والدنانير لعدم فسادها .

(۲۸۱/۹ ، كتاب الغصب ، ط : زكريا ، و: ۱۹۳/۶ ، ط : سعيد كراچی)

(فتاویٰ قاسمیہ: ۲۲۶/۲۳، انتقال کے بعد سینہ چیر کر مشین نکالنا)

کتاب الوقف

اوقافِ مساجد، مدارس وقبرستان کے احکام ومسائل

ضرورۃً دوسری مسجد کی تعمیر

مسئلہ (۵۴): ایک مسجد سے دوسری مسجد کا فاصلہ اور دُوری کس قدر ہو؟

شریعتِ مطہرہ میں اس سلسلے میں کوئی تلقین وتحدید نہیں ہے، بلکہ یہ ضرورت پر مبنی ہے، کہ دوسری مسجد بر بنائے ضرورت بنائی جائے، نہ کہ بر بنائے اختلاف۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿والذين اتخذوا مسجدًا ضرارًا وكفرًا وتفريقًا بين المؤمنين وارصادًا لمن حارب الله ورسوله﴾ . (سورة التوبة : ۱۰۷)

ما في " تفسيرات أحمدي " : وقيل : كل مسجد بني مباهاة أو رياء وسمعة ، أو لغرض سوى ابتغاء وجه الله ، أو بمال غير طيب ، فهو لاحق بمسجد الضرار . قال صاحب الكشاف : وعن عطاء : لما فتح الله الأمصار على يد عمر رضي الله تعالى عنه أمر المسلمين أن يبنوا المساجد ، وأن لا يتخذوا في مدينة مسجدين يضارّ أحدهما صاحبه . هذا لفظه . فالعجب من المشايخين المتعصبين في زماننا يبنون في كل ناحية مساجد طلبا للإسم والرسم واستعلاء لشأنهم واقتداءً بآبائهم ، ولم يتأملوا ما في هذه الآية ، والقصة من شناعة حالهم وسوء أفعالهم . (ص/۴۷۸ ، بحوالہ فتاوی محمودیہ:۱۴/۴۴۳، کراچی)

ما في " المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة " : ''مسئلہ(۱۸۶): اگر ایک مسجد ضرورت کے موافق موجود ہے، پھر اس کے مقابلے یا محض نام ونمود وشہرت اور فخر کے لیے دوسری مسجد بنانا درست نہیں ہے، اور نہ اس کے بنانے کا ثواب ملے گا، تاہم اگر مسجد بن گئی تو وہ شرعی مسجد ہے، اس میں نماز درست ہے۔''

(۳/۲۴۷، نام ونمود کیلئے مسجد بنانا، طبع دوم) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۳۹۹۲۶)

مسجد کی دوبارہ تعمیر میں کرایہ کی دکانیں نکالنا

مسئلہ (۵۵): مسجد کی دوبارہ تعمیر کے موقع پر مسجد شرعی کی حدود میں تحتانی یا بالائی منزل میں کرایہ کی دکانیں نکالنا جائز نہیں، البتہ جو حصہ مسجد شرعی کی حدود سے باہر ہو، اس میں کرایہ کی دکانیں نکالی جاسکتی ہیں۔ (۱)

مسجد کا مائک اعلانات کے لیے استعمال کرنا

مسئلہ (۵۶): اگر مائک، مسجد کی موقوفہ آمدنی سے، اذان ونماز کے لیے لیا گیا ہے، تو اس مائک پر اذان ونماز کے علاوہ کسی اور چیز کا اعلان جائز نہیں، اور اگر مائک محلّہ والوں نے اپنے پیسوں سے خریدا ہے، اور اس لیے خریدا ہے کہ اس سے دوسرے اعلانات کرسکے، مسجد کے لیے کرایہ کی آمدنی حاصل ہوتی رہے، تو محلّہ والوں کی اجازت سے اس مائک کے ذریعے دوسرے اعلانات بھی کرسکتے ہیں، مگر ایسی صورت میں مائک، ہارن (اسپیکر) اور اعلان کرنے والا، سب مسجد کے باہر ہونے چاہئیں، مسجد میں یہ سب اعلانات جائز نہیں۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : أما لو تمت المسجدية ثم أراد البناء منع ، ولو قال : عنيت ذلک لم يصدق . تاتار خانية . فإذا كان هذا في الواقف فكيف بغيره .

(۴۲۸/۶ ، كتاب الوقف ، باب أحكام المساجد ، ط : دار الكتاب ديوبند ، و:۵۴۸/۶ ، زكريا وبيروت) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۷۱۰۹)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : شرط الواقف كنص الشارع . أي في المفهوم=

.....

.....

.....

.....

.....

=والدلالة ووجوب العمل به . (٦/٦٤٩، كتاب الوقف ، مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع ، ط : بيروت ، الأشباه والنظائر لإبن نجيم : ص/١٦٣ ، ط : بيروت)

(النهر الفائق :٣/٣٢٦ ، كتاب الوقف)

ما في " رد المحتار " : فإن شرائط الواقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع وهو مالک ، فله أن يجعل ماله حيث شاء ما لم يكن معصية . (٦/٥٢٧ ، مطلب شرائط الواقف ، ط : بيروت)

ما في " حاشية فتاوى النوازل [للسمرقندي] " : قال النووي : هذا مذهبنا ومذهب الجمهور ، ويدل عليه أيضاً إجماع المسلمين على صحة وقف المساجد والسقايات، وفيه أن الوقف لا يباع ولا يوهب ولا يورث إنما يتبع فيه شرط الواقف . (ص/٣٣٧)

ما في " رد المحتار " : مراعاة غرض الواقفين واجبة .

(٦/٦٦٥ ، كتاب الوقف ، مطلب مراعاة غرض الواقفين واجبة)

(٢) ما في " سنن ابن ماجة ": عن واثلة بن الأسقع أن النبي ﷺ قال :"جنبوا مساجدكم صبيانكم ومجانينكم وشرائكم وبيعكم وخصوماتكم " .(ص/٥٤ ، باب ما يكره في المساجد)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : وتصان المساجد أيضاً عن البيع والشراء وجميع الأشغال ، لقوله ﷺ للرجل الذي دعا إلى الجمل الأحمر : " لا وجدت إنما بنيت المساجد لما بنيت له ". وهذا يدل على أن الأصل ألا يعمل فى المسجد غير الصلوات والأذكار وقراءة القرآن . (١٢/٢٦٩ ، سورة النور :١١٣)

ما في " الفتاوى الهندية " : ذكر الفقيه رحمه الله تعالى في التنبيه حرمة المسجد خمسة عشر : ..... والثالث : أن لا يشترى ولا يبيع .

(٥/٣٢١ ، الباب الخامس في آداب المسجد والقبلة الخ)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:٥٧٥٢٩)

مسجد میں آل آؤٹ (All Out) لگانا

مسئلہ (۵۷): مچھروں کو بھگانے کے لیے مسجد میں مچھر کش دوا جیسے آل آؤٹ (All Out) وغیرہ کا استعمال درست ہے، اس میں کوئی حرج نہیں، کیوں کہ موذی چیزوں کو مارنے کی اجازت دی گئی ہے، اور مچھروں کی کثرت نہ صرف نمازیوں کے لیے تکلیف کا باعث ہوتی ہے، بلکہ اس سے توجہ بھی بٹ جاتی ہے، اس لیے مچھروں کو بھگانا نماز میں خشوع وخضوع میں معاون ہوسکتا ہے، اور جو چیزیں خشوع وخضوع میں رکاوٹ بنتی ہوں، مسجدوں کو اس سے بچانا مطلوب ہے[1]، نیز آل آؤٹ (All Out) سے ناگوارِ خاطر بُو پیدا نہیں ہوتی، جس سے مسجد کے بچانے کا حکم دیا گیا ہے، اور نہ اس سے مچھر جل کر مرتے ہیں؛ کہ جلا کر مارنے کی سزا دینے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وطهر بيتي للطآئفين والقآئمين والرّكّع السّجود﴾ .
(سورة الحج : ۲۲)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : ومما تصان عنه المساجد وتنزه عنه الروائح الكريهة والأقوال السيئة وغير ذلك . (۱۲/۲۶۷، سورة النور: ۳۶)

ما في " صحيح البخاري " : عن جابر بن عبد الله قال : قال النبي ﷺ : " من أكل من هذه الشجرة – يريد الثوم – فلا يغشانا في مساجدنا " . قلت : ما يعني به ؟ قال : ما أُراه ؛ يعني إلا نِيئَهُ ، وقال مَخلَد بن يزيد عن ابن جريج إلا نَتْنَهُ .

عن ابن شهاب ، زعم عطاء أن جابر بن عبد الله زعم ، أن النبي ﷺ قال : " من أكل ثومًا أو بصلا فليعتزِلْنا ، أو قال : فليعتزل مسجدنا وليقعد في بيته " – الحديث . =

.....

=(۱/۱۱۸، كتاب الأذان ، باب ما جاء في الثوم النيء والبصل والكُرّاث ، رقم :۸۵۴ ، ۸۵۵ ، صحيح مسلم : ۱/۲۰۹ ، كتاب المساجد ومواضع الصلاة ، باب نهي من أكل ثوما أو بصلا أو كراثاً أو نحوها ، رقم :۱۲۵۳)

ما في " صحيح مسلم " : عن أبي سعيد – الخدري رضي اللّٰه تعالى عنه – قال : لم نَعُدُ أن فُتحَت خيبرُ فوقعنا – أصحاب رسول اللّٰه ﷺ – في تلك البقلة – الثوم ، والناس جياع ، فأكلنا منها أكلا شديدًا ثم رُحنا إلى المسجد ، فوجد رسول اللّٰه ﷺ الريح ، فقال : " من أكل من هذه الشجرة الخبيثة شيئًا فلا يقربنا في المسجد " . الحديث . (۱/۲۰۹ ، رقم: 565/۱۲۵۶ – ۷۶ ، ط: قديمي ، و:۳/۳۶۹ ، كتاب المساجد ومواضع الصلاة ، باب نهي من أكل ثوما أو بصلا أو كراثا أو نحوها مما له رائحة ، ط: احياء التراث)

ما في " مشكوة المصابيح " : قوله ﷺ : " من أكل من هذه الشجرة المُنْتَنَةِ فلا يقربنّ مسجدنا ، فإن الملائكة تتأذى كما يتأذى منه الإنس " .

(۱/۶۸، باب المساجد ومواضع السجود)

ما في " عمدة القاري " : قلت : العلة أذى الملائكة وأذى المسلمين ..... ويلحق بما نص عليه في الحديث كل ما له رائحة كريهة من المأكولات وغيرها . (۶/۲۱۱)

ما في " شرح النووي على صحيح مسلم " : قال الإمام النووي في شرح هذا الحديث : قال العلماء : ويلحق بالثوم والبصل والكراث كل ما له رائحة كريهة من المأكولات وغيرها ..... قال القاضي : وقاس العلماء على هذا مجامع الصلاة غير المسجد كمصلى العيد والجنائز ونحوها من مجامع العبادات ، وكذا مجامع العلم والذكر والولائم ونحوها .

(۱/۲۰۹ ، ط : قديمي ، و:۳/۳۶۷ ، ط : بيروت)

ما في " المنهاج بشرح صحيح مسلم بن الحجاج " : هذا تصريح بنهي من أكل الثوم ونحوه عن دخول كل مسجد ، وهذا مذهب العلماء كافة إلا ما حكاه القاضي عياض عن بعض العلماء أن النهي خاص في مسجد النبي ﷺ لقوله ﷺ في بعض روايات مسلم : (فلا يقربنّ مسجدنا) وحجة الجمهور فلا يقربنّ المساجد ، ثم ان النهي إنما هو عن حضور المسجد لا عن أكل الثوم والبصل ونحوهما ، فهذه البقول حلال بإجماع من يعتد به .=

.....

.....

.....

.....

.....

=(۳۶۶/۳، تحت رقم : ۱۲۲۸)

ما في " رد المحتار " : قال ابن عابدين الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (وأكل نحو ثوم أي كبصل ونحوه ما له رائحة كريهة للحديث الصحيح عن قربان آكل الثوم والبصل ، المسجد) قال الإمام العيني في شرحه على صحيح البخاري : قلت : " علة النهي أذى الملا ئكة وأذى المسلمين ، ولا يختص بمسجد عليه الصلاة والسلام ، بل الكل سواء " .

(۴۳۵/۲ ، الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب في الغرس في المسجد)

(۲) ما في " سنن أبي داود " : عن عبد الرحمن بن عبد الله عن أبيه قال : كنا مع رسول الله ﷺ في سفر فانطلق لحاجته ..... ورأى قرية نمل قد حرقناها فقال : من حرق هذه ؟ قلنا : نحن ؛ قال : " إنه لا ينبغي أن يعذب بالنار إلا رب النار " .

(ص/۳۶۲ ، ۳۶۳ ، كتاب الجهاد ، باب في كراهية حرق العدو بالنار ، صحيح البخاري :ص/۵۲۶ ، رقم :۲۹۵۴ ، كتاب الجهاد والسير ، باب التوديع : ۱۰۷ ، ط:احياء التراث، مشكوة المصابيح :ص/۳۰۷ ، كتاب القصاص ، باب قتل الردة والسعاة بالفساد)

ما في " الفتاوى الهندية " : وإحراق القمل والعقرب بالنار مكروه .

(۳۶۱/۵ ، كتاب الكراهية ، الباب الحادي والعشرون)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : يكره إحراق جراد وقمل وعقرب ، ولا بأس بإحراق حطب فيما نمل . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (يكره إحراق جراد) أي تحريمًا ، ومثل القمل البرغوث ، ومثل العقرب الحية . (۴۸۲/۱۰ ، كتاب الخنثى)

(کتاب الفتاویٰ:۱/۱۴۵،۱۴۶،مسجد میں آل آؤٹ لگانا)

(المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العلمۃ:۴/۲۴۷،بجلی کے کرنٹ والی مشین سے مچھروں کو مارنا،مسئلہ:۲۱۸،طبع دوم)

مسجد میں مورٹین/ کچھوا اگربتی جلانا

مسئلہ (۵۸): اگر کسی مسجد میں مچھر تکلیف دیتے ہوں، جس سے نمازیوں کو اپنی نماز میں خلل ہوتا ہو، تو مورٹین/ گوڈ نائٹ/ کچھوا چھاپ اگربتی وغیرہ مسجد میں جلاسکتے ہیں، شرعاً اس میں کوئی حرج نہیں ہے، کیوں کہ جیسے عام اگربتی کی خوش بو ہوتی ہے، تقریباً ایسی ہی خوش بو اس کی بھی ہوتی ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن ابن ماجة " : عن واثلة بن الأسقع أن النبي ﷺ قال : ..... اتخذوا على أبوابها المطاهر وجمروها في الجمع " .

(۱/ ۵۴ ، باب ما يكره في المساجد ، ط : دار السلام ، رقم : ۷۵۰)

(المعجم الكبير للطبراني : ۲۲/ ۵۷ ، رقم : ۱۳۶ ، ط : احياء التراث العربي بيروت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : تطييب المساجد مشروع عند الجمهور . قال الزركشي : يستحب تجمير المسجد بالبَخور ، وكان عبد الله بن المجمِّر يجمِّر المسجد إذا قعد عمر على المنبر ، .... واستحب بعض السلف تخليق المساجد بالزعفران والطيب ، وروي عنه ﷺ فعلُه ، وقال الشعبي : هو سنة ، وذكر ابن أبي شيبة عن ابن أبي نجيح أن ابن الزبير لما بنى الكعبة طلا حيطانها بالمسك . (۱۴/ ۱۷۵ ، توسعة ، تطييب المساجد)

(فتاویٰ قاسمیہ: ۱۸/ ۵۹۳، مسجد میں مورٹین جلانا)

مسجد کے واٹر کولر (Water Cooler) سے وضو

مسئلہ (۵۹): بہت سے اہلِ خیر مسجدوں میں واٹر کولر (Water Cooler) لگا دیتے ہیں، تاکہ مسجد میں آنے والوں کو ٹھنڈا پانی مل سکے، بعض لوگ اسی پانی سے وضو بھی کرنے لگتے ہیں، جب کہ جو پانی پینے کے لیے مخصوص کر دیا گیا ہو، اس سے وضو کرنا درست نہیں، بلکہ حضراتِ فقہا نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ اگر پینے کے پانی کے حوض میں پانی موجود ہو، اور دوسرا پانی قریب میں دستیاب ہی نہ ہو، تب بھی اس پانی سے وضو کرنے کے بجائے تیمّم کر لینا چاہیے، کیوں کہ ایک تو اس پانی سے وضو کرنا واقف کے منشا کے خلاف ہے، دوسرے لوگوں کے لیے دشواری اور تکلیف کا باعث ہے، لہٰذا مسجد میں لگے واٹر کولر کے پانی سے وضو کرنا درست نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : لا يجوز الوضوء من الحياض المعدّة للشرب في الصحيح ، ويمنع من الوضوء منه . (در مختار) .

(۹/ ۶۱۱ ، ۶۱۲ ، كتاب الحظر والإباحة ، باب الاستبراء وغيره ، ط: بيروت)

(کتاب الفتاویٰ: ۹/ ۱۲۸، مسجد کے واٹر کولر سے وضو)

مسجد کا بینک اکاؤنٹ

مسئلہ (۶۰): مسجد کی رقم کی حفاظت کے لیے بینک میں سیونگ اکاؤنٹ کھولنا جائز اور درست ہے، مگر اس سے حاصل ہونے والے سود کو مسجد کی کسی بھی مد میں خرچ کرنا جائز نہیں ہے، ہاں! البتہ سود کی یہ رقم مسجد کے لیے خریدی جانے والی زمین جائداد کی رجسٹری اسٹامپ فیس میں دی جاسکتی ہے، ورنہ غریبوں مسکینوں میں بلانیتِ ثواب تقسیم کردی جائے، محض سود حاصل کرنے کی غرض سے مسجد کی رقم بینک میں جمع کرنا جائز نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار المعروف بـ " الشامية " : والحاصل أنه إن علم أرباب الأموال وجب رده عليهم ، وإلا فإن علم عين الحرام لا يحل له ، ويتصدق به بنية صاحبه ، وإن كان مالاً مختلطاً مجتمعاً من الحرام ، ولا يعلم أربابه ولا شيئاً منه بعينه ، حل له حكماً ، والأحسن ديانة التنزه عنه . (۷/ ۳۰۱ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد ، مطلب فيمن ورث مالاً حراماً)

ما في " رد المحتار " : سبيل الكسب الخبيث التصدق إذا تعذر الرد على صاحبه .

(۹/ ۵۵۳ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع)

ما في " بذل المجهود " : صرح الفقهاء بأن من اكتسب مالاً بغير حق ، فأما إذا كان عند رجل مال خبيث ، فأما إن ملكه بعقد فاسد ، أو حصل له بغير عقد ولا يمكنه أن يرده إلى مالكه ، ويريد أن يدفع مظلمة عن نفسه ، فليس له حيلة إلا أن يدفعه إلى الفقراء . (۱/ ۳۵۹)

ما في " الفتاوى الهندية " : وإذا مات الرجل وكسبه خبيث فالأولى لورثته أن يردوا المال إلى أربابه ، فإن لم يعرفوا أربابه تصدقوا به . (۵/ ۳۴۹ ، كتاب الكراهية ، الباب الخامس عشر في الكسب ، ط : زكريا) (فتاویٰ قاسمیہ: ۲۰/ ۳۰۶، بینک میں مسجد کا اکاؤنٹ کھولنے اور ملنے والے سود کی شرعی حیثیت، مستفاد: فتاویٰ اشاعت العلوم اکل کوا، فتویٰ نمبر: ۲۳۵۔ رج: ۳، مسجد کا روپیہ سودی بینک میں جمع کرنا)

مسجد کو رنگین بلب اور قمقموں سے سجانا

مسئلہ (۶۱): آج کل عیدین، شبِ برأت وشبِ قدر وغیرہ کے موقع پر مسجدوں کو سجانے کے لیے چھوٹی چھوٹی رنگین بلب قمقمے وغیرہ لگوائے جاتے ہیں، بسا اوقات یہ بلب وغیرہ اپنے ذاتی صرفہ سے خریدے جاتے ہیں، یا چند لوگ مل کر پیسے جمع کر کے خریدتے ہیں، شرعاً یہ ناجائز ہے، کیوں کہ اس میں ہُنود وغیرہ؛ غیر مسلموں کے تہواروں کے ساتھ مشابہت ہے، کہ وہ دیوالی، کرسمس کے موقع پر اپنی عبادت گاہوں کو اسی طرح سجاتے ہیں[۱]، نیز یہ اِسراف بھی ہے (بلا ضرورت روپیہ پیسہ اور مسجد کی بجلی صَرف ہوئی)، لہٰذا اگر کوئی شخص اپنے جیبِ خاص سے لگوائے، تب بھی جائز نہیں ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " من تشبه بقوم فهو منهم " . (ص/۵۵۹ ، كتا ب اللباس ، باب لباس الشهرة)

ما في " بذل المجهود " : قال القاري : من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره . (۵۹/۱۲ ، مرقاة المفاتيح :۲۲۲/۸ ، كتاب اللباس والزينة)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تبذّر تبذيرًا﴾ . (سورة بني اسرائيل : ۲۷)

ما في " التفسير الكبير للرازي " : والتبذير في اللغة : إفساد المال وإنفاقه في السرف . (۳۲۸/۷)

ما في "أحكام القرآن للجصاص" : روي عن عبد الله بن مسعود وابن عباس رضي الله عنهم : التبذير إنفاق المال في غير حقه . (۲۵۷/۳)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿إن المبذرين كانوآ إخوان الشيطين وكان الشيطٰن لربه =

.....

.....

.....

=كفورًا﴾ . (سورة بني اسرائيل : ٢٧)

ما في " تفسير المظهري " : قال القاضي ثناء الله العثماني الحنفي : فليس ينبغي أن يطاع ، اعلم أن الشكر على ما قاله أهل التحقيق صرف النعمة في رضاء المنعم ، والتبذيرصرف المال في المعصية فهو ضد الشكر . (٢٨٢/٥)

ما في " مختصر تفسير ابن كثير" : قال ابن مسعود : التبذيرالإنفاق في غير حق . وقال مجاهد : لو أنفق إنسان ماله كله في الحق لم يكن مبذرا ، ولو أنفق مدًا في غير حق كان مبذرًا . وقال قتادة : التبذير النفقة في معصية الله تعالى وفي غير الحق والفساد . (٣٧٤/٢)

ما في " التفسير المنير للزحيلي " : إن المبذرين المنفقين أموالهم في معاصي الله يشبهون في هذا الفعل القبيح الشياطين ، فهم قرناء الشياطين في الدنيا والآخرة وأشباههم في ذلک في الصفة والعمل .(٦٢/٨)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿كلوا واشربوا ولا تسرفوا إنه لا يحب المسرفين﴾ .

(سورة الأعراف : ٣١)

ما في " أحكام القرآن لإبن العربي " : الإسراف تعدي الحد ، فنهاهم عن تعدي الحلال إلى الحرام ، وقيل ألا يزيدوا على قدر الحاجة . (٧٨١/٢)

ما في " صحيح البخاري " : وعن المغيرة بن شعبة قال : قال النبي ﷺ : " إن الله حرّم عليكم عقوق الأمهات ، ووأد البنات ، ومنعاً وهات ، وكره لكم قيل وقال ، وكثرة السؤال ، وإضاعة المال " . (٣٢٤/١ ، كتاب في الاستقراض وأداء الديون والحجر .. الخ ، باب ما ينهى عن إضاعة المال)

(الآداب للبيهقي :ص/٤٠ ، رقم : ١٠٥ ، باب في كراهية إضاعة المال ، ط : بيروت)

ما في " فتح الباري " : قوله : (وإضاعة المال) وقد قال الجمهور : إن المراد به السرف في إنفاقه . (٨٦/٥) (مستفاد:محمود الفتاویٰ:۶۰۶/۴،مسجد کو رنگین بلب سے سجانا)

سرکاری زمینوں پر قبضہ

مسئلہ (۶۲): شہر کی ضرورتوں سے وابستہ زمینیں یا وہ زمینیں جن کو حکومت نے کسی ضرورت کے لیے متعین کر رکھا ہے، اُن پر قبضہ کرنا غصب میں شمار ہوگا(۱)، جو ناجائز اور حرام ہے(۲)، اور غاصبین سے ایسی زمینوں کی خرید وفروخت جائز نہیں ہے(۳)، لیکن وہ زمینیں جو شہروں کی ضرورتوں سے فاضل ہیں، یا حکومت نے اس کو کسی ضرورت کے لیے خاص نہیں کیا ہے، اُن کی خرید وفروخت کی گنجائش ہے، بشرطیکہ قانونی تقاضوں کی تکمیل کر لی جائے؛ یعنی متعلقہ سرکاری محکمے سے اجازت لے لی جائے۔(۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : الغصب لغة : هو أخذ الشيء ظلمًا وقهرًا ، والاغتصاب مثله .... واصطلاحًا : عرفه أبو حنيفة وأبو يوسف بأنه : إزالة يد المالك عن ماله المتقوم على سبيل المجاهرة والمغالبة بفعل في المال ، وعرفه المالكية بأنه : أخذ مال قهرا تعديا بلا جراحة . وعرفه الشافعية بأنه : الاستيلاء على حق الغير عدوانا ، أي بغير حق . وعرفه الحنابلة بأنه : الاستيلاء على مال الغير قهرا بغير حق . (۲۲۸/۳۱ ، غصب ، التعريف)

ما في " شرح مختصر القدوري " : وفي الشرع : إزالة يد محققة بإثبات يد مبطلة في مال متقوم محترم ، قابل للنقل بغير إذن ، لا بخفية . اهـ .

(ص/۳۱۱ ، كتاب الغصب ، تعليق : مولانا غلام مصطفى السندي القاسمي ، تنسيق : أبو الحسين عبد المجيد المراد زهي الخاشي ، ط : دار ابن كثير دمشق وبيروت)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تأكلوآ أموالكم بينكم بالباطل وتدلوا بهآ إلى الحكام لتأكلوا فريقًا من أموال الناس بالإثم وأنتم تعلمون﴾ . (سورة البقرة :۱۸۸)=

.....

=ما في " البحر المحيط " : قال أبو حيان رحمه الله تعالى : الباطل هو كل طريق لم تبحه الشريعة ، فيدخل فيه السرقة والخيانة والغصب والقمار وعقود الربا وأثمان البياعات الفاسدة . (٣/٣٢٢)

ما في " تفسير المظهري " : ﴿ولا تأكلوٓا أموالكم بينكم بالباطل﴾ كالدعوى الزور ، والشهادة بالزور ، أو الحلف بعد إنكار الحق ، أو الغصب والنهب والسرقة والخيانة ، أو القمار ، وأجرة المغني ومهر البغي ، وحلوان الكاهن ، وعسب التيس ، والعقود الفاسدة أو الرشوة وغير ذلك من الوجوه التي لا يبيحه الشرع . (١/٢٣٦)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الغصب حرام إذا فعله الغاصب عن علم ؛ لأنه معصية ، وقد ثبت تحريمه بالقرآن والسنة والإجماع . أما القرآن الكريم : فقول الله تعالى : ﴿يا أيها الذين امنوا لا تأكلوا اموالكم بينكم بالباطل إلا أن تكون تجارة عن تراض منكم﴾ . وأما السنة الشريفة : فمنها قوله ﷺ : " إن دماء كم وأموالكم وأعراضكم حرام عليكم ، كحرمة يومكم هذا ، في بلدكم هذا ، في شهركم هذا " . وقوله ﷺ : " لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه " . وأما الإجماع : فقد أجمع المسلمون على تحريم الغصب ، وإن لم يبلغ المغصوب نصاب سرقة . (٣١/٢٢٩ ، ٢٣٠ ، غصب ، الحكم التكليفي)

ما في " شرح مختصر القدوري " : وحكمه : الإثم لمن علم أنه مال الغير ، ورد العين قائمة ، والغرم هالكة . اهـ . [كذا في تنوير الأبصار] .

(ص/٣١١ ، كتاب الغصب ، تعليق : شيخ مولانا غلام مصطفى السندي القاسمي ، تنسيق : أبو الحسين عبد المجيد المراد زهي الخاشي ، ط : دار ابن كثير دمشق وبيروت)

(٣) ما في " شرح مختصر القدوري " : وإذا غصب عقارًا فهلك في يده ..... قال محمد رحمه الله : يضمنه . (ص/٣١٢ ، كتاب الغصب)

(٤) ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : لا يجوز لأحد أن يتصرف في ملك الغير بلا إذنه . (١/٩٦ ، المادة : ٩٦ ، شرح المجلة : ص/٦١ ، المادة : ٩٦)

(قواعد الفقه : ص/١١٠ ، قاعدة : ٧٠)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : لا يجوز التصرف في مال غيره بلا إذنه ولا=

اوقاف کی زمینوں کی خرید وفروخت

مسئلہ (۶۳): بعض لوگ اوقاف کی زمینوں پر ناجائز طور پر غاصبانہ قبضہ کر لیتے ہیں[۱]، اور دوسروں کے ہاتھ ان زمینوں کو فروخت کرتے ہیں، تو اس طرح غیر مجاز طور پر اوقاف کی زمینوں کو فروخت کرنا، ناجائز اور سخت گناہ ہے[۲]، اور ایسے غاصبین سے اس کا خرید کرنا بھی درست نہیں ہے۔[۳]

= ولايته . (۹/۲۴۰ ، كتاب الغصب ، مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الغير)

ما في " رد المحتار " : التصرف في مال الغير حرام ، فيجب التحرّز عنه .

(۷/۳۷۳ ، كتاب البيوع ، باب المرابحة والتولية)

ما في " شرح المجلة " : لا يجوز لأحد أن يأخذ مال أحد بلا سبب شرعي ، أي لا يحل في كل الأحوال عمدا أو خطأ أو نسيانا ، جدا أو لعبا أن يأخذ أحد مال أحد ، بوجه لم يشرعه الله تعالى ولم يبحه ؛ لأنه حقوق العباد محترمة لا تسقط ..... يجب عليه ردّه قائمًا أو مثله أو قيمته هالكاً . اهـ . (ص/۲۶۴ ، ۲۶۵) (تجاویز بابت: زمین کی خرید وفروخت سے متعلق مسائل، تجویز نمبر:۱، ۲۶ رواں فقہی سمینار، منعقدہ اجین، ایم پی، اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : الغصب لغة : هو أخذ الشيء ظلمًا وقهرًا ، والاغتصاب مثله .... واصطلاحًا : عرفه أبو حنيفة وأبو يوسف بأنه : إزالة يد المالك عن ماله المتقوم على سبيل المجاهرة والمغالبة بفعل في المال ، وعرفه المالكية بأنه : أخذ مال قهرا تعديا بلا جراحة . وعرفه الشافعية بأنه : الاستيلاء على حق الغير عدوانا ، أي بغير حق . وعرفه الحنابلة بأنه : الاستيلاء على مال الغير قهرا بغير حق . (۳۱/۲۲۸ ، غصب ، التعريف)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : فإذا تم ولزم لا يملك ولا يُملَّك ولا يعار ولا يرهن . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (لا يملك) أي لا يكون مملوكاً لصاحبه=

.....

.....

.....

= ولا يملّك أي لا يقبل التمليك لغيره بالبيع ونحوه لاستحالة تمليك الخارج عن ملكه ولا يعار ولا يرهن لاقتضائهما الملك . (٦/٤٢١ ، كتاب الوقف)

ما في " فتاوى النوازل للإمام الفقيه أبي الليث السمرقندي ": وعندهما الوقف حبس العين على حكم ملك الله تعالى ؛ لأن له فيه حق التملك ولا يباع ولا يرهن ولا يورث فصار بمنزلة المسجد أو جعل أرضه مسجدًا . (ص/٣٣٧ ، كتاب الوقف)

ما في " بدائع الصنائع " : وقال أبو يوسف وعامة علماء رحمهم الله : .... حتى لا يباع ولا يوهب ولا يورث . (٥/٣٢٦ ، كتاب الوقف)

ما في " حاشية فتاوى النوازل [للسمرقندي] " : الوقف لا يباع ولا يوهب ولا يورث ، إنما يتبع فيه شرط الواقف . (ص/٣٣٧)

(٣) ما في " شرح مختصر القدوري " : وإذا غصب عقارًا فهلك في يده ..... قال محمد رحمه الله : يضمنه . (ص/٣١٢ ، كتاب الغصب)

ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : لا يجوز لأحد أن يتصرف في ملك الغير بلا إذنه . (١/٩٦، المادة : ٩٦ ، شرح المجلة : ص/٦١، المادة : ٩٦)

(قواعد الفقه : ص/١١٠ ، قاعدة : ٧٠)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : لا يجوز التصرف في مال غيره بلا إذنه ولا ولايته .

(٩/٢٤٠ ، كتاب الغصب ، مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الغير)

ما في " رد المحتار " : التصرف في مال الغير حرام ، فيجب التحرّز عنه .

(٧/٣٧٣ ، كتاب البيوع ، باب المرابحة والتولية)

ما في " شرح المجلة " : لا يجوز لأحد أن يأخذ مال أحد بلا سبب شرعي ، أي لا يحل في كل الأحوال عمدا أو خطأ أو نسيانا ، جدا أو لعبا أن يأخذ أحد مال أحد ، بوجه لم يشرعه الله تعالى ولم يبحه ؛ لأنه حقوق العباد محترمة لا تسقط ..... يجب عليه ردّه قائمًا أو مثله أو قيمته هالكاً . اهـ . (ص/٢٦٤ ، ٢٦٥)

کتاب الزکوۃ

زکوۃ کے احکام ومسائل

تجارتی فلیٹ پر زکوۃ

مسئلہ (۶۴): اگر کسی شخص نے تجارت کی نیت سے کوئی فلیٹ خریدا، پھر اسے عارضی طور پر محدود وقت کے لیے کرایہ پر دے دیا، جب کہ فروخت کرنے کی نیت برقرار ہے، تو ایسی صورت میں وہ فلیٹ مالِ تجارت ہونے سے نہیں نکلے گا، بلکہ بدستور مالِ تجارت باقی رہے گا، اور ہر سال اس کی موجودہ قیمت (مارکیٹ ویلیو) کے اعتبار سے زکوۃ لازم ہوگی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : لما في الخانية : عبد التجارة : إذا أراد أن يستخدمه سنتين فاستخدمه فهو للتجارة على حاله ، إلا أن ينوي أن يخرجه من التجارة ويجعله للخدمة . اهـ .

(۱۹۲/۳ ، كتاب الزكاة ، قبل باب السائمة ، ط : بيروت)

(چند اہم عصری مسائل: ۱۸۶/۲، تجارتی فلیٹ کو عارضی طور پر اجارے پر دینے کی صورت میں ادائیگیٔ زکوۃ کا حکم)

مارکیٹ ویلیو سے زیادہ پر زکوۃ

مسئلہ (۶۵): اگر کوئی شخص بغرض تجارت، آن لائن، صرف تصاویر دیکھ کر، کپڑوں کی خریداری کرے، پھر جب کپڑے گھر پہنچے، تو معلوم ہوا کہ مارکیٹ ویلیو کی بہ نسبت کافی مہنگے داموں میں پڑے ہیں، تو اس صورت میں زکوۃ ادا کرتے وقت ان کپڑوں کی جو مارکیٹ ویلیو (بازاری قیمت) ہوگی، اسی اعتبار سے زکوۃ ادا کی جائے گی، جس قیمت پر آن لائن (On Line) خریدی گئی ہے، اس کا اعتبار نہیں ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وذكر محمد في الرقيات : أنه يقوم في البلد الذي حال الحول على المتاع بما يتعارفه أهل ذلك البلد نقدًا فيما بينهم يعني غالب نقد ذلك البلد ، ولا ينظر إلى موضع الشراء ولا إلى موضع المالك وقت حولان الحول . (۱۶۵/۳)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويقوم في البلد الذي المال فيه .(در مختار) .

(۲۱۱/۳ ، كتاب الزكاة ، باب زكاة الغنم ، ط : بيروت)

(فتح القدير : ۲۲۷/۲ ، باب زكوة الزروع والثمار ، فصل في العروض)

(البحر الرائق : ۴۱۶/۲ ، باب العشر ، الهداية : ۲۰۳/۱)

(الفتاوى الهندية : ۱۸۰/۱ ، الفصل الثاني في العروض)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۱۴۵۸۹۰)

کتاب الصوم

روزہ کے احکام ومسائل

رمضان کی خبر سب سے پہلے دینا

مسئلہ (۶۶): سوشل میڈیا (Social Media) میں اِن دنوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ایک قول منسوب کیا جارہا ہے، کہ ''جس نے رمضان کی خبر سب سے پہلے کسی کو دی، اس کے لیے جہنم کی آگ حرام ہے۔'' یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نہیں ہے، کیوں کہ یہ قول، حدیث یا کسی بھی دوسری اسلامی کتاب میں مذکور نہیں ہے، لہٰذا یہ میسیج دوسروں کو ہرگز اِرسال نہ کریں، کیوں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص میرے حوالہ سے جھوٹ بات کہے، اسے چاہیے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم کو بنالے۔''(۱) اور ایک دوسری حدیث میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: ''آدمی کے جھوٹا ہونے کے لیے اتنی بات کافی ہے کہ وہ ہر سنی سنائی بات کو آگے نقل کردے۔''(۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : " بلغوا عني ولو آية ، وحدثوا عن بني اسرائيل ، ومن كذب علي متعمدا فليتبوأ مقعده من النار " . (۱/ ۴۹۱ ، كتاب الأنبياء)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآ أيها الذين امنوا إن جآء كم فاسقٌ بنبأٍ فتبيّنوا أن تُصيبوا قومًا بجهالةٍ فتُصبِحُوا على ما فعلتم نٰدمين﴾ . (سورة الحجرات : ۶)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قال أبو بكر : مقتضى الآية إيجاب التثبت في خبر=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

= الفاسق والنهي عن الإقدام على قبوله والعمل به إلا بعد التبيُّن والعلم بصحة مخبره .
(۵۳۰/۳)

ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " كفى بالمرء كَذبًا أن يحدث بكل ما سمع " .

(۹/۱، مقدمة ، باب [۳] باب النهي عن الحديث بكل ما سمع ، رقم :۵)

ما في " المنهاج شرح صحيح مسلم بن الحجاج " : وأما معنى الحديث والآثار التي في الباب ففيها الزجر عن التحديث بكل ما سمع الإنسان ، فإنه يسمع في العادة الصدق والكذب ، فإذا حدث بكل ما سمع فقد كذب لإخباره بما لم يكن .

(۲۳۴/۱ ، تحت رقم :۹)

ما في " مرقاة المفاتيح " : يعني لو لم يكن للمرء كذب إلا تحديثه بكل ما سمع من غير تيقن أنه صدق أم كذب لَكفاه من الكذب أن لا يكون بريئًا منه ، وهذا زجر عن التحديث بشيء لم يعلم صدقه بل على الرجل أن يبحث في كل ما سمع خصوصاً في أحاديث النبي ﷺ . (۳۵۸/۱ ، كتاب الإيمان ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، تحت رقم : ۱۵۶)

(صحيح البخاري : ۲۱/۱ ، كتاب العلم ، باب إثم من كذب على النبي ﷺ ، رقم : ۱۰۷)

روزہ کی حالت میں ''حجامہ''

مسئلہ (۶۷): حنفیہ کے نزدیک روزہ دار کے لیے حجامہ کرانا (پچھنا لگوانا) جائز ہے، بشرطیکہ حجامہ لگوانے سے روزہ دار کو ایسی کم زوری نہ آئے، کہ وہ روزہ رکھنے سے عاجز ہو جاوے، اور اگر کم زوری کی وجہ سے روزہ کے فاسد ہونے، یا ٹوٹ جانے کا اندیشہ تو پھر مکروہ ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن ابن عباس قال : " احتجم النبي ﷺ وهو صائم " .

(ص/۱۰۳۸ ، رقم : ۵۶۹۴ ، كتاب الطب ، باب أي ساعة يحتجم ؟ باب : ۱۱)

ما في " جامع الترمذي " : قوله عليه السلام : " ثلاث لا يفطرن الصائم : الحجامة والقيء والاحتلام " . (۱/۱۵۲ ، أبواب الصوم)

ما في " المختصر القدوري " : وكان أنس يحتجم وهو صائم ..... ولأن الحجامة ليس فيها إلا إخراج الدم فصارت كالافتصاد أو ادهن أو اكتحل أو احتجم أو قبل لم يفطر .

(ص/۵۲ ، بدائع الصنائع : ۲/۱۶۶)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ذهب الحنفية إلى أن الحجامة جائزة للصائم إذا كانت لا تُضعفه ، ومكروهة إذا أثّرت فيه وأضعفته ، يقول ابن نجيم : الاحتجام غير مناف للصوم وهو مكروه للصائم ، إذا كان يضعفه عن الصوم ، أما إذا كان لا يضعفه فلا بأس به .

(۱۷/۱۵ ، تأثير الحجامة على الصوم ، حجامة)

كتاب الحج والعمرة

حج وعمرہ کے احکام ومسائل

ہر صاحبِ نصاب پر حج فرض نہیں

مسئلہ (۶۸): حج ہر صاحبِ نصاب پر فرض نہیں ہے، بلکہ اس شخص پر فرض ہے جس کے پاس مکہ مکرمہ جانے آنے وغیرہ کا مکمل خرچ ضروریاتِ اصلیہ سے زائد موجود ہو، اس مقدار کے مالک ہوجانے پر بغیر عذر کے حج نہ کرنا موجبِ گناہ ہے، اور جس شخص کے پاس اتنی رقم نہ ہو، اس پر حج فرض نہیں ہے، وہ اگر حج کو نہ جائے، تو اُس پر کوئی گناہ نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن ابن عمر رضي الله عنه قال : جاء رجل إلى النبي ﷺ فقال : يا رسول الله ! ما يوجب الحج ؟ قال : الزاد والراحلة . (۱/۱۶۸، رقم : ۸۱۰ ، كتاب الحج ، باب ما جاء في إيجاب الحج بالزاد والراحلة ، ط : قديمي)

ما في " المستدرک للحاكم " : عن أنس رضي الله عنه ، عن النبي ﷺ في قوله تبارک وتعالى : ﴿ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلا﴾ . قال : قيل : يا رسول الله ! ما السبيل ؟ قال : الزاد والراحلة . (۲/۶۲۲ ، رقم : ۱۶۱۳ ، كتاب المناسک ، سنن الدار قطني : ۲/۱۹۴، كتاب الحج ، رقم : ۲۳۹۷)

ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : عن ابن عباس رضي الله عنه في قوله تعالى : ﴿ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلا﴾ . قال : السبيل أن يصح بدن العبد ، ويكون له ثمن زاد وراحلة من غير أن يَجْحفَ به . (۶/۴۴۵ ، رقم : ۸۷۲۴ ، كتاب الحج ، باب الرجل يطيق المشي ولا يجد زادا ولا راحلة الخ)=

فرضیت کے بعد پہلے ہی سال میں حج

مسئلہ (۶۹): حج فرض ہونے کے بعد پہلے ہی سال حج میں جانا لازم ہے[۱]، اگر نہ گیا، تو تاخیرِ حج کا گناہ ہوگا، اور اگر کئی سال تک تاخیر کرتا رہا، تو فاسق مردود الشہادۃ ہوگا، یعنی ایسے شخص کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی، بہر حال جو شخص حج میں تاخیر کرتا ہے، وہ ابتداءً؛ گناہِ صغیرہ کا، اور بعد از اِصرار؛ گناہِ کبیرہ کا مرتکب ہوتا ہے۔[۲]

=ما في " التنوير مع الدر والرد " : فرض مرة على الفور على مسلم حر مكلف صحيح بصير ذي زاد وراحلة فضلا عما لا بد منه . (۴۵۵/۲ – ۴۶۱ ، ط : كراچی ، و: ۴۵۰/۳ – ۴۶۲ ، ط : زكريا ، الفتاوى الهندية : ۲۱۹/۱ ، ط : رشيديه وزكريا ، هدايه : ۲۳۱/۱ ، كتاب الحج ، البحر الرائق :۳۱۱/۲ ، ط : كوئٹه ، بدائع الصنائع : ۳۰۱/۲ ، ط : زكريا)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما تفسير الزاد والراحلة فهو إن ملك من المال مقدار ما يبلغه إلى مكة ذاهبًا وجائيًا راكبًا لا ماشيًا بنفقة وسط لا إسراف فيها ولا تقتير ، فاضلا عن مسكنه وخادمه وفرسه وسلاحه وثيابه وأثاثه ونفقة عياله وخدمه وكسوتهم وقضاء ديونه .

(۲۹۷/۲ ، كذا في الفتاوى الهندية : ۲۱۷/۱ ، الدر المختار مع الشامية :۴۶۲/۲ ، ط : كراچي ، و: ۴۶۱/۳ – ۴۶۲ ، ط : زكريا ، مطلب قولهم يقدم حق العبد على حق الشرع)

(کتاب النوازل:۷/۲۹۱، کیا صاحبِ نصاب پر حج فرض ہے؟)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلا ومن كفر فإن الله غني عن العلمين﴾ . (سورة آل عمران : ۹۷)

ما في " المستدرک للحاكم " : عن أنس رضي الله عنه ، عن النبي ﷺ في قوله تبارک وتعالى : ﴿ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلا﴾ . قال : قيل : يا رسول الله!=

.....

.....

.....

= ما السبيل ؟ قال : الزاد والراحلة . (۲/۲۲۲ ، رقم : ۱۶۱۳ ، كتاب المناسک ، سنن الدار قطني : ۲/۱۹۴ ، كتاب الحج ، رقم : ۲۳۹۷)

ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : عن ابن عباس رضي الله عنه في قوله تعالى : ﴿ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلا﴾ . قال : السبيل أن يصح بدن العبد ، ويكون له ثمن زاد وراحلة من غير أن يَجْحفَ به . (۶/۴۴۵ ، رقم : ۸۷۲۴ ، كتاب الحج ، باب الرجل يطيق المشي ولا يجد زادا ولا راحلة الخ)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : فرض مرة على الفور على مسلم حر مكلف صحيح بصير ذي زاد وراحلة فضلا عما لا بد منه . (۲/۴۵۵ – ۴۶۱ ، ط : كراچی ، و: ۳/۴۵۰ – ۴۶۲ ، ط : زكريا ، الفتاوى الهندية : ۱/۲۱۹ ، ط : رشيديه وزكريا ، هدايه : ۱/۲۳۱ ، كتاب الحج ، البحر الرائق : ۲/۳۱۱ ، ط : كوئٹه ، بدائع الصنائع : ۲/۳۰۱ ، ط : زكريا)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما تفسير الزاد والراحلة فهو إن ملک من المال مقدار ما يبلغه إلى مكة ذاهبًا وجائيًا راكبًا لا ماشيًا بنفقة وسط لا إسراف فيها ولا تقتير ، فاضلا عن مسكنه وخادمه وفرسه وسلاحه وثيابه وأثاثه ونفقة عياله وخدمه وكسوتهم وقضاء ديونه .

(۲/۲۹۷ ، كذا في الفتاوى الهندية : ۱/۲۱۷ ، الدر المختار مع الشامية : ۲/۴۶۲ ، ط : كراچي ، و: ۳/۴۶۱ – ۴۶۲ ، ط : زكريا ، مطلب قولهم يقدم حق العبد على حق الشرع)

(۲) ما في " الجامع لأحكام القرآن " : قال الحسن البصري : إن من ترک الحج وهو قادر عليه فهو كافر . (۴/۱۵۳)

ما في " سنن الدارمي " : قوله عليه السلام : " من مات ولم يحج فليمت إن شاء يهوديا وإن شاء نصرانيا " . (۲/۴۵ ، كتاب الحج ، باب من مات ولم يحج)

(امداد الحجاج: حصہ اول، ص/۴۲، ۴۴، باب:۲، بحوالہ احکام الحج، رسالہ الہادی)

(سنت ابراہیم: ص/۴۸۲، بحوالہ رسالۃ الہادی، أحکام الحج: ص/۴۸۵)

حج کے لیے ابھی پوری عمر پڑی ہے

مسئلہ (۷۰): جب کسی شخص پر حج فرض ہو جائے، تو فوراً اسی سال حج کرنا واجب ہے، بلا عذر دیر کرنا اور یہ خیال کرنا کہ ابھی پوری عمر پڑی ہے، پھر کسی سال حج کرلیں گے، درست نہیں، پھر اگر دو چار برس کے بعد فرض حج ادا کرلیا، تو ادا تو ہو جائے گا، لیکن تاخیر کی وجہ سے گنہگار ہوگا۔ (۱)

جس کے پاس مدینہ منورہ جانے کا خرچ نہ ہو

مسئلہ (۷۱): بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ حج اُس وقت فرض ہوتا ہے، جب کہ مدینہ منورہ آنے جانے کے خرچ کی بھی وُسعت ہو، اور اگر کسی کے پاس اتنا خرچ ہو کہ اُس سے صرف مکہ مکرمہ جا کر حج ہی کیا جاسکتا ہو، مدینہ منورہ نہیں جاسکتا، تو یہ لوگ اس حالت میں حج کو فرض نہیں سمجھتے، سو یہ اُن کی غلطی ہے، صحیح بات یہ ہے کہ مدینہ منورہ آنے جانے کا خرچ ضرورت میں شامل نہیں، بلاشبہ روضۂ مطہرہ یا مسجد نبوی کی حاضری عظیم نعمت اور مستقل طاعت (واجب یا مستحب) ہے، لہٰذا جس کو وُسعت واستطاعت ہو، اُسے ضرور جانا چاہیے (۲)، لیکن یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ مکہ مکرمہ کے ساتھ ساتھ مدینہ منورہ جانے کا خرچ ہو، تو ہی حج فرض ہوتا ہے، یہ خیال غلط ہے، اگر اس خیال کی وجہ سے حج نہیں کرے گا، تو ترکِ حج کی بنا پر تمام وعیدوں کا مستحق ہوگا۔ (۳)

الحجة على ما قلنا : =

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن ابن عباس قال : قال رسول الله ﷺ : " من أراد الحج فليتعجّل " . (۲/۷۵ ، رقم : ۱۷۳۴ ، كتاب المناسک ، باب : ۶ ، ط : دار الكتاب العربي بيروت ، سنن ابن ماجه : ۴/۱۳۳ ، رقم : ۲۸۸۳)

(امداد المحجاج: حصہ اول، ص/۴۲، باب:۲، تاخیر کی ممانعت اور جلدی حج کرنے کا حکم)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه يبلغ به النبي ﷺ : " لا تشد الرحال إلا إلى ثلاثة مساجد : مسجدي هذا ، ومسجد الحرام ، ومسجد الأقصىٰ " .

(۱/۴۴۷ ، كتاب الحج ، فضل الصلوٰة بمسجدي مكة والمدينة)

ما في " سنن الدار قطني " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " من زار قبري وجبت له شفاعتي " .

(۲/۲۷۸ ، ط : شركة الطباعة الفنية ، آثار السنن للعلامة النيموي : ص/۳۳۹)

ما في " الموسوعة الفقهية " : زيارة قبره ﷺ من أهم القربات وأفضل المندوبات ، وقد نقل صاحب فتح القدير عن مناسک الفاسيّ وشرح المختار : أن زيارة قبره ﷺ قريبة من الوجوب . وفي حديث عنه ﷺ : " من زار قبري وجبت له شفاعتي " . وروي عنه ﷺ : "من جاء ني زائرًا لا يعلم له حاجة إلا زيارتي ، كان حقا علي أن أكون له شفيعًا يوم القيامة " .

(۲۴/۸۰ ، زيارة قبر الرسول ﷺ)

(۳) (امداد المحجاج: حصہ اول، ص/۵۶، ۵۷، صرف مکہ تک آنے جانے الخ)

(مسائل حج مفتی بیات صاحب: ص/۴۶، ۴۷، مسئلہ نمبر:۱۷، زبدۃ المناسک:۱/۱۳)

(فتاویٰ رحیمیہ:۸/۲۷۵، بحوالہ مسائل حج)

تعمیر مکان یا شادی کو فرض حج پر مقدم کرنا

مسئلہ (۷۲): بعض لوگوں کو حج کی گنجائش ہوتی ہے، لیکن تعمیر مکان یا شادی وغیرہ میں خرچ کرنے کو مقدم سمجھتے ہیں، اور حج سے اپنے آپ کو سبک دوش خیال کرتے ہیں، جب کہ جس زمانے میں عموماً لوگ حج کو جاتے ہیں (مثلاً: ماہِ شوال، ذی قعدہ) اس سے قبل اگر کسی نے دوسرے کام میں رقم خرچ کردی، تب تو حج فرض نہ ہوگا، اور اگر سفرِ حج کا زمانہ آگیا، تو حج فرض ہوگیا[۱]، اور تعمیر مکان یا شادی وغیرہ اُمور میں خرچ کرنا جائز نہیں، خواہ اس تعمیر وغیرہ کی ضرورت ہی کیوں نہ ہو، اگر خرچ کرے گا، تو گنہگار ہوگا، اور حج اُس کے ذمہ باقی رہیگا۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلا ومن كفر فإن الله غني عن العٰلمين﴾ . (سورة آل عمران : ۹۷)

ما في " المستدرک للحاكم " : عن أنس رضي الله عنه ، عن النبي ﷺ في قوله تبارک وتعالى : ﴿ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلا﴾ . قال : قيل : يا رسول الله ! ما السبيل ؟ قال : الزاد والراحلة . (۶۲۲/۲ ، رقم : ۱۶۱۳ ، كتاب المناسک)

(سنن الدار قطني : ۱۹۴/۲ ، كتاب الحج ، رقم : ۲۳۹۷)

ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : عن ابن عباس رضي الله عنه في قوله تعالى : ﴿ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلا﴾ . قال : السبيل أن يصح بدن العبد ، ويكون له ثمن زاد وراحلة من غير أن يَجْحفَ به . (۴۴۵/۶ ، رقم : ۸۷۲۴ ، كتاب الحج ، باب الرجل يطيق المشي ولا يجد زادا ولا راحلة الخ)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : فرض مرة على الفور على مسلم حر مكلف صحيح بصير ذي زاد وراحلة فضلا عما لا بد منه . (۴۵۵/۲ - ۴۶۱ ، ط : كراچي ، =

حج کی اجازت ملنے کے وقت فقیر تھا

مسئلہ (۷۳): اگر کسی شخص پر حج فرض ہوگیا اور پہلے ہی سال اُس نے حج کے لیے حکومت کو درخواست بھی دے دی، مگر حکومتی قانون کی وجہ سے وہ حج کو نہ جاسکا، اور جب اس کا نمبر لگا، یعنی حکومت کی طرف سے اُسے حج کی اجازت ملی، تب اُس کے پاس حج کے اخراجات کے بقدر روپے نہیں تھے، تو اب اس پر حج فرض نہیں رہا، اور اس پر قرض لے کر حج کو جانا بھی ضروری نہیں۔ (۱)

=و: ۳/۴۵۰ – ۴۶۲، ط: زکریا، الفتاوی الهندیة: ۱/۲۱۹، ط: رشیدیه وزکریا)

(هدایه: ۱/۲۳۱، کتاب الحج، البحر الرائق: ۲/۳۱۱، ط: کوئٹه)

(بدائع الصنائع: ۲/۳۰۱، ط: زکریا)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما تفسير الزاد والراحلة فهو إن ملک من المال مقدار ما يبلغه إلى مكة ذاهبًا وجائيًا راكبًا لا ماشيًا بنفقة وسط لا إسراف فيها ولا تقتير، فاضلا عن مسكنه وخادمه وفرسه وسلاحه وثيابه وأثاثه ونفقة عياله وخدمه وكسوتهم وقضاء ديونه.

(۲/۲۹۷، كذا في الفتاوى الهندية: ۱/۲۱۷، الدر المختار مع الشامية: ۲/۴۶۲، ط: كراچي، و: ۳/۴۶۱ – ۴۶۲، ط: زكريا، مطلب قولهم يقدم حق العبد على حق الشرع)

(۲) ما في " الجامع لأحكام القرآن " : قال الحسن البصري : إن من ترک الحج وهو قادر عليه فهو كافر. (۴/۱۵۳)

ما في " سنن الدارمي " : قوله عليه السلام : " من مات ولم يحج فليمت إن شاء يهوديا وإن شاء نصرانيا " . (۲/۴۵، كتاب الحج، باب من مات ولم يحج) (امداد الحجاج: حصہ اول، ص/۵۴، ۵۵، تعمیر مکان اور شادی کا عذر قابل قبول ہے یا نہیں؟، بحوالہ رسالۃ الہادی، أحکام الحج: ص/۴۸۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم ": ﴿ولله على الناس حج البيت من استطاع إليه سبيلا ومن كفر فإن الله غني عن العلمين﴾. (سورة آل عمران: ۹۷)=

بھیک مانگ کر حج کے لیے جانا

مسئلہ (۷۴): بعضے لوگوں پر حج فرض نہیں ہوتا، مگر وہ لوگوں سے بھیک مانگ کر پیسے جمع کرتے ہیں، اور حج کو جاتے ہیں، جب کہ جس شخص کے پاس ایک دن کھانے کی مقدار موجود ہو، اس کے لیے بھیک مانگنا جائز نہیں ہے[۱]، اور نہ ہی ایسے شخص کو بھیک دینا درست ہے[۱]، لیکن اگر کسی نے بھیک مانگ کر حج کرلیا، تو اس کا حج ادا ہوجائے گا، البتہ سوال کرنے اور مانگنے کا گناہ بھی ہوگا[۳]، جس کے لیے توبہ واستغفار لازم ہے۔

=ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : قال في التنوير : (فرض) ..... (على الفور) ..... (على مسلم) ..... (حر مكلف) .... (صحيح) البدن (بصير) غير محبوس وخائف من سلطان يمنع منه (ذي زاد) ... (وراحلة) ..... (فضلاً عما لا بد منه) ..... (و) ... (نفقة عياله) .... (إلى) حين (عوده) . (التنوير وشرحه) . وفي الشامية : قال الشامي رحمه الله تعالى : لما كان مركبا من المال والبدن . (۳/۴۴۷ – ۴۵۰ – ۴۶۲ ، كتاب الحج ، ط : بيروت)

ما في " بدائع الصنائع " : إنه فرض عين لا فرض كفاية ، فيجب على كل من استجمع شرائط الوجوب عينا . (۲/۲۹۱)

ما في " الفتاوى الهندية " : وتفسير ملك الزاد والراحلة أن يكون له مال فاضل عن حاجته وهو ما سوى مسكنه ولبسه وخدمه وأثاث بيته قدر ما يبلغه إلى مكة ذاهبا وجائيا راكبا لا ماشيا ، وسوى ما يقضي به ديونه ويمسك لنفقة عياله ومرمة مسكنه ونحوه إلى وقت انصرافه ... كذا في المحيط السرخسي . ويعتبر في نفقته ونفقة عياله الوسط من غير تبذير ولا تقتير . كذا في التبيين . (۱/۲۱۷ ، كتاب المناسك)

(فتاویٰ دینیہ: ۳/۱۴۶، استطاعت کے وقت حکومت کے قانون کی وجہ سے حج کرنے نہ جاسکا۔ الخ)

(۱ – ۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولا يحل أن يسأل شيئًا مِن القوت مَن له =

ٹراویل ایجنسی (Travel Agency) کے ذریعہ مفت میں حج

مسئلہ (۷۵): آج کل ٹراویل ایجنسیاں (Travel Agencies) سفرِ حج پر بھیجنے والوں کے لیے جگہ جگہ ایجنٹ مقرر کرتی ہیں، اور ان ایجنٹوں سے یہ معاہدہ کرتی ہیں کہ اگر آپ نے دس آدمیوں کے فارم بھرا کر اُن کے سفرِ حج کی فیس ہمارے دفتر میں بھیج کر جمع کرادی، تو آپ کو ٹراویل ایجنسی کی طرف سے مفت میں حج کرایا جائے گا، تو صورتِ مذکورہ میں چوں کہ ٹراویل ایجنسی اپنے ایجنٹ کو دس آدمیوں کے فارم بھروانے، اور اُن کی رقم اپنے آفس میں جمع کروانے پر اُس کے حج کے اخراجات اپنی طرف سے دینے کا وعدہ کر رہی ہے، تو یہ ایجنٹ کی محنت؛ یعنی افراد کو تیار کرنے اور ان سے فارم بھروانے کا مُعاوَضہ سمجھا جائے گا، اور اس کی اپنی ذاتی کمائی میں شامل ہوگا، لہٰذا اس رقم سے اس کے لیے حج کے سفر پر جانا بلاشبہ درست ہوگا۔ (۱)

=قوت يومه بالفعل أو بالقوة كالصحيح المكتسب ، ويأثم معطيه إن علم بحاله لإعانته على المحرم . (در مختار) . (۳۵۴/۲ ، ۳۵۵ ، باب المصرف ، مطلب في الحوائج الأصلية ، ط : سعيد ، مجمع الأنهر : ۲۲۶/۱ ، باب المصرف ، ط : بيروت ، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح :ص/۷۲۲ ، قبيل باب صدقة الفطر ، ط : قديمي)

(۳) ما في " بدائع الصنائع " : ثم إذا حج بالسؤال من الناس يجوز ذلك عن حجة الإسلام ، حتى لو أيسر لا يلزمه حجة أخرى ؛ لأن الاستطاعة بملك الزاد والراحلة ومنافع البدن شرط الوجوب ؛ لأن الحج يقام بالمال والبدن جميعًا . (۴۵/۳ ، فصل في شرائط فرضيته ، ط : بيروت) (فتاویٰ محمودیہ:۴۵۰/۱۰، ۴۵۱، سوال کر کے حج کو جانا، ط: کراچی)

(خیر الفتاویٰ:۱۵۱/۴، فتاویٰ دار العلوم دیوبند عزیزی:۳۱۹/۶، کتاب الفتاویٰ:۱۰/۴)=

.....

.....

.....

.....

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : عن أبي هريرة رضي الله عنه ، عن النبي ﷺ : ".....ومن استأجر أجيرًا فليعلمه أجره " .

(۱۹۸/۶، رقم : ۱۱۶۵۱ ، كتاب الإجارة ، باب لا تجوز الإجارة حتى تكون معلومة وتكون الأجرة معلومة ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " مصنف عبد الرزاق " : أخرج عبد الرزاق عن الثوري في رجل يكتري من رجل إلى مكة ، ويضمن له الكرى نفقته إلى أن يبلغ ، قال : لا ، أن يوقت أيامًا معلومة ، وكيلا معلومًا من الطعام إياه كل يوم . (۲۱۴/۸ ، كتاب البيوع ، رقم : ۱۴۹۳۸، بحواله : التعليقات على هامش الفتاوى التاتارخانية : ۱۰۱/۱۵، ط : زكريا)

ما في " الهداية " : لا تصح حتى تكون المنافع معلومة والأجرة معلومة .

(۲۷۷/۴ ، كتاب الإجارات ، ط : رشيديه جامع مسجد دهلي)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (استأجره ليصيد له أو يحطب له ، فإن) وقت لذلك (وقتًا جاز) ذلك . (۶۲/۶ ، كتاب الإجارة ، باب الإجارة الفاسدة ، ط : دار الفكر بيروت)

(و: ۸۵/۹ ، ط : زكريا ودار الكتب العلمية بيروت)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : تتمة : قال في التاتر خانية : وفي الدلال والسمسار يجب أجر المثل ، وما تواضعوا عليه أن في كل عشرة دنانير كذا فذاك حرام عليهم . وفي الحاوي : سئل محمد بن سلمة عن أجرة السمسار ، فقال : أرجو أنه لا بأس به ، وإن كان في الأصل فاسدًا لكثرة التعامل ، وكثير من هذا غير جائز فجوّزوه لحاجة الناس إليه كدخول الحمام . (۶۳/۶ ، ط : دار الفكر بيروت ، و: ۸۷/۹ ، كتاب الإجارة ، باب ضمان الأجير ، مطلب في أجرة الدلال ، ط : زكريا ودار الكتب العلمية بيروت)

(کتاب النوازل:۷/ ۲۸۷، ۲۸۸، ٹریول ایجنسی کا اپنے ایجنٹ کو فری حج پر بھیجنا)

حکومت کی طرف سے حج سبسِڈی

مسئلہ (۷۶): حج سبسِڈی حکومتِ ہند کی طرف سے حجاجِ کرام کے لیے تعاوُن کی ایک شکل ہے، اس لیے حجاج کو اس رعایت سے فائدہ اُٹھانے میں شرعاً کچھ حرج نہیں ہے، اور حکومت پر اقتدارِ اعلیٰ غیر مسلموں کو حاصل ہے، اس لیے ان کے آپسی مُعامَلات اگرچہ سودی ہوں، پھر بھی اُن کا تعاوُن لینا منع نہیں ہے، اور سبسِڈی کی رقم کا سودی رقم سے ادا کیے جانے کا جو بعض لوگ دعویٰ کرتے ہیں، بجائے خود محتاجِ دلیل اور غیر معقول ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " تقريرات الرافعي على حاشية ابن عابدين " : (وهدية أهل الحرب) أي للإمام وإلا فهي للآخذ فقط . كما سيأتي في باب المغنم .

(۱۳/۱۸۷ ، كتاب الزكاة ، باب العشر ، ط : بيروت)

ما في " إعلاء السنن " : وأما الهدية للمشركين وأهل الكتاب ، وقبول هداياهم كل ذلك جائز ، إذا كانوا ذمة لنا ، وكذلك إذا كانوا أهل حرب . (۱۲/۱۴۶ ، كتاب الهبة ، باب الهدية للمشركين وقبول الهدية منهم ، ط : إدارة القرآن كراچي)

وفيه أيضًا : قال العلامة التهانوي : إن الهدية والصدقة والهبة والعطية معانيها متقاربة .

(۱۶/۸۱ ، كتاب الهبة ، باب قبول الهبة ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " الفتاوى الهندية " : وأهل الذمة في حكم الهبة بمنزلة المسلمين ؛ لأنهم التزموا أحكام الإسلام فيما يرجع إلى المعاملات .

(۴/۴۰۵ ، كتاب الهبة ، الباب الحادي عشر في المتفرقات ، ط : زكريا)

(کتاب النوازل: ۷/۲۸۳، حج سبسڈی کی رعایت سے فائدہ اُٹھانا، کتاب الفتاویٰ: ۴/۱۱۰)

عورت صاحب استطاعت ہے مگر محرم نہیں!

مسئلہ (۷۷): اگر کوئی عورت صاحبِ استطاعت ہے (یعنی دولوگوں کے حج کی مقدار روپیہ اس کے پاس ہے)، لیکن اس کے ساتھ جانے والا محرم کوئی نہیں، نہ بیٹا ہے، نہ باپ ہے، نہ بھائی ہے، غرض کوئی محرم شخص نہیں جو اس کے ساتھ جائے، تو ایسی صورت میں نفسِ وجوب (حج) تو اس پر (واجب) ہوجاتا ہے، لیکن محرم نہ ہونے کی وجہ سے وجوبِ ادا (یعنی حج کا ادا کرنا واجب) نہیں ہوتا ہے، اور کسی اجنبی کے ساتھ سفر کرنا بھی جائز نہیں[۱]، اِس لیے اُسے چاہیے کہ روپیہ اپنے پاس محفوظ رکھے، شاید کوئی محرم میسر ہوجائے، اور اگر اخیر عمر تک کوئی محرم میسر نہ ہو، تو وصیت کر جائے کہ مرنے کے بعد اس کی طرف سے حج بدل کرادیا جائے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " تنوير الأبصار وشرحه مع الشامية " : (و) مع (زوج أو محرم) .... بالغ ..... عاقل ..... غير مجوسي ولا فاسق) لعدم حفظهما (مع) وجوب النفقة لمحرمها (عليها) . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (مع وجوب النفقة الخ) أي فيشترط أن تكون قادرة على نفقتها ونفقته . (۳/۴۱۱ ، كتاب الحج ، مطلب يقدم حق العبد على حق الشرع ، ط : دار الكتاب ديوبند ، و:۳/۴۶۴ ، كتاب الحج ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

(النهر الفائق :۲/۵۷ ، كتاب الحج ، الفقه الحنفي في ثوبه الجديد :۱/۴۵۴)

(الفتاوى التاتار خانية :۲/۱۴۹)

ما في " البحر الرائق " : ويشترط في حج المرأة من سفر زوج أو محرم بالغ عاقل غير مجوسي ولا فاسق مع النفقة عليه . (۲/۵۵۲ ، كتاب الحج ، ط : دار الكتاب ديوبند)=

حج کے موقع پر دعوتوں کا اہتمام

مسئلہ (۷۸): آج کل عموماً ایسا ہوتا ہے کہ حج میں جانے والا اگر دعوت نہ کرے، یا لوگ اس کی دعوت نہ کریں، تو جانبین اِسے بُرا مانتے ہیں، اور دعوتوں کو اس قدر ضروری سمجھ لیا گیا ہے کہ نہ کرنے پر شکایتیں ہوتی ہیں، طعنے سنائے جاتے ہیں، ہدایا اور سوغات کی لین دین میں عموماً دکھلاوا، شہرت اور بڑائی کا خیال ہوتا ہے، اخلاص، للّٰہیت اور خوش دِلی کا نام ونشان نہیں ہوتا، اس لیے اس طرح کی دعوتوں، ہدایا وسوغات اور لین دین سے پرہیز کرنا چاہیے، کیوں کہ جب کسی مباح کام کو ضروری سمجھ لیا جاوے اور لزوم کا درجہ دے دیا جاوے، تو شرعاً وہ کام قابلِ ترک ہوتا ہے، خصوصاً اگر اس میں غیر شرعی اُمور شامل ہوجاویں، تو پھر اس کا ترک انتہائی ضروری ہوجاتا ہے۔ (۱)

=(۲) ما في " رد المحتار " : والذي اختاره في الفتح أنه مع الصحة وأمن الطريق شرط وجوب الأداء فيجب الإيصاء إن منع المرض . اهـ . (۴۶۵/۳ ، كتاب الحج ، ط : بيروت)

(امداد الفتاویٰ: ۱۸۶/۲، ۱۸۷)

(امداد الحجاج: حصہ اول، ص/۶۳، ۶۴، مال دار بیوہ عورت جس کا کوئی محرم نہیں اس کے لیے شرعی حکم)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس فيه فهو ردٌّ " . (۳۷۱/۱ ، كتاب الصلح ، باب إذا اصطلحوا – الخ ، رقم : ۲۶۹۷ ، صحيح مسلم : ۷۷/۲ ، كتاب الأقضية ، سنن أبي داود :ص/۶۳۵ ، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، رقم : ۴۶۲۲ ، سنن ابن ماجة :ص/۱۳ ، مشكوة المصابيح : ص/۲۷ ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الأول)=

نابالغ بچہ کا احرام

مسئلہ (۷۹): نابالغ بچہ جس کو ابھی احرام وغیرہ کا شعور بھی نہیں ہے، اگر اس کے والد اس کے احرام کی نیت کرلیں، تو وہ محرم ہوجائے گا، اور افعالِ حج میں والد کی نیت اس کی طرف سے کافی ہوجائے گی، لڑکا ہو تو دوسرے محرم مردوں کی طرح اسے بھی چادر اور تہ بند پہنائی جائے گی، اور چوں کہ نابالغ ہونے کی وجہ سے وہ احکام کا مکلّف نہیں، اس لیے اگر اس سے احکامِ احرام کی خلاف ورزی بھی ہوجائے، تو دم، صدقہ یا کفارہ واجب نہیں ہوگا، نیز نابالغ بچہ کا حج، حج نفل کے حکم میں ہے، لہٰذا بالغ ہونے کے بعد اگر صاحبِ استطاعت ہو، تو فرض حج اُسے ادا کرنا ہوگا۔ (۱)

=ما في " بذل المجهود " : سواء كان في العمل أو الاعتقاد فهو مردود .

(۱۳/۳۳، رقم: ۴۶۲۲)

ما في " رد المحتار " : البدعة ما أحدث على خلاف الحق المتلقى عن رسول الله ﷺ من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان ، وجعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيمًا .

(۲/۲۵۶ ، مطلب البدعة خمسة أقسام)

ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : البدعة : هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص/۴۷)

(فتاویٰ رحیمیہ: ۸/۱۴۱، حجاجِ کرام کی دعوت، لین دین الخ متفرقاتِ حج)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : فإن كان لا يعقله فأحرم عنه أبوه صار محرما فينبغي أن يجرده قبله ويلبسه إزارًا ورداءً ، ولما كان الصبي غير مخاطب كان إحرامه غير لازم . =

بچہ کا حج کس طرح ہوگا؟

مسئلہ (۸۰): بچہ پر حج فرض نہیں، لیکن اگر والد حج کرادے، تو اس بچہ کا حج نفل ہوجائے گا، اب بعض فقہاء کے نزدیک بچہ کو حج کا ثواب ملے گا، اور والد کو اس کی تعلیم وتربیت کا، اور بعض فقہاء کی رائے ہے کہ خود حج کا ثواب والد کو ہوگا۔

حج کے دو اہم رکن؛ وقوفِ عرفہ اور طوافِ زیارت، بچہ اپنے باپ کے ساتھ خود ہی کرلے گا، وقوفِ عرفہ کے لیے نیت ضروری نہیں، باقی جن افعال میں نیت ضروری ہے، اس میں والد اُس کی طرف سے نیت کرے گا، اور اُس کی جانب سے رَمی اور قربانی بھی والد کرے گا، البتہ اگر وہ احکامِ احرام کی خلاف ورزی کرے، یا کسی اور جنایت کا مرتکب ہو، تو اس پر دم واجب نہیں ہوگا، کیوں کہ نابالغ بچے مکلّف نہیں ہیں، اور اُن کی غلطیاں شرعاً عفو کے دائرے میں ہیں۔[1]

=(۲/۵۵۳، ۵۵۴، کتاب الحج) (کتاب الفتاویٰ:۴/۳۹، ۴۰، بے شعور بچوں کا احرام)

(۲) ما في " بدائع الصنائع " : وما فعله الصبي قبل البلوغ يكون تطوعًا ، وقد روي عن النبي ﷺ أنه قال : " أيما صبي حج عشر حجج ثم بلغ فعليه حجة الإسلام " .

(۳/۴۴۴، كتاب الحج ، فصل في شرائط فرضيته ، ط : بيروت)

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : وأما شرائط فرضيته فنوعان : ..... منها البلوغ ومنها العقل ؛ فلا حج على الصبي . (۳/۴۴۴، كتاب الحج ، ط : بيروت)

ما في " مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي " : التي توجب دما هي ما لو طيب محرم بالغ عضوًا أو خضب رأسه بحناء أو ادهن بزيت ، أخرج بالبالغ الصبي ، فلا شيء عليه .

(ص/ ۷۴۱، كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط : مطبع شيخ الهند ديوبند)

(کتاب الفتاویٰ:۴/۱۲۱، چھوٹے بچہ کا حج)

مکہ مکرمہ میں داخل ہوکر غسل

مسئلہ (۸۱): مکہ مکرمہ میں داخل ہوکر غسل کرنا سنت ہے، موجودہ زمانے میں موٹر گاڑی اور ٹیکسی کی سواری جلدی سے مکہ پہنچادیتی ہے، اس لیے جدہ ہی سے غسل کرکے گاڑی میں بیٹھ جائے، اور مکہ پہنچ جائے، تو یہ سنت ادا ہوجائے گی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن نافع قال : كان ابن عمر رضي الله عنهما إذا صلى بالغداة بذي الحليفة أمر براحلته فرحلت ثم ركب فإذا استوت به استقبل القبلة قائمًا ثم يلبي حتى يبلغ الحرم ثم يمسك حتى إذا جاء ذا طوى بات به حتى يصبح فإذا صلى الغداة اغتسل وزعم أن رسول الله ﷺ فعل ذلک . تابعه إسماعيل عن أيوب في الغسل .

(۲/۱۷۱، رقم : ۱۵۵۳، كتاب الحج ، باب الإهلال مستقبل القبلة ، ط : دار الشعب القاهرة ، صحيح مسلم :۲/۹۱۹ ، ط : الحلبي ، رقم : ۲۲۰۶)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ذهب جمهور الفقهاء إلى أنه يسن الغسل لدخول الحرم ، وذلک تعظيمًا لحرمته ، قال الزركشي : ويُستحب الغسل لدخول مكة اتفاقًا لما في الصحيحين . اهـ . (۱۷/۱۹۹ ، حرم ، الغسل لدخول الحرم)

ما في " هداية السالک إلى المذاهب الأربعة في المناسک " : السنة أن يدخل الحاج مكة قبل الوقوف باتفاق الأربعة اقتداءً بالنبي ﷺ .

(۲/۷۴۰ ، الباب العاشر في دخول مكة المعظمة ، يسن الاغتسال ، فصل ، إمام عز الدين بن جماعة الكناني ، ط: دار البشائر الإسلامية بيروت)

(مسائل حج مفتی بیات صاحب: ص/۸۰، عمدۃ الفقہ: ص/۴۲۵)

گونگے شخص کا تلبیہ

مسئلہ (۸۲): جس شخص کو بولنے پر قدرت نہ ہو، یا وہ قدرتی طور پر بے زبان اور گونگا ہو، تو اُس کے لیے تلبیہ کے وقت زبان ہلانا ضروری نہیں ہے، بلکہ صرف مستحب ہے۔ (۱)

تلبیہ کے الفاظ یاد نہ ہوں تو کیا پڑھے؟

مسئلہ (۸۳): اگر کسی شخص کو تلبیہ کے مخصوص الفاظ (لَبَّیْک اَللّٰھُمَّ لَبَّیْک ، لَبَّیْکَ لا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْک ، إنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَکَ وَالْمُلْک ، لا شَرِیْکَ لَک) یاد نہ ہوں، تو دیگر اَذکار، مثلاً " لا إله إلا اللّٰهُ "، " اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ " وغیرہ بھی تلبیہ کے قائم مقام ہو سکتے ہیں، اسی طرح اگر کسی کے لیے عربی زبان کے تلفُّظ کی ادائیگی دشوار ہو، تو عربی زبان کے علاوہ کسی اور زبان میں تلبیہ کا ترجمہ بھی پڑھا جا سکتا ہے، مگر عربی میں پڑھنا افضل ہے، اس لیے حتی الامکان تلبیہ یاد کرنے کی کوشش میں لگا رہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : والأخرس يلزمه تحريک لسانه ، وقيل : لا بل يستحب ومال شارحه إلى الثاني ؛ لأن الأصح أنه لا يلزمه التحريک في القراءة للصلاة ، فهذا أولى ؛ لأن الحج أوسع ، ولأن القراءة فرض قطعي عليه بخلاف التلبية .

(۳/۴۹۰ ، ط : زكريا وبيروت) (کتاب النوازل: ۷/۴۳۳، گونگا کس طرح تلبیہ پڑھے؟)

(۲) ما في " رد المحتار " : والحاصل أن اقتران النية بخصوص التلبية ليس بشرط ، =

حدودِ حرم میں بغیر احرام کے کون لوگ داخل ہو سکتے ہیں؟

مسئلہ (۸۴): حدودِ میقات سے باہر رہنے والے ہوں یا مکہ اور حِل میں رہنے والے، اگر حدودِ میقات کے باہر سے مکہ مکرمہ کی نیت کر کے میقات سے آگے بڑھیں، تو ان پر لازم ہے کہ وہ احرام باندھ کر ہی میقات سے آگے بڑھیں، خواہ وہ حج اور عمرہ کی نیت سے جائیں یا کسی اور مقصد سے، اصل حکمِ شرعی یہی ہے، لیکن موجودہ حالات میں جب کہ تاجر حضرات، دفاتر میں کام کرنے والے، ٹیکسی چلانے والے اور دیگر پیشہ وارانہ کام کرنے والے کبھی ہر روز، کبھی ہر دوسرے تیسرے دن، اور بعض لوگوں کو تو ایک دن میں ایک سے زیادہ دفعہ حرم میں داخل ہونا پڑتا ہے، ایسی حالت میں اس طرح کے لوگوں کو ہر بار احرام اور ادائے عمرہ کی پابندی بے حد مشقت طلب اور دُشوار ہے، اس لیے ان حضرات کے لیے بغیر احرام باندھے حدودِ حرم میں داخلے کی گنجائش ہوگی۔ (۱)

=وإنما الشرط اقترانها بأي ذكر كان . (۴۹۰/۳ ، ط : زكريا)

(الفتاوى الهندية : ۲۲۲/۱ ، البحر العميق :۶۵۱/۲ ، ط : المكتبة المكية ، الفتاوى التاتار خانية :۴۸۲/۳ ، ط : زكريا ، تبيين الحقائق :۲۵۶/۲ ، ط : بيروت)

ما في " فتاوى قاضي خان على هامش الهندية " : وكما يجوز التلبية بالعربية يجوز بالفارسية والعربية أفضل . (۲۸۵/۱ ، كتاب الحج ، ط : زكريا)

ما في " رد المحتار " : ولو بالفارسية أو غيرها كالتركية والهندية . كما في اللباب . وأشار إلى أن العربية أفضل . (۴۹۰/۳ ، ط : زكريا ، البحر العميق :۴۷۱/۲)

(الفتاوى التاتار خانية : ۴۸۸/۳ ، ط : زكريا)

(کتاب النوازل:۷/۴۳۴، جس کو تلبیہ کے الفاظ یاد نہ ہوں، معلم الحجاج:ص/۱۰۲)=

مقیم عورت کا مقامِ تنعیم کا تنہا سفر کرنا

مسئلہ (۸۵): اگر کوئی عورت مکہ مکرمہ پہنچ کر اقامت کی نیت کرلے، اور مقامِ تنعیم سے احرام باندھ کر تنہا عمرہ کرنا چاہے، تو محرم کے بغیر بھی تنہا عمرہ کرسکتی ہے، اس میں کوئی گناہ نہیں ہے، اس لیے کہ عمرہ کے احرام کے لیے ۴۸/ میل (ساڑھے ستہتر کلومٹر) کا سفر نہیں کرنا پڑتا ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " المصنف لإبن أبي شيبة " : عن ابن عباس قال : " لا يدخل مكة أحدٌ بغير إحرام إلا الحطابون والعمالون وأصحاب منافعها " . (۸/۲۲۷ ، رقم : ۱۳۶۹۱ ، كتاب الحج ، من كره أن يدخل مكة بغير إحرام ، ط : المجلس العملي)

(حج وعمرہ موجودہ حالات کے پس منظر میں: ص/۳۷، جدید فقہی تحقیقات، ط: ایفا پبلی کیشنز)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ولا تسافر المرأة بغير محرم ثلاثة أيام فما فوقها ، واختلفت الروايات فيما دون ذلك ، قال أبو يوسف : أكره لها أن تسافر يومًا بغير محرم ، وهكذا روي عن أبي حنيفة . اهـ . (۵/۳۶۶)

ما في " البحر الرائق " : لا تسافر المرأة فوق ثلاثة أيام إلا بزوج أو محرم . (۸/۱۹۴)

(فتاویٰ دینیہ: ۳/۱۶۱، کیا مکہ پہنچ کر عورت تنہا عمرہ کے لیے تنعیم جاسکتی ہے؟)

مسافر عورت کا مقامِ تنعیم کا تنہا سفر کرنا

مسئلہ (۸۶): بعض عورتیں سفرِ حج میں محرم کے ساتھ جاتی ہیں، مکہ میں مسافر ہوتی ہیں، مقیم نہیں ہوتیں، اور عمرے کا احرام باندھنے کے لیے مقامِ تنعیم تنہا چلی جاتی ہیں، ساتھ میں محرم نہیں ہوتا، جب کہ بہتر یہ ہے کہ عورت عمرہ بھی اپنے محرم کے ساتھ کرے، جیسا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو اُن کے بھائی کے ساتھ تنعیم، احرام باندھنے کے لیے بھیجا تھا، اور عمرہ کروایا تھا، ہاں! البتہ اگر عورت تنہا تنعیم جا کر احرام باندھ کر عمرہ کرلے، تو اس کا احرام اور عمرہ صحیح ہو جائے گا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : حدثنا علي بن عبد الله ، حدثنا سفيان عن عمرو ، سمع عمرو بن أوس ، أن عبد الرحمن بن أبي بكر رضي الله عنهما أخبره : أن النبي ﷺ أمره أن يُردف عائشة ويُعمرها من التنعيم ..." الحديث . (ص/۳۱۳ ، ۳۱۴ ، باب عمرة التنعيم ، رقم :۱۷۸۴ ، ۱۷۸۵ ، ط: احياء التراث العربي بيروت)

ما في " جامع الترمذي " : حدثنا يحي بن موسى وابن أبي عمر قالا : حدثنا سفيان بن عُيينة عن عمرو بن دينار عن عمرو بن أوس عن عبد الرحمن بن أبي بكر : أن النبي ﷺ أمر عبد الرحمن بن أبي بكر أن يُعمر عائشة من التنعيم " . قال أبو عيسى : هذا حديث حسن صحيح. (۷۹/۲ ، رقم :۹۳۴، كتاب الحج ، باب ما جاء في العمرة من التنعيم ، بيروت)

(أخرج البخاري في حديث عائشة أنها قالت :) فلما قضينا الحج أرسلني النبي ﷺ مع عبد الرحمن بن أبي بكر إلى التنعيم فاعتمرت . الخ .

(صحيح بخاري : ۲۱۱/۱ ، كتاب المناسك ، باب كيف تهل الحائض والنفساء)

(فتاویٰ دینیہ :۱۶۲/۳، عورت کا تنہا عمرہ کرنا)

منھ بولے بھائی کے ساتھ سفر حج

مسئلہ (۸۷): کسی عورت کے لیے شوہر یا محرم کے بغیر سفرِ حج وغیرہ کے لیے جانا حرام ہے[۱]، کسی اجنبی شخص کو منھ بولا، دینی واسلامی بھائی بنالینے سے وہ اس عورت کا محرم نہیں بن سکتا۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " تنوير الأبصار وشرحه مع الشامية " : (و) مع (زوج أو محرم) .... بالغ ..... عاقل ..... غير مجوسي ولا فاسق) لعدم حفظهما (مع) وجوب النفقة لمحرمها (عليها) . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (مع وجوب النفقة الخ) أي فيشترط أن تكون قادرة على نفقتها ونفقته .

(۳/۴۱۱ ، كتاب الحج ، مطلب يقدم حق العبد على حق الشرع ، ط : دار الكتاب ديوبند، و:۳/۳۶۴ ، كتاب الحج ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

(النهر الفائق :۲/۵۷ ، كتاب الحج ، الفقه الحنفي في ثوبه الجديد : ۱/۴۵۴)

(الفتاوى التاتار خانية :۲/۱۴۹)

ما في " البحر الرائق " : ويشترط في حج المرأة من سفر زوج أو محرم بالغ عاقل غير مجوسي ولا فاسق مع النفقة عليه . (۲/۵۵۲ ، كتاب الحج ، ط : دار الكتاب ديوبند)

(۲) ما في " النهر الفائق " : وبشرط محرم وهو من لا يجوز له مناكحتها على التأبيد بقرابة أو رضاع أو صهرية مسلما إلا أن يكون فاسقًا . (۲/۵۷ ، كتاب الحج)

(فتاویٰ فریدیہ:۴/۲۳۲، کسی اجنبی شخص کو دینی بھائی بنا کر اس کے ساتھ حج کے لیے جانا جائز نہیں)

چچا کا بھتیجی کے ساتھ سفرِ حج

مسئلہ (۸۸): حقیقی والد کا حقیقی بھائی، حقیقی چچا ہوتا ہے، ایسے چچا کے ساتھ بھتیجی کا سفر کرنا جائز ہے، اس لیے کہ حقیقی چچا بھتیجی اور اس کی اولاد کے لیے محرم ہوتا ہے، لہٰذا بھتیجی کا حقیقی چچا کے ساتھ سفرِ حج میں جانا درست ہے۔ (۱)

حج بدل کے لیے دیا گیا روپیہ ذاتی ضرورت میں خرچ کرنا

مسئلہ (۸۹): حج بدل پر جانے والے شخص کو آمر (بھیجنے والے) کی طرف سے جو روپیہ دیا جاتا ہے، وہ صرف کھانے، پینے، قیام اور سواری کی ضرورتوں میں اوسط درجہ خرچ کیا جاسکتا ہے۔ اپنی ذاتی ضروریات مثلاً: اپنے اہلِ خانہ کے لیے ہدایا کی خرید وفروخت، صدقہ خیرات، کسی کی دعوتِ طعام وغیرہ میں خرچ کرنا جائز نہیں، اگر کسی نے ان ضرورتوں میں خرچ کرلیا، تو اتنے روپیوں کا لوٹانا واجب ہوگا۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : حرمت عليكم امهاتكم وبناتكم وأخواتكم وعماتكم وخالاتكم وبنات الأخ وبنات الأخت﴾ . (سورة النساء : ۲۳)

ما في " الجوهرة النيرة " : (ولا يحل للرجل أن يتزوج بأمه ولا بجداته ..... ولا ببنات أخيه ولا ببنات أخته) .

(۱۰۸/۳، ۱۰۹، كتاب النكاح، مطلب في بيان المحرمات، ط : بيروت)

(فتاویٰ دینیہ: ۱۶۳/۳، چچا کے ساتھ عمرہ میں جانا)

(۲) ما في " بدائع الصنائع " : وإذا فرغ المأمور بالحج من الحج ونوى الإقامة .....=

ایک وقت میں ایک ہی حج بدل

مسئلہ (۹۰): ایک وقت میں، ایک شخص صرف ایک ہی شخص کی طرف سے حج بدل کرسکتا ہے، ایک ہی شخص کئی افراد کی طرف سے بیک وقت حج بدل نہیں کرسکتا، ہاں! البتہ ایک نفل حج کرکے کئی افراد کو اس کا ثواب بخشنا چاہیں، تو بخش سکتے ہیں، اللہ کی کریم ذات سے امید ہے کہ سب کو پورے پورے حج کا ثواب ملے گا۔ (۱)

= أنفق من مال نفسه ؛ لأن نية الإقامة قد صحت فصار تاركا للسفر فلم يكن مأذونا بالاتفاق من مال الآمر ، ولو أنفق ضمن ؛ لأنه أنفق مال غيره بغير إذنه .

(۴۶۰/۲ ، كتاب الحج ، بيان شرائط النيابة في الحج ، ط : دار الكتاب ديوبند)

(الفقه الإسلامي وأدلته : ۲۱۱۶/۳ ، أجزاء المخالفة ، غنية الناسک :ص/۴۲۰ ، فصل في شرائط النيابة في الحج الفرض ، ط : سهارنفور)

(فتاویٰ دینیہ:۱۷۳/۳،۱۷۴، حج بدل کے روپیوں سے کیا کیا ضرورتیں پوری کی جاسکتی ہیں؟)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : ولو أمره رجل أن يحج عنه حجة وأمره رجل آخر أن يحج عنه فأحرم بحجة فهذا لا يخلو عن أحد وجهين : إما أن أحرم بحجة عنهما جميعًا ، وإما أن أحرم بحجة عن أحدهما ، فإن أحرم بحجة عنهما جميعًا ، فهو مخالف ويقع الحج عنه ويضمن النفقة لهما إن كان أنفق من مالهما .

(۴۵۸/۲ ، كتاب الحج ، بيان شرائط النيابة في الحج ، ط : دار الكتاب ديوبند)

(غنية الناسک :ص/۴۲۱ ، باب الحج عن الغير ، ط : سهارنفور)

(فتاویٰ دینیہ:۱۸۰/۳، ایک وقت میں ایک شخص کا تین افراد کی طرف سے حج بدل کی نیت کرنا)

احرام؛ حج یا عمرہ کی نیت کو کہتے ہیں، دو چادروں کو نہیں!

مسئلہ (۹۱): حج یا عمرے کے احرام سے وہ دو چادریں مراد نہیں جنہیں حج یا عمرہ کرنے والا شخص پہنتا ہے، بلکہ احرام سے مراد وہ خاص چیزیں ہیں، جو حاجی اور معتمر اپنے لیے ممنوع قرار دیتا ہے، اور یہ مُمانَعت اس وقت سے شروع ہوتی ہے جب حج یا عمرہ کرنے والا شخص حج یا عمرہ کی نیت کے ساتھ ساتھ تلبیہ یا ایسا کوئی کلمہ پڑھ لے جو اللہ رب العزت کی تعظیم و بزرگی پر دلالت کرتا ہو، معلوم ہوا حج یا عمرہ کی نیت اور تلبیہ یا اس کے قائم مقام کوئی ذکر، یہ دونوں حج یا عمرہ کا جز نہیں، بلکہ اس کی شرطیں ہیں، اور بدونِ نیت وتلبیہ یا اس کے قائم مقام کوئی ذکر، کوئی بھی شخص حج یا عمرہ کے احرام میں داخل نہیں ہوگا، لہٰذا اگر کوئی شخص نیت کرلے تلبیہ نہ پڑھے، یا تلبیہ پڑھے نیت نہ کرے، تو اسے محرم نہیں کہا جائیگا، اور اس کا حج یا عمرہ ادا ہی نہیں ہوگا۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : وشرعًا : الدخول في حرمات مخصوصة : أي التزامها ، غير أنه لا يتحقق شرعًا إلا بالنية مع الذكر أو الخصوصية ، كذا في الفتح ، فهما شرطان في تحققه لا جزء ماهيته كما توهمه في البحر حيث عرفه بنية النسک من الحج والعمرة مع الذكر أو الخصوصية . نهر . والمراد بالذكر التلبية ونحوها ، وبالخصوصية ما يقوم مقامها من سوق الهدي أو تقليد البدن ، فلا بد من التلبية أو ما يقوم مقامها ، فلو نوى ولم يلبّ أو بالعكس لا يصير محرمًا . (۴۸۵/۳ ، كتاب الحج ، فصل في الإحرام ، ط : بيروت ، فتح القدير :۴۳۶/۲ ، كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط : بيروت ، البحر العميق : ۶۲۹/۲ ، تعريف الإحرام ، الباب السابع في الإحرام) =

موت کے بعد احرام کا حکم

مسئلہ (۹۲): امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک موت کے بعد بھی احرام باقی رہتا ہے، اور امام مالک و امام ابوحنیفہ رحمہما اللہ کے نزدیک موت سے احرام ختم ہوتا ہے، کیوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ: ''جب آدمی مَر جاتا ہے، تو اس کا عمل ختم ہو جاتا ہے، سوائے تین چیزوں کے: صدقۂ جاریہ، یا ایسا علم جس سے نفع اُٹھایا جائے، یا نیک اولاد جو اس کے لیے دعا کرے''، یہ ارشادِ نبوی اپنے عموم کے اعتبار سے محرم کو بھی شامل ہے، لہٰذا جس شخص کی حالتِ احرام میں موت واقع ہو، اُس کا احرام ختم ہو جائے گا۔ (۱)

=(حج کی آسانیاں: ص/۱۲، حج کا پہلا فرض: احرام، م: مولانا محمود اشرف عثمانی، ط: ادارہ اسلامیات کراچی ولاہور، فتاویٰ فریدیہ: ۲۵۴/۴، چہل مسائل حج، باب تفسیر الحج وشرائطہ وأرکانہ)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن أبي هريرة أن رسول الله ﷺ قال : " إذا مات الإنسان انقطع عمله إلا من ثلاثة أشياء: من صدقة جارية أو علم ينتفع به ، أو ولد صالح يدعو له " .

(۳۹۸/۲ ، ما جاء في الصدقة عن الميت ، صحيح مسلم :۴۱/۲ ، كتاب الوصية ، باب وصول ثواب الصدقات إلى الميت ، تكملة فتح الملهم :۱۰۴/۸ ، الوصية ، باب ما يلحق الإنسان من الثواب بعد وفاته ، رقم :۴۱۹۹ ، شعب الإيمان للبيهقي :۲۴۷/۳ ، باب في الزكاة ، فصل في الاختيار في صدقة التطوع ، رقم :۳۴۴۷ ، جامع الترمذي :۲۵۶/۱ ، و:۳۶۲/۲ ، رقم :۱۳۷۶ ، الأحكام ، باب في الوقف ، سنن النسائي :۱۱۴/۲ ، و۱۰۹/۴ ، الوصايا ، باب فضل الصدقة عن الميت ، رقم :۶۴۷۸) (حجۃ الوداع وعمرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم: ص/۱۶۵، ۱۶۶، موت کے بعد احرام باقی رہتا ہے یا نہیں؟ مؤلف: شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا نور اللہ مرقدہٗ، مترجم: علامہ یوسف لدھیانوی شہید رحمہ اللہ، ط: مکتبہ لدھیانوی کراچی)

مسجد حرام کی حدود میں نماز

مسئلہ (۹۳): مسجد حرام کی حدود متعین ہونے کی وجہ سے وہ مکانِ واحد (ایک ہی جگہ) کے حکم میں ہے، تو پوری مسجدِ حرام میں بدونِ اتصالِ صفوف (صفوں کو ملائے بغیر) جہاں سے بھی اقتدا کی جائے، نماز بکراہت درست ہوگی، البتہ ان حدود کے علاوہ دکانوں کے باہر اور راستوں پر اقتدا کے صحیح ہونے کے لیے اتصالِ صفوف (صفوں کا ملا ہوا ہونا) ضروری ہے، ورنہ اقتدا صحیح نہیں ہوگی، اور نتیجۃً نماز بھی درست نہ ہوگی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في "المصنف لعبد الرزاق" : عن عمر بن الخطاب أنه قال : في الرجل يصلي بصلاة الإمام قال : إذا كان بينهما نهر أو طريق أو جدار فلا يأتم به . (۳/ ۸۱ ، رقم : ۴۸۸۰ ، كتاب الصلاة ، باب الرجل يصلي وراء الإمام خارجا من المسجد)

ما في " رد المحتار " : قال في الإمداد : والفاصل في مصلى العيد لا يمنع وإن كثر ، واختلف في المتخذ لصلاة الجنازة ، وفي النوازل : جعله كالمسجد ، والمسجد وإن كبر لا يمنع الفاصل ، ..... في القهستاني : البيت كالصحراء ، والأصح أنه كالمسجد ، ولهذا يجوز الاقتداء فيه بلا اتصال الصفوف كما في المنية . اهـ . ولم يذكر حكم الدار فليراجع ، لكن ظاهر التقييد بالصحراء والمسجد الكبير جدا أن الدار كالبيت . تأمل .

(۲/ ۳۳۲ ، كتاب الصلاة ، مطلب : الكافي للحاكم جمع كلام محمد في كتبه التي هي ظاهر الرواية ، ط : زكريا) (كتاب النوازل: ۴/ ۴۵۰، ۴۵۱)

ما في " الفتاوى الهندية " : والمانع من الاقتداء في الفلوات قدر ما يسع فيه صفين .

(۱/ ۸۷ ، المحيط البرهاني : ۲/ ۱۹۳ ، الفصل السادس ؛ أحكام الإمامة ، ط : ڈابھیل ، الفتاوى التاتارخانية : ۲/ ۲۶۴ ، رقم المسئلة : ۲۳۷۷ ، ط : زكريا)

حج مقبول کی علامت

مسئلہ (۹۴): حج مقبول کی علامت یہ ہے کہ آدمی سابقہ گناہوں کو بالکل ترک کردے، اور حج کے ذریعے سے اس کی زندگی میں خوش گوار دینی انقلاب آجائے، جو شخص اس معاملے میں کوتاہی کرتا ہو، اور حج کے بعد بھی گناہوں پر جما رہتا ہو، وہ بلاشبہ حج مقبول کی ایک علامت سے محروم سمجھا جائے گا، تاہم ان معاصی کی وجہ سے یہ نہیں کہا جائے گا کہ اس کا حج ادا نہیں ہوا، کیوں کہ ادا ہونا اور قبول ہونا، یہ دونوں باتیں الگ الگ ہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " عمدة القاري " : قيل : هو المقبول ، ومن علامات القبول أنه إذا رجع يكون حاله خيرًا من الحال الذي قبله . (۱/۲۹۹ ، كتاب الإيمان ، باب من قال أن الإيمان هو العمل لقول الله تعالى : وتلك الجنة التي اورثتموها بما كنتم تعملون، ط : رشيديه)

ما في " رد المحتار " : والقبول المترتب عليه الثواب يبتني على أشياء : كحل المال والإخلاص كما لو صلى مرائيًا أو صام واعتاب ، فإن الفعل صحيح لكنه بلا ثواب .

(۳/۴۵۳ ، كتاب الحج ، مطلب فيمن حج بمال حرام ، ط : زكريا ، و :۲/۴۵۶ ، ط : كراچي باكستان)

ما في " البحر العميق " : وإذا حج الإنسان ولم يتب خشي عليه عدم القبول .

(۱/۴۲۴ ، الباب الرابع في مقدمات السفر وآدابه ، ط : مؤسسة الريان)

(کتاب النوازل:۷/۲۷۵، حج مقبول کی علامات)

رمی کے بعد دعا کے لیے کھڑا ہونا

مسئلہ (۹۵): جب حاجی پہلے دن یوم النحر (۱۰ ذی الحجہ) کو جمرۂ عقبہ کی رَمی کرے، تو الگ ہو کر دعا کے لیے کھڑا ہونا ثابت نہیں ہے، اس لیے رمی کے بعد وہاں نہ ٹھہرے۔ (۱)

عورتوں کے لیے حج وعمرہ میں بعض چیزوں کی مُمانَعت

مسئلہ (۹۶): عورتوں کے لیے حج وعمرہ میں بعض چیزوں کی مُمانَعت ہے، مثلاً: وہ زور سے تلبیہ نہ پڑھیں، طواف میں اضطِباع نہ کریں، طواف میں رَمل نہ کریں، میلین اخضرین کے درمیان دوڑ نہ لگائیں، صفا مروہ پر نہ چڑھیں، ہجوم کے وقت حجر اسود کو بوسہ نہ دیں، نیز ہجوم کے وقت مقامِ ابراہیم کے قریب نماز بھی

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : فلا يقف بعد الثالة ولا بعد رمي يوم النحر ؛ لأنه ليس بعده رمي . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (فلا يقف بعد الثالثة) أي جمرة العقبة لأنها ليس بعدها رمي في كل يوم . قال في اللباب : والوقوف عند الأوليين سنة في الأيام كلها . (۳/ ۵۴۱ ، كتاب الحج ، مطلب في حكم صلاة العيد والجمعة في منى)

ما في " شرح اللباب " : ولا يقف عندها في جميع أيام الرمي للدعاء .

(ص/ ۲۶۹ ، ط : بيروت)

ما في " غنية الناسک في بغية المناسک " : وإذا فرغ من الرمي لا يقف للدعاء عند هذه الجمرة (أي عقبة) في الأيام كلها بل ينصرف داعيًا . (ص/ ۹۲ ، ط : إدارة القرآن ، فتاوى قاضي خان على هامش الهندية : ۱/ ۲۹۶ ، فصل في كيفية الحج) (فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۳/ ۳۸۱، یوم النحر کی رمی کے بعد دعا کے لیے کھڑے ہونے کا حکم، عمدۃ الفقہ: ۴/ ۴۴۹، معلم الحجاج: ص/ ۱۷۲)

نہ پڑھیں، روایات کی روشنی میں مذکورہ اعمال کی مُمانَعت کا ثبوت ہے، نیز حضرت ہاجرہ علیہا السلام کا عمل مردوں کے لیے برقرار رکھا گیا، اور عورتوں کے لیے باقی نہیں رکھا گیا، کیوں کہ دوڑنا اُن کا ایک وقتی عمل تھا، اور ضرورت کی وجہ سے تھا، ہاں! البتہ مردوں کے لیے اس کو بطورِ یادگار برقرار رکھا گیا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " إعلاء السنن " : عن ابن عمر رضي الله تعالى عنه قال : " ليس على النساء رمل بالبيت ، ولا بين الصفا والمروة " . أخرجه الدار قطني . [۱/۲۸۷ ، رجاله ثقات] . وعن ابن عمر رضي الله تعالى عنه قال : " لا تصعد المرأة على الصفا والمروة ، ولا ترفع صوتها بالتلبية " . [رواه الدار قطني : ۱/۲۸۷ ، ورجاله ثقات] .

(۱۰/۲۵۳ ، ۲۵۴ ، باب لا ترفع المرأة صوتها بالتلبية ولا ترمل ولا تسعى ولا تستلم الحجر إلا أن تجد الموضع خاليًا ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " مسند الإمام الشافعي " : عن منبوذ بن أبي سليمان عن أمه أنها كانت عند عائشة رضي الله تعالى عنها زوج النبي ﷺ فدخلت عليها مولاة لها ، فقالت لها : يا أم المؤمنين طفت بالبيت سبعًا ، واستلمت الركن مرتين أو ثلاثًا فقالت لها عائشة : لا أجرك الله ، لا أجرك الله ، تدفعين الرجال ، ألا كبرت الله ومررت . (ص/۳۴۵)

ما في " حاشية مسند الإمام الشافعي " : قد فهمنا من الحديث السابق ؛ أنه إذا اشتد الزحام على الحجر الأسود فلا داعي لانتظار الرجال ولتزاحمهم ، وقد بين هذا الحديث أن النساء أولى بهذا الحكم وأنهن لا ينبغي لهن أن تزاحمن الرجال لما في ذلك من الإخلال بالأدب ، ولذا أنكرت عائشة على مولاتها مدافعتها الرجال واستلام الركن ودعت بأن يحرمها الله الأجر ، وقالت لها : ألا كبرت ومررت أي هذا الذي كان ينبغي لك . (ص/۳۴۵ ، رقم الحاشية : ۱) (تحفة الفقهاء : ۱/۴۱۴ ، غنية الناسك في بغية المناسك : ص/۱۳۱)

(فتاویٰ دارالعلوم زکریا:۳/۳۶۸،عورتوں کے لیے رمل،مقامِ ابراہیم کے پیچھے نماز،اور تلبیہ بالجہر کا حکم)

(معلم الحجاج:ص/۱۱۰)

توسیع کے بعد مسعیٰ کا حکم

مسئلہ (۹۷): مسجد حرام میں توسیع کے بعد مسعیٰ (صفا ومروہ) مسجد حرام کے ضمن میں تو آ گیا، لیکن مسجد حرام کے حکم میں نہیں ہے، بلکہ اپنے سابقہ حکم پر باقی رہے گا، یعنی ناپاک وحدثِ اکبر والے لوگوں (حائضہ اور جنبی وغیرہ) کا داخلہ اس میں ممنوع نہ ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ان الصفا والمروة من شعآئر اللّٰه فمن حجّ البيت او اعتمر فلا جناح عليه ان يطوّف بهما﴾ . (سورة البقرة :۱۵۸)

ما في " مجلة المجمع الفقهي الإسلامي " : القرار الثالث : بشأن حكم المسعى بعد التوسعة السعودية هل تبقى له الأحكام السابقة أم يدخل حكمه ضمن حكم المسجد ؟ الحمد للّٰه ! والصلاة والسلام على من لا نبي بعده ، سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وسلم أما بعد : فإن مجلس المجمع الفقهي الإسلامي برابطة العالم الإسلامي في دورته الرابعة عشرة المنعقدة بمكة المكرمة التي بدأت يوم السبت ۲۰ من شعبان ۱۴۱۵هـ ۱۹۹۵/۱/۲۱م ، قد نظر في هذا الموضوع ، فقرر بالأغلبية أن المسعى بعد دخوله ضمن مبنى المسجد الحرام لا يأخذ حكم المسجد ولا تشمله أحكامه ؛ لأنه مشعر مستقل يقول اللّٰه عز وجل : ﴿إن الصفا والمروة من شعآئر اللّٰه فمن حج البيت أو اعتمر فلا جناح عليه ان يطوف بهما﴾ [البقرة :۱۵۸] وقد قال بذلك جمهور الفقهاء ، ومنهم الأئمة الأربعة ، وتجوز الصلاة فيه متابعة للإمام في المسجد الحرام ، كغيره من البقاع الطاهرة ، ويجوز المكث فيه والسعي للحائض والجنب ، وإن كان المستحب في السعي الطهارة . واللّٰه أعلم . (ص/۲۹۵)

(فتاویٰ دارالعلوم زکریا:۳/۳۶۵،۳۶۶، مسجد حرام کی توسیع کے بعد مسعیٰ کا حکم)

حجر اسود کی محاذات میں لکیر

مسئلہ (۹۸): مطاف میں حاجیوں کی آسانی کے لیے اب تک حجر اسود کی مُحاذات معلوم کرنے کے لیے ایک لکیر ہوا کرتی تھی، لیکن حکومت نے اس لکیر کو مٹا دیا ہے، اور بالکل حجر اسود کی مُحاذات میں سبز رنگ کی لائٹیں لگوائی گئی ہیں، بہت سے حاجی کتابوں میں پڑھی ہوئی اس لکیر کو دیکھنے میں حجر اسود کے آگے نکل جاتے ہیں، اور پھر طواف شروع کر دیتے ہیں، جب کہ حاجیوں کو چاہیے کہ دائیں طرف کی سبز لائٹوں کو دیکھیں، اور احتیاطاً ذرا اُس سے پہلے سے طواف شروع کر دیں، اور وہیں پر طواف ختم کریں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن جابر رضي الله تعالى عنه قال : " لما قدم النبي ﷺ مكة دخل المسجد فاستلم الحجر ثم مضى على يمينه " .

(۱/۱۷۴ ، كتاب الحج ، باب كيفية الطواف ، ط : قديمي)

ما في " شرح لباب المناسک " : ثم يقف مستقبل البيت بجانب الحجر الأسود مما يلي الركن اليماني بحيث يصير جميع الحجر عن يمينه ويكون منكبه الأيمن عند طرف الحجر فنوى الطواف وهذه الكيفية مستحبة أي للخروج عن خلاف من يشترط المرور على الحجر بجميع بدنه . قال الكرماني : وهو الأكمل والأفضل عند الكل ؛ لأن الخروج عن الخلاف مستحب بالإجماع . (ص/۱۴۴ ، ط : بيروت)

(بحوالہ فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۳/۳۶۳، ۳۶۴، مسجد حرام کی توسیع کے بعد مسعیٰ کا حکم)

احرام کی حالت میں خون کا نکلنا

مسئلہ (۹۹): بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اگر احرام کی حالت میں مرض کی وجہ سے ڈاکٹر نے سوئی لگائی، جس سے قدرے (تھوڑا سا) خون نکالا، یا مسواک کیا جس سے دانتوں سے خون نکلا، تو دم یا صدقہ واجب ہوتا ہے، اُن کا یہ خیال صحیح نہیں ہے، صحیح بات یہ ہے کہ مذکورہ دونوں صورتوں میں کوئی جزا لازم نہیں[۱]، کیوں کہ خون نکالنا یعنی فصد لینا (پچھنہ لگوانا) اور مسواک کرنا، ہر حالت میں (خواہ احرام میں ہو یا غیر احرام میں) سنت ہے۔[۲]

استلامِ حجر کے وقت چاندی کے حلقہ کو ہاتھ نہ لگائیں!

مسئلہ (۱۰۰): حجر اسود کو استلام کرتے وقت ہاتھ لگانے اور بوسہ دینے میں یہ خیال رہے کہ جو گول حلقہ چاندی کا، حجر اسود پر چڑھا ہوا ہے، اس کو ہاتھ نہ لگے، اور نہ اُس حلقے کو بوسہ دے، کیوں کہ اس سے چاندی کا استعمال لازم آئے گا، جو ممنوع ہے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) (منتخبات نظام الفتاویٰ: ۲/ ۵۵، بحالت احرام خون نکلنے سے کیا دم واجب ہوگا؟ ط: ایفا پبلی کیشنز نئی دہلی)

(۲) ما في " مسند أحمد بن حنبل " : عن مكحول قال : قال أبو أيوب : قال رسول الله ﷺ : " أربع من سنن المرسلين : التعطّر والنكاح والسواك والحياء " .

(۱۷/ ۴۱، رقم : ۲۳۴۷۱)

(الموسوعة الفقهية : ۱۲/ ۱۷۴، تطيب ، تطيب الرجل والمرأة)=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=ما في " فقه السنة " : السواك مطهرة للفم مرضاة للرب . (۱/۳۴)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الأمور التي تباح في الإحرام كل ما ليس محظورًا ولا مكروهًا ؛ لأن الأصل في الأشياء الإباحة ..... ۱۳۰ – والسواك نص على إباحته الحنفية وليس هو محل خلاف . ..... ۱۰۵ – والفصد والحِجامة بلا نزع شعر جائزة عند فقهاء المذاهب الأربعة . اهـ . (۲/۱۶۹ ، ۱۷۰ ، إحرام ، ما يُباح في الإحرام)

الحجة على ما قلنا :

(۳) ما في " الموسوعة الفقهية " : قال النووي : قال أصحابنا : أجمعت الأمة على تحريم الأكل والشرب وغيرهما من الاستعمال في إناء ذهب أو فضة ..... وهذا الذي قاله النووي محل اتفاق بين المذاهب الأربعة في تحريم الأكل والشرب ، وكذا سائر أنواع الاستعمالات . (۳۲/۱۶۲ ، فضة ، استعمال الأواني المصنوعة من الفضة)

(زبدۃ المناسک:۱/۹۷،بحوالہ محمود الفتاویٰ:۵/۲۸۷،حجر اسود کے بوسہ میں چاندی کے دائرہ سے بچیں!)

اپنے کو ''حاجی'' لکھنا یا کہلوانا

مسئلہ (۱۰۱): دیگر عبادات کی بہ نسبت حج کرنے والوں کی تعداد کم ہوتی ہے، اس لیے بطور امتیاز حج کرنے والوں کو حاجی لکھ دیا، یا کہا جاتا ہے، اور بقیہ عبادات کرنے والوں کو نمازی، زکاتی نہ کہا جاتا ہے، نہ لکھا جاتا ہے، کیوں کہ ان اعمال کے کرنے والے اتنی کثیر تعداد میں ہوتے ہیں کہ اس صفت سے امتیاز کا مقصد حاصل نہیں ہوسکتا[۱]، تاہم ریاکاری اور شہرت کی غرض سے اپنے کو ''حاجی'' کہلوانا مذموم ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) (امداد الفتاویٰ: ۵/۱۸۳، بحوالہ کتاب النوازل: ۷/۲۷۴، ۲۷۵، حاجیوں کو ''الحاج'' کیوں کہا جاتا ہے؟)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما أُمروا إلا ليعبدوا اللّٰه مخلصين له الدين﴾. (سورة البينة :۵) وقوله تعالى : ﴿فمن كان يرجوا لقاء ربه فليعمل عملاً صالحاً ولا يشرك بعبادة ربه أحدًا﴾ . (سورة الكهف :۱۱۰)

ما في " أدب الدنيا والدين " : قال جميع أهل التاويل معنى قوله : ﴿ولا يشرك بعبادة ربه أحدًا﴾ أي لا يرائي بعمله أحداً فجعل الرياء شركاً . وقال تعالى : ﴿ولا تجهر بصلاتك ولا تخافت بها﴾. [سورة الإسراء :۱۱۰] قال الحسن البصري : لا تجهر بها رياء ولا تخافت بها حياء . (ص ۸۵)

ما في " صحيح مسلم " : ..... قال : " فأخبرني عن الإحسان ؟ قال : " أن تعبد اللّٰه كأنك تراه فإن لم تكن تراه فإنه يراك " ... الحديث . (۱۶/۲، كتاب الإيمان ، باب بيان الإيمان والإسلام والإحسان الخ ، ط : دار احياء التراث العربي)

ما في " مرقاة المفاتيح " : المخلص في الطاعة يوصل الفعل الحسن إلى نفسه ، والمرائي يبطل عمل نفسه . (۱۲۰/۱)=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=ما في " صحيح البخاري " : قال النبيﷺ : " من سمع سمع الله به ، ومن يرائي يرائي الله به " . متفق عليه . (حديث : ۶۴۹۹، صحيح مسلم : حديث : ۲۹۸۷[۴۸])

ما في " مرقاة المفاتيح " : درجات الرياء أربعة أقسام : الأولى وهي أغلظها – أن لا يكون مراده الثواب أصلاً كالذي يصلي بين أظهر الناس ولو انفرد لكان لا يصلي ..... فهو الممقوت عند الله تعالى . (۵۰۳/۹ ، كتاب الرقاق ، باب الرياء والسمعة)

وما في " مسند أحمد بن حنبل " : عن شداد بن أوس رضي الله عنه قال : سمعت رسول اللهﷺ يقول : " من صلى يرائي فقد أشرك ومن صام يرائي فقد أشرك ومن تصدق يرائي فقد أشرك " . (۲۷۶/۱۳ ، رقم : ۱۷۰۷۵)

ما في " الشامية " : اعلم أن إخلاص العبادة لله تعالى واجب ، والرياء ..... فيها حرام بالإجماع للنصوص القطعية ، وقد سمى عليه الصلاة والسلام الرياء الشرك الأصغر وهذه النية لتحصيل الثواب لا لصحة العمل ؛ لأن الصحة تتعلق بالشرائط والأركان ، والنية هي شرط لصحة الصلاة ..... الرياء الكامل المحبط للثواب من أصله كما إذا صلى لأجل الناس ولولا هم ما صلى . (۵۲۲/۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع)

(البحر الرائق : ۳۷۸/۸ ، فصل في البيع)

ما في " آپ کے مسائل اور اُن کا حل " : ''حج کی سعادت حاصل کرنے کے بعد اپنے نام کے ساتھ لفظ ''حاجی'' کا لقب لگانا ریاکاری کے سوا کچھ نہیں، ہاں البتہ! دوسرے لوگ اگر ''حاجی صاحب'' کہیں، تو مضائقہ نہیں، لیکن خود اپنے نام کے ساتھ ''حاجی'' کا لفظ لکھنا بالکل غلط ہے۔

(۴۰۴/۵، حج کرنے کے بعد حاجی کہلانا اور نام کے ساتھ لکھنا، حج کے متفرق مسائل، ط: جدید ایڈیشن)

کتاب الأضحیۃ

قربانی کے احکام ومسائل

دو انتہائیں؛ ناپسند!

مسئلہ (۱۰۲): اِفراط وتفریط، یعنی انتہائی زیادتی اور انتہائی کمی کسی بھی چیز میں اچھی نہیں، ان سے عبادت ہو یا معاشرت، نیکی ہو یا رَویّے کا حلیہ بگڑ جاتا ہے، اعتدال ومیانہ روی اس کائنات کا ایسا حسن ہے، جو فطرت سے لے کر صنعت تک، ہر چیز کو توازُن اور حقیقی خوبصورتی بخشتا ہے۔ قربانی کے حوالے سے ہمارے ہاں کسی درجے میں افراط وتفریط پایا جاتا ہے، بعض حضرات وہ ہیں جو اس کے لیے نہایت قیمتی نسل، خوبصورت ڈیل ڈول، انسان کو مبہوت وحیران کردینے والا حجم وشکل اور کئی لاکھ سے تجاوز کرتی قیمت پر مشتمل جانور خریدنے کے لیے پاپڑ بیلتے ہیں، اور دیگر بعض اتنے دُبلے پتلے جانور خریدتے ہیں کہ دُور سے ہی اُن کی تمام پسلیاں شمار کی جاسکتی ہے، جب کہ اِسراف اور بخل یہ ایسی دو انتہائیں ہیں جن کو شریعت پسند نہیں کرتی، اور خود قربانی کا عمل اِن کی نفی کرتا ہے۔

اور بعض لوگ وہ ہیں جو عملِ قربانی کو مغربی فکر ونظر سے سوچتے اور دیکھتے ہیں، اور عین قربانی کے موقع پر اُن کے دلوں میں غریبوں اور مسکینوں کے لیے ہم دردی وخیر خواہی کے جذبات پیدا ہوتے ہیں، اور وہ یہ تجویز پیش کرتے ہیں کہ قربانیوں پر اتنا روپیہ خرچ کرنے سے بہتر یہ ہے کہ اِن روپیوں سے غریبوں کے

لیے فلاحی کام کیے جائیں، انہیں معلوم ہونا چاہیے کہ قربانی کی تاریخ اتنی ہی پرانی ہے جتنی اس دنیا کی، اور قربانی اُس ذات کا حکم ہے جس نے جانور کو پیدا کیا، اور انسان کو مکلّف بنایا کہ وہ جانور کو اپنے خالقِ حقیقی کی رضا کے لیے قربان کرے، اس لیے اس حکم کے خلاف، عقل وقیاس کا کوئی اعتبار نہیں۔ لہٰذا ہم مسلمانوں کو چاہیے کہ قربانی میں اسراف وبخل سے بچیں، اور برضا ورغبت اِس عمل کو انجام دے کر اپنے معبودِ حقیقی کو راضی کرلیں۔ (۱)

وفقنا اللہ لما یحب ویرضی، آمین!

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وكلوا واشربوا ولا تسرفوا ، إنه لا يحبّ المسرفين﴾ . (سورة الأعراف : ۳۱)

ما في " أحكام القرآن لإبن العربي " : الإسراف تعدى الحد ، فنهاهم عن تعدى الحلال إلى الحرام ، وقيل ألا يزيدوا على قدر الحاجة . (۲/۷۸۱)

ما في " كنز العمال " : (عن عمرو بن شعيب عن جده) " كلوا وتصدقوا والبسوا من غير مَخِيلةٍ ولا تسرفوا فإن اللّٰه يحب أن يرى أثر نعمته على عبده " .

(۲/۲۷۴ ، رقم : ۱۷۱۹۳ ، كتاب الزينة والتجمل ، الباب الأول في الترغيب فيه ، السنن الكبرى للنسائي : ۲/۴۱ ، رقم : ۲۳۴۰ ، كتاب الزكاة ، الاختيال في الصدقة)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿والذين إذا انفقوا لم يُسرِفوا ولم يَقتُروا وكان بين ذلك قَوامًا﴾ . (سورة الفرقان : ۶۷)

ما في " تفسير المظهري " : وقال قوم : الإسراف مجاوزة الحد في الإنفاق حتى يدخل في حد التبذير ، والإقتار التقتير عما لا بد منه ..... ﴿وكان﴾ أي الإنفاق ﴿بين ذلك﴾ أي بين الإسراف والإقتار ﴿قواما﴾ قصدا وسطا حسنة بين السيئتين سمى الوسط قواما لاستقامة الطرفين . (۷/۴۷ ، سورة الفرقان ، الآية/۶۷)=

قربانی کے لیے اپنے ملک کے وقت کا اعتبار ہوگا

مسئلہ (۱۰۳): بعض لوگ کہتے ہیں کہ مکہ مکرمہ میں ۹/ذی الحجہ کو قربانی ہوتی ہے، (ہندوستان میں ۹/تاریخ ہوتی ہے اور سعودی میں ۱۰/ذی الحجہ)، تو ہندوستانی باشندوں کو بھی ۹/ذی الحجہ کو ہی قربانی کرنی چاہیے، اس لیے کہ اسلام مکہ ہی سے آیا ہے، اُن کی یہ بات تو صحیح ہے کہ اسلام مکہ ہی سے آیا ہے، لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ جو واجب عبادت مکہ مکرمہ میں جس وقت ادا کی جاتی ہے، تمام ملکوں میں اسی وقت ادا کی جائے گی، کیوں کہ جن واجب عبادتوں کی ادائیگی کے لیے شریعت کی طرف سے اوقات متعین کیے گئے ہیں، ان عبادتوں کی ادائیگی ان اوقات کے داخل ہونے سے پہلے درست نہیں ہے، جیسے نماز، روزہ وغیرہ، اور ظاہر ہے کہ روئے زمین پر جتنے ممالک ہیں اُن کے اوقات مختلف ہیں، لہٰذا ہر ملک کے باشندوں کے حق میں اس کے اپنے ملک کے وقت کا اعتبار ہوگا، سعودی باشندوں کے حق میں وہاں کا وقت معتبر ہوگا، اور ہندوستانی باشندوں کے حق میں یہاں کا وقت معتبر ہوگا۔ (۱)

=ما في " تفسير النسفي " : ﴿والذين اذآ انفقوا لم يسرفوا ولم يقتروا﴾ لم يجاوزوا الحد في النفقة ، أو : لم يأكلوا للتنعم ، ولم يلبسوا للتصلّف ، وعن ابن عباس – رضي اللّٰه عنهما – : لم ينفقوا في المعاصي . فالإسراف مجاوزة حد الأمر ، لا مجاوزة القدر ، ..... وقال ﷺ : " من منع حقا فقد قتر ، ومن أعطى في غير حق فقد أسرف " ..... ﴿وكان﴾ أي : إنفاقهم ﴿بين ذلك﴾ أي : الإسراف ، والإقتار ﴿قواما﴾ عدلا بينهما . فالقوام : العدل بين الشيئين . .... وصفهم بالقصد ؛ الذي هو بين الغلوّ والتقصير . =

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=(۵۴۹/۲ ، سورة الفرقان ، الآية/٦٧ ، كذا في أحكام القرآن للجصاص :۴۴۸/۳)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الاعتدال في اللغة : كون الشيء متناسبًا ، أو صيرورته كذلک ، فإذا مال شيء فأقمته تقول : عدلته فاعتدل . (۲۰۳/۵ ، اعتدال)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " بدائع الصنائع " : وأما وقت الوجوب فأيام النحر فلا تجب قبل دخول الوقت؛ لأن الواجبات المؤقتة لا تجب قبل أوقاتها ، كالصلاة والصوم و نحوهما ، وأيام النحر ثلاثة : يوم الأضحى وهو اليوم العاشر من ذي الحجة ، والحادي عشر ، والثاني عشر ، وذلک بعد طلوع الفجر من اليوم الأول إلى غروب الشمس من الثاني عشر . (۱۹۸/۴ ، كتاب الذبائح)

(فتاویٰ اشاعت العلوم اکل کوا: رقم الفتویٰ:۸۰۶)

بڑھے ہوئے کھُر والے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۰۴): اگر کسی جانور کے کھُر بہت بڑھ جائیں، کہ جب وہ چلے تو ٹھہر ٹھہر کر چلے، تو ایسے جانور کی قربانی شرعاً جائز و درست ہے، محض کھُر کے بڑھ جانے اور اُس کی وجہ سے ٹھہر ٹھہر کر چلنے سے وہ جانور قربانی کی صحت کے لیے مانع نہیں ہے، ہاں! اگر اتنا معذور ہو جائے کہ چل ہی نہ سکے، تو پھر لنگڑے جانور کے حکم میں ہو کر اُس کی قربانی درست نہ ہوگی۔ (۱)

دانت نہ نکلے ہوئے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۰۵): اگر جانور قربانی کی عمر کو پہنچ گیا، مگر اُس کے دانت نہ نکلے ہوں، تو اگر وہ گھاس وچارہ کھا سکتا ہے، تو اس کی قربانی درست ہے، اور اگر نہیں کھا سکتا، تو درست نہیں۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : كل عيب يزل المنفعة على الكمال أو الجمال على الكمال يمنع الأضحية . (۲۹۹/۵)

ما في " فتاوى قاضي خان " : ولا يجوز العرجاء التي لا تقدر على القيام والمشي إلى المذبح وإن قدرت جاز . (۳۳۳/۴ ، كتاب الأضحية ، فصل في العيوب ما يمنع الأضحية وما لا يمنع ، ط : حقانيه) (کتاب النوازل:۱۴/۲۶۵، کھُر بڑھے ہوئے بکرے کی قربانی)

(۲) ما في " بدائع الصنائع " : وأما الهتماء وهي التي لا أسنان لها بأن كانت ترعى وتعتلف جازت وإلا فلا .

(۲۱۵/۴ ، كتاب التضحية ، باب محل التحضية ، ط : دار الكتاب ديوبند)=

سینگ کی خول اُترے ہوئے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۰۶): اگر کسی جانور کے سینگ کی خول اُتر جائے، اور سینگ کا گودا نہ ٹوٹے، تو ایسے جانور کی قربانی درست ہے۔ (۱)

=ما في " الهداية " : وأما الهتماء وهي التي لا أسنان لها ، فعن أبي يوسف أنه يعتبر في الأسنان الكثرة والقلة ، وعنه إن بقي ما يمكن الاعتلاف به أجزأ لحصول المقصود .

(۴۴۸/۴ ، كتاب الأضحية ، ط: ياسر نديم)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وأما الهتماء وهي التي لا أسنان لها ، فقد روي عن هشام عن أبي يوسف أنه لا يجوز سواء كانت تعتلف أو لاتعتلف ، فإن بقي بعض أسنانها إن كانت تعتلف بما بقي من الأسنان جاز وما لا فلا ، وفي جامع الجوامع عن أبي حنيفة التي لا سن لها، ولا تعتلف جاز وإلا فلا ، وفي اليتيمة : كتبت إلى أبي الحسن علي المرغيناني إن كانت تعتلف . (۴۲۸/۱۷ ، كتاب الأضحية ، الفصل : ۵ – ما يجوز من الضحايا ، ط : زكريا)

(کتاب النوازل:۶۵۲/۱۴، ایک سال کا بکرا جس کے دانت نہ نکلے ہوں)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : (ويضحى بالجماء) هي التي لا قرن لها خلقة ، وكذا العظماء التي ذهبت بعض قرنها بالكسر أو غيره ، فإن بلغ الكسر إلى المخ لم يجز .

(۳۹۱/۹ ، كتاب الأضحية ، ط : دار الكتاب ديوبند)

(امداد الفتاویٰ:۵۴۲/۳، حکم قربانی گاوے کہ پوست شاخس دور شدہ باشد، کتاب الذبائح والأضحیۃ والصید والعقیقۃ، فتاویٰ بینات:۵۷۱/۴)

جڑ سے اُکھاڑے گئے سینگ والے جانور کی قربانی

مسئلہ (۱۰۷): جس جانور کے سینگ پیدائش سے نہ ہوں، یا ٹوٹ گئے ہوں، اس کی قربانی درست ہے، ہاں! اگر سینگ جڑ سے ٹوٹ گئے، یا جڑ سے اُکھاڑ دیئے گئے ہوں، اور اس کا اثر دماغ تک پہنچ گیا ہو، تو ایسے جانور کی قربانی درست نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : (ويضحى بالجماء) هي التي لا قرن لها خلقة ، وكذا العظماء التي ذهب بعض قرنها بالكسر أو غيره ، فإن بلغ الكسر إلى المخ لم يجز . قهستاني .
(۹/۴۶۷ ، كتاب الأضحية)

ما في " بدائع الصنائع " : وتجزى الجماء وهي التي لا قرن خلقة ، وكذا مكسورة القرن تجزي لما روي أن سيدنا عليّاً رضي الله عنه سئل عن القرن فقال : لا يضرك ..... فإن بلغ الكسر المشاش لا تجزئ ، والمشاش رؤوس العظام مثل الركبتين والمرفقين .
(۶/۳۱۶ ، كتاب التضحية ، فصل في شروط جواز إقامة الواجب)

(الفتاوى الهندية: ۵/۲۹۷ ، كتاب الأضحية ، الباب الخامس في بيان محل إقامة الواجب)

(فتاویٰ محمودیہ: ۲۶/۲۸۸، فتاویٰ دارالعلوم زکریا افریقہ: ۶/۳۶۰، ۳۶۱، محقق ومدلل مسائل قربانی: ص/۸۷)

(قربانی کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا: ص/۹۱، فتاویٰ اشاعت العلوم اکل کوا: رقم الفتویٰ: ۸۶۷)

دُم بُریدہ (دُم کٹی ہوئی) بھیڑ کی قربانی

مسئلہ (۱۰۸): طبی تجربات سے یہ بات ثابت ہے کہ بھیڑ کو اَمراض سے بچانے کے لیے اُس کی دم کاٹ دینا ضروری ہے، ورنہ بھیڑ اَمراض کا شکار ہوکر نہ صرف یہ کہ انتہائی لاغر ونحیف ہوجائے گا، بلکہ اس کے گوشت کا استعمال انسانی صحت کے لیے بھی مضر ہوسکتا ہے، تو ایسی صورت میں یہ دُم کاٹنا، بھیڑ کو عیب دار بنانا نہیں، بلکہ اس کو عیب سے بچانا ہے، اس لیے دُم بُریدہ (دُم کٹی ہوئی) بھیڑ کی قربانی جائز ودرست ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : وتجوز الثولاء وهي المجنونة إلا إذا كان ذلك يمنع الرعي . (۲۹۸/۵ ، كتاب الأضحية ، الباب الخامس في بيان محل إقامة الواجب ، ط : زكريا ديوبند ، وط : رشيديه كوئٹه باكستان)

ما في " رد المحتار " : ويضحى بالجماء والخصي والثولاء : أي المجنونة . (در مختار) . وفي الشامية : استرخاء في أعضاء الشاة خاصة أو كالجنون يصيبها .

(۳۹۱/۹ ، كتاب الأضحية ، ط : دار الكتاب ديوبند)

(فتاویٰ قاضی ''مجاہد الاسلام قاسمی رحمہ اللہ'': ص/۲۰۴، ۲۰۵، دُم کٹی ہوئی بھیڑ کی قربانی ہوسکتی ہے؟ کتاب الأضحیۃ)

کتاب النکاح

نکاح کے احکام ومسائل

خواتین کے دسترخوان پر مرد ویٹر

مسئلہ(۱۰۹): عموماً شادی کے موقع پر، خواتین کے دسترخوان پر کھانا رکھنے کے لیے، مسلم وغیر مسلم مرد ویٹر ہوتے ہیں، جو خواتین کے انتہائی قریب جاکر ٹیبل پر کھانا رکھتے ہیں، یہ صورت قطعًا درست نہیں، عورت کا غیر محرم کے سامنے عام حالات میں بھی بے پردہ ہونا جائز نہیں، اور اس موقع سے تو عورتیں زیبائش وآرائش کا اہتمام بھی زیادہ کرتی ہیں، لہٰذا فتنہ اور بد نگاہی کا اندیشہ اس صورت میں زیادہ ہے، مسلمانوں کو چاہیے کہ ایسے موقع پر خواتین کے حصے کے لیے کھانا سپلائی کرنے پر عورتوں کو مقرر کریں، اور نکاح جیسے مبارک موقع پر ایسی حرکت نہ کی جائے، جو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی اور غضب کو دعوت دینے والی ہو۔ (۱)

أعاذنا الله منه، آمین!

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما فی " القرآن الكريم " : ﴿يآيها النبي قل لأزواجك وبناتك ونساء المؤمنين يدنين عليهن من جلابيبهن﴾ . (سورة الأحزاب: ۵۹)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قال أبو بكر : في هذه الآية دلالة على أن المرأة الشابة مأمورة بستر وجهها عن الأجنبيين وإظهار الستر والعفاف عند الخروج ؛ لئلا يطمع أهل الريب فيهن . (۴۸۶/۳)=

نکاح میں نوشہ کے ہاتھ میں چاقو، کٹار

مسئلہ (۱۱۰): نکاح ایک مذہبی عمل ہے، اور رسول اکرم ﷺ نے امورِ دین میں کسی نئی بات ایجاد کرنے کو بہت ہی سختی سے منع فرمایا ہے، چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: " مَنْ أَحْدَثَ فِيْ أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ "۔ "جو اُمورِ دین میں کسی بات کا اضافہ کرے جو اس میں ثابت نہ ہو، وہ قابلِ ردّ ہے۔"(۱) آپ ﷺ سے احکامِ نکاح اور طریقۂ نکاح تفصیل کے ساتھ حدیث اور سیرت کی کتابوں میں منقول و مذکور ہیں، جن میں نکاح کے موقع پر نوشہ کا اپنے ہاتھ میں چاقو، کٹار وغیرہ لینے کا کوئی ذکر نہیں ہے، یہ محض جاہلانہ اور بے معنی رسم ہے، اس لیے ایسی غیر شرعی باتوں سے پوری طرح اجتناب کرنا چاہیے۔

ما في " جامع الترمذي " : عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه ، أن رسول الله ﷺ ..... قال : " من غشّ فليس منا " . قال أبو عيسى : والعمل على هذا عند أهل العلم كرهوا الغشّ وقالوا : الغش حرام . (۲۴۵/۱)

ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق العلماء على أن الغشّ حرام ، سواء أكان بكتمان العيب في المعقود عليه أو الثمن ، أم بالكذب والخديعة ، وسواء أكان في المعاملات أم في غيرها من المشورة و النصيحة . (۲۱۹/۳۱)

ما في " رياض الصالحين " : عن ابن مسعود رضي الله عنه ، عن النبي ﷺ قال : " إن الصدق يهدي إلى البرّ ، وإن البرّ يهدي إلى الجنة ، وإن الرجل ليصدُق حتى يُكتب عند الله صدّيقًا ، وإن الكذب يهدي إلى الفجور ، وإن الفجور يهدي إلى النار ، وإن الرجل ليكذِب حتى يُكتب عند الله كذّابًا " . متفق عليه . (ص/۴۶ ، رقم :۵۴ ، باب الصدق ، ط : مكتبة الإحسان ديوبند) (فقہی فکری واصلاحی مقالات ومضامین: ص/۳۶۷، سرکاری اسکیموں سے استفادہ)

(تجاویز بابت سرکاری اسکیموں سے استفادہ، تجویز نمبر:۸، اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا)

عوام کی طرف سے حکومت کا سود ادا کرنا

مسئلہ (۱۵۵): بعض اسکیموں میں تعلیم یا کسی اور مقصد کے لیے حکومت بینک سے قرض دلاتی ہے، اور اس پر جو انٹرسٹ عائد ہوتا ہے، وہ خود مقروض کو ادا کرنا نہیں ہوتا ہے، بلکہ اس کی طرف سے حکومت ادا کرتی ہے، یا اس کا بڑا حصہ حکومت ادا کرتی ہے، اور بہت تھوڑا سا حصہ خود مقروض کو ادا کرنا ہوتا ہے، تو اگر پورا سود حکومت ادا کرتی ہے، تو اس طرح کا قرض لینا جائز ہے[۱]، اور اگر سود کا بڑا حصہ حکومت ادا کرتی ہے، اور معمولی حصہ مقروض کو ادا کرنا پڑتا ہے، اور یہ معمولی حصہ اتنا ہے کہ معتبر اصحابِ افتاء کی رائے میں اُسے انتظامی خرچ یا سروس چارج کہا جاسکتا ہو، تو اس طرح کا قرض لینے کی بھی گنجائش ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : يسقط حق المبرأ منه [۱] إذا كان قابلا للإسقاط . [۲] إذا وقع الإبراء مشروعًا . [۳] إذا لم يكن لفظ الإبراء مقيدًا بقيد يفيد الشك . [۴] إذا كان الإبراء غير معلق بشرط . (۸۰/۴ ، أحكام الإبراء)

ما في " تنوير الأبصار وشرحه " : الهبة : هي شرعًا تمليك العين مجانًا أي بلا عوض، وسببها إرادة الخير للواهب ، وينوى كعوض ومحبة وحسن ثناء . (رد المحتار :۴۲۳/۸ ، كتاب الهبة ، الدر المنتقى شرح الملتقى : ۴۸۹/۳ ، كتاب الهبة ، البحر الرائق :۴۸۳/۷)

ما في " الاختيار لتعليل المختار " : الهبة : وهي العطية الخالية عن تقدم الاستحقاق ، وهي أمر مندوب وضيع محمود محبوب وقبولها سنة فإنه قبل هدية العبد . (۵۳۳/۲ ، الهبة)

ما في " فتح باب العناية " : هي تمليك عين بلا عوض ومعناها إيصال ما ينفع مالا كان أو غيره . (۴۰۹/۲ ، كتاب الهبة)=

سرکاری اِمداد سودی رقم سے

مسئلہ (۱۵۶): سرکار کی بعض ایسی اسکیمیں بھی ہیں، جن میں حکومت نے ایک محفوظ فنڈ قائم کردیا ہے، جس کو بینک میں ڈپازٹ کردیا گیا ہے، اور اس کے انٹرسٹ سے جو رقم حاصل ہوتی ہے، اس سے تعلیمی ورفاہی اداروں اور افراد واشخاص کا تعاون کیا جاتا ہے، گویا حکومت یا حکومت کا ادارہ انٹرسٹ وصول کرتا ہے، اس کا مالک بن جاتا ہے، اور اسکیم سے استفادہ کرنے والے حضرات کی مدد کرتا ہے، تو اگر استفادہ کرنے والے حضرات واقعی مستحق ومحتاج ہیں، تو ان کے لیے اس طرح کی رقم لینے کی بھی گنجائش ہے۔ (۱)

=(۲) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : قال صاحب التنوير التمرتاشي : الربا شرعًا فضل خال عن عوض بمعيار شرعي مشروط لأحد المتعاقدين في المعاوضة . (تنوير الأبصار) . (۷/۳۹۸ - ۴۰۱) (فقہی فکری واصلاحی مقالات ومضامین: ص/۳۶۷، سرکاری اسکیموں سے استفادہ، تجاویز بابت سرکاری اسکیموں سے استفادہ، تجویز نمبر:۹، اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن أنس رضي الله تعالى عنه ، أن النبي ﷺ أتي بلحم تصدق على بريرة ، فقال : " هو عليها صدقة وهو لنا هدية " .

(۱/۲۰۲ ، كتاب الزكاة ، باب إذا تحولت الصدقة)

(صحيح مسلم : ۱/۳۴۵ ، كتاب الزكاة ، باب إباحة الهدية للنبي ﷺ)

ما في " أصول الشاشي " : قوله تعالى : ﴿للفقرآء المهاجرين الذين اخرجوا من ديارهم﴾ الآية ؛ فإنه سيق لبيان استحقاق الغنيمة ، فصار نصًّا في ذلك ، وقد ثبت فقرهم بنظم النص ، فكان إشارة إلى أن استيلاء الكافر على مال المسلم سببٌ لثبوت الملك للكافر ؛ إذ لو كانت الأموال باقية على ملكهم لا يثبت فقرهم ، ويُخرّج منه الحكم في مسألة الاستيلاء،=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

= وحكم ثبوت الملك للتاجر بالشراء منهم وتصرفاته من البيع والهبة والإعتاق ، وحكم ثبوت الاستغنام ، وثبوت الملك للغازي ، وعجز المالك عن انتزاعه من يده .

(ص/٦٩ ، ٧٠ ، البحث الأول في كتاب الله ، فصل في متعلقات النصوص ، ط : مكتبة البشرى كراتشي)

ما في " الموسوعة الفقهية " : فالأصل بالنسبة للمال المعصوم المملوك للغير أن الاستيلاء عليه محرّم ، إلا إذا كان مستندًا إلى طريق مشروع . (۱۵۸/۴ ، استيلاء)

ما في " رد المحتار " : والحاصل أنه إن علم أرباب الأموال وجب ردّه عليهم ، وإلا فإن علم عين الحرام لا يحلّ له ، ويتصدق به بنية صاحبه . (۳۰۱/۷ ، كتاب البيوع ، مطلب فيمن ورث مالا حراما ، الموسوعة الفقهية : ۴۰۷/۳۹ ، الكسب الناشي عن الميسر ، الفتاوى الهندية : ۳۴۹/۵ ، كتاب الكراهية ، الباب الخامس عشر في الكسب)

ما في " بذل المجهود " : صرح الفقهاء بأن من اكتسب مالاً بغير حق ، فأما إذا كان عند رجل مال خبيث ، فأما إن ملكه بعقد فاسد أو حصل له بغير عقد ولا يمكنه أن يرده إلى مالكه، ويريد أن يدفع مظلمة عن نفسه ، فليس له حيلة إلا أن يدفعه إلى الفقراء . (۳۵۹/۱)

(فقہی فکری واصلاحی مقالات ومضامین: ص/۳۶۷، سرکاری اسکیموں سے استفادہ)

(تجاویز بابت سرکاری اسکیموں سے استفادہ، تجویز نمبر: ۱۰، اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا)

سرکاری خزانہ میں مسلمانوں کا حق

مسئلہ (۱۵۷): دوسری قومی اِکائیوں کی طرح مسلمانوں کا بھی سرکاری خزانہ میں حق ہے[۱]، اس لیے سرکاری اسکیموں سے مسلمانوں کو استفادہ کرنا چاہیے، بشرطیکہ اس میں کوئی ایسی بات نہ ہو، جو شرعاً ممنوع ہے، یعنی سود، رشوت کا لین دین، اور ناحق طریقے سے دوسروں کا مال کھانا۔[۲]

نیز مسلم دانش وروں، تنظیموں، اِداروں کے نمائندوں اور ذمہ داروں کو چاہیے کہ سرکاری جائز اسکیموں کا، لوگوں میں زیادہ سے زیادہ تعارُف کرائیں، اور بلا معاوضہ[۳] ممکنہ تعاوُن کی صورتیں پیدا کریں۔[۴]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : والمال العام هنا : هو كل مال ثبتت عليه اليد في بلاد المسلمين ، ولم يتعين مالكه ، بل هو لهم جميعًا . (۲۴۲/۸ ، بيت المال)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تأكلوآ أموالكم بينكم بالباطل وتدلوا بهآ إلى الحكام لتأكلوا فريقًا من أموال الناس بالإثم وأنتم تعلمون﴾ . (سورة البقرة :۱۸۸)

ما في " البحر المحيط " : قال أبو حيان رحمه الله تعالى : الباطل هو كل طريق لم تبحه الشريعة ، فيدخل فيه السرقة والخيانة والغصب والقمار وعقود الربا وأثمان البياعات الفاسدة . (۳۲۲/۳)

ما في " تفسير المظهري " : ﴿ولا تأكلوآ أموالكم بينكم بالباطل﴾ كالدعوى الزور ، والشهادة بالزور ، أو الحلف بعد إنكار الحق ، أو الغصب والنهب والسرقة والخيانة ، أو القمار ، وأجرة المغني ومهر البغي ، وحلوان الكاهن ، وعسب التيس ، والعقود الفاسدة أو الرشوة وغير ذلك من الوجوه التي لا يبيحه الشرع . (۲۳۶/۱)=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=(۳) ما في " الموسوعة الفقهية " : التبرع : بذل المكلف مالا أو منفعة لغيره في الحال أو المآل بلا عوض بقصد البر والمعروف غالبًا . (۱۰/ ۶۵، تبرُّع)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وتعاونوا على البرّ والتقوىٰ﴾ . (سورة المائدة : ۲)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : قال الأخفش : وهو أمر لجميع الخلق بالتعاون على البرّ والتقوىٰ أي ليعن بعضكم بعضًا . (۶/ ۴۶)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : ﴿وتعاونوا على البرّ والتقوى﴾ يقتضي ظاهره إيجاب التعاون على كل ما كان طاعة لله تعالى ؛ لأن البر هو طاعات الله . (۲/ ۳۸۱)

ما في " التفسير لإبن كثير " : يأمر تعالى عباده المؤمنين بالمعاونة على فعل الخيرات وهو البر ، وترک المنكرات وهو التقوى . (۱/ ۴۷۸)

ما في " عون المعبود " : قال رسول الله ﷺ : " من دلّ على خير فله مثل أجر فاعله " .

(ص/ ۲۱۸۸ ، رقم : ۵۱۲۹ ، كتاب الأدب ، باب في الدال على الخير)

(تجاویز بابت: سرکاری اسکیموں سے استفادہ، تجویز نمبر: ۱۱، ۱۲، اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا)

ایزی پیسہ موبائل اکاؤنٹ Easy Paisa Mobile Account

مسئلہ (۱۵۸): ''ایزی پیسہ موبائل اکاؤنٹ'' (Easy Paisa Mobile Account) میں کمپنی جو پیسہ موبائل میں بیلینس رکھ کر، گاہک کو فری منٹس (Free Minuts) اور ایس ایم ایس (Sms) دیتی ہے، تو واضح ہو کہ ''ایزی پیسہ'' میں اکاؤنٹ کھلوانا فی نفسہ جائز ہے، مگر اس میں رکھے ہوئے پیسوں کی حیثیت قرض کی ہے، اور کمپنی کی طرف سے اس رقم پر دیئے جانے والے فری منٹس (Free Minuts)، ایس ایم ایس (Sms) وغیرہ قرض پر نفع ہے، جو سود ہے، اور ناجائز وحرام ہے، لہٰذا اس کے لینے سے احتراز لازم ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فيض القدير " : " كل قرض جرّ منفعة فهو ربا " . (۲۸/۵ ، رقم :۶۳۳۶، كنز العمال :۱۹۹/۶ ، كتاب الدين والسلم ، فصل في لواحق كتاب الدين ، رقم :۱۵۵۱۲)

(ارواء الغليل في تخريج أحاديث منار السبيل :۲۳۵/۵ ، رقم : ۱۳۹۸)

ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : عن فضالة بن عبيد صاحب النبي ﷺ أنه قال : " كل قرض جّر منفعة فهو وجه من وجوه الربا " . موقوف .

(۵۷۳/۵ ، كتاب البيوع ، باب كل قرض جر منعفة فهو ربا ، رقم :۱۰۹۳۳)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وفي الخلاصة : القرض بالشرط حرام ، والشرط لغو ... وفي الأشباه : كل قرض جرّ نفعا حرام . (۳۹۴/۷ ، ۳۹۵ ، باب المرابحة والتولية ، مطلب كل قرض جرّ نفعا حرام) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۲۳۷۶۵)

كتاب الإجارة

اجارہ کے احکام ومسائل

بینک کا کورس سیکھنا

مسئلہ (۱۵۹): اگر بینک کے کورس میں فرضی سود کے حساب کی مشق کرائی جاتی ہے، تو اس طریقۂ حساب کے سیکھنے سکھانے کی گنجائش ہے، اسے آدمی دوسری جگہ کام میں لاسکتا ہے، لہٰذا اس نیت سے نہ سیکھے کہ ہم بینک میں ہی ملازمت کریں گے [۱]، اور اگر کوئی مخصوص کورس ایسا ہے، جو سودی بینک ہی میں کام آتا ہے، دوسرا کوئی استعمال یا فائدہ اس کورس کا نہیں ہے، تو پھر اس کا حکم مختلف ہوگا، یعنی اس کا سیکھنا جائز نہ ہوگا۔ [۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : الأمور بمقاصدها .

(۱/۱۱۳ ، كذا في قواعد الفقه :ص/۶۲ ، قاعدة : ۵۱)

ما في " اعلام الموقعين " : وسيلة المقصود تابعة للمقصود وكلاهما مقصود .

(۳/ ۱۷۵ ، فصل في سد الذرائع)

(۲) ما في " سنن ابن ماجة " : عن عبد الله بن مسعود عن أبيه قال : " لعن رسول الله ﷺ آكل الربوا وموكله وشاهديه وكاتبه " . (۱/۱۶۵)

(سنن أبي داود : ۲/۳۷۴ ، باب في اكل الربوا)

(چند اہم عصری مسائل:۲/۲۹۲،بینک کی ملازمت اور سودی حساب سیکھنے کا حکم)

سودی بینک کی ملازمت

مسئلہ (۱۶۰): بینک میں ایسی ملازمت جس میں سود کی لکھا پڑھی کرنی پڑے، یا سودی دستاویز کی تصدیق یا منظوری دینی پڑے، ناجائز ہے[۱]، اور ایسے کام کی تن خواہ بھی ناجائز ہے[۲]، اگر کسی شخص کو سودی لین دین اور اس کا حساب وکتاب لکھنے کی ملازمت ہے، تو اسے چاہیے کہ دوسرا جائز ذریعۂ معاش تلاش کرنے کی سعی بلیغ کرے، اور اللہ سے توبہ واستغفار بھی کرتا رہے[۳]، جیسے ہی دوسرا ذریعہ فراہم ہوجائے، تو اسے ترک کردے، کیوں کہ حدیث میں جس طرح سود لینے اور دینے والے پر لعنت بھیجی گئی ہے، اسی طرح اس کی لکھا پڑھی کرنے اور گواہ بننے والے پر بھی لعنت بھیجی گئی ہے۔[۴]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " :﴿وأحل الله البيع وحرم الربوا﴾ . (سورة البقرة : ۲۷۵)

(۲) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (لا تصح الإجارة لعسب التيس) وهو نزوه على الإناث (و) لا (لأجل المعاصي مثل الغناء والنوح والملاهي) . (تنوير مع الدر) .

(۹/۷۵ ، كتاب الإجارة ، باب الإجارة الفاسدة ، مطلب في الاستئجار على المعاصي ، البحر الرائق : ۸/۳۵ ، كتاب الإجارة ، باب الإجارة الفاسدة)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿واستغفروا ربكم ثم توبوا إليه إن ربي رحيمٌ ودود﴾ . (سورة هود : ۹۰) ﴿فقلت استغفروا ربكم إنه كان غفّارًا ۝ يرسل السمآء عليكم مدرارًا ۝ ويمددكم بأموال وبنين ويجعل لكم جنّٰت ويجعل لكم أنهارًا ۝﴾ . (سورة نوح : ۱۰، ۱۱ ، ۱۲) وقوله تعالى : ﴿واستغفروا الله إن الله غفورٌ رحيمٌ﴾ . (سورة المزمل : ۲۰)

ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها ، عن النبي ﷺ قال : " فإن العبد=

.....

.....

=إذا اعترف ثم تاب ، تاب الله عليه " .

(ص/۷۳۵ ، كتاب المغازي ، باب حديث الإفك ، رقم : ۴۱۴۱)

(صحيح مسلم : ۵۴/۹ ، كتاب التوبة ، حديث الإفك ، ط : بيروت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : التوبة هي : النّدَم والإقلاعُ عن المعصية من حيث هي معصية ، لا – لأن فيها ضررًا لبدنه وماله ، والعزم على عدم العود إليها ، إذا قدر .....

وعرّفها الغزالي بأنها : العلم بعظَمة الذنوب ، والنَّدَم والعزم على الترك في الحال والاستقبال ، والتلافي للماضي ..... وقد تُطلق التوبة على الندم وحدهُ .....

ولهذا قال النبي ﷺ : " النَّدَم توبةٌ " . والندَم توجُّعُ القلب وتحزّنه لِما فعل وتمنّي كونه لم يفعل . (۱۱۹/۱۴ ، توبة ، حاشية الصاوي على الشرح الصغير

(بلغة السالک ، ۷۳۸/۴ ، ط : دار المعارف ، روح المعاني :۱۵۸/۲۸ ، ط : احياء التراث ، احياء علوم الدين للغزالي :۳/۴ ، ط : مصطفى الحلبي)

(۴) ما في " صحيح مسلم " : عن جابر قال : " لعن رسول الله ﷺ اكل الربا وموكله وكاتبه وشاهديه ، وقال : هم سواء " .

(۲۷/۲ ، كتاب المساقات والمزارعة ، باب لعن آكل الربا وموكله)

ما في " صحيح البخاري " : عن عون بن أبي جحيفة قال : رأيتُ أبي اشترى عبدًا حجامًا فأمر بمحاجمه فكُسرتْ فسألته ، فقال : " نهي النبي ﷺ عن ثمن الكلب وثمن الدم ونهى عن الواشمة والموشومة ، وآكل الربا وموكله ، ولعن المصور " .

(۲۸۰/۱ ، كتاب البيوع ، باب موكل الربا ، رقم :۲۰۸۶)

ما في " عمدة القاري " : والموكل المطعم والآكل الآخذ ، وإنما سوى في الإثم بينهما وإن كان أحدهما رابحًا والآخر خاسرًا ، لأنهما في فعل الحرام شريكان متعاونان .

(۱۴/۲۱ ، كتاب العدة ، باب مهر البغي والنكاح الفاسد ، تحت رقم :۵۳۴۷)

(چند اہم عصری مسائل:۲۹۲/۲،۲۹۳،بینک کی ملازمت اور سودی حساب لکھنے کا حکم)

انٹرنیشنل ٹریڈنگ ایجنٹ

مسئلہ (۱۶۱): آج کے دور میں انٹرنیٹ کے ذریعے تجارت میں کافی آسانی ہورہی ہے، ایک ملک سے دوسرے ملک؛ ایک دوسرے سے رابطہ کرنا، معاملہ کرنا آسان ہے، ایک کمپنی سامان بیچنا چاہتی ہے، اور دوسری طرف سامان خریدنے والے بھی موجود ہیں، تو اگر کوئی شخص انٹرنیشنل ٹریڈنگ ایجنٹ کا کام کرے، یعنی دونوں فریقین (بائع ومشتری) سے رابطہ کرکے، دونوں کے مابین معاملہ طے کرادے، اور جو کچھ اپنی محنت اور جد وجہد ہوتی ہے، اس کی اجرت صاف طے کرلے، تو اس میں کچھ مضائقہ نہیں، بلکہ جائز ہے[1]، بس! کذب وخداع؛ یعنی جھوٹ ودھوکہ دہی سے پوری طرح اجتناب کیا جائے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : باب أجرة السمسرة – ولم ير ابن سيرين وعطاء وابراهيم والحسن بأجر السمسار بأساً ، وقال ابن عباس : لا بأس أن يقول : بع هذا الثوب فما زاد على كذا وكذا فهو لك ، وقال ابن سيرين : إذا قال : بعه بكذا وكذا فما كان من ربح فهو لك أو بيني وبينك فلا بأس به . (۱/۳۰۳ ، كتاب الإجارة ، باب أجر السمسار)

ما في " رد المحتار " : قال في " التاتر خانية " : وفي الدلال والسمسار يجب أجر المثل ، وما تواضعوا عليه أن في كل عشرة دنانير كذا فذاك حرام عليهم . وفي " الحاوي " : سئل محمد بن سلمة عن أجرة السمسار ، فقال : أرجو أنه لا بأس به ، وإن كان في الأصل فاسدًا لكثرة التعامل ، وكثير من هذا غير جائز فيجوزوه لحاجة الناس إليه كدخول الحمام .

(۹/۷۵ ، كتاب الإجارة ، مطلب في أجرة الدلال)

ما في " الفتاوى البزازية على هامش الهندية " : إجارة السمسار والمنادي والحمامي=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=والصكاك وما لا يقدر فيه الوقت ولا مقدار العمل لما كان للناس به حاجة جاز ويطيب الأجر المأخوذ لو قدر أجر المثل . (۵/۴۰ ، نوع في المتفرقات)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۴۷۱۱۷)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة عن النبي ﷺ قال : " آية المنافق ثلاث ؛ إذا حدث كذب ، وإذا وعد أخلف ، وإذا اؤتمن خان " . (۱/۱۰)

ما في " سنن أبي داود ": عن سفيان بن أسيد الحضرمي قال : سمعت رسول الله ﷺ يقول : " كبرت خيانة أن تحدث أخاك حديثا هو لك به مصدق وأنت له به كاذب " .

(ص/۶۷۹، كتاب الأدب ، باب في المعاريض)

ما في " جامع الترمذي " : عن أنس عن النبي ﷺ في الكبائر قال : " الشرك بالله ، وعقوق الوالدين ، وقتل النفس ، وقول الزور " . (۱/۲۲۹)

ما في " جمع الجوامع " : عن ابن عباس قال : قال النبي ﷺ : " من غشّنا فليس منّا " .

(۷/۲۱۳ ، رقم : ۲۲۴۹۷)

مورتی کی صفائی اور اُس پر اجرت

مسئلہ (۱۶۲): بعض مسلمان مزدور غیروں کی دکانوں میں ملازمت کرتے ہیں، کبھی انہیں دکان میں صاف صفائی بھی کرنی پڑتی ہے، جس میں غیروں کی دیوی دیوتاؤں کی مورتیوں کو بھی صاف کرنا پڑتا ہے، جب کہ مسلمان کے لیے دیوی دیوتاؤں کی مورتی کو صاف کرنا درست نہیں ہے، کیوں کہ یہ اس کے اِکرام کے مرادِف، اور اِعانت علی الإثم (گناہ پر مدد کرنا) ہے[1]، جس پر اُجرت لینا بھی درست نہیں ہے[2]، لہٰذا مسلمان مزدوروں کو حکمت ودانائی کے ساتھ اس عمل سے اِعراض کرنا (بچنا) چاہیے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعُدوان﴾ . (سورة المائدة : ۲)

ما في " روح المعاني " : فيعم النهي ما هو من مقولة الظلم والمعاصي ويندرج فيه النهي عن التعاون على الاعتداء والانتقام ..... وعن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما وأبي العالية أنهما فسرا الإثم بترک ما أمرهم به وارتكاب ما نهاهم عنه .

(۸۵/۴ ، مختصر تفسير ابن كثير : ۴۷۸/۱ ، التفسير المنير : ۴۱۸/۷ ، الوفاء بالعقود ومنع الاعتداء ، والتعاون على الخير وتعظيم شعائر الله ، تفسير المظهري : ۴۸/۳)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قوله تعالى : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ نهي عن معاونة غيرنا على معاصي الله تعالى . (۳۸۱/۲)

ما في " جمهرة القواعد الفقهية " : " الإعانة على المحظور محظور " . (۶۴۴/۲)

(۲) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : لا تصح الإجارة لعسب التيس ولا لأجل المعاصي مثل الغناء والنوح والملاهي .

(۷۵/۹ ، كتاب الإجارة ، باب الإجارة الفاسدة ، مطلب في الاستئجار على المعاصي)=

۱۲

آدھار سینٹر قائم کرنا

مسئلہ (۱۶۳): ملکی قوانین اور حالات کی وجہ سے آدھار کارڈ بنوانا ضروری ہے، اور اس میں فوٹو لازمی جزو ہے، اس لیے اگر کوئی شخص ذریعۂ معاش کے طور پر آدھار سینٹر قائم کرے، اور اس میں بوجہ ضرورت فوٹو لے، تو اس کی گنجائش ہوگی[۱]، اور اس سے حاصل شدہ آمدنی پر حرام ہونے کا حکم نہیں لگے گا، بلکہ آمدنی جائز ہوگی۔[۲]

= البحر الرائق : ۳۵/۸ ، كتاب الإجارة ، باب الإجارة الفاسدة)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۴۸۶۷۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " قواعد الفقه " : الضرورات تبيح المحظورات . الضرورات تتقدر بقدرها .

(ص/۸۹ ، قاعدة :۱۷۰، ۱۷۱)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : ما أبيح للضرورة يتقدر بقدرها .

(۳۰۸/۱ ، القاعدة الخامسة ؛ الضرر يزال)

(۲) ما في " ترتيب اللآلي في سلك الأمالي " : الشيء إذا ثبت ، ثبت بجميع لوازمه .

(۸۷۷/۲، المادة : ۱۵۱)

(مستفاد: جواہر الفقہ جدید:۲۶۳/۷، ط: مکتبہ دار العلوم کراچی)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۴۹۱۱۷)

كتاب الحظر والإباحة

مباح وممنوع چیزوں کے احکام ومسائل

اپنی ولدیت کی نسبت دوسرے کی طرف کرنا

مسئلہ (۱۶۴): حدیث پاک میں اپنی نسبتِ بُنوّت إلی غیر أبیہ، یعنی اپنی ولدیت کی نسبت اپنے والد کے علاوہ کسی اور کی طرف کرنے پر سخت وعید وارد ہوئی ہے کہ- ''اگر کوئی آدمی جانتے ہوئے بھی اپنے آپ کو اپنے والد کے علاوہ کسی اور کی طرف منسوب کرے، تو اس پر جنت حرام ہے۔'' اس لیے خواہ مخواہ اپنے باپ کا انکار کر کے دوسرے کی طرف اپنے کو منسوب کرنا شرعاً درست نہیں ہے، لیکن اگر تعارف یا کسی مصلحتِ خاص کی بنا پر- جس میں والد کا انکار مقصود نہ ہو- اپنے آپ کو کسی دوسرے کی طرف منسوب کیا جائے، تو یہ جائز ہے۔ (۱)

۱۲

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " أحكام القرآن للجصاص " : روي عن النبي ﷺ أنه قال : " من ادعى إلى غير أبيه وهو يعلم أنه غير أبيه فالجنة عليه حرام " . (۳/۴۶۴)

ما في " أحكام القرآن للعثماني [للتهانوي] " : قال العبد الضعيف : إن الانتماء إلى غير أبيه قد عده الفقهاء من الكبائر كما ذكره الشيخ ابن حجر الهيثمي في الزواجر ، وقد ورد فيه اللعنة والوعيد الشديد في الأحاديث الصحيحة ، فكيف يقال : إنه نهي تنزيه ، نعم ! النهي مقصور فيما كان على طريق الجاهلية من ادعاء البنوة أو الانتماء إلى أبوة ، وما لم يكن كذلك بل كان لمحض الشفقة والتحنن فليس بداخل فيه ، وهو أيضًا لا يبعد أن يكره تنزيها لدخوله في النهي صورة . والله أعلم . =

.....

.....

=(۲۹۲/۳، سورة الأحزاب ، يجوز قوله لغير ابنه يا بني شفقة إذا لم يكن الخ)

ما في " صحيح البخاري " : عن عاصم قال : سمعت أبا عثمان قال : سمعت سعدا وهو أول من رمى بسهم في سبيل الله وأبا بكرة وكان لسوّر حصن الطائف في أناس فجاء النبي ﷺ فقالا : سمعنا النبي ﷺ يقول : " من ادعى إلى غير أبيه وهو يعلم فالجنة عليه حرام " .

(۶۱۹/۲، كتاب المغازي ، باب غزوة الطائف في شوال الخ)

ما في " صحيح مسلم " : عن سعد وأبي بكرة كلاهما يقول : سمعتُه أذناي ووعاه قلبي محمدا – ﷺ – يقول : " من ادعى إلى غير أبيه ، وهو يعلم أنه غير أبيه ، فالجنة عليه حرام". (۵۷/۱ ، كتاب الإيمان ، باب بيان حال إيمان من رغب عن أبيه وهو يعلم ، رقم : ۲۲۹ ، سنن أبي داود :ص/۶۹۷، كتاب الأدب ، باب في الرجل ينتمي إلى غير موالیه ، رقم :۵۱۱۵ ، سنن ابن ماجة :ص/۱۸۷، أبواب الحدود ، باب من ادعى إلى غير أبيه أو تولى غير موالیه)

ما في " الزواجر عن اقتراف الكبائر " : أخرج الشيخان من جملة حديث : " ومن ادعى إلى غير أبيه أو انتمى إلى غير موالیه فعليه لعنة الله والملائكة والناس أجمعين لا يقبل الله منه يوم القيامة صرفا ولا عدلا " . (۶۸۰/۳، كتاب النفقات على الزوجات والأقارب والمماليک ، الكبيرة الرابعة بعد الثلاث مائة : تولى الإنسان إلى غير موالیه)

ما في " عون المعبود " : عن سعد بن مالک قال : سمعته أذناى ووعاه قلبى من محمد أنه قال : " من ادّعى إلى غير أبيه وهو يعلم أنه غير أبيه ، فالجنة عليه حرام " .

(ص/۲۱۸۲ ، كتاب الأدب ، باب في الرجل ينتمي إلى غير موالیه ، رقم : ۵۱۱۳)

ما في " الموافقات في أصول الشريعة للشاطبي " : وضع الشرائع إنما هو لمصالح العباد في العاجل والآجل معا ..... ومجموع الضروريات خمسة وهي : حفظ الدين والنفس والنسل والمال والعقل .

(۸/۲ – ۱۱ ، كتاب المقاصد ، وفي النوع الأول في بيان قصد الشارع في وضع الشريعة)

(مستفاد: سعادۃ العلوم فی مبادیات الفنون: ص/۲۷۰، تدوین حدیث، پہلا دور، مدون حدیث ابن شہاب زہری)

بوقتِ سلام ''السلامُ علیکم'' کہنا چاہیے

مسئلہ (۱۶۵): لفظِ سلام ہر جگہ ''السلامُ علیکم'' یا ''سلامٌ علیکم'' ہے، ان کے علاوہ جتنے الفاظ ہیں، وہ سب مسنون سلام نہیں ہیں، اس لیے بوقتِ سلام ''السلام علیکم'' کہنا چاہیے۔ بعض لوگ جب سلام کرتے ہیں، تو ''سلام علیکم'' کہتے ہیں، یعنی میم پر سکون پڑھتے ہیں، یہ عَرَبی قواعد کے خلاف ہے، بلکہ الفاظِ حدیث کے موافق بھی نہیں، اسی وجہ سے علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جو شخص ''سلام علیکم'' کہے اس کے سلام کا جواب دینا واجب نہیں۔ نیز علامہ کے نزدیک ایسا شخص ناواقف اور جاہل ہے، اس لیے سلام میں ''السلامُ علیکم'' کہنا چاہیے، اور دوسروں کو بھی یہ بتانا چاہیے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : ثم رأيت في الظهيرية : ولفظ السلام في المواضع كلها : السلام عليكم أو سلامٌ عليكم بالتنوين ، وبدون هذين كما يقول الجُهّال لا يكون سلامًا . قال الشرنبلالي في رسالته في المصافحة : ولا يبتدئ بقوله عليك السلام ، ولا بعليكم السلام لما في سنن أبي داود والترمذي وغيرهما بالأسانيد الصحيحة عن جابر بن سليم رضي الله تعالى عنه قال : أتيت رسول الله ﷺ فقلت : عليك السلام يا رسول الله ! قال : " لا تقل عليك السلام ، فإن عليك السلام تحية الموتى " . قال الترمذي : حديث حسن صحيح ، ويؤخذ منه أنه لا يجب الرد على المبتدئ بهذه الصيغة .

(۹/۵۹۲ ، كتاب الحظر والإباحة ، باب الاستبراء وغيره ، ط: بيروت)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : ويكره تغيير صيغة السلام المشروعة هكذا بمثل قول بعضهم : " سلام من الله " فذلك بدعة منكرة . (۴/۲۶۸۵) =

غیر مسلم کو نمستے، نمسکار کہنا اور ہاتھ جوڑنا

مسئلہ (۱۶۶): اگر کوئی غیر مسلم کسی مسلمان کو اپنے طریقے پر سلام کرے، اور ایسے الفاظ استعمال کرے، جس میں مشرکانہ معنی نہ ہوں، تو جواب میں اُن ہی الفاظ کو دہرا دینا بہتر ہے، اور اُن کو ملاقات کے موقع پر اُن الفاظ سے مخاطب کیا جاسکتا ہے، جیسا کہ بعض علاقوں میں ہندو بھائی کو ''آداب'' کا جواب ''آداب'' سے دینا، یا ملاقات کے موقع پر اُن کو ''آداب'' کہنا درست ہے، ''نمستے، نمسکار'' جیسے الفاظ غیر اسلامی اور مشرکانہ عقیدے پر مبنی تعبیرات ہیں، اس لیے مسلمانوں کے لیے ایسے الفاظ کا کہنا قطعاً درست نہیں، اور ہاتھ جوڑنا بھی غیر اسلامی طریقہ ہے، نیز حدیث پاک میں غیر مسلموں کو سلام کے جواب میں ''وَعَلَیْکُمْ''، یا ''اَلسَّلامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی'' کہنے کا ذکر ملتا ہے، اور بوقتِ ضرورت سلام بھی کیا جاسکتا ہے، لیکن سلام میں ''کفر وشرک سے سلامتی'' کا معنی ذہن میں رکھا جائے تو بہتر ہے۔ (۱)

=(کفایت المفتی: ۹/۹۰، مستفاد از: ماہ نامہ دار العلوم دیوبند، ستمبر ۲۰۱۶ء: ص/ ۷-۱۴، الفاظِ سلام کی تعریف وتنکیر، از: مولانا محمد تبریز عالم قاسمی)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : إن عبد الله بن عباس رضي الله تعالى عنهما أخبره ، أن أبا سفيان بن حرب رضي الله تعالى عنه أخبره : أن هرقل أرسل إليه في ركب من قريش : ..... بسم الله الرحمن الرحيم ، من محمد عبد الله ورسوله إلى هرقل عظيم الروم : "سلام علىٰ من اتّبع الهدىٰ" . (۱/ ۴ ، ۵ ، باب بدء الوحي)=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=ما في " مشكوة المصابيح " : عن أنس رضي الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " إذا سلم عليكم أهل الكتاب فقولوا : " وعليكم " . متفق عليه .

(ص/۳۹۸ ، كتاب الآداب ، باب السلام)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قال النووي : " اتفقوا على الرد على أهل الكتاب إذا سلموا " لكن لا يقال لهم : " وعليكم السلام " يعني ولا " عليكم السلام " ، ولا " عليک السلام " بقرينة قوله : بل يقال : " عليكم فقط " أو وعليكم يعني إذا كانوا جماعة ، وأما إذا كان منفردًا فلا يأتي بصيغة الجمع لإبهامه التعظيم ، وإن كان المراد عليكم ما تستحقونه من إرادة التعظيم . (۸/ ۴۶۱ ، كتاب الآداب ، باب السلام ، رقم : ۴۶۳۷)

ما في " رد المحتار " : إذاسلم على أهل الذمة فليقل : " السلام علىٰ من اتبع الهدىٰ " ، وكذلک يكتب في الكتاب إليهم ، وفي التاتارخانية : إذا كتبت إلى يهودي أو نصراني في حاجة فاكتب " السلام على من اتبع الهدى " . (۹/ ۵۹۰ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع) (کتاب الفتاویٰ:۱/۳۲۴،نمسکار کہنے کا حکم،وایضاً:۱/۳۴۶،غیر مسلم کو نمسکار اور ہاتھ جوڑنا)

(المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ:۱/۱۳۷،کتاب الحظر والاباحۃ)

۱۲

مطالعہ وتکرار میں مشغول کو سلام

مسئلہ (۱۶۷): اگر درس گاہ کے ساتھی طلبہ، یا اساتذہ؛ مطالعہ یا تکرار، یا علمی کام کاج میں مشغول ہوں، تو ان کو سلام نہیں کرنا چاہیے، اور اگر ان کو سلام کیا جائے، تو ان پر جواب دینا بھی واجب نہیں ہے[۱]، جیسا کہ خطیب کے سامع کو سلام نہیں، کیوں کہ وہ سن رہا ہے، اسی طرح کتاب کے پڑھنے والے کو بھی سلام نہیں، کیوں کہ وہ کتاب میں غور وفکر کر رہا ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ويكره السلام عند قراءة القرآن جهرًا وكذا عند مذاكرة العلم وعند الأذان والإقامة والصحيح أنه لا يرد في هذه المواضع أيضًا .

(۳۲۵/۵، كتاب الكراهية)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ؎

سَلامُكَ مَكرُوهٌ على مَن ستُسمِعُ
ومِن بعدِ ما أبْدَى يُسنُّ ويُشرَعُ
مُصَلٍّ وتالٍ ذاكرٌ ومُحدِّثٌ
خطيبٌ ومَن يُصغِي إليهم ويَسمَعُ
مؤذنٌ أيضاً أو مقيمٌ مدرس
كذا الأجنبياتُ الفتيَّاتُ أمنَعُ

(۲۷۳/۲، ۲۷۴، كتاب الصلاة، مطلب المواضع التي يكره فيها السلام، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " الفتاوى البزازية على هامش الهندية " : مر على من يقرأ القرآن أو يؤذن أو يقيم أو يخطب في الجمعة والعيدين أو على جماعة يشتغلون بالصلاة لا يسلم إلا إذا كان فيهم=

.....

= من لا يصلي وكذا في الدرس والاشتغال بفصل القضايا. اهـ. (٣٥٤/٦، نوع في السلام)

ما في " البحر الرائق " : ثم اعلم أنه يكره السلام على المصلي والقاري والجالس للقضاء أو البحث في الفقه أو التخلي ، ولو سلم عليهم لا يجب عليهم الرد لأنه في غير محله . كذا ذكر الشارح . (١٦/٢، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها)

(النهر الفائق : ٢٧١/١، تبيين الحقائق : ٣٩٥/١)

(٢) ما في " رد المحتار " : انه يأثم بالسلام على المشغولين بالخطبة أو الصلاة أو قراءة القرآن أو مذاكرة العلم أو الأذان أو الإقامة ، وأنه لا يجب الرد في الأولين .... ويردون في الباقي لإمكان الجمع بين فضيلتي الرد .... صرح الفقهاء بعدم وجوب الرد في بعض المواضع ... والأستاذ الفقيه إذا سلم عليه تلميذه أو غيره أوان الدرس .

(٦١٨/١، ط : سعيد)

ما في " تقريرات الرافعي " : قوله : (ويردون في الباقي) أي على سبيل التخيير لا الوجوب ، ولا يزاد في الرد على وعليكم ، ففي البزازية أول القضاء وهل يسلم ؟ اختلفوا ، ولو سلم عليه أو على المدرس أو المذكر أو القاري خير في الرد فإن رد يقول : وعليكم .

(٨٢/١، ط : سعيد)

ما في " حاشية الطحطاوي على الدر المختار " : قوله : ومن بحثوا في العلم ؛ كالذين يطالعون مع بعضهم أو يسألون استفهامًا ... واعلم أنه يكره السلام على المصلي والقاري والجالس للقضاء أو البحث في الفقه أو التخلي ولو سلم عليهم لا يجب عليهم الرد ؛ لأنه في غير محله . (٢٦٢/١)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولا يسلم على قوم هم في مذاكرة العلم أو أحدهم وهم يستمعون ، وإن سلم فهو آثم . كذا في التاتارخانية . (٣٢٦/٥)

ما في " الفتاوى البزازية على هامش الهندية " : مر على من يقرأ القرآن ... لا يسلم .... وكذا في الدرس . (٣٥٤/٦، نوع في السلام)

(المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ :۲/۲۴۱، دورانِ درس سلام کرنا مکروہ ہے، مسئلہ:۲۰۹، فتاویٰ دار العلوم زکریا:۷/۴۳۵، ۴۳۶، مطالعہ وتکرار میں مشغول کو سلام کرنے کا حکم، ط: مجلس البحوث والافتاء ممبئی)

ریڈیو یا ٹی وی چینل وغیرہ پر سلام کا جواب

مسئلہ (۱۶۸): اگر کوئی شخص ریڈیو سن رہا ہو، یا اسلامی چینل سن رہا ہو، اور اس پر گفتگو کرنے والے کی طرف سے سلام کیا گیا، تو اس کے سلام کا جواب دینا واجب نہیں ہے، البتہ احتیاطاً جواب دے دیا جائے، تو بہتر ہے، کیوں کہ یہ کلمۂ دعائیہ ہے، اور دعا غائبانہ بھی ہوتی ہے۔ (۱)

تقریر ختم ہونے کے بعد مقرر سے مصافحہ

مسئلہ (۱۶۹): جب کوئی واعظ یا مقرر، وعظ وتقریر سے فارغ ہوتا ہے، تو لوگ لائن بنا کر، یا بغیر لائن کے جاتے ہوئے مقرر یا واعظ سے مصافحہ کرتے ہیں، اور اس کو سنت سمجھتے ہیں، جب کہ علمائے کرام کی عبارتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اولِ ملاقات کے وقت مصافحہ مسنون ہے، تقریر یا وعظ کے بعد مصافحہ

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " شرح رياض الصالحين " : والسلام بمعنى : الدعاء بالسلامة من كل آفة ، فإذا قلت لشخص : السلام عليك ، فهذا يعني إنك تدعو له بأن الله يسلمه من كل آفة : يسلمه من المرض ، من الجنون ، يسلمه من الناس ، يسلمه من المعاصي ، وأمراض القلوب، يسلمه من النار ، فهو لفظ عام ، معناه : الدعاء للمسلَّم عليه بالسلامة من كل آفة . (۲/۱۱۳۷)

ما في " الفتاوى الهندية " : لا يسقط فرض جواب السلام إلا بالإسماع كما لا يجب إلا بالإسماع . كذا في الغياثية . (۵/۳۲۶) (آلاتِ جدیدہ کے شرعی احکام: ص/۱۶۷)

(احسن الفتاویٰ: ۸/۱۳۹، و: ۹/۱۹، مسائل شتی، امداد الفتاویٰ: ۴/۲۷۶)

(فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۷/۴۳۶، ریڈیو پر سلام کا جواب دینے کا حکم، ط: مجلس البحوث والافتاء ممبئی)

کی کوئی دلیل دستیاب نہیں، اس لیے یہ عمل قابلِ ترک ہے، ہاں! اگر پہلے مصافحہ نہیں ہوا تھا، یا ہوا تھا اور دوبارہ سنت یا لازم سمجھے بغیر کیا جا رہا ہو، تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : حدثنا عمرو بن عاصم حدثنا همام عن قتادة قال : قلت لأنس : أكانت المصافحة في أصحاب النبي ﷺ ؟ قال : نعم . (رقم :٦٢٦٣)

ما في " سنن أبي داود " : عن أنس – رضي الله عنه – قال : لما جاء أهل اليمن قال رسول الله ﷺ : " قد جاء كم أهل اليمن " وهم أول من جاء بالمصافحة .

وعن البراء – رضي الله عنه – قال : قال رسول الله ﷺ : " ما من مسلمين يلتقيان فيتصافحان إلا غفر لهما قبل أن يفترقا " .

(٥٢١/٤ ، رقم :٥٢١٤ ، ٥٢١٥ ، باب في المصافحة ، ط : دار الكتاب العربي بيروت)

ما في " مجمع الزوائد " : عن حذيفة بن اليمان – رضي الله عنه – عن النبي ﷺ قال : " إن المؤمن إذا لقي المؤمن فسلم عليه وأخذ بيده فصافحه تناثرت خطاياهما كما تناثرت ورق الشجر " . رواه الطبراني في الأوسط : رقم :٢٤٥ . (٧٥/٨ ، باب المصافحة)

ما في " شرح رياض الصالحين " : فهل يسن للرجل إذا لقي أخاه أن يصافحه ؟ نعم يسن له ذلك ؛ لأن هذا من آداب الصحابة رضي الله عنهم كما سأل قتادة أنس بن مالك رضي الله عنه ، وهذا يدل على فضيلة المصافحة إذا لاقاه ، وهذا إذا كان لاقاه لتحدث معه أو ما أشبه ذلك ، أما مجرد الملاقاة في السوق ، فيكفي أن يسلم عليه ، وإذا كنت تقف إليه دائمًا وتتحدث إليه بشيء فصافحه . (١١٦٤/٢)

ما في " عمدة القاري " : قال الإمام النووي : المصافحة سنة مجمع عليها عند التلاقي .

(٣٧٧/١٥ ، باب المصافحة)

ما في " شروح سنن ابن ماجه " : اعلم أن المصافحة سنة عند كل لقاء ومحلها أول الملاقاة.(ص/٢٦٣ ، مرقاة المفاتيح : ٧٤/٩ ، باب المصافحة)=

استقبال میں پھول برسانا

مسئلہ (۱۷۰): مہمانوں کے استقبال میں، یا بارات کی آمد پر پھول برسانا اور ہار پہنانا، غیر اسلامی طریقہ ہے، مسلمانوں کو اس سے پرہیز کرنا چاہیے۔ (۱)

=(فتاویٰ رشیدیہ: ص/ ۶۰۵، مکتبہ رحمانیہ، تسہیل المواعظ: ۱/ ۵۸۵، ط: ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان)

(فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۷/ ۴۴۷، ۴۴۸، وعظ کے بعد واعظ سے مصافحہ کا حکم)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس فيه فهو ردٌّ " . (۱/ ۳۷۱ ، كتاب الصلح ، باب إذا اصطلحوا – الخ ، رقم : ۲۶۹۷ ، و: ص/ ۴۷۷ ، احياء التراث العربي بيروت)

(صحيح مسلم : ۲/ ۷۷ ، كتاب الأقضية)

(سنن أبي داود : ص/ ۶۳۵ ، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، رقم : ۴۶۲۲)

(سنن ابن ماجة : ص/ ۱۳)

(مشكوة المصابيح : ص/ ۲۷ ، الإيمان ، الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الأول)

ما في " بذل المجهود " : سواء كان في العمل أو الاعتقاد فهو مردود . (۱۳/ ۳۳)

ما في " رد المحتار " : البدعة ما أحدث على خلاف الحق المتلقى عن رسول الله ﷺ من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان ، وجعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيماً .

(۲/ ۲۵۶ ، مطلب البدعة خمسة أقسام)

ما في " كتاب التعريفات للجرجاني " : البدعة : هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص/ ۴۷)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵۲۷)

گُٹکھا اور تمباکو کی سپلائی

مسئلہ (۱۷۱): صوبۂ مہاراشٹر کی سرکار نے صحتِ انسانی کو خراب کردینے والی اشیاء، مثلاً: گُٹکھا، تمباکو وغیرہ پر پابندی لگائی ہوئی ہے، اُس کے باوجود بعض لوگ اپنی دکانوں پر گُٹکھا، تمباکو کا مال رکھتے ہیں، یا خفیہ طور پر اُس کی سیلنگ وڈیلیوری کرتے ہیں، اور بسا اوقات علاقے کے پولیس محکمے کو کچھ روپیہ بطورِ رشوت کے بھی دینا پڑتا ہے، شرعاً اس طرح کا کاروبار درست نہیں ہے، اس لیے کہ اس میں قانون کی خلاف ورزی کے ساتھ ساتھ[۱]، جان ومال کی عزت وآبرو کی حفاظت کی خلاف ورزی بھی ہے، جو کہ شریعت کے مقاصد میں سے ہے[۲]، اور رشوت کے لین دین کا ارتکاب بھی ہوتا ہے، جو کتاب وسنت میں حرام اور گناہِ کبیرہ ہے۔[۳] لہٰذا مسلمانوں کو چاہیے کہ اس طرح کے کاروبار سے خود بھی بچیں، اور اپنی اولاد ومتعلقین کو بھی اس سے بچنے کی تاکید وتلقین کریں۔[۴]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : طاعة الإمام فيما ليس بمعصية فرض . (در مختار) . وفي الشامية : والأصل فيه قوله تعالى : ﴿وأولي الأمر منكم﴾ . [النساء : ۵۹] وقال ﷺ : " اسمعوا وأطيعوا ولو أمر عليكم عبد حبشي أجدع " . وروى " مجدع " . وعن ابن عمر أنه عليه الصلاة والسلام قال : " عليكم بالسمع والطاعة لكل من يؤمر عليكم ما لم يأمركم بمنكر " . ففي المنكر لا سمع ولا طاعة .

(۴۱۶/۶ ، كتاب الجهاد ، باب البغاة ، مطلب في وجوب طاعة الإمام)

ما في " الموسوعة الفقهية " : أجمع العلماء على وجوب طاعة أولي الأمر من=

.....

.....

= الأمراء والحكام ، وقد نقل النووي عن القاضي عياض وغيره هذا الإجماع .

(٣٢٣/٢٨ ، طاعة ، طاعة أولي الأمر)

(٢) ما في " الموافقات في أصول الأحكام للشاطبي " : ومجموع الضروريات خمسة : وهي حفظ الدين ، والنفس ، والنسل ، والمال ، والعقل .

(٤/٢ ، كتاب المقاصد ، المسئلة الأولى)

(٣) ما في " القرآن الكريم ": ﴿سمّعون للكذب أكّلون للسحت﴾ . (المائدة : ٤٢)

ما في " روح المعاني " : عن ابن عمر رضي الله عنهما قال : قال رسول الله ﷺ : " كل لحم نبت من سحت فالنار أولى به " . قيل : يا رسول الله ! ما السحت ؟ قال : " الرشوة في الحكم " . (٢٠٥/٤)

ما في " الجامع الصغير " : " لعن الله الراشي والمرتشي الذي يمشي بينهما " .

(ص/٤٤ ، رقم : ٧٢٥٥)

ما في " جامع الترمذي " : " لعن رسول الله ﷺ الراشي والمرتشي " .

(رقم :١٣٣٦ ،كتاب الأحكام ، سنن أبي داود : رقم :٣٥٨٠ ، كتاب الأقضية ، باب كراهية الرشوة ، سنن ابن ماجه : رقم : ٢٣١٣ ، كتاب الأحكام ، باب التغليظ في الرشوة)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : ولا خلاف في تحريم الرشا على الأحكام ؛ لأنه في السحت الذي حرّمه الله في كتابه ، واتفقت الأمة عليه ، وهي محرمة على الراشي والمرتشي . اهـ . (٥٤١/٢ ، سورة المائدة ، باب الرشوة)

ما في " سبل السلام شرح بلوغ المرام للصنعاني " : الرشوة حرام بالإجماع سواء كانت للقاضي أو للعامل على الصدقة أو لغيرهما .

(١٤٧١/٤ ، الرشوة للقاضي والهدية ، المال المأخوذ ظلمًا : ٤٠٨/١)

(٤) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآ أيها الذين امنوا قوآ أنفسكم وأهليكم نارًا وقودها الناس والحجارة﴾ . (سورة التحريم :٦) وقوله تعالى : ﴿وأنذر عشيرتک الأقربين﴾ .

(سورة الشعراء :٢١٤)=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=ما في " صحيح البخاري " : وقال مجاهد : ﴿قوٓا أنفسكم وأهليكم﴾ أوصوا أنفسكم وأهليكم بتقوى اللّٰه وأدّبوهم . (ص/۹۰۰ ، كتاب التفسير ، باب قوله : أن تتوبا إلى اللّٰه فقد صغت قلوبكما ، ط : بيروت)

ما في " صحيح البخاري " : عن عبد اللّٰه بن عمر – رضي اللّٰه عنهما – يقول : سمعت رسول اللّٰه ﷺ يقول : " كلكم راع ، وكلكم مسؤول عن رعيته ، الإمام راع ومسؤول عن رعيته ، والرجل راع في أهله وهو مسؤول عن رعيته ، والمرأة راعية في بيت زوجها ومسؤولة عن رعيتها ، والخادم راع في مال سيده ومسؤول عن رعيته " .

(ص/۱۶۹ ، رقم :۸۹۳ ، كتاب الجمعة ، باب الجمعة في القرى والمدن ، ط : بيروت)

(صحيح مسلم :۲/۴۶۰ ، رقم : ۱۸۲۹ ، كتاب الإمارة ، باب فضيلة الإمام العادل وعقوبة الجائر والحث على الرفق بالرعية الخ ، ط : بيروت)

(مستفاد از: فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۶۱۹۵۷)

عورتوں کا الیکشن میں اُمیدوار بننا

مسئلہ (۱۷۲): عورتوں کا الیکشن میں بطورِ اُمیدوار کھڑا ہونا مستحسن (اچھی بات) نہیں، کیوں کہ اس میں ضروریاتِ شرعیہ کی رعایت کے ساتھ کونسل یا اسمبلی کی شرکت عورتوں کے لیے متعذر (دشوار) ہے[۱]، لیکن اگر ضروریاتِ شرعیہ کی رعایت کے ساتھ کونسل یا اسمبلی کی شرکت ممکن ہو، تو اس میں کوئی حرج نہیں ہونا چاہیے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فقهي فكري و اصلاحي مقالات و مضامين " : "[ب]: بطور امیدوار کھڑا ہونا عورتوں کے لیے مستحسن نہیں ہے، کیوں کہ اس میں ضروریاتِ شرعیہ کی رعایت کے ساتھ کونسل یا اسمبلی کی شرکت عورتوں کے لیے متعذر ہے، لیکن اگر ضروریاتِ شرعیہ کی رعایت کے ساتھ کونسل یا اسمبلی کی شرکت ممکن ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہونا چاہیے۔" (ص/۲۲۴، جوابات بابت ووٹ، اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا، مقالہ: ۲۰۱۳ء)

(کفایت المفتی: ۹/۳۴۹، کتاب السیاسیات، ط: دار الاشاعت کراچی)

(۲) ما في " القواعد الفقهية لعلي أحمد الندوي " : " الحكم إذا ثبت بعلة زال بزوالها " . (ص/۱۸۸)

ما في " نور الأنوار مع قمر الأقمار " : فأينما وجدت العلة وجدت الحرمة . (ص/۱۵۳)

ما في " أحسن الحواشي على هامش أصول الشاشي " : يدار الحكم على تلك العلة. [أصول الشاشي] قوله : (على تلك العلة) أي يدار الحكم على تلك العلة وجودًا وعدمًا ، يعني يوجد حكم النص عند وجوده وينعدم عند عدمه .

(ص/۴۷ ، مبحث الثاني بدلالة النص)

پٹاخے پھوڑنا اور آتش بازی کرنا شرعاً ناجائز ومنع ہے!

مسئلہ (۱۷۳): بہت سے مسلمان برادرانِ وطن کے مشہور مذہبی تہوار؛ دیوالی کے موقع پر، اُن کی دیکھا دیکھی پٹاخے پھوڑتے ہیں، آتش بازی کرتے ہیں، شرعاً یہ عمل ناجائز وحرام ہے[۱]، اِس لیے کہ پٹاخے پھوڑنا، آتش بازی کرنا، برادرانِ وطن کی مذہبی پہچان اور اُن کے کفریہ اُمور میں داخل ہیں، اور ہم مسلمانوں کو دیگر قوموں کے مذہبی اُمور میں شرکت سے سختی کے ساتھ منع کیا گیا ہے، یہاں تک کہ اس شرکت کی وجہ سے آدمی اُنہی میں سے ہوجاتا ہے، اور اُن کے عمل کو پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھنے سے شریکِ عمل قرار پاتا ہے، جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: ''جو شخص کسی قوم کے اجتماع کو اپنی شرکت کے ذریعہ بڑھائے، وہ اُنہی میں سے ہے، اور جو شخص کسی قوم کے عمل سے خوش ہو، وہ اس عمل میں اُن کا برابر کا شریک ہے۔''[۲]- نیز پٹاخے پھوڑنے اور آتش بازی کرنے میں؛ جان، مال[۳] اور وقت کو ضائع کرنا[۴]، غیروں سے مشابہت[۵]، اور دوسروں کو تکلیف دینا بھی پایا جاتا ہے[۶]، جب کہ یہ تمام اُمور شرعِ اسلامی میں منع ہیں، لہٰذا! ہم مسلمانوں کو چاہیے کہ اِن لغویات وفضولیات سے پوری طرح پرہیز کریں، اور زندگی کے ہر شعبے میں شریعتِ اسلامیہ کو نافذ کریں، کہ یہی ہمارے دین وایمان اور موجودہ ملکی حالات کا تقاضا ہے۔

الحجة على ما قلنا :=

.....

=(۱) ما في " أحكام القرآن للتهانوي " : واللعب بالناريات [آتشبازي] وأمثالها فإنها كلها لو لم يتضمن معاصي ومنكرات لا تخلو عنها عادة فهي في نفسها من اللهو المجرد الذي وقع الإجماع على تحريمه أو كراهته . (۲۰۲/۳ ، سورة لقمان :۴)

ما في " كتاب الفتاوى " : ''دیوالی اور کسی تہوار کے موقعہ سے پٹاخے چھوڑنا اِسراف اور دوسروں کے لیے تکلیف کا باعث ہونے کی وجہ سے جائز نہیں۔''

(۲۳۳/۴، مسجد کی مُلکی/دکان میں پٹاخے اور گانے، و:۲۰۳/۵، پتنگوں اور پٹاخوں کی تجارت)

ما في " فتاوى رحيميه " : ''آتش بازی میں اپنے مال کو ضائع کرنا ہے، جو یقیناً فضول خرچی ہے، اور قرآن مجید میں فضول خرچی کرنے والوں کو شیطان کا بھائی کہا گیا ہے، ارشادِ خداوندی ہے: ﴿إن المبذرين كانوآ اخوان الشيطين وكان الشيطٰن لربه كفورًا﴾. ''بے موقع اُڑانے والے شیطان کے بھائی ہیں، اور شیطان اپنے پروردگار کا بڑا ناشکرا ہے۔'' (۲۰۴/۹، آتش بازی کی تجارت کرنا کیسا ہے؟)

ما في " حاشية فتاوى محموديه " : ''آتش بازی میں مال فضول اور بے محل صرف ہوتا ہے، اور قرآن کریم میں مال کے فضول اُڑانے والوں کو شیطان کا بھائی قرار دیا گیا ہے، نیز دین و دنیا کا فائدہ نہ ہونے کی وجہ سے بھی یہ ممنوع اور ناجائز ہے۔'' (۱۳۵/۱۶، باب البیع الباطل والفاسد الخ، آتش بازی بنانا اور اس کی تجارت کرنا)

(۲) ما في " القرآن الكريم " :﴿ولا تركنوآ إلى الذين ظلموا فتمسكم النار وما لكم من دون الله من أولياآء ثم لا تنصرون﴾ . ''مت جھکو ان کی طرف جو ظالم ہیں پھر تم کو لگے گی آگ اور کوئی نہیں تمہارا اللہ کے سوا مددگار پھر کہیں مدد نہ پاؤ گے۔'' (سورۃ ہود:۱۱۳)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : آیت میں ظالموں سے مشرک، فاسق وفاجر اور خدا کے نافرمان بندے مراد ہیں، اور میلان وجھکاؤ کا مطلب، ان سے محبت ان کی اطاعت اور ان کے اعمال سے رضامندی ہے۔ (۱۰۸/۵)

ما في " كنز العمال " : " من كثر سواد قوم فهو منهم ومن رضي عمل قوم كان شريكًا في عمله " . ''جو شخص کسی قوم کے اجتماع کو اپنی شرکت کے ذریعہ بڑھائے وہ انہی میں سے ہے، اور جو کسی قوم کے عمل سے خوش ہو وہ اس عمل میں ان کا برابر کا شریک ہے۔'' (۱۱/۹، حدیث:۲۴۷۳۰)

(۳) ما في " الموافقات في أصول الأحكام للإمام الشاطبي " : ومجموع الضروريات خمسة ، وهي حفظ الدين والنفس والنسل والمال والعقل . =

.....

=(۴/۲ ، كتاب المقاصد ، المسئلة الأولى)

(۴) ما في " صحيح البخاري " : وعن المغيرة بن شعبة قال : قال النبي ﷺ : " إن الله حرّم عليكم عقوق الأمهات ، ووأد البنات ، ومنعًا وهات ، وكره لكم قيل وقال ، وكثرة السؤال ، وإضاعة المال " . (۳۲۴/۱ ، رقم : ۲۴۰۸ ، كتاب في الاستقراض وأداء الديون والحجر الخ ، باب ما ينهى عن إضاعة المال ، صحيح مسلم : ۷۶/۲ ، كتاب الأقضية)

ما في " صحيح البخاري " : قوله عليه السلام : " نعمتان مغبون فيهما كثير من الناس؛ الصحة والفراغ " .

(۹۴۹/۲ ، كتاب الرقاق ، جامع الترمذي : ۵۶/۲ ، كتاب الزهد ، رقم : ۲۳۰۴)

ما في " فتح الباري لإبن حجر " : فإن من لا يستعملهما فيما ينبغي فقد غبن . (۲۷۶/۱۱)

ما في " جامع الترمذي " : لا تزول قدما عبد حتى يسأل عن عمره فيما أفناه ، وعن عمله فيما فعل ، وعن ماله من أين اكتسبه ، وفيما أنفقه ، وعن جسمه فيما أبلاه " .

(۶۷/۲ ، أبواب صفة القيامة)

ما في " الألعاب الرياضية " : يقول الدكتور يوسف القرضاوي حفظه الله : والحق أن السفه في إنفاق الأوقات أشد خطراً من السفه في إنفاق الأموال .....؛ لأن المال إذا ضاع قد يعود ، والوقت إذا ضاع لا عوض له . (ص/۳۲۰ ، ط : دار النفائس الأردن)

(۵) ما في " سنن أبي داود " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " من تشبه بقوم فهو منهم " . (ص/۵۵۹ ، كتاب اللباس ، باب لباس الشهرة)

ما في " بذل المجهود " : قال القاري : من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره أو بالفساق أو الفجار أو بأهل التصوف والصلحاء والأبرار فهو منهم أي في الإثم أو الخير عند الله تعالى . (۵۹/۱۲ ، مرقاة المفاتيح : ۲۲۲/۸ ، كتاب اللباس والزينة)

ما في " شرح الطيبي " : قوله : (من تشبه بقوم) هذا عام في الخلق والخلق والشعار وإذا كان الشعار أظهر في التشبه . (۲۳۲/۸ ، حديث : ۴۳۷۴)

(۶) ما في " القرآن الكريم " : ﴿والذين يؤذون المؤمنين والمؤمنٰت بغير ما اكتسبوا فقد احتملوا بهتانا وإثما مبينا﴾ . (سورة الأحزاب : ۵۸)=

زخموں پر ''نمک'' پاشی

مسئلہ (۱۷۴): آج کل وطنِ عزیز کچھ عجیب سی بے چینی وکشمکش کی حالت سے گزر رہا ہے، جہاں ایک طرف، لوگوں کے پاس روپئے پیسے ہوتے ہوئے بھی، وہ اپنی ضرورتوں کو کشادہ دِلی کے ساتھ پورا کرنے سے قاصر ہیں، اور بینکوں اور اے ٹی ایم مشینوں سے نئی نوٹیں حاصل کرنے کے لیے لمبی لمبی قطاریں لگا رہے ہیں، وہیں دوسری طرف، بعض وہ افراد جنہیں ملک کے بازاروں پر کنٹرول ودست رَس حاصل ہے، مختلف افواہیں پھیلا کر، بے چینی وکشمکش کی اِس آگ کو ہوا دینے میں لگے ہوئے ہیں، اور سستی اشیائے ضرورت کو مہنگے داموں میں فروخت کرکے، ناجائز نفع خوری کو سنہرا موقع (Golden Chance) سمجھ رہے ہیں، ملک کے حالات بھی چوں کہ کچھ ایسے ہوچکے ہیں کہ ہر خبر افواہوں کے دوش پر، مِنٹوں اور سکنڈوں میں، پورے ملک میں گردِش کرنے لگتی ہے، چند روز قبل کی بات ہے، یہ خبر عام ہوگئی کہ ''نمک'' کی شدید قلت پیدا ہوگئی ہے،

=ما في " تفسير القرطبي " : قال القرطبي رحمه الله تعالى : " أذية المؤمنين والمؤمنات هي أيضًا بالأفعال والأقوال القبيحة " . (۱۴/۲۴۰)

ما في " روح المعاني " : أي ما يفعلو ن بهم ما يتأذون به من قول أو فعل . (۱۲/۱۲۶)

ما في " صحيح البخاري " : عن عبد الله بن عمرو رضي الله عنهما ، عن النبي ﷺ قال : " من سلم المسلمون من لسانه ويده " ... الحديث . (۱/۶ ، كتاب الإيمان)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الأذى حرام وتركه واجب بالاتفاق . (۲/۳۵۶ ، أذى)

(المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ: ۹/۲۸۱، مسئلہ نمبر: ۱۸۲، دیوالی کے موقع پر آتش بازی وپٹاخے)

جس کی وجہ سے اُس کے دام میں کئی گُنا اِضافہ ہونے والا ہے، پھر کیا تھا- لوگوں نے کرانہ دکانوں کا رُخ کیا، اور دس روپیہ فی کلو والا ''نمک'' طلب کے زیادہ ہونے کی وجہ سے کئی گُنا زائد قیمت سے فروخت ہوا، جب کہ اِس طرح کی افواہیں پھیلانا، جس سے ملک بد اَمنی وانتشار کا شکار ہو، اور مال ودولت کے پُجاریوں کو-غریبوں محتاجوں کے خون چُوسنے کا موقع مُیسَّر ہو، شرعاً ناجائز وحرام ہے، کیوں کہ بلاتحقیق وبلا دلیل کسی بات کو آگے چلتی کر دینا ''اَفواہ'' ہے، اور ایسی ''افواہ'' جس سے عام لوگوں کو ضرر پہنچتا ہو، انتہائی سنگین اور بڑا گُناہ ہے[1]، اِس لیے لوگوں کو چاہیے کہ موجودہ حالات میں- بلاتفریقِ مذہب وملّت- ہر کسی کے ساتھ حُسنِ اخلاق وانسانیت کا معاملہ کریں، افواہوں پر دھیان نہ دیں، اور افواہ پھیلانے والوں کو شرعی وقانونی ''مجرم'' سمجھ کر، سیکوریٹی ایجنسیوں کے حوالے کر دیں، یا اُنہیں اِس طرح کے افراد سے باخبر کریں، کہ اِسی میں ملک اور اہلِ ملک کی خیر وبھلائی ہے۔ ۱۳

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إذ تلقّونه بألسنتكم وتقولون بافواهكم مالیس لكم به علم وتحسبونه هيّنًا وهو عند الله عظيم﴾ . (سورة النور :۱۵)

ما في " معارف القرآن " : ''تلقی'' کا مفہوم یہ ہے کہ ایک دوسرے سے بات پُوچھے اور نقل کرے، یہاں بات کو سُن کر بے دلیل اور بلاتحقیق آگے چلتی کر دینا مُراد ہے۔'' ''وتحسبونه هينا وهو عند الله عظيم'' یعنی تم تو اس کو معمولی بات خیال کرتے تھے، کہ ہم نے جیسا سنا ویسا دوسرے سے نقل کر دیا، مگر وہ اللہ کے نزدیک بہت بڑا گناہ تھا کہ بے دلیل اور بے تحقیق ایسی بات کو چلتا کر دیا، جس سے دوسرے مسلمان کو سخت ایذا ہو، اُس کی رُسوائی ہو، اور اُس کے لیے زندگی دُوبھر ہو جائے۔'' (۶/۳۷۹، سورۂ نور، آیت نمبر:۱۵ تفسیر سمرقندی:۲/۴۳۲، سورۂ نور)=

.....

.....

.....

.....

=ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآ أيها الذين امنوا إن جآء كم فاسقٌ بنبأٌ فتبيّنوا أن تُصيبوا قومًا بجهالةٍ فتُصبِحُوا على ما فعلتم نٰدمين﴾ . (سورة الحجرات : ٦)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قال أبو بكر : مقتضى الآية إيجاب التثبت في خبر الفاسق ، والنهي عن الإقدام على قبوله ، والعمل به ، إلا بعد التبيُّن ، والعلم بصحة مخبره . (٥٣٠/٣)

ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة قال : قال رسول اللّٰه ﷺ : " كفى بالمرء كَذبًا أن يحدّث بكل ما سمع " .

(١/٩ ، مقدمة ، باب [٣] باب النهي عن الحديث بكل ما سمع ، رقم : ٥)

ما في " المنهاج شرح صحيح مسلم بن الحجاج " : وأما معنى الحديث والآثار التي في الباب ، ففيها الزجر عن التحديث بكل ما سمع الإنسان ، فإنه يسمع في العادة الصدق والكذب ، فإذا حدث بكل ما سمع فقد كذب لإخباره بما لم يكن .

(١/٢٣٤ ، تحت رقم : ٩)

ما في " مرقاة المفاتيح " : يعني لو لم يكن للمرء كذب إلا تحديثه بكل ما سمع من غير تيقن أنه صدق أم كذب ، لَكفاه من الكذب أن لا يكون بريئًا منه ، وهذا زجر عن التحديث بشيء لم يعلم صدقه ، بل على الرجل أن يبحث في كل ما سمع خصوصًا في أحاديث النبي ﷺ . (١/٣٥٨ ، كتاب الإيمان ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، تحت رقم : ١٥٦ ، صحيح البخاري : ١/٢١ ، كتاب العلم ، باب إثم من كذب على النبي ﷺ ، رقم : ١٠٧)

ما في " الأصول والقواعد للفقه الإسلامي " : اَلْعِبْرَةُ لِعُمُوْمِ اللَّفْظِ لا لِخُصُوْصِ السَّبَبِ .

(ص/٢٠٤ ، قاعده : ١٩٥ ، جمهرة القواعد الفقهية : ٢/٧٧٨ ، مادة : ١١٦٤)

(القواعد الكلية والضوابط الفقهية : ص/٢٩٢)

فیس بک یا واٹس ایپ وغیرہ پر تصویر اَپ لوڈ کرنا

مسئلہ (۱۷۵): آج کل فیس بک اور واٹس ایپ وغیرہ عام ہے، اور اس میں لوگ اپنی تصاویر چسپاں کرتے ہیں، پھر ان کے دوست احباب فرینڈ لسٹ والے ''ماشاء اللہ'' وغیرہ کے الفاظ لکھتے ہیں، شرعاً یہ دونوں عمل درست نہیں ہیں، کیوں کہ بغیر سخت ضرورت کے جاندار کی تصاویر بنانا، اور فیس بک میں ڈالنے کے لیے اپنی تصاویر بنانا شرعی ضرورت میں سے نہیں ہے، لہٰذا فیس بک میں اپنی تصاویر چسپاں کرنا، ناجائز ومنع ہے، اور پھر ان تصاویر پر تبصرہ کرنا، اور ''ماشاء اللہ'' وغیرہ کے الفاظ کہنا، یہ بھی ناجائز وگناہ ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : [عن] عبد الله قال : سمعت النبي ﷺ يقول : " إن أشد الناس عذاباً عند الله المصورون " . (۲/۸۸۰ ، كتاب اللباس ، باب عذاب المصورين يوم القيامة ، صحيح مسلم : ۲/۲۰۱ ، كتاب اللباس ، باب تحريم صورة الحيوان)

ما في " شرح النووى على هامش مسلم " : قال أصحابنا وغيرهم من العلماء : تصوير صورة الحيوان حرام شديد وهو من أكبر الكبائر ، لأنه متوعد عليه بهذا الوعيد الشديد المذكور في الحديث ، وسواء صنعه بما يمتهن أو بغيره ، فصنعته حرام بكل حال ، لأن فيه مضاهاة لخلق الله تعالى ، وسواء كان في ثوب أو بساط أو درهم أو دينار أو فلس أو إناء أو حائط أو غيرها . (۲/۱۹۹، كتاب اللباس ، فتح الباري : ۱۰/۴۷۱ ، باب عذاب المصورين ، مرقاة المفاتيح : ۸/۳۲۳ ، كتاب اللباس ، باب التصوير ، الفصل الأول ، رد المحتار : ۲/۴۱۶ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب : إذا تردّد الحكم بين سنة وبدعة كان ترك السنة أولى ، البحر الرائق : ۲/۴۸ ، ۴۹)

ما في " المعجم الكبير للطبراني " : وعن ابن عباس قال : سمعت رسول الله ﷺ=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=يقول : " لا تدخل الملا ئكة بيتا فيه صورة تمثال ، والمصورون يعذبون يوم القيامة في النار ، يقول لهم الرحمٰن : قوموا إلى ما صورتم ، فلا يزالون يعذبون حتىٰ تنطق الصورة ولا تنطق " . (١١/١٥٧ ، رقم : ١١٤٧٨ ، مجمع الزوائد :٥/٢٢٦ ، كتاب اللباس ، باب ما جاء في التماثيل والصور ، رقم :٨٨٩٥)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : يدل على المنع من تصوير شيء أي شيء كان. (١٢/٢٧٤)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : لا تمثال إنسان أو طير . (در مختار) . وفي الشامية: قال الشامي رحمه الله تحت قوله : (أو طير) لحرمة تصوير ذي الروح .

(٩/٥١٩ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في اللبس)

ما في " الموسوعة الفقهية " : يحرم تصوير ذوات الأرواح مطلقاً ، أي سواء أكان للصورة ظلّ أو لم يكن ، وهو مذهب الحنفية والشافعية والحنابلة . (١٢/١٠٣)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:٦٠٤٥)

غیر مستحق کا اسکالرشِپ/Scholarship (وظیفہ) لینا

مسئلہ (۱۷۶): اِسکالرشپ/Scholarship) وغیرہ کے نام سے جو وظائف جاری کیے جاتے ہیں، وہ صرف مستحقین کے لیے جائز ہوتے ہیں، سب کے لیے نہیں، اور مستحق صرف وہ لوگ ہوتے ہیں جو اسکالرشپ جاری کرنے والے ادارے کی طرف سے مقررہ ومتعینہ تمام شرائط پر پورے اُترتے ہوں، اور جو لوگ شرائط پورے نہ کرتے ہوں، اُن کا جھوٹ بول کر اپنے نام اسکالرشپ جاری کرانا اور ان کا اسکالرشپ لینا جائز نہیں (۱)، اور ایسے لوگوں کو اسکالرشپ کے نام سے جو رقم ملے گی، وہ ان کے لیے جائز نہ ہوگی، اور اگر کسی نے مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے غیر مستحق ہونے کے باوجود اپنے لیے اسکالرشپ جاری کرالی، تو مسئلہ معلوم ہونے کے بعد فوراً بند کرادے، اور اس وقت تک جو رقم وصول کی ہو، وہ بلانیتِ ثواب غریبوں کو دیدے، اور اگر یک مشت ساری رقم ادا کرنے کی استطاعت نہ ہو، تو اس مد میں وصول کی ہوئی ساری رقم آہستہ آہستہ، حسبِ سہولت تھوڑی تھوڑی رقم کرکے، بلانیتِ ثواب غریبوں کو دیدے۔ (۲) ۱۲

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن سفيان بن أسيد الحضرمي قال : سمعت رسول الله ﷺ يقول : " كبرت خيانة أن تحدث أخاك حديثًا هو لك به مصدق وأنت له به كاذب".
(ص/٦٧٩ ، كتاب الأدب ، باب في المعاريض ، ط : قديمي)

ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة عن النبي ﷺ قال : " آية المنافق ثلاث؛=

.....

.....

.....

= إذا حدّث كذب ، وإذا وعد أخلف ، وإذا اؤتمن خان " . (۱/۱۰)

ما في " جامع الترمذي " : عن أنس عن النبي ﷺ في الكبائر قال : " الشرک باللّٰه ، وعقوق الوالدين ، وقتل النفس ، وقول الزور " . (۱/۲۲۹)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الكذب لغة : الإخبار عن الشيء بخلاف ما هو ، سواء فيه العمد والخطأ ، ولا يخرج اصطلاح الفقهاء عن المعنى اللغوي ..... الأصل في الكذب – أنه حرام بالكتاب والسنة وإجماع الأمة ، وهو من أقبح الذنوب وفواحش العيوب . اهـ . (۳۴/۲۰۴ ، ۲۰۵ ، كذب ، الحكم التكليفي)

مسئلہ (۱۹۸): حق تعالیٰ شانہٗ کی طرف سے ہر کام کے لیے ایک وقت مقرر ہے، قرآنِ پاک میں وقت [۱] اور وعدے [۲] کی پابندی کی بہت تاکید فرمائی گئی ہے، اہلِ مغرب وقت کے جس قدر پابند ہیں، اہلِ مشرق اِس معاملے میں اسی قدر آزاد ہیں، اُن کے نزدیک وقت کی کوئی قدر، اہمیت اور قیمت نہیں، حالانکہ دنیا میں ہر چیز کا نعم البدل مل سکتا ہے، مگر وقت کا جو لمحہ گزر جائے، وہ کسی قیمت پر واپس نہیں لایا جاسکتا [۳]، لہٰذا ہم علماء، طلبہ اور تمام مسلم نوجوانوں پر لازم ہے کہ وقت کی پابندی کریں، انتظامیہ (یا گھر کے ذمہ داروں) نے پڑھنے پڑھانے، کھانے پینے اور دیگر اُمور کا جو وقت مقرر کردیا ہے، اُس کا پاس ولحاظ رکھیں، اور نظم وضبط کو اپنی زندگی کا جزو قرار دیں، کہ اس کے بغیر زندگی کا صحیح لُطف حاصل نہیں ہوسکتا۔ [۴]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فإذا اطمأننتم فاقيموا الصلوة ان الصلوة كانت على المؤمنين كتابا موقوتا﴾ . (سورة النساء :۱۰۳)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الوقت في اللغة : مقدار من الزمان مفروض لأمر ما ، أو نهاية الزمان المفروض للعمل ، وكل شيء قدرت له حينا فقد وقته توقيتا ، وكذلك ما قدرت له غاية . ومنه قول الله تعالى : ﴿فإذا اطمأننتم فاقيموا الصلوة ان الصلوة كانت على المؤمنين كتابا موقوتا﴾ . (۱۰۲/۴۴، وقت ، التعريف)

(۲) ما في " القرآن الكريم ": ﴿وأوفوا بالعهد إن العهد كان مسئولا﴾ . =

.....

=(سورة بنی اسرائیل:۳۷)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : قال الزجاج : كل ما أمر الله به ونهى عنه فهو في العهد . (۲۵۶/۱۰)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : قوله عليه السلام : " المؤمنون عند شروطهم " . وقال : كل شرط ليس بكتاب الله فهو باطل ، فبين أن الشرط أو العقد الذي يجب به الوفاء ما وافق كتاب الله ؛ أي دين الله فإن ظهر فيها ما يخالف رد . (۳۳/۶)

ما في " جامع الترمذي " : قوله عليه السلام : " المسلمون على شروطهم إلا شرطا حرم حلالا أو أحل حراما " . (۲۵۱/۱)

(۳) ما في " الجد الحثيث في بيان ما ليس بحديث " : الوقت كالسيف إن لم تقطعه قطعك . (ليس بحديث بل من كلام بعض الحكماء) . (۲۵۳/۱ ، المؤلف : أحمد بن عبد الكريم الغزي ، ط : دار ابن حزم ، كشف الخفاء ومزيل الإلباس عما اشتهر من الأحاديث على ألسنة الناس :۳۴۲/۲ ، ط : دار احياء التراث العربي بيروت)

ما في " معالم تربوية لطالبي أسنى الولايات الشرعية " : وفي الحكمة : الوقت كالسيف إن لم تقطعه قطعك . فالوقت إما لك ، وإما عليك . (۴۷/۱ ، المَعلم الخامس ؛ حفظ الوقت واغتنامه ، المؤلف : محمد بن محمد المختار الشنقيطي)

(۴) ما في " صحيح البخاري " : وعن المغيرة بن شعبة قال : قال النبي ﷺ : " إن الله حرّم عليكم عقوق الأمهات ، ووأد البنات ، ومنعًا وهات ، وكره لكم قيل وقال ، وكثرة السؤال ، وإضاعة المال " . (۳۲۴/۱ ، كتاب في الاستقراض وأداء الديون والحجر الخ ، باب ما ينهى عن إضاعة المال ، صحيح مسلم :۷۶/۲ ، كتاب الأقضية)

ما في " صحيح البخاري " : قوله عليه السلام : " نعمتان مغبون فيهما كثير من الناس ؛ الصحة والفراغ " .

(۹۴۹/۲ ، كتاب الرقاق ، جامع الترمذي :۵۶/۲ ، كتاب الزهد ، رقم :۲۳۰۴)

ما في " فتح الباري لإبن حجر " : فإن من لا يستعملهما فيما ينبغي فقد غبن . (۲۷۶/۱۱)

ما في " جامع الترمذي " : ..... " لا تزول قدما عبد حتى يسأل عن عمره فيما=

۱۵

اجازت سے زائد آبِ زم زم لانا

مسئلہ (۱۹۹): بعض لوگ جب حج یا عمرہ سے واپس ہوتے ہیں، تو قانونی طور پر جتنا آبِ زم زم لانے کی اجازت ہے، اُس سے زیادہ لاتے ہیں، بسا اوقات اس میں کسٹم حکام کو رشوت بھی دینی پڑتی ہے، اور کبھی ایئر پورٹ پر، حکومتی کارندوں کی چیکنگ کے بعد، زائد پانی وہی چھوڑنا پڑ جاتا ہے، اس لیے جب بھی حج یا عمرہ سے واپس آئیں، تو قانوناً جتنا آبِ زم زم لانے کی اجازت ہے، اتنا ہی لانا چاہیے[۱]، اجازت سے زائد لانا اور قانون کی خلاف ورزی کرکے، خطرہ مول لینا[۲]، یا رشوت دینا[۳]، کوئی دانش مندی نہیں ہے، لہٰذا اِس طرح کے عمل سے پرہیز کرنا لازم ہے۔

= أفناه ، وعن عمله فيما فعل ، وعن ماله من أين اكتسبه ، وفيما أنفقه ، وعن جسمه فيما أبلاه " . (٢/٦٧ ، أبواب صفة القيامة)

ما في " الألعاب الرياضية " : يقول الدكتور يوسف القرضاوي حفظه الله : والحق أن السفه في إنفاق الأوقات أشد خطرًا من السفه في إنفاق الأموال ..... ؛ لأن المال إذا ضاع قد يعود ، والوقت إذا ضاع لا عوض له . (ص/ ٣٢٠ ، ط : دار النفائس الأردن)

(مستفاد: اسلامی اخلاق وآداب: ص/ ۲۷۷، ۲۷۸)

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " تكملة فتح الملهم " : إن المسلم يجب عليه أن يطيع أميره في أمور مباحة . (٣/٣٢٤ ، ط : أشرفيه)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : لأن طاعة الإمام فيما ليس بمعصية فرض . (٦/٤١٦ ، كتاب الجهاد ، باب البغاة ، مطلب في وجوب طاعة الإمام)=

.....

=ما في " الموسوعة الفقهية " : أجمع العلماء على وجوب طاعة أولي الأمر من الأمراء والحكام ، وقد نقل النووي عن القاضي عياض وغيره هذا الإجماع .

(٣٢٣/٢٨ ، طاعة ، طاعة أولي الأمر)

(٢) ما في " جامع الترمذي " : عن حذيفة قال : قال رسول الله ﷺ : " لا ينبغي للمؤمن أن يُذِلَّ نفسه " . قالوا : وكيف يذلّ نفسه ؟ قال : " يتعرّض من البلاء لما لا يطيق " .

(٥١/٢ ، أبواب الفتن ، رقم :٢٢٥٤)

(سنن ابن ماجة :ص/٢٩٠ ، كتاب الفتن ، باب قوله تعالى : يآ أيها الذين آمنوا عليكم انفسكم ، رقم :٤٠١٦)

ما في " شروح سنن ابن ماجة " : قال السندي : قوله : (يتعرض من البلاء) إما بالدعاء على نفسه بها ، أو بأن يأتي بأسبابها العادية . (١٤٦٦/٢ ، تحت رقم :٤٠٦٦)

ما في " الموافقات للشاطبي " : ومجموع الضروريات خمسة : وهي حفظ الدين والنفس والنسل والمال والعقل ، وقد قالوا : إنها مراعاة في كل ملة .

(٣٢٦/٢ ، دار المعرفة بيروت ، المقاصد قسمان ؛ مقاصد الشارع ومقاصد المكلف ، القسم الأول مقاصد الشارع ، النوع الأول ، المسألة الأولى)

ما في " فتاوى دار العلوم ديوبند على شبكة نيت " : لكن لما كان هذا العمل خلاف القانون الحكمي وفيه إلقاء النفس إلى التهلكة فينبغي أن يحترز من هذا العمل ، قال تعالى : ﴿ولا تلقوا بأيديكم إلى التهلكة﴾ . وفي القواعد الفقهية : المسلمون مأمورون بأن يدفع سبب الهلاك عن أنفسهم . (رقم الفتوىٰ :٦٣٢٢٤ ، متفرقات ، حلال وحرام)

(٣) ما في " القرآن الكريم " : ﴿سمّٰعون للكذِب أكّٰلون للسُّحت﴾ .

(سورة المائدة :٤٢)

ما في " الجامع الصغير " : " لعن الله الراشي والمرتشي الذي يمشي بينهما " .

(ص/٤٤ ، رقم : ٧٢٥٥)

ما في " جامع الترمذي " : " لعن رسول الله ﷺ الراشي والمرتشي " .

(رقم :١٣٣٦ ، كتاب الأحكام ، سنن أبي داود : رقم : ٣٥٨٠ ، كتاب الأقضية ،=

اِنسیکٹ کِلَر (Insect Killer) کا استعمال

مسئلہ (۲۰۰): جو حشرات الارض؛ کیڑے مکوڑے، مُوذی؛ یعنی تکلیف پہنچانے والے ہیں، مثلاً؛ مچھر، کھٹمل وغیرہ، ان کو مارنے اور قتل کرنے کی شرعاً اجازت ہے، البتہ قتل کے لیے ابتداءً ایسی چیز کا استعمال نہ کیا جائے، جس میں جلانا پایا جائے، کہ یہ عمل مکروہ ہے، ہاں! اگر اس کے علاوہ کوئی اور طریقہ کارگر نہ ہو، تو بدرجۂ مجبوری جلانے کی بھی گنجائش ہوگی۔ (۱)

= باب كراهية الرشوة)

(سنن ابن ماجة : رقم :۲۳۱۳ ، كتاب الأحكام ، باب التغليظ في الرشوة)

ما في " سبل السلام شرح بلوغ المرام " : الرشوة حرام بالإجماع ، سواء كانت للقاضي أو للعامل على الصدقة أو لغيرهما .

(۴/۱۴۷۱ ، الرشوة للقاضي والهدية ، المال المأخوذ ظلماً : ۱/۴۰۸)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۴۸۷۲۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " إمداد الفتاوى " : وحرقهم ما نصه لكن جواز التحريق والتفريق مقيد كما في الشرح السير بما إذا لم يتمكنوا من الظفر بهم بدون ذلك بلا مشقة عظيمة ؛ فإن تمكنوا فلا يجوز كما في الدر المختار . (۴/۲۶۳) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۴۷۰۳۷)

کرنسی کی اسمگلنگ (Smuggling)[☆]

مسئلہ (۲۰۱): کرنسی یا کسی مباح چیز کی تجارت فی نفسہٖ جائز عمل ہے(۱)، لیکن اس کی اسمگلنگ (Smuggling) جب ملکی قوانین کے خلاف، اور ملک کے لیے نقصان دِہ ہو، تو ناجائز قرار پائے گی(۲)، لہٰذا مسلمانوں کو ایسی اسمگلنگ؛ یعنی غیر قانونی تجارت سے بچنا لازم ہے۔(۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الأصول والقواعد للفقه الإسلامي " : اَلأَصْلُ فِي الْأَشْيَاءِ الإِبَاحَةُ .

(ص/۱۱۷ ، قاعده : ۳۰ ، الأشباه والنظائر لإبن نجيم :ص/۲۵۲ ، الأشباه والنظائر للسيوطي : ۱/۱۲۱ ، القواعد الفقهية : ص/۱۰۷ ، قواعد الفقه :ص/۵۹ ، قاعدة : ۳۳ ، رد المحتار : ۱/۱۰۵ ، مطلب ؛ المختار أن الأصل في الأشياء الإباحة)

(۲) ما في " تكملة فتح الملهم " : إن المسلم يجب عليه أن يطيع أميره في أمور مباحة .

(۳/۳۲۴ ، ط : أشرفيه)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : لأن طاعة الإمام فيما ليس بمعصية فرض .

(۶/۴۱۶ ، كتاب الجهاد ، باب البغاة ، مطلب في وجوب طاعة الإمام)

ما في " الموسوعة الفقهية " : أجمع العلماء على وجوب طاعة أولي الأمر من الأمراء والحكام ، وقد نقل النووي عن القاضي عياض وغيره هذا الإجماع . (۲۸/۳۲۳ ، طاعة ، طاعة أولي الأمر)

(۳) ما في " جامع الترمذي " : عن حذيفة قال : قال رسول الله ﷺ : " لا ينبغي للمؤمن أن يُذِلَّ نفسه " . قالوا : وكيف يذلّ نفسه ؟ قال : " يتعرّض من البلاء لما لا يطيق " .

(۲/۵۱ ، أبواب الفتن ، رقم :۲۲۵۴ ، سنن ابن ماجة :ص/۲۹۰ ، كتاب الفتن ، باب قوله تعالى : يآ أيها الذين امنوا عليكم انفسكم ، رقم :۴۰۱۶)

☆ اِسمَگلِنگ – خلافِ قانون در آمد یا برآمد . (فیروز اللغات :ص/۹۵) =

دینی پروگرام کی سی ڈی (CD) بنانا

مسئلہ (۲۰۲): ایسی مجلس جو خالص دینی اور علمی ہو، اور غیر محارم پر مشتمل نہ ہو، تو چوں کہ سی ڈی (CD) میں نظر آنے والی شکلوں کا بعض محققین علماء کے نزدیک فنی اعتبار سے تصویر ہونا محل نظر ہے، اس لیے اس کے بنانے کی گنجائش ہے، مگر اس طرزِ عمل سے غیر شرعی اُمور پر مشتمل سی ڈی (CD) بنانے والوں کی حوصلہ افزائی ضرور ہوگی، اس لیے اس سے احتراز کرنا چاہیے، البتہ اگر محض تلاوت وغیرہ کی ریکارڈنگ کرنا مقصود ہو، تو یہ بلاشبہ جائز ہے۔ (۱)

=ما في " شروح سنن ابن ماجة " : قال السندي : قوله : (يتعرض من البلاء) إما بالدعاء على نفسه بها ، أو بأن يأتي بأسبابها العادية . (۲/۱۴۶۶ ، تحت رقم :۴۰۶۶)

ما في " الموافقات للشاطبي " : ومجموع الضروريات خمسة : وهي حفظ الدين والنفس والنسل والمال والعقل ، وقد قالوا : إنها مراعاة في كل ملة . (۲/۳۲۶ ، دار المعرفة بيروت، المقاصد قسمان ؛ مقاصد الشارع ومقاصد المكلف ، القسم الأول مقاصد الشارع، النوع الأول ، المسألة الأولى) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۲۰۸۸۴)

ما في " فتاوى دار العلوم ديوبند على شبكة نيت " : لكن لما كان هذا العمل خلاف القانون الحكمي وفيه إلقاء النفس إلى التهلكة فينبغي أن يحترز من هذا العمل ، قال تعالى : ﴿ولا تلقوا بأيديكم إلى التهلكة﴾ . وفي القواعد الفقهية : المسلمون مأمورون بأن يدفع سبب الهلاك عن أنفسهم . (رقم الفتوىٰ :۶۳۲۲۴، متفرقات ، حلال وحرام)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " تكملة فتح الملهم " : وأما إذا احتفظ بالصورة في شريطة الفيديو ، فإن الصور لا تنقش على الشريطة ، وإنما تحفظ فيها الأجزاء الكهربائية التي ليس فيها صورة ، فإذا ظهرت هذه الأجزاء على الشاشة ظهرت مرة أخرى بذلك الترتيب الطبيعي ، ولكن=

بلا اجازت وائی فائی کنیکشن کا استعمال

مسئلہ (۲۰۳): آج کل اینڈرائڈ (Androide) دور چل رہا ہے، سڑکوں، گزرگاہوں، آفسوں اور دفتروں پر، جگہ جگہ وائی فائی کنیکشن (WiFi Conection) دستیاب ہوتا ہے، کچھ لوگ اپنے وائی فائی سسٹم کو لاک (Lock/مقفل) نہیں کرتے ہیں، تو بعض لوگ اپنے موبائل اس سے کنیکٹ (Conect) کر لیتے ہیں، جب کہ کنیکشن والے کی طرف سے صراحۃً یا دلالۃً اس کی کوئی اجازت نہیں ہوتی ہے، تو اس طرح کسی کی اجازت کے بغیر اس کا وائی فائی نیٹ ورک (WiFi Network) استعمال کرنا شرعاً درست نہیں ہے، کیوں کہ یہ کنیکشن والے کے لیے پریشانی کا باعث ہوتا ہے، کہ وہ کوئی اہم کام کرنے جارہا ہوتا ہے، اور نیٹ ورک سست رفتاری سے چلتا ہے؛ لہٰذا مسلم نوجوانوں کو اس طرح کے عمل سے باز رہنا چاہیے۔[1]

= ليس لها ثبات ولا استقرار على الشاشة ، وإنما هي تظهر وتفني فلا عذر أن هناك مرحلة من المراحل تنتقش فيها الصورة على شيء بصفة مستقرة أو دائمة ، وعلى هذا فتنزيل هذه الصورة منزلة الصورة المستقرة مشكل . (۴/۱۶۴، ۱۶۵)

(بحوالہ فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۳۸۷۳۸)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : لا يجوز لأحد أن يتصرف في ملك الغير بلا إذنه . (۱/۹۶، المادة : ۹۶ ، شرح المجلة : ص/۶۱، المادة : ۹۶)

(قواعد الفقه : ص/۱۱۰، قاعدة : ۷۰)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : لا يجوز التصرف في مال غيره بلا إذنه ولا ولايته .=

کتاب اللباس والحجاب

لباس وحجاب کے احکام ومسائل

شرعی لباس کے اصول وضوابط

مسئلہ (۲۰۴): قرآن وحدیث کی رُو سے شرعی لباس وہ کہلائے گا جس میں شرعی اُصول وضوابط کی رعایت کی گئی ہو۔ ہر مسلمان کے لیے شرعی لباس کا اختیار کرنا بے حد ضروری ہے، اور کفار وفساق کے لباس سے بچنا چاہیے۔

یہ بھی یاد رہے کہ شریعتِ مطہرہ نے لباس کے متعلق کسی خاص وضع قطع کی پابندی نہیں لگائی ہے، البتہ اس کی کچھ حدود وقیود مقرر کی ہیں، ان سے تجاوُز جائز نہیں، پس جو لباس ان حدود وقیود کے دائرے میں رہتے ہوئے اختیار کیا جائے گا، وہ شرعی لباس کہلائے گا، ورنہ خلافِ شرع ہوگا، کچھ حدود واصول درجِ ذیل ہیں:

(۱) لباس اتنا چھوٹا، باریک یا چُست نہ ہو کہ وہ اعضائے مستورہ کی ساخت کو

=(۹/۲۴۰ ، كتاب الغصب ، مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الغير)

ما في " رد المحتار " : التصرف في مال الغير حرام ، فيجب التحرّز عنه .

(۷/۳۷۳ ، كتاب البيوع ، باب المرابحة والتولية)

ما في " شرح المجلة " : لا يجوز لأحد أن يأخذ مال أحد بلا سبب شرعي ، أي لا يحل في كل الأحوال عمدا أو خطأ أو نسيانا ، جدا أو لعبا أن يأخذ أحد مال أحد ، بوجه لم يشرعه الله تعالى ولم يبحه ؛ لأنه حقوق العباد محترمة لا تسقط ..... يجب عليه ردّه قائمًا أو مثله أو قيمته هالكاً . اهـ . (ص/۲۶۴ ، ۲۶۵) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۴۶۷۴۱)

واضح کردے۔ (۲) لباس میں کافروں اور فاسقوں کی نقالی اور تشبُّہ اختیار نہ کریں۔ (۳) لباس میں بڑائی وتکبُّر اور فخر ونمائش اور بے جا تکلُّفات سے اجتناب کریں۔ (۴) مرد؛ شلوار، تہبند، جبہ اور پاجامہ وغیرہ اتنا لمبا نہ پہنیں کہ ٹخنے چھُپ جائیں۔ (۵) مردوں کے لیے اصلی ریشم کا لباس پہننا حرام ہے۔ (۶) مرد؛ زنانہ لباس، اور عورتیں؛ مردانہ لباس اختیار نہ کریں۔

(فی زماننا عورتوں کے لیے کوٹ، پتلون، شرٹ، پینٹ وغیرہ کا استعمال جائز نہیں، اسی طرح مردوں کو سونے، چاندی کی زنجیر پہننا، عورتوں کی طرح بال رکھنا، لبوں پر سُرخی لگانا، ہاتھ، پیر میں مہندی لگانا وغیرہ جائز نہیں)

(۷) مردوں کے لیے خالص سرُخ لباس پہننا مکروہ ہے، ہاں! خالص سُرخ نہ ہو تو مضائقہ نہیں۔ (۸) اپنی مالی استطاعت سے بہت زیادہ قیمت کے لباس کا اہتمام نہ کریں۔ (۹) مال دار شخص اتنا گھٹیا لباس نہ پہنے کہ دیکھنے والے مفلس سمجھیں۔ (۱۰) لباس صاف سُتھرا ہونا چاہیے، مردوں کے لیے سفید لباس زیادہ پسندیدہ ہے۔ (لباس میں ہر علاقے کے اہلِ صلاح وتقویٰ کے لباس کا اتباع زیادہ بہتر اور مستحب ہے، کیوں یہ اقرب إلی السنہ ہونے کی علامت ہے۔)[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " تكملة فتح الملهم " : إن الإسلام دين تشمل أحكامه جميع شعب الحياة ، فإنه لم يدع باب اللباس هملا ، بل وضع له مبادئ وأحكاما لا يجوز لمسلم أن يخالفها ، وقد يزعم الإنسان المعاصر أن اللباس والزينة من الأمور العادية البسيطة التي تخضع للتقاليد الرائجة في كل عصر ومصر، ولا علاقة لها بأحكام الحلال والحرام ، فإنها ليست من=

.....

= الأمور الجذرية التي تقوم على أساسها الحياة ، ولكن هذا الزعم إنما نشأ من قلة التدبر .... ولكن الإسلام لا يسلك في شأن من شؤون الحياة إلا طريقا يتفق مع الفطرة السليمة ، ويتجارب مع مقتضيات الطبيعة وبما أن الإنسان جبل على حب التنوع في أنواع اللباس والطعام ، فإن الإسلام لم يقصره على نوع دون نوع ، ولم يقرر للإنسان نوعا خاصا ، أو هيئة خاصة من اللباس ، ولا أسلوبا خاصا للمعيشة وإنما وضع مجموعة من المبادئ والقواعد الأساسية يجب على المسلم أن يتحفظ بها في أمر لباسه ، ثم تركه حرا في اختيار ما يراه من أنواع الملابس ، وليس هناك ما يمنع التطور في أنواع اللباس ، ما دام الإنسان يتحفظ بهذه المبادي ، ويفي بشروطها الواجبة . فمن مقدمة هذه المبادئ : (١) أن اللباس يجب أن يكون ساترًا لعورة الإنسان ... وستر العورة من أعظم مقاصد اللباس ، وأن اللباس الذي يخل بهذا المقصد يهمل ما خلق اللباس لأجله ، فيحرم على الإنسان استعماله ... وكذلك اللباس الرقيق أو اللاصق بالجسم الذي يحكي للناظر شكل حصة من الجسم الذي يجب ستره ، فهو في حكم ما سبق في الحرمة وعدم الجواز . (٢) أن اللباس إنما يقصد به الستر والتجمل ... وأما ما يقصد به الخيلاء والكبر أو الأشر والبطر أو الرياء فهو حرام . (٣) أن اللباس الذي يتشبه به الإنسان بأقوام كفرة ، لا يجوز له لبسه لمسلم إذا قصد بذلك التشبه بهم . (٤) أن لبس الحرير حرام للرجال دون النساء ، وكذلك إسبال الإزار إلى الكعبين لا يجوز للرجال ويجوز للنساء . (٥) الثوب المصبوغ بلون مطرب يحصل له الفخر والمرآة، فنهى رسول الله ﷺ عن المعصفر والمزعفر .... ولا اختلاف بين قوله ﷺ : " إن البذاذة من الإيمان " .... وبين قوله ﷺ : " إن الله يحب أن يرى أثر نعمته على عبده " ... لأن هناك شيئين مختلفين في الحقيقة ، قد يشتبهان بادي الرأي ، أحدهما مطلوب والآخر مذموم ، فالمطلوب ترك الشح ، ويختلف باختلاف طبقات الناس ، فالذي هو في الملوك شح ربما يكون إسرافا في حق الفقير ، وترك عادات البدو واللاحقين بالبهائم واختيار النظافة ومحاسن العادات ، والمذموم الإمان في التكلف والمرآة والتفاخر بالثياب ، وكسر قلوب الفقراء ، ونحو ذلك وفي ألفاظ الحديث إشارات إلى هذه المعاني كما لا يخفى على المتأمل . (۴/۸۷ – ۸۹) (کتاب الفتاویٰ:۶/۹۵،نوادر الفقہ:۲/۳۶۵،جدید معاملات کے شرعی احکام:۳/۵۴،فتاویٰ دار العلوم زکریا:۷/ ۱۱۸-۱۲۰،شرعی لباس کے اصول وضوابط،فتاویٰ محمودیہ:۱۹/ ۲۵۵،ط: کراچی، المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ:۱/۱۴۳،مسئلہ:۱۴۷،موجودہ لباس شریعت کی روشنی میں،طبع چہارم)

تشبُّہ کے اقسام اور اُن کے احکام

مسئلہ (۲۰۵): (۱) تشبُّہ بالکفار، اعتقادات وعبادات میں کفر ہے، اور مذہبی رُسومات میں حرام ہے۔ (۲) معاشَرت، عبادات اور قومی شعائر میں تشبُّہ مکروہِ تحریمی ہے۔ (۳) جو چیزیں دوسری قوموں کی قومی وضع ہیں، نہ مذہبی، گو اُن کی ایجاد ہوں، اور عام ضرورت کی چیزیں جیسے: دیا سلائی، یا گھڑی، یا نئے ہتھیار، یا نئی ورزشیں جن کا بدل ہماری قوم میں نہ ہو، اس کا برتنا جائز ہے۔ ایجادات وانتظامات اور اسلحہ اور سامانِ جنگ میں غیر قوموں کے طریقے لے لینا جائز ہے، ہاں! جس کا بدل مسلمانوں کے پاس موجود ہو، تو اس میں تشبُّہ مکروہِ تنزیہی ہے۔ (۴) مسلمانوں میں جو فاسق یا بدعتی ہیں، اُن کی وضع اختیار کرنا بھی گناہ ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " من تشبه بقوم فهو منهم " . (ص/۵۵۹ ، كتاب اللباس ، باب لباس الشهرة)

ما في " بذل المجهود " : قال القاري : من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره أو بالفساق أو الفجار أو بأهل التصوف والصلحاء والأبرار فهو منهم أي في الإثم أو الخير عند الله تعالى . (۵۹/۱۲، مرقاة المفاتيح :۲۲۲/۸، كتاب اللباس والزينة)

ما في " مرقاة المفاتيح " :قوله ﷺ : (من تشبه بقوم فهو منهم) . أي من شبه نفسه بالكفار، مثلا في اللباس وغيره أو بالفساق والفجار أو بأهل التصوف والصلحاء والأبرار . (۲۲۲/۸ ، كتاب اللباس ، الفصل الثاني ، حديث : ۴۳۴۷)

ما في " شرح الطيبي " : قوله : " من تشبه بقوم " هذا عام في الخَلق والخُلق والشعار ، =

.....

=وإذا كان الشعار أظهر في التشبه . (۲۳۲/۸ ، رقم :۴۳۷۴)

ما في " فيض القدير " : (من تشبه بقوم) أي تزيا في ظاهره بزيهم وفي تعرفه بفعلهم وفي تخلقه بخلقهم وسار بسيرتهم وهديهم في ملبسهم وبعض أفعالهم . اهـ . ..... وقال بعضهم : قد يقع التشبه في أمور قلبية من الاعتقادات وإرادات وأمور خارجية ، من أقوال وأفعال قد تكون عبادات وقد تكون عادات في نحو طعام ولباس ومسكن ونكاح واجتماع وافتراق وسفر وإقامة وركوب وغيرها ، وبين الظاهر والباطن ارتباط ومناسبة وقد بعث الله المصطفى ﷺ بالحكمة التي هي سنة وهي الشرعة والمنهاج الذي شرعه له فكان مما شرعه له من الأقوال والأفعال ما يباين سبيل المغضوب عليهم والضآلّين فأمر بمخالفتهم في الهدي الظاهر في هذا الحديث ، وإن لم يظهر فيه مفسدة لأمور – منها أن المشاركة في الهدي في الظاهر تؤثر تناسبا وتشاكلا بين المتشابهين تعود إلى موافقة ما في الأخلاق والأعمال ، وهذا أمر محسوس . اهـ . ..... وقال ابن تيمية : هذا الحديث أقل أحواله أن يقتضي تحريم التشبه بأهل الكتاب وإن كان ظاهره يقتضي كفر المتشبه بهم فكما في قوله تعالى : ﴿ومن يتولّهم منكم فإنه منهم﴾ وهو نظير قول ابن عمرو : من بنى بأرض المشركين وصنع نيروزهم ومهرجانهم وتشبه بهم حتى يموت حشر يوم القيامة معهم ، فقد حمل هذا على التشبه المطلق فإنه يوجب الكفر ويقتضي تحريم أبعاض ذلك ، وقد يحمل منهم في القدر المشترك الذي شابههم فيه فإن كان كفرا أو معصية أو شعارا لها كان حكمه كذلك . (۱۰۴/۶ ، رقم :۸۵۹۳ ، ط : دار المعرفة بيروت لبنان)

ما في " اقتضاء الصراط المستقيم لمخالفة أصحاب الجحيم " : وإذا كانت المشابهة في القليل ذريعة ووسيلة إلى بعض هذه القبائح كانت محرمة ، فكيف إذا أفضت إلى ما هو كفر بالله ؟ . ..... ان المشابهة تفضي إلى كفر أو معصية غالبا ، أو تفضي إليهما في الجملة، وليس في هذا المفضى مصلحة ، وما أفضى إلى ذلك كان محرما ، فالمشابهة محرّمة . اهـ .

(ص/۲۱۵ ، ۲۱۶ ، المشابهة تفضي إلى كفر أو معصية غالبا ، ط : مطابع المجد التجارية ، و: ۱/ ۲۷۱، باب التشبه مفهومه ومقتضاه ، ط : دار عالم الكتب بيروت)

(حیات المسلمین وانفاسِ عیسیٰ، بحوالہ: فقہ حنفی کے اصول وضوابط :ص/۱۵۱)

(فتاویٰ دارالعلوم زکریا:۷/۱۲۲، تشبہ کے اقسام اوراس کے احکام)

مصنوعی ریشم کے کپڑے پہننا

مسئلہ (۲۰۶): اصلی ریشم وہ ہے جو کیڑے سے بنتا ہے، جس کا پہننا مردوں کے لیے ناجائز اور عورتوں کے لیے جائز ہے، اور آج کل سِلک کے مختلف ایسے کپڑے ایجاد ہوگئے ہیں، جن میں خاصی چمک پائی جاتی ہے، لیکن غالباً ریشم کے بجائے کوئی اور چیز ان کپڑوں میں استعمال کی جاتی ہے، اگر یہ حقیقۃً مصنوعی ریشم ہے، اصلی ریشم نہیں، اور کسی دوسری طرح اس میں چمک پیدا کی جاتی ہو، تو مردوں کے لیے ایسے کپڑے پہننے میں کوئی حرج نہیں، نیز جس کپڑے کا تانا ریشم کا ہو وہ بھی جائز ہے، البتہ جس کپڑے کا بانا ریشم کا ہو وہ مردوں کے لیے ناجائز ہے، اسی طرح جس کپڑے پر چار اُنگل سے زائد ریشم کا نقش ونگار ہو، وہ بھی جائز نہیں۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الشرح الكامل " : قال الإمام النووي : أما المختلط من حرير وغيره فلا يحرم إلا أن يكون الحرير أكثر وزنًا ، والله أعلم .

(۱۸۹/۲ ، كتاب اللباس والزينة ، ط: قديمي ، بحواله فتاوى دار العلوم زكريا)

ما في " مجمع الأنهر " : ويحل للنساء لبس الحرير ولا يحل للرجال إلا قدر أربع أصابع كالعلم . (۱۹۲/۴ ، كتاب الكراهية ، فصل في اللبس)

(فتاویٰ محمودیہ:۱۹/۳۲۷، ط: کراچی، احسن الفتاویٰ:۸/۶۶)

(آپ کے مسائل اور ان کا حل:۸/۳۶۷، جدید ایڈیشن، جدید فقہی مسائل:۱/۳۴۶)

(فتاویٰ دار العلوم زکریا:۷/۹۱، ۹۲، مصنوعی ریشم کے کپڑے پہننے کا حکم، لباس اور زینت سے متعلق احکام، ط: مجلس البحوث والافتاء بمبئی)

چمڑے کی جیکٹ کا استعمال

مسئلہ (۲۰۷): جس جانور کو شرعی طور پر ذبح کیا گیا ہو، تو اس کے گوشت کی طرح اس کا چمڑا بھی پاک ہو جاتا ہے، سوائے سور کے چمڑے کے، کہ وہ کسی بھی صورت میں پاک نہیں ہوتا[۱]، اسی طرح اگر مردار کے چمڑے کو دباغت دے کر صاف کر دیا جائے، تو اس کا استعمال بھی جائز ہے[۲]، اس لیے اگر کوئی شخص چمڑے کے بنے ہوئے جیکٹ کو استعمال کرے، تو یہ درست ہے۔ ہاں! درندہ جانوروں کے چمڑے کا استعمال مکروہ ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے درندوں کے چمڑے کے استعمال سے منع فرمایا ہے[۳]، کیوں کہ اس سے تکبر کا اظہار ہوتا ہے، جو شرعاً ممنوع ہے۔[۴]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : ذهب الحنفية والشافعية ، وهو رواية عن أحمد في جلد ميتة مأكول اللحم ، إلى أن الدباغة وسيلة لتطهير جلود الميتة ، سواء أكانت مأكولة اللحم أم غير مأكولة اللحم ، فيطهر بالدباغ جلد ميتة سائر الحيوانات إلا جلد الخنزير عند الجميع لنجاسة عينه ، وإلا جلد الآدمي لكرامته .

(۲۰/۲۲۹ ، دباغة ، أثر الدباغة في تطهير الجلود ، و: ۲۰/۲۳۰، دباغة)

(۲) ما في " سنن أبي داود " : عن عائشة زوج النبي ﷺ : " أن رسول الله ﷺ أمر أن يستمتع بجلود الميتة إذا دبغت " .

(ص/۵۶۹ ، كتاب اللباس ، باب في أهب الميتة ، ط : قديمي ، رقم : ۴۱۳۱)

ما في " الموسوعة الفقهية " : أما الانتفاع بالميتة بغير الأكل ، وفي غير حالة الاضطرار فالجمهور (الحنفية والمالكية والشافعية ، وهو رواية عن أحمد) على أن كل إهاب دبغ=

ریشمی دھاگے والی تسبیح

مسئلہ (۲۰۸): بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ جیسے ریشم کا لباس پہننا منع ہے، ایسے ہی تسبیح میں ریشم کا دھاگا استعمال کرنا بھی منع ہے، اُن کا یہ خیال درست نہیں، صحیح بات یہ ہے کہ ریشمی لباس مردوں کے لیے ممنوع ہے، اور تسبیح میں لگا ہوا دھاگا لباس میں شامل نہیں ہے، لہٰذا اُس کا استعمال بھی جائز اور درست ہے۔ (۱)

= فقد طهر ، ويجوز الانتفاع به إلا جلد الخنزير والآدمي . أما الخنزير فلأنه نجس العين ، وأما الآدمي فلكرامته ، فلا يجوز الانتفاع به كسائر أجزائه .

(۳۰۴/۶ ، انتفاع ، ترتيب الانتفاع بالمحرم)

(۳) ما في " سنن أبي داود " : عن معاوية قال : قال رسول الله ﷺ : " لا تركبوا الخزَّ ولا النمار " . (ص/۵۷۰ ، كتاب اللباس ، باب في جلود النمر)

وفيه أيضًا : عن أبي هريرة ، عن النبي ﷺ قال : " لا تصحب الملائكة رفقة فيها جلد نمر " . (ص/۵۷۰)

(۴) ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق العلماء على أن الكبر من الكبائر . ذكر ذلك الذهبي . (۱۶۶/۳۴ ، كبر ، الحكم التكليفي) (مستفاد: بشکریہ: ماہنامہ ارمغان: ص/۳۸، نومبر ۲۰۱۶ء)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مجمع الأنهر " : لو صلى على سجادة من الإبريسم لم يكره ، فإن الحرام هو اللبس ، أما الانتفاع بسائر الوجوه فليس بحرام . (۱۹۴/۴ ، ط : دار الكتب العلمية)

ما في " رد المحتار " : وفي الدر المنتقى : ولا تكره الصلاة على سجادة من الإبريسم ؛ لأن الحرام هو اللبس ، أما الانتفاع بسائر الوجوه فليس بحرام كما في صلاة الجواهر ، وأقره القهستاني وغيره . قلت : ومنه يعلم حكم ما كثر السؤال عنه من بند السبحة فليحفظ . اهـ . (۳۵۴/۶ ، ط : سعيد كراچي ، و:۵۱۰/۹ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في اللبس، ط : بيروت) =

ریشمی قالین کا استعمال

مسئلہ (۲۰۹): امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک ریشم کی قالین پر چلنا، بیٹھنا، دستر خوان رکھ کر کھانا، اور اُس پر نماز وغیرہ عبادت کرنا جائز اور درست ہے، البتہ صاحبین رحمہما اللہ کے نزدیک ریشم کی قالین کا استعمال مکروہ ہے، متون میں امام صاحب کے قول کو اختیار کیا گیا ہے، لیکن اکثر مشائخ نے صاحبین کے قول کو ترجیح دی ہے، اور یہی اَعدل اور اَحوط ہے، لہٰذا ریشم کے استعمال سے اجتناب کرنا چاہیے۔ (۱)

=ما في " حاشية الطحطاوي على الدر المختار " : قال الإمام الطحاوي : وهذا ظاهر إذا كانت من حرير ؛ لأنه ليس من اللبس .(۴/۱۷۸ ، بحواله فتاوى دار العلوم زكريا)

(امداد الاحکام: ۴/۳۴۰، فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۷/۱۰۷، تسبیح میں ریشمی دھاگے کا استعمال)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (ويحل توسّده وافتراشه) والنوم عليه ، وقالا والشافعي ومالک : حرام ، وهو الصحيح كما في المواهب ، قلت : فليحفظ هذا ، لكنه خلاف المشهور . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (ويحل توسده) الوسادة : المخدة . منح . وتسمى مرفقة ، إنما حل لما روي أن النبي ﷺ جلس على مرفقة حرير ، وكان على بساط ابن عباس رضي الله تعالى عنهما مرفقة حرير . وروي أن أنسًا رضي الله تعالى عنه حضر وليمة فجلس على وسادة حرير ، ولأن الجلوس على الحرير استخفاف وليس بتعظيم ، فجرى مجرى الجلوس على بساط فيه تصاوير . منح عن السراج . قوله : (وقالا: الخ) قيل : أبو يوسف مع أبي حنيفة ، وقيل : مع محمد . قوله : (كما في المواهب) ومثله في متن درر البحار . قال القهستاني : وبه أخذ أكثر المشايخ كما في الكرماني . اهـ . ونقل مثله ابن الكمال . قوله : (لكنه خلاف المشهور) قال في الشرنبلالية : قلت : هذا الصحيح خلاف=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

= ما عليه المتون المعتبرة المشهورة والشروح . (٣٥٥/٦ ، ط: سعيد كراچي ، و: ٥١٢/٩ ، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في اللبس ، ط : بيروت)

ما في " شرح تحفة الملوک لإبن ملک " : ويحل توسده أي توسد الحرير ، يعني : جعله تحت رأسه ، والنوم عليه لهما ، أي : للرجال والنساء عند أبي حنيفة ، خلافا لمحمد ، ذكر القدوري والقاضي أبو عاصم قول أبي يوسف مع محمد ، وذكره الفقيه أبو الليث مع أبي حنيفة ، لمحمد : ما روي من عموم النهي والتحذير ، ولأن التنعم بالجلوس ، والنوم عليه كالتنعم باللبس ، وذلک عادة الأكاسرة والتشبه بهم حرام ؛ قال عمر رضي الله عنه : إياكم وزي الأعاجم . ولأبي حنيفة : ما روي عن ابن عباس رضي الله عنه أنه كان على بساطه مرفقة حرير ، وعن أنس رضي الله عنه أنه حضر وليمة ، وجلس على وسادة من حرير عليها طيور . والنص العام ورد في اللبس ، والنوم دونه ، فلا يلحق به .

(١٨١١/٢ – ١٨١٤ ، بحواله فتاوی دار العلوم زکریا)

(مزید تفصیل وتحقیق کے لیے ملاحظہ ہو: فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۷/ ۱۰۸، ۱۰۹، ریشم کی قالین پر بیٹھنے کا حکم)

خوبصورت ڈیزائن والے برقعہ کا حکم

مسئلہ (۲۱۰): معاشرے کو پاکیزہ رکھنے، فتنہ وفساد کے سدِ باب اور عورتوں کی عزت، آبرو اور ناموس کی حفاظت کی خاطر شریعتِ مطہرہ نے خواتین کو باپردہ گھر سے باہر نکلنے کی تعلیم دی ہے، پردہ ہی کی وجہ سے عورتوں کی شرم وحیا تابندہ رہتی ہے، اور فساق وفجار کی مسموم نگاہوں سے خلاصی نصیب ہوتی ہے، اور یہ مقصد اسی وقت حاصل ہوسکتا ہے، جب کہ پردہ اور برقعہ میں درجِ ذیل باتیں موجود ہوں: (۱) پورے جسم کو ساتر اور چھپانے والا ہو، بوقتِ خروج چہرہ اور ہاتھوں کو بھی چھپائے۔ (۲) اتنا موٹا اور ڈھیلا ہو کہ جسم کے اعضائے مستورہ یا اس کی ساخت نمایاں نہ ہو۔ (۳) ایسے خوبصورت نقش ونگار والا اور پُرکشش نہ ہو، جو مردوں کو اپنی طرف مائل کردے، کیوں کہ برقعہ سے مردوں کی توجہ ہٹانا مقصود ہے، اور یہ تو توجہات کا مرکز بن گیا۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآ أيها النبي قل لأزواجك وبنٰتك ونسآء المؤمنين يدنين عليهن من جلابيبهنّ﴾ . (سورة الأحزاب : ۵۹) وقال تعالى : ﴿وليضربن بخمرهنّ على جيوبهنّ ولا يبدين زينتهنّ إلا لبعولتهنّ أو آبآئهنّ﴾ . (سورة النور : ۳۱)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : ﴿وقرن في بيوتكنّ ولا تبرّجن تبرّج الجاهلية الأولى﴾ وأن المقصود من الآية مخالفة من قبلهنّ من المشية على تغنيج وتكسير وإظهار المحاسن للرجال إلى غير ذلك مما لا يجوز شرعًا . (۱۸۰/۱۴)

ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة – رضي الله عنه – قال : قال رسول الله ﷺ : "صنفان من أهل النار لم أرهما ؛ قوم معهم سياط كأذناب البقر يضربون بها الناس ، =

سبز عمامہ پہننے کا ثبوت

مسئلہ (۲۱۱): آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سبز عمامہ زیب تن فرمایا ہو، یہ کسی صحیح یا ضعیف حدیث میں دستیاب نہیں ہوا، ہاں! بعض آثار میں صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم سے مختلف رنگوں کے عمامے پہننا ثابت ہیں[۱]، اس میں سبز بھی مذکور ہے، علاوہ ازیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سبز رنگ کے کپڑے زیب تن فرمائے ہیں، اور جنتیوں کا لباس بھی سبز ہوگا، اس اعتبار سے سبز پسندیدہ رنگ ہے[۲]، البتہ آج کل سبز رنگ ایک خاص طبقہ (بریلویوں) کا شعار بن چکا ہے، لہٰذا اس کے علاوہ سیاہ یا سفید عمامہ استعمال کرنا اَولیٰ ہے۔

=ونساء كاسيات عاريات مميلات مائلات رؤوسهن كأسنمة البخت المائلة لا يدخلن الجنة ولا يجدن ريحها ، وإن ريحها لتوجد من مسيرة كذا وكذا " . (۲۰۵/۲ ، رقم : ۲۱۲۸/۵۵۴۷ ، كتاب اللباس ، باب النساء الكاسيات العاريات – الخ ، ط : قديمي)

ما في " شرح أبي داود للعيني " : ومنها : مشيهنّ في الأسواق في ثياب فاخرة ، وأنواع طيب فاتحة ، مكشوفات الوجوه ، مائلات : متبخترات . (۵۴/۳ ، ط : الرياض)

ما في " معارف القرآن " : ''امام جصاص-رحمہ اللہ- نے فرمایا کہ جب زیور کی آواز تک کو قرآن نے اظہارِ زینت میں داخل قرار دے کر ممنوع کیا ہے، تو مزین رنگوں کے کامدار برقعے پہن کر نکلنا بدرجۂ اولیٰ ممنوع ہوگا'' (۴۰۶/۶، مفتی اعظم پاکستان) (المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة: ۲۶۱/۷، کشیدہ کاری والے برقع کا استعمال، مسئلہ: ۲۰۲، فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۹۶/۷، ۹۷، ۹۸، خوبصورت مزین برقعے کا حکم، ط: بمبئی)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مصنف ابن أبي شيبة " : عن سليمان بن أبي عبد الله قال : " أدركت المهاجرين الأولين يعتمون بعمائم كرابيس سود وبيض وحمر وخضر وصفر يضع أحدهم العمامة على رأسه ويضع القلنسوة فوقها ثم يدير العمامة هكذا ، يعني على كوره ،=

.....

.....

= لا يخرجها من تحت ذقنه " . وإسناده حسن ، ورجاله رجال الشيخين ، خلا سليمان بن أبي عبد الله ، قال في " التقريب " مقبول من الثالثة . (رقم : ٢٥٤٨٩)

ما في " فيض القدير " : ثم تهبط عيسى إلى الأرض وهو متعمم بعمامة خضراء متقلد بسيف راكب على فرسه . (٣/٥٣٧)

(٢) ما في " رياض الصالحين " : وعن أبي رمثة رفاعة : قال : " رأيت رسول الله ﷺ وعليه ثوبان أخضران " . رواه أبو داود والترمذي بإسناد صحيح . (ص/٢٧٤)

ما في " شعب الإيمان " : وأخرج البزار والطبراني والبيهقي ، عن أنس رضي الله عنه أن النبي ﷺ كان يحب ، أو قال : " كان أحب الألوان إلى رسول الله ﷺ الخضرة " .

(رقم :٦٣٢٨ ، المعجم الأوسط للطبراني : رقم : ٨٠٢٧ ، مسند البزار : رقم : ٢٣٣٤)

ما في " شرح صحيح البخاري لابن بطال " : " الثياب الخضر من لباس أهل الجنة ، قال تعالى : ﴿ويلبسون ثيابًا خضرًا من سندس واستبرق﴾ " . (٩/١٠٢)

ما في " مسند أحمد " : عن كعب بن مالك رضي الله عنه أن رسول الله ﷺ قال : " يبعث الناس يوم القيامة فأكون أنا وأمتي على تلٍّ ويكسوني ربي تبارك وتعالى حلة خضراء ، ثم يؤذن لي فأقول ما شاء الله أن أقول ، فذاك المقام المحمود " . قال الشيخ شعيب : إسناده صحيح على شرط مسلم ، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد بن عبد ربه وهو الزبيدي الحمصي فمن رجال مسلم . (رقم : ١٥٧٨٣)

ما في " شمائلِ کبریٰ " : ''ذخیرۂ حدیث میں عمامہ تین رنگ کا ملتا ہے، سیاہ، سفید، زرد، سبز عمامہ کی روایت نہیں ملی۔'' (١/١٨٠) (فتاویٰ دار العلوم زکریا: ٧/١٤٠، ١٤١، سبز عمامہ کا ثبوت اور اس کا حکم)

ما في " فتاوى دار العلوم ديوبند " : ''احادیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پگڑی کے متعلق مختلف رنگ آئے ہیں، لیکن سبز رنگ کے متعلق کوئی روایت وارد نہیں، نیز علمائے سیر نے بھی اس کی صراحت کی ہے کہ سبز پگڑی کا استعمال حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں، بلکہ یہ حاکم اشرف شعبان بن حسن کے حکم سے شرفا اور معتبر حضرات کے لیے امتیاز کے مقصد سے ۷۷۳ھ کی نو ایجاد ہے، چنانچہ ''الدعامة في أحكام سنة العمامة'' (ص/٩٥) میں بحوالہ سیوطی رحمہ اللہ منقول ہے: " والجواب أن هذه العمامة الخضراء ليس لها أصل في=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

= الشرع ولا في السنة ولا كانت في الزمن القديم ، وإنما حدثت سنة ثلاث وسبعين وسبع مائة بأمر الأشرف شعبان بن حسن . اهـ . " اس لیے سبز پگڑی کو مسنون کہنا صحیح نہیں، ہاں! اتنی بات ضرور ہے کہ سبز لباس حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پسند تھا، اور اہلِ جنت کا لباس بھی سبز ہوگا۔ کذا فی الدعامۃ (ص/۹۵-۱۰۱) اس لیے سبز رنگ کا عمامہ بلاشبہ جائز و درست ہے، لیکن چونکہ فی زماننا بریلوی فرقہ نے سبز عمامہ کو اپنا شعار بنالیا ہے، اس لیے اس سے اجتناب واجب ہوگا، تاکہ ان سے مشابہت لازم نہ آئے۔"

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۴۲۲۳۶)

ٹوپی پہننے کا ثبوت

مسئلہ (۲۱۲): آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ٹوپی پہننا ثابت ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تین ٹوپیاں تھیں: (۱) سفید نِکَندے (لمبے لمبے ٹانکے یا ڈورے[☆]) ڈالی ہوئی ٹوپی۔ (۲) سبز دھاری دار ٹوپی۔ (۳) ذرا بڑی اونچی ٹوپی، جسے آپ سفر میں استعمال فرماتے تھے۔[۱] البتہ اکثر وبیشتر احوال میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم عمامہ زیب تن فرماتے تھے۔ نیز بہت سارے صحابۂ کرام مثلاً: امیر المؤمنین خلیفۂ سوم حضرت عثمان ابن عفان، خلیفۂ چہارم حضرت علی ابن ابی طالب، حضرت عبد اللہ ابن مسعود، حضرت انس ابن مالک، حضرت ابوموسیٰ اشعری، حضرت خالد ابن ولید، حضرت عبد اللہ ابن عمر، حضرت عبد اللہ ابن زبیر، حضرت وابصہ ابن معبد رضی اللہ عنہم[۲]، اسی طرح حضراتِ تابعین رحمہم اللہ[۳]، اور عباراتِ فقہیہ سے ٹوپی پہننے کا ثبوت ملتا ہے۔[۴]

الحجة على ما قلنا :

[☆] نِگندے ڈالنا : روئی دار کپڑے میں لمبے لمبے ٹانکے بھرنا۔ ڈورے ڈالنا۔ (فیروز اللغات: ص/۱۳۷۶)

(۱) ما في " مجمع الزوائد " : عن ابن عمر – رضي الله عنهما – قال : " كان رسول الله ﷺ يلبس قلنسوة بيضاء " . رواه الطبراني ، وفيه عبد الله بن خراش وثقه ابن حبان وقال : ربما أخطأ ، وضعفه جمهور الأئمة ، وبقية رجاله ثقات .

(٥/١٢١ ، أخلاق النبي ﷺ : رقم : ٣٠١ ، ط : دار الفكر بيروت)

ما في " مسند أبي حنيفة " : عن أبي هريرة – رضي الله عنه – قال : " رأيت رسول الله ﷺ وعليه قلنسوة بيضاء شامية " . (أخلاق النبي : رقم : ٣٠٢) وفي إسناده :=

= الضحاک بن حجوة كان يضع الحديث ، وشيخه عبد الله بن واقد وهو متروک .

عن عائشة – رضي الله تعالى عنها – : " أن النبي ﷺ كان يلبس من القلانس في السفر ذوات الآذان ، وفي الحضر المشمرة يعني الشامية " . (أخلاق النبي : رقم : ٣٠٣) وفي إسناده : المفضل بن فضالة وهو ضعيف ، والباغندي فيه كلام . قال الحافظ العراقي في شرح الترمذي : هذا أجود إسناد في القلانس .

عن ابن عباس – رضي الله عنهما – قال : " كان لرسول الله ﷺ ثلاث قلانس : قلنسوة بيضاء ، وقلنسوة حبرة ، وقلنسوة ذات آذان ؛ يلبسها في السفر ، وربما وضعها بين يديه إذا صلى " . (أخلاق النبي : رقم : ٣٠٤) وإسناده ضعيف جدا ، في إسناده : محمد بن عبيد الله بن أبي سليمان ، وهو متروک وسلم بن سالم ضعيف .

عن أبي هريرة – رضي الله عنه – قال : " رأيت على رسول الله ﷺ قلنسوة خماسية طويلة " . تفرد به الضحاک وهو ضعيف .

(مسند أبي حنيفة : ١/١٣٧ ، رواية أبي نعيم ، باب العين ، ط : مكتبة الكوثر الرياض)

(جامع الترمذي : ١/٢٩٤ ، ط : قديمي ، سنن أبي داود : رقم : ٧٢٨ ، كتاب الصلاة ، باب رفع اليدين في الصلاة ، السنن الكبرى للبيهقي : ٢/٢٤ ، رقم : ٢١٣٨ ، سنن النسائي : رقم : ١١٥٩ ، مسند الحميدي : رقم : ٨٨٥ ، صحيح ابن خزيمه : رقم : ٤٥٧ ، الجامع الصغير للسيوطي : رقم : ٧١٦٧ ، ٧١٦٨ ، مختصر تاريخ مدينة دمشق : ١/٢٨٥)

(٢) ما في " مجمع الزوائد " : أخرج الطبراني في الكبير [رقم : ٢٥٢٠] بسنده عن عزة بنت عياض قالت : سمعت أبا قرصافة قال : " كساني رسول الله ﷺ برنسًا ، وقال : البسه" . قال الهيثمي : وفيه جماعة لم أعرفهم .

(٥/٢٢٣ ، رقم : ٨٥٤٦ ، فتح الباري : ١٠/٢٧٢)

ما في " صحيح البخاري " : باب السجود على الثوب في شدة الحر ، وقال الحسن : "كان القوم يسجدون على العمامة والقلنسوة ويداه في كمه " .

(١/٨٦ ، كتاب الصلاة ، السنن الكبرى للبيهقي : ٢/١٠٦ ، مصنف ابن أبي شيبة :=

١٦

.....

=۲۶۶/۱ ، مصنف عبد الرزاق : ۴۰۰/۱ ، وإسناده صحيح)

عن أبي كبشة الأنماري – رضي الله عنه – قال : " كانت كمام أصحاب النبي ﷺ بطحًا" . (جامع الترمذي : رقم : ۱۷۸۲ ، تاريخ دمشق لإبن عساكر :۴۳۳/۶ ، التاريخ الكبير للبخاري :۳۰۶/۶ ، رقم : ۲۴۸۱ ، تاريخ بغداد للخطيب :۳۹۸/۳ ، رقم : ۱۵۲۴ ، الكنى والأسماء لأبي بشر الدولابي : ۷۶۹/۲ ، رقم : ۱۳۲۸ ، ط : دار ابن حزم ، الحلية لأبي نعيم :۳۸۱/۴ ، الطبقات الكبرى لإبن سعد : ۱۸/۷ ، ط: دار صادر ، صحيح البخاري :۸۶۳/۲ ، كتاب اللباس ، ط : فيصل ، تعليقات الشيخ لطيف الرحمن القاسمي البهرائجي على مسند الإمام الأعظم أبي حنيفة : ۱۲۸/۱ ، مصنف عبد الرزاق : ۱۹۰/۱ ، رقم : ۷۴۵ ، مصنف ابن أبي شيبة : رقم :۲۵۳۵۶ ، مسند أبي يعلى الموصلي التميمي : رقم :۷۱۸۳ ، المعجم الكبير للطبراني : رقم : ۳۸۰۴ ، المستدرک للحاكم :۲۹۹/۳ ، رقم :۵۲۹۹ ، تاريخ مدينة دمشق لإبن عساكر :۲۴۶/۱۶ ، ط : دار الفكر بيروت ، مجمع الزوائد :۵۸۲/۹ ، رقم : ۱۵۸۸۲ ، السنن الكبرى للبيهقي : رقم : ۲۸۸)

(سنن الدار قطني : رقم :۵۵ ، مصنف ابن أبي شيبة :۵۴۵/۱۲ ، رقم : ۲۵۴۹۳ ، الأحاديث المختارة للضياء المقدسي :۳۱۰/۴۸۸/۳)

(سنن أبي داود : رقم :۹۴۹ ، المستدرک للحاكم : ۳۹۷/۱ ، رقم : ۹۷۵)

(۳) ما في " مصنف ابن أبي شيبة " : عن عبد الله بن سعيد قال : " رأيت على علي بن الحسين قلنسوة بيضاء مضربة " ... عن يزيد قال : " رأيت على إبراهيم قلنسوة مكفوفة بثعالب أو سمُّور " ... عن الأجلح قال : " رأيت على الضحاک قلنسوة ثعالب " ... عن أبي شهاب قال : " رأيت على سعيد بن جبير برنسًا " . (۵۱۰/۱۲ – ۵۴۶ ، رقم : ۲۵۳۵۲ – ۲۵۳۵۵ ، ط : المجلس العلمي ، شعب الإيمان للبيهقي :۱۶۷/۳ ، رقم : ۲۹۶۵)

(سير أعلام النبلاء : ۳۷۰/۶ ، ط : مؤسسة الرسالة)

(تاريخ الإسلام للذهبي :۳۰۸/۹ ، اتحاف الخيرة المهرة :۵۰۳/۴ ، رقم : ۴۰۲۵)

(۴) ما في " تبيين الحقائق " : ولا بأس بلبس القلانس لما روى أن النبي ﷺ كان له قلانس يلبسها ، وقد صح ذكره في الذخيرة . (۲۲۸/۶ ، مسائل شتى ، ط: إمداديه ،=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

= كذا في البحر الرائق :٥٥٥/٨ ، ط : بيروت ، الدر المختار مع الشامية :٧٥٥/٦ ، ط: سعيد ، رد المحتار :٣٥٤/٦ ، ط: سعيد ، الفتاوى الهندية :٣٣٠/٥ ، مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر :٤٩١/٤ ، مسائل شتى ، ط : بيروت ، حاشية الجمل على المنهج :٤٨٧/٣ ، ط: دار الفكر ، حواشي الشرواني والعبادي :٣٦/٣ ، تحفة المحتاج في شرح المنهاج :١١١/١٠ ، حاشية الرملي :٣١٩/٢ ، فيض القدير للمناوي :٣١٤/٥ ، ط : بيروت ، مقالات الإمام الكوثري :ص/١٧٠ – ١٧٢ ، ط : دار شمسي للنشر كراتشي)

(مزید تفصیل کے لیے دیکھئے: فتاویٰ دارالعلوم زکریا:۷/۱۶۰-۱۷۶،ٹوپی پہننے کا ثبوت اور ٹوپی کی کیفیت)

تقریبات میں عورتوں کی شرکت

مسئلہ (۲۱۳): شادی، ولیمہ یا اور کوئی خاندانی تقریب ہو، جس میں عورتوں کے لیے الگ کمرہ ہو، مردوں سے خلط واختلاط کا اندیشہ نہ ہو، اور پردے کا پورا اِہتمام ہو، تو ایسی تقریب میں شرکت کی اجازت ہے، البتہ گھر سے نکلتے وقت مکمل پردہ کی رعایت کے ساتھ نکلے، یعنی پورا جسم چہرے کے ساتھ مستور (پوشیدہ) ہو، راستہ دیکھنے کے لیے آنکھیں کھلی رکھنا درست ہے، لیکن شرکت کا جائز ہونا چند شرطوں کے ساتھ مشروط ہے، مثلاً: شوہر، ولی، یا سرپرست کی اجازت ضروری ہے (۱)، اگر سفر، سفرِ شرعی ہے، تو شوہر یا اور کوئی محرم ساتھ ہو (۲)، برقعہ سادہ ہو، نقش ونگار والے برقعے نہ ہوں (۳)، کوئی خوشبو، پاؤڈر وغیرہ لگا کر، یعنی بناؤ سنگار کر کے نہ نکلے (۴)، اجنبیوں کے ساتھ خلط واختلاط نہ ہو (۵)، اُس تقریب میں آلاتِ موسیقی اور لہو ولعب نہ ہوں، اگر آلاتِ موسیقی اور لہو ولعب کا بازار گرم ہو، تو ایسی حالت میں مردوں اور عورتوں میں سے کسی کے لیے بھی اس تقریب میں شرکت کی اجازت نہ ہوگی۔ (۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وقرن في بيوتكن ولا تبرّجن تبرّج الجاهلية الاولىٰ﴾ .
(سورة الأحزاب : ۳۳)

ما في " الموسوعة الفقهية " : الأصل أن النساء مأمورات بلزوم البيت منهيات عن الخروج . ذكر الكاساني عند الكلام عن أحكام النكاح الصحيح ؛ أن منها : ملك =

.....

=الاحتباس وهو صيرورتها (الزوجة) ممنوعة من الخروج والبروز لقوله تعالى: ﴿أسكنوهنّ﴾ ، والأمر بالإسكان نهي عن الخروج والبروز والإخراج ، إذ الأمر بالفعل نهي عن ضدّه ، وقوله عز وجل : ﴿وقرن في بيوتكن﴾ ، وقوله عز وجل : ﴿لا تخرجوهن من بيوتهن ولا يخرجن﴾ ولأنها لو لم تكن ممنوعة عن الخروج والبروز لاختلّ السَّكن والنسب؛ لأن ذلك مما يُريب الزوج ويحمله على نفي النسب . قال القرطبي عند تفسير قوله تعالى : ﴿وقرن في بيوتكن ولا تبرجن تبرج الجاهلية الاولى﴾ معنى هذه الآية الأمر بلزوم البيت ، وإن كان الخطاب لنساء النبي ﷺ فقد دخل فيه غيرهن بالمعنى . هذا لو لم يرد دليل يخص جميع النساء ، فكيف والشريعة طافحة بلزوم النساء بيوتهن والانكفاف عن الخروج منها إلا لضرورة . (۱۰۷/۱۹ ، خروج المرأة من المنزل ، خروج)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (و) لها (السفر والخروج من بيت زوجها للحاجة ؛ و) لها (زيارة أهلها بلا إذنه ما لم تقبضه) أي المعجل ، فلا تخرج إلا لحق لها أو عليها . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (فلا تخرج الخ) جواب شرط مقدر ؛ أي فإن قبضته فلا تخرج الخ ، وأفاد به تقييد كلام المتن ، فإن مقتضاه أنها إن قبضته ليس لها الخروج للحاجة وزيارة أهلها بلا إذنه مع أن لها الخروج . (۲۹۳/۴ ، كتاب النكاح ، باب المهر ، ط : بيروت)

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء على أنه يحرم على المرأة أن تسافر بمفردها ، وأنه لا بد من وجود محرم أو زوج معها ، لقول النبي ﷺ : " لا يحل لامرأة تؤمن بالله واليوم الآخر أن تسافر مسيرة يوم وليلة ليس معها حُرمة " ، ولحديث ابن عباس رضي الله عنهما مرفوعًا : " لا تسافر المرأة إلا مع ذي محرم ، ولا يدخل عليها رجل إلا ومعها محرم ، فقال رجل : يا رسول الله ! إني أريد أن أخرج في جيش كذا وكذا ، وامرأتي تريد الحج ، قال : اخرج معها " .

(۳۷/۲۵ ، تحريم السفر على المرأة إلا مع زوج أو محرم ، سفر)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآ أيها النبي قل لأزواجك وبنٰتك ونسآء المؤمنين يدنين عليهن من جلابيبهنّ﴾ . (سورة الأحزاب :۵۹) وقال تعالى : ﴿وليضربن بخمرهنّ على جيوبهنّ ولا يبدين زينتهنّ إلا لبعولتهنّ أو آبائهنّ﴾ . (سورة النور : ۳۱)=

.....

=ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : ﴿وقرن في بيوتكنّ ولا تبرّجن تبرّج الجاهلية الأولى﴾ ، وأن المقصود من الآية مخالفة من قبلهنّ من المشية على تغنيج وتكسير وإظهار المحاسن للرجال إلى غير ذلك مما لا يجوز شرعًا . (۱۸۰/۱۴)

ما في " جامع الترمذي " : قال رسول الله ﷺ : " المرأة عورة ، فإذا خرجت استشرفها الشيطان " . (۲۲۱/۱)

(۴) ما في " سنن أبي داود " : عن أبي موسى ، عن النبي ﷺ قال : " إذا استعطرت المرأة فمرّت على القوم ليجدوا ريحها فهي كذا وكذا " قال قولا شديدًا .

(۱۲۸/۴ ، باب ما جاء في المرأة تتطيب للخروج ، ط : دار الكتاب العربي بيروت)

ما في " الموسوعة الفقهية " : تبرج المرأة على أشكاله المختلفة ، سواء ما كان منه بإظهار الزينة والمحاسن لغير من لا يحل له نظر ذلك ، أو ما كان بالتبختر والاختيال ، والتثنّي في المشي ، ولبس الرقيق من الثياب الذي يصف بَشرتَها ، ويبين مقاطع جسمها ، إلى غير ذلك – مما يبدو منها مثيرا للغرائز ومحركا للشهوة – حرامٌ إجماعًا لغير الزوج ؛ لقول الله تبارك وتعالى : ﴿وقرن في بيوتكن ولا تبرّجن تبرج الجاهلية الأولى﴾ وقوله : ﴿ولا يضربن بأرجلهن ليعلم ما يخفين من زينتهن﴾ .

(۶۲/۱۰ ، تبرج ، الحكم التكليفي للتبرج ؛ تبرج المرأة)

(۵) ما في " الموسوعة الفقهية " : فيحرم الاختلاط إذا كان فيه : أ – الخلوة بالأجنبية ، والنظر بشهوة إليها . ب – تبذُّل المرأة وعدم احتشاهما . ج – عبث ولهو وملامسة للأبدان كالاختلاط في الأفراح والمولد والأعياد ، فالاختلاط الذي يكون فيه مثل هذه الأمور حرام لمخالفته لقواعد الشريعة . (۲۹۰/۲ ، اختلاط ، اختلاط الرجال بالنساء)

(۶) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وإن علم أولا باللعب لا يحضر أصلا . (در مختار) . وفي الشامية : وساق بعد هذا في التبيين ما رواه ابن ماجة أن عليًا – رضي الله عنه – قال : " صنعت طعامًا فدعوته رسول الله ﷺ فجاء فرأى في البيت تصاوير فرجع " . قلت : مفاد الحديث أنه يرجع ولو بعد الحضور وأنه لا يلزم الإجابة مع المنكر أصلا . تأمل . (۳۴۸/۶ ، ط : سعيد كراچي)

(فتاویٰ دارالعلوم زکریا: ۷/ ۲۱۱-۲۱۳، مخلوط تقریبات میں شرکت کا حکم، اور شرکت کے شرائط)

بوڑھی عورتوں کے لیے پردے کا حکم

مسئلہ (۲۱۴): بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ جب کوئی عورت آئسہ (عمر دراز) ہوجاتی ہے، تو اس کے لیے سر کے بال ڈھانپنا ضروری نہیں ہوتا، وہ ننگے سر گھوم پھر سکتی ہے، یعنی اُس پر پردہ لازم نہیں رہتا، اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ عمر دراز بوڑھی عورتوں پر بھی پردہ لازم ہے، ننگے سر پھرنا، فی زماننا غیر مسلم اور آوارہ عورتوں کا شعار ہے، اس لیے مسلمان عورتوں کو ننگے سر پھرنا، ہرگز درست نہیں، اگرچہ وہ بوڑھی ہوں، ہاں! البتہ اگر کوئی عورت اتنی بوڑھی ہوجائے کہ نہ اس کی طرف کسی کو رغبت ہو، اور نہ وہ نکاح کے قابل ہو، تو اس کے لیے پردہ کے احکام میں یہ سہولت دے دی گئی ہے کہ اجنبی مرد اُس کے حق میں محرموں کی طرح ہوجاتے ہیں، یعنی جن اعضاء کا اپنے محرموں سے چھپانا ضروری نہیں، غیر محرم مردوں سے بھی ان کا چھپانا ضروری نہیں، مگر ایسی بوڑھی عورتوں کو بھی چاہیے کہ وہ بن سنور کر زینت کر کے نہ بیٹھیں، غیر محرموں کے سامنے آنے سے بچیں، کہ یہی اُن کے لیے بہتر ہے، اس لیے کہ موجودہ دور میں ساٹھ، ستر سال کی بوڑھی عورتیں بھی اس طرح بناؤ سنگار کرتی ہیں کہ انہیں بوڑھی کہنا مشکل ہوجاتا ہے۔ (۱)

۱۶

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قال أبو بكر : لا خلاف في أن شعر العجوز عورة لا يجوز للأجنبي النظر إليه كشعر الشابة وأنها إن صلت مكشوفة الرأس كانت كالشابة في فساد صلاتها ، فغير جائز أن يكون المراد وضع الخمار بحضرة الأجنبي ، فإن قيل :=

مرد کا چوٹی بنانا

مسئلہ (۲۱۵): بعضے مرد حضرات اہلِ مغرب کی اندھی تقلید میں، عورتوں کی طرح لمبے بالوں کی چوٹیاں بناتے ہیں، یا جوڑا باندھتے ہیں، ان کا یہ عمل شرعاً مکروہ ہے، اور غیروں کے ساتھ مشابہت کی وجہ سے ممنوع بھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص غیر قوم کے ساتھ مشابہت اختیار کرے وہ اُنہی میں سے ہے۔ (۱)

= إنما أباح الله تعالى لها بهذه الآية أن تضع خمارها في الخلوة بحيث لا يراها أحد . قيل له : فإذا لا معنى لتخصيص القواعد بذلک ، إذ كان للشابة أن تفعل ذلک في خلوة ، وفي ذلک دليل على أنه إنما أباح للعجوز وضع ردائها بين يدي الرجال بعد أن تكون مغطاة الرأس ، وأباح لها بذلک كشف وجهها ويدها ؛ لأنها لا تشتهي ، وقال تعالى : ﴿وأن يستعففن خير لهن﴾ فأباح لها وضع الجلباب وأخبر أن الاستعفاف بأن لا تضع ثيابها بين يدي الرجال خير لها . (۳/۳۳۴ ، ط : سهيل اكيڈمي لاهور)

(معارف القرآن:۶/۴۴۷،فتاویٰ دارالعلوم زکریا:۷/۲۱۳،۲۱۴،بوڑھیا کے لیے سر کے بالوں کا حکم)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " من تشبه بقوم فهو منهم " . (ص/۵۵۹ ، كتاب اللباس ، باب لباس الشهرة)

ما في " بذل المجهود " : قال القاري : من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره أو بالفساق أو الفجار أو بأهل التصوف والصلحاء والأبرار فهو منهم أي في الإثم أو الخير عند الله تعالى . (۱۲/۵۹ ، مرقاة المفاتيح :۸/۲۲۲ ، كتاب اللباس والزينة)

ما في " شرح الطيبي " : قوله : (من تشبه بقوم) هذا عام في الخلق والخلق والشعار وإذا كان الشعار أظهر في التشبه . (۸/۲۳۲ ، رقم :۴۳۷۴) (الأبواب والتراجم للشیخ زکریا:۱/۹۶،شمائل کبریٰ:۲/۳۲۵، ط:زمزم،احسن الفتاویٰ:۸/۸۷،فتاویٰ دارالعلوم زکریا:۷/۳۴۲،مرد کا اپنے بالوں کی چوٹی بنانے کا حکم)

بطورِ فیشن سر کے بالوں کو اونچا بنانا

مسئلہ (۲۱۶): آج کل مسلمان عورتوں میں ایک فیشن بکثرت رائج ہے کہ عورتیں اپنے بالوں کے نیچے گلدستے کی شکل کی ایک چیز رکھتی ہیں، یا اپنے بالوں کو پن وغیرہ سے گرہ لگاتی ہیں، جس سے سر، اُونٹ کے کوہان کی طرح، بہت اونچا معلوم ہوتا ہے، مسلمان خواتین کو اس قسم کے فیشن سے اجتناب کرنا چاہیے، کیوں کہ حدیث شریف میں ایسی عورتوں کے بارے میں وعید آئی ہے کہ اس طرح کے فیشن اختیار کرنے والی عورتیں نہ جنت میں داخل ہوسکیں گی، نہ جنت کی خوشبو انہیں حاصل ہوگی۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة – رضي الله عنه – قال : قال رسول الله ﷺ : " صنفان من أهل النار لم أرهما ؛ قوم معهم سياط كأذناب البقر يضربون بها الناس ، ونساء كاسيات عاريات مميلات مائلات رؤوسهن كأسنمة البخت المائلة لا يدخلن الجنة ولا يجدن ريحها ، وإن ريحها لتوجد من مسيرة كذا وكذا " . (۲۰۵/۲ ، رقم : ۵۵۴۷/ ۲۱۲۸ ، كتاب اللباس ، باب النساء الكاسيات العاريات – الخ ، ط : قديمي)

ما في " شرح النووي على صحيح مسلم " : قال الإمام النووي – رحمه الله –: رؤوسهن كأسنمة البخت ، فمعناه : يعظمن رؤوسهن بالخمر والعمائم وغيرها مما يلف على الرأس ، حتى تشبه أسنمة الإبل البخت ، هذا هو المشهور في تفسيره ... واختار القاضي أن المائلات تمشطن المشطة الميلاء ، قال : وهي ضفر الغدائر وشدها إلى فوق وجمعها في وسط الرأس فتصير كأسنمة البخت . (۳۸۳/۲ ، باب جهنم أعاذنا الله منها ، ط: قديمي)

(فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۱۰۲/۷، بطورِ فیشن سر کو اونچا کرنے کا حکم، ط: بمبئی)

ٹائیٹینم (Titinum) کی انگوٹھی کا استعمال

مسئلہ (۲۱۷): ٹائیٹینم (Titinum) کو لغات والے ''قیمتی چمکتا ہوا لوہا'' (Silver grey metal) کہتے ہیں، اگر اس کا لوہا ہونا محقق ہے، تو پھر اس کی انگوٹھی کا استعمال جائز اور درست نہیں ہوگا، ہاں! اگر اس کا رنگ چاندی کی طرح چمک دار ہو، اور چاندی ہی کی طرح معلوم ہوتا ہو، تو پھر اس کی گنجائش ہے، تاہم اجتناب اَولیٰ ہے، کیوں کہ عام فقہائے احناف نے چاندی کے علاوہ کسی اور دھات کی انگوٹھی کو مرد کے لیے مکروہ قرار دیا ہے[1] لیکن اگر اس پر چاندی کا خول چڑھایا گیا ہو، تو پھر اس کی اجازت ہوگی۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن عبد الله بن بريدة عن أبيه أن رجلاً جاء إلى النبي ﷺ ، وعليه خاتم من شبه فقال له : " ما لي أجد منك ريح الأصنام فطرحه ، ثم جاء وعليه خاتم من حديد ، فقال : ما لي أرى عليك حلية أهل النار فطرحه ، فقال : يا رسول الله ! من أيّ شيء أتخذه ؟ قال : اتخذه من ورق ولا تتخذه مثقالاً " . (ص/۵۸۰ ، رقم :۴۲۲۳ ، كتاب الخاتم ، باب ما جاء في خاتم الحديد ، ط : دار السلام سهارنفور)

ما في " سنن النسائي " : عن إياس بن الحارب بن المعيقيب عن جده أنه قال : " كان خاتم رسول الله ﷺ حديدا ملوى عليه فضة " . قال : وربما كان في يدي .

(۲۴۶/۲ ، لبس خاتم حديد ملوى عليه بفضة ، ط : دار السلام سهارنفور)

ما في " فتاوى قاضي خان على هامش الهندية " : ولا يتختم الرجل إلا بفضة ، أما لا يتختم بالذهب للحديث المعروف ، وكذا التختم بالحديد ؛ لأنه خاتم أهل النار .

(۴۱۳/۳ ، باب ما يكره من الثياب والحلي والزينة وما لا يكره)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : فعلم أن التختم بالذهب والحديد والصفر حرام .=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=(۹/۴۳۸ ، كتاب الحظر والإباحة)

ما في " الفتاوى الهندية " : ويكره للرجال التختم بما سوى الفضة والتختم بالذهب حرام في الصحيح ، وفي الخجندي : التختم بالحديد والصفر والنحاس والرصاص مكروه للرجال والنساء جميعًا . (۵/۳۳۵ ، الباب العاشر في استعمال الذهب والفضة ، الدر المختار مع الشامية : ۹/۴۳۷ ، كتاب الحظر والإباحة)

ما في " الاختيار لتعليل المختار " : ويكره التختم بالحديد والصفر للرجال والنساء ؛ لأنه حلية أهل النار . (۴۱۳/۲)

ما في " الجوهرة النيرة " : وفي الخجندي : التختم بالحديد والصفر والنحاس والرصاص مكروه للرجال والنساء ؛ لأنه زيّ أهل النار . (۲/ ۲۱۶)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ولا يتختم إلا بالفضة لحصول الاستغناء فيحرم بغيرها كحجر وذهب وحديد وصفر ورصاص وزجاج وغيرها . (۹/۴۳۷ ، ۴۳۸)

(۲) ما في " سنن أبي داود " : (عن أبي ذباب قال :) " كان خاتم النبي ﷺ من حديد مَلْوِيّ عليه فضة " . (ص/۵۸۰ ، رقم :۴۲۲۴ ، كتاب الخاتم ، باب ما جاء في خاتم الحديد، ط : دار السلام سهارنفور)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولا بأس بأن يتخذ خاتم حديد قد لوى عليه فضة أو ألبس بفضة حتى لا يُرى . (۵/۳۳۵)

(فتاویٰ دارالعلوم زکریا:۷/۲۴۸،۲۴۹، ٹائیٹینم کی انگوٹھی پہننے کا حکم، زیورات سے متعلق احکام، ط:بمبئی)

(المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ:۲/۲۲۱،۲۲۲، مسئلہ نمبر:۱۹۶ مختلف دھاتوں کی انگوٹھی کا حکم، طبع سوم)

عورت کے لیے پلاٹینم (Platinum) کے زیورات کا استعمال

مسئلہ (۲۱۸): عورتوں کے لیے سونے چاندی اور دیگر دھات کے زیورات پہننا جائز اور درست ہے، اور پلاٹینم (Platinum) لوہے کی ایک قیمتی قسم ہے، جو چاندی کی طرح چمک دار ہوتی ہے، اسی وجہ سے اس کو سفید سونا بھی کہا جاتا ہے، لہٰذا عورت کے لیے اس کے زیورات پہننا بھی جائز اور درست ہوگا[۱]، ہاں! اس کی انگوٹھی پہننے سے اجتناب کرنا چاہیے، کیوں کہ اس کا سونا یا چاندی ہونا محقق نہیں ہے، اور عورتوں کے لیے صرف سونے اور چاندی کی انگوٹھی پہننا جائز ہے، دیگر دھات کی انگوٹھی مردوں کی طرح عورتوں کے لیے بھی مکروہ ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فتاوى قاضي خان على هامش الهندية " : ولا بأس لهن بلبس الديباج والحرير والذهب والفضة واللؤلؤ . (۴۱۳/۳ ، باب ما يكره من الثياب والحلي والزينة وما لا يكره)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولا بأس للنساء بتعليق الخرز في شعورهن من صفر أو نحاس أو شبه أو حديد ونحوها للزينة والسوار منها . (۳۵۹/۵)

(۲) ما في " الفتاوى الهندية " : ويكره للرجال التختم بما سوى الفضة والتختم بالذهب حرام في الصحيح ، وفي الخجندي : التختم بالحديد والصفر والنحاس والرصاص مكروه للرجال والنساء جميعًا . (۳۳۵/۵ ، الباب العاشر في استعمال الذهب والفضة)

(الدر المختار مع الشامية : ۴۳۷/۹ ، كتاب الحظر والإباحة)

ما في " الاختيار لتعليل المختار " : ويكره التختم بالحديد والصفر للرجال والنساء ؛ لأنه حلية أهل النار . (۴۱۳/۲)

ما في " الجوهرة النيرة " : وفي الخجندي : التختم بالحديد والصفر والنحاس والرصاص مكروه للرجال والنساء ؛ لأنه زيّ أهل النار . (۶۱۶/۲) (فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۲۴۹/۷، ۲۵۰، پلاٹینم کے زیورات کا حکم، زیورات سے متعلق احکام، بہشتی زیور: ۲۷۸/۳، ط: دار الاشاعت کراچی)

رنگ برنگی شیشے (Lenses) کا استعمال

مسئلہ (۲۱۹): آج کل لوگ اپنی آنکھوں میں زینت کے لیے رنگ برنگی شیشے (Lenses) لگواتے ہیں، خصوصًا عورتیں، بعض لوگ اسے مطلقاً تغییر لخلق اللہ (اللہ کی خلقت میں تبدیلی) میں داخل مان کر حرام سمجھتے ہیں، جب کہ اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ شریعت کی حدود میں رہتے ہوئے زینت اختیار کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، اس لیے ایسے رنگ برنگی شیشوں کا استعمال کرنا بھی جائز ہوگا[۱]، کیوں کہ یہ تغییر لخلق اللہ میں شامل نہیں ہے، بلکہ تزیین کے قبیل سے ہے، لیکن یہ یاد رہے کہ اُن کے استعمال میں اِسراف[۲]، فتنے کا خوف، اور دوسرے مفاسد نہ ہوں، اور اگر بطورِ فیشن پرستی اور دوسری اقوام کی مشابہت میں یہ عمل کیا جاتا ہو، تو پھر یہ عمل ممنوع ہوگا۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : قلت : وهل يجوز الخزام في الأنف ؟ لم أره . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (لم أره) قلت : إن كان مما يتزين النساء به كما هو في بعض البلاد فهو فيها كثقب القرط . اهـ . وقد نص الشافعية على جوازه . مدني .

(۹/۶۰۲، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع ، و:۶/۴۲۰ ، ط : سعيد)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وكلوا واشربوا ولا تسرفوا ، إنه لا يحبّ المسرفين﴾ .

(سورة الأعراف : ۳۱)

ما في " أحكام القرآن لإبن العربي " : الإسراف تعدى الحد ، فنهاهم عن تعدى الحلال إلى الحرام، وقيل ألا يزيدوا على قدر الحاجة . (۲/۷۸۱)

ما في " كنز العمال " : (عن عمرو بن شعيب عن جده) " كلوا وتصدقوا والبسوا من =

.....

=غير مَخِيلةٍ ولا تسرفوا فإن الله يحب أن يرى أثر نعمته على عبده " .

(٢/٢٧٤ ، رقم : ١٧١٩٣ ، كتاب الزينة والتجمل ، الباب الأول في الترغيب فيه ، السنن الكبرى للنسائي : ٢/٤١ ، رقم : ٢٣٤٠ ، كتاب الزكاة ، الاختيال في الصدقة)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿والذين إذا انفقوا لم يُسرِفوا ولم يَقتُروا وكان بين ذلك قَوامًا﴾ . (سورة الفرقان :٦٧)

ما في " تفسير المظهري " : وقال قوم : الإسراف مجاوزة الحد في الإنفاق حتى يدخل في حد التبذير ، والإقتار التقتير عما لا بد منه ..... ﴿وكان﴾ أي الإنفاق ﴿بين ذلك﴾ أي بين الإسراف والإقتار ﴿قواما﴾ قصدا وسطا حسنة بين السيئتين سمى الوسط قواما لاستقامة الطرفين . (٧/٤٧ ، سورة الفرقان ، الآية/٦٧)

ما في " تفسير النسفي " : ﴿والذين اذآ انفقوا لم يسرفوا ولم يقتروا﴾ لم يجاوزوا الحد في النفقة ، أو : لم يأكلوا للتنعم ، ولم يلبسوا للتصلّف ، وعن ابن عباس – رضي الله عنهما – : لم ينفقوا في المعاصي . فالإسراف مجاوزة حد الأمر ، لا مجاوزة القدر ، ..... وقال ﷺ : " من منع حقا فقد قتر ، ومن أعطى في غير حق فقد أسرف " ..... ﴿وكان﴾ أي : إنفاقهم ﴿بين ذلك﴾ أي : الإسراف ، والإقتار ﴿قواما﴾ عدلا بينهما . فالقوام : العدل بين الشيئين . .... وصفهم بالقصد ؛ الذي هو بين الغلوّ والتقصير .

(٢/٥٤٩ ، سورة الفرقان ، الآية/٦٧ ، كذا في أحكام القرآن للجصاص :٣/٤٤٨)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : وأما قوله تعالى : ﴿ولا تأكلوها إسرافًا وبِدارًا أن يكبَروا﴾ ، فإن السرف مجاوزة حد المباح إلى المحظور ، فتارة يكون السرف في التقصير ، وتارة في الإفراط لمجاوزة حد الجائز في الحالين . (٢/٨١ ، سورة النساء / مطلب : في أن السرف مجاوزة حد المباح إلى المحظور من إفراط أو تقصير)

(٣) ما في " سنن أبي داود " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " من تشبه بقوم فهو منهم " . (ص/٥٥٩ ، كتاب اللباس ، باب لباس الشهرة)

ما في " بذل المجهود " : قال القاري : من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره أو بالفساق أو الفجار أو بأهل التصوف والصلحاء والأبرار فهو منهم أي في الإثم أو الخير =

عطر لگانے کا طریقہ

مسئلہ (۲۲۰): عطر لگانے کا کوئی خاص طریقہ مسنون نہیں ہے، البتہ دائیں جانب سے ابتدا کرنا سنت ہے، نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم عطر استعمال فرماتے تھے، اور خوشبو کو بہت زیادہ پسند فرماتے تھے[۱]، اور ہر اچھی چیز میں داہنی جانب کو ترجیح دیتے تھے[۲]، بنابریں عطر استعمال کرنا سنت ہے[۳]، اور دائیں ہاتھ سے لے کر جس جگہ لگانا ہو، اللہ تعالیٰ کا نام لے کر لگائے۔

=عند اللّٰه تعالى . (۱۲/ ۵۹ ، مرقاة المفاتيح :۸/ ۲۲۲ ، كتاب اللباس والزينة)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قوله ﷺ : (من تشبه بقوم فهو منهم) . أي من شبه نفسه بالكفار ، مثلا في اللباس وغيره أو بالفساق والفجار أو بأهل التصوف والصلحاء والأبرار . (۸/ ۲۲۲ ، كتاب اللباس ، الفصل الثاني ، رقم : ۴۳۴۷)

ما في " شرح الطيبي " : قوله : " من تشبه بقوم " هذا عام في الخَلق والخُلق والشعار ، وإذا كان الشعار أظهر في التشبه . (۸/ ۲۳۲ ، رقم :۴۳۷۴) (فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۷/ ۲۷۱، رنگین لینز لگانے کا حکم، المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ: ۴/ ۲۳۵، آئی لینس (Eye Lens) کا استعمال، مسئلہ نمبر: ۲۰۵، طبع دوم)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن أبي أيوب قال : قال رسول اللّٰه ﷺ : " أربع من سنن المرسلين : الحياء ، والتعطُّر ، والسواك ، والنكاح " .

(۳/ ۳۸۲ ، ط : مصطفى الحلبي ، مسند أحمد :۵/ ۴۲۱ ، ط : المكتب الإسلامي)

ما في " مسند أحمد " : عن أنس أن النبي ﷺ قال : " حُبِّب إلي من الدنيا النساء والطيب وجعل قرة عيني في الصلاة " . (۳/ ۱۲۸ ، ط: المكتب الإسلامي ، فيض القدير :۳/ ۳۷۰)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة قالت : " كان النبي ﷺ يحب التيمن ما استطاع في شأنه كله ؛ في طهوره وترجّله وتنعله " . (۱/ ۶۱ ، رقم : ۴۲۲ ، باب التيمن=

کان کے بالوں کو کاٹنا

مسئلہ (۲۲۱): جس طرح سر کے بالوں کا منڈانا اور رکھنا دونوں جائز ہے، اسی طرح کان کے بالوں کا کاٹنا اور رکھنا دونوں بھی جائز ہے، اس لیے کہ کان سر کے حکم میں ہے، اور سر پر بالوں کا رکھنا ومنڈانا دونوں جائز ہے، تو کان کے بالوں کا حکم بھی یہی ہوگا۔ (۱)

= في دخول المسجد وغيره ، صحيح مسلم : رقم : ۳۹۶)

ما في " شرح النووي على صحيح مسلم " : يستحب البداء ة باليمنى في كل ما كان من باب التكريم والزينة والنظافة ونحو ذلک ... الخ . (۱۴/۷۴ ، ط : احياء التراث)

ما في " الموسوعة الفقهية " : التيامن مصدر تيامن إذا أخذ ذات اليمين ، ..... قال ابن منظور : التيمن : الابتداء في الأفعال باليد اليمنى ، والرجل اليمنى ، والجانب الأيمن ... التيامن سنة لحديث عائشة رضي الله عنها " كان رسول الله ﷺ يعجبه التيمن في شأنه كله في طهوره وترجله وتنعله " . (۱۴/۲۰۵ ، تيامن ، الحكم التكليفي)

(۳) ما في " الموسوعة الفقهية " : الأصل سنية التطيب ..... يُسن التطيب لخبر أبي أيوب رضي الله عنه مرفوعًا " أربع من سنن المرسلين : الحناء والتعطر والسواک والنكاح " . ولقول الرسول ﷺ : " حبب إلى من دنياكم : النساء والطيب ، وجلعت قرة عيني في الصلاة " . (۱۲/۱۷۴ ، تطيب ، الحكم التكليفي ، تطيب الرجل والمرأة)

(آپ کے مسائل اور اُن کا حل: ۸/۳۴۳، طبع جدید، فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۷/۲۷۲، عطر لگانے کا طریقہ)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : قال رسول الله ﷺ : " الأذنان من الرأس " . الحديث .

(۱/۱۶ ، سنن أبي داود : ۱/۹۳ ، ط : حمص ، رقم : ۱۱۵)

(نصب الراية في تخريج أحاديث الهداية : ۱/۷۰ ، ط : دار الحديث)

(و : ۱/۱۸ ، ط : المجلس العلمي)=

ناک کے بالوں کو تراشنا

مسئلہ (۲۲۲): فقہائے کرام کی عبارات کی روشنی میں پتہ چلتا ہے کہ ناک کے اندرونی بالوں کو قینچی سے کاٹنا افضل ہے، اُکھیڑنا مناسب نہیں ہے، اس سے بیماری کا اندیشہ ہے، نیز جب بھی بال بڑھتے ہوئے نظر آئیں اُن کی صفائی کرلی جائے، تاکہ باہر نظر نہ آئیں۔ (۱)

=ما في " سنن النسائي " : ثم مسح برأسه وأذنيه " . الحديث .

(۱/۷۴ ، ط : المكتبة التجارية)

(الموسوعة الفقهية :۴۳/۳۴۰)

(فتاویٰ دارالعلوم زکریا:۷/۳۵۳،موئے گوش تراشنے کا حکم)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : ولا ينتف أنفه ؛ لأن ذلك يورث الأكلة .

(۶/۴۰۷ ، ط : سعيد كراچي ، و دار الفكر بيروت)

(و:۹/۵۸۳ ، الحظر والإباحة ، باب الاستبراء وغيره ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

(الفتاوى الهندية :۵/۳۵۸)

(فتاویٰ دارالعلوم زکریا:۷/۳۵۳،موئے بینی تراشنے کا حکم)

عورتوں کا لیئرنگ کٹ بنانا(Layering Of (Women's hair

مسئلہ(۲۲۳): فی زماننا بعض عورتیں مغربی تہذیب سے متأثر ہوکر اپنے بالوں کو لیئر(Layer) کرواتی ہیں، لیئرنگ کٹ میں عام طور پر وِی (V) یا یُو (U) کی شکل کا لحاظ رکھتے ہوئے بالوں کو ایک خاص مقدار میں کاٹا جاتا ہے، اس طرح کی کٹ میں دو خرابیاں ہیں، ایک یہ کہ، اس کٹ میں کافرات وفاسقات کے ساتھ مشابہت پائی جاتی ہے، جب کہ شریعتِ مطہرہ نے غیر قوم کے تشبُّہ سے اجتناب کرنے کا حکم دیا ہے[۱]، دوسرے یہ کہ بالوں کو کافی مقدار میں کاٹنے کی وجہ سے وہ بہت چھوٹے ہوجاتے ہیں، اور بالوں کا صحیح توازُن بھی فوت ہوجاتا ہے، بعض بال بڑے اور بعض چھوٹے ہوجاتے ہیں، جب کہ شریعتِ مطہرہ نے ''قزع'' (چھوٹے بڑے بال رکھنے) سے منع فرمایا ہے[۲]؛ اس لیے لیئرنگ کٹ شرعاً ناجائز اور ممنوع ہے[۳]، مسلمان عورتوں کو چاہیے کہ لیئرنگ کٹ سے خود بھی احتراز کریں، اور اپنی بچیوں کو بھی اس سے بچنے کی تلقین کریں۔[۴]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " من تشبه بقوم فهو منهم " . (ص/۵۵۹ ، كتا ب اللباس ، باب لباس الشهرة)

ما في " بذل المجهود " : قال القاري : من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره أو بالفساق أو الفجار أو بأهل التصوف والصلحاء والأبرار فهو منهم أي في الإثم أو الخير =

.....

=عند اللّٰه تعالى . (۱۲/۵۹ ، مرقاة المفاتيح :۸/۲۲۲ ، كتاب اللباس والزينة)

ما في " شرح الطيبي " : قوله : (من تشبه بقوم) هذا عام في الخلق والخلق والشعار وإذا كان الشعار أظهر في التشبه . (۸/۲۳۲ ، رقم :۴۳۷۴)

(۲) ما في " سنن أبي داود " : عن ابن عمر : أن النبي ﷺ نهىٰ عن القزع . وهو أن يحلق رأس الصبي ويترك له ذؤابة . (ص/۵۷۷ ، كتاب الترجل ، باب في الصبي له ذؤابة)

ما في " رد المحتار " : ويكره القزع ، وهو أن يحلق البعض ويترك البعض قطعاً مقدار ثلاثة أصابع . (۹/۵۸۴ ، كتاب الحظر والإباحة ، باب الاستبراء وغيره ، فصل في البيع)

(۳) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وفيه : قطعت شعر رأسها أثمت ولعنت . زاد في البزازية : وإن بإذن الزوج لا طاعة لمخلوق في معصية الخالق ، ... والمعنى المؤثر التشبه بالرجال . اهـ .

(۹/۵۸۳ ، ۵۸۴ ، كتاب الحظر والإباحة ، باب الاستبراء وغيره ، ط : بيروت)

(۴) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يآ أيها الذين امنوا قوآ انفسكم واهليكم نارًا وقودها الناس والحجارة﴾ . (سورة التحريم :۶)

ما في " صحيح البخاري " : وقال مجاهد : ﴿قوا أنفسكم وأهليكم﴾ أوصوا أنفسكم وأهليكم بتقوى اللّٰه وأدّبوهم . (ص/۹۰۰ ، باب قوله : أن تتوبا إلى اللّٰه فقد صغت قلوبكما، ط : بيروت ، معارف القرآن :۸/۵۰۳)

ما في " صحيح البخاري " : عن عبد اللّٰه بن عمر – رضي اللّٰه عنهما – يقول : سمعت رسول اللّٰه ﷺ يقول : " كلكم راع ، وكلكم مسؤول عن رعيته ، الإمام راع ومسؤول عن رعيته ، والرجل راع في أهله وهو مسؤول عن رعيته ، والمرأة راعية في بيت زوجها ومسؤولة عن رعيتها ، والخادم راع في مال سيده ومسؤول عن رعيته" .

(ص/۱۶۹ ، رقم :۸۹۳ ، كتاب الجمعة ، باب الجمعة في القرى والمدن ، ط : بيروت ، صحيح مسلم :۶/۴۶۰ ، رقم : ۱۸۲۹ ، كتاب الإمارة ، باب فضيلة الإمام العادل وعقوبة الجائر والحث على الرفق بالرعية الخ ، ط : بيروت)

(فتاویٰ دارالعلوم زکریا:۷/۳۶۰،۳۶۱،عورتوں کے لیے لیئرنگ کٹ کا حکم)

خودرُو بیل بوٹے پھل پھول کسی کی زمین سے لینا

مسئلہ (۲۲۴): بہت سے خودرُو بیل بوٹے، پودے اور درخت وغیرہ؛ جن کی ڈالیاں، پتیاں، پھول، پھل، جڑی بوٹی؛ ہومیوپیتھک وایلو پیتھک دواؤں اور دیگر چیزوں کی ترکیب وبناوٹ میں کام آتی ہیں، یہ چیزیں سرکاری وغیرسرکاری زمین پر اُگتی ہیں، تو ان میں سے جو چیزیں گھاس کی جنس سے ہیں، انہیں تو مالک کی اجازت کے بغیر لینا جائز ہے[۱]، اور جو درخت کے قبیل سے ہیں، وہ اگر کسی کی مملوکہ زمین میں ہیں، تو مالک کی اجازت لی جائے، اور اگر سرکاری زمین میں ہیں، تو سرکار کی طرف سے اس کے لینے پر پابندی نہیں ہے، تو لینا جائز ہے، ورنہ بغیر اجازت لینا درست نہیں۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿خلق لكم ما في الأرض جميعًا﴾ . (سورة البقرة : ۲۹)

ما في " سنن ابن ماجة " : عن ابن عباس قال : قال رسول الله ﷺ : " المسلمون شركاء في ثلاث : في الماء ، والكلأ ، والنار ، وثمنه حرام " .

(ص/۱۷۸ ، كتاب الرهون ، المسلمون شركاء في ثلاث ، ط : مكتبة بلال ديوبند ، شروح سنن ابن ماجة ، رقم : ۲۴۷۲)

ما في " سنن ابن ماجة " : عن أبي هريرة أن رسول الله ﷺ قال : " ثلاث لا يمنعن ؛ الماء، والكلأ ، والنار " . (ص/۱۷۸ ، كتاب الرهون ، المسلمون شركاء في ثلاث ، شروح سنن ابن ماجة ، رقم : ۲۴۷۳)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : إن الأصل في الأشياء الإباحة ، حتى يدل الدليل على عدم إباحته . (۱/۲۵۲ ، ۲۵۳)=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=ما في " هامش الأشباه والنظائر " : قوله : (الأصل في الأشياء) ذكر العلامة قاسم بن قطلوبغا في بعض تعاليقه : أن المختار أن الأصل الإباحة عند جمهور أصحابنا ..... ودليل هذا القول قوله تعالى : ﴿وخلق لكم ما في الأرض جميعًا﴾ . (۱/۲۵۲، ۲۵۳)

(۲) ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : لا يجوز لأحد أن يتصرف في ملك الغير بلا إذنه . (۱/۹۶، المادة : ۹۶ ، شرح المجلة : ص/۶۱، المادة : ۹۶)

(قواعد الفقه : ص/۱۱۰، قاعدة : ۷۰)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : لا يجوز التصرف في مال غيره بلا إذنه ولا ولايته .

(۹/۲۴۰ ، كتاب الغصب ، مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الغير)

ما في " رد المحتار " : التصرف في مال الغير حرام ، فيجب التحرّز عنه .

(۷/۳۷۳ ، كتاب البيوع ، باب المرابحة والتولية)

ما في " شرح المجلة " : لا يجوز لأحد أن يأخذ مال أحد بلا سبب شرعي ، أي لا يحل في كل الأحوال عمدا أو خطأ أو نسيانا ، جدا أو لعبا أن يأخذ أحد مال أحد ، بوجه لم يشرعه الله تعالى ولم يبحه ؛ لأنه حقوق العباد محترمة لا تسقط ..... يجب عليه ردّه قائمًا أو مثله أو قيمته هالكاً . اهـ . (ص/۲۶۴ ، ۲۶۵)

(محمود الفتاویٰ:۴/۴۶۷، ۴۷۷، بحوالہ فتاویٰ محمودیہ:۱۷/۱۹۴، ۱۹۵)

کتاب الأکل والشرب

کھانے پینے کے احکام ومسائل

جیلاٹین کی تحقیق اور اس کا حکم

مسئلہ (۲۲۵): جیلاٹین (Gelatin) جب جانور سے حاصل کی گئی ہو، تو اس کے حلال ہونے کے لیے یہ شرط ہے کہ وہ حلال جانور سے لی گئی ہو، اور اس جانور کو شرعی طریقے پر ذبح کیا گیا ہو، بصورتِ دیگر جیلاٹین کو حلال نہیں کہا جاسکتا، لہٰذا جن مصنوعات میں جیلاٹین کی آمیزش ہوتی ہے، ان کے استعمال سے پہلے یہ تحقیق کرلینی چاہیے۔ اور اگر یہ ممکن نہ ہو، تو ان کے استعمال سے اجتناب برتنا چاہیے، کیوں کہ احتیاط اسلامی تعلیمات کا جز اور حصہ ہے۔ (۱)

نوٹ-: جیلاٹین ایک پروٹین کا نام ہے، جو (مردار ومذبوح، ماکول اللحم وغیر ماکول اللحم؛ خنزیر وغیرہ) جان دار کی ہڈی اور کھال سے حاصل کی گئی **کولیجن** سے حاصل کی جاتی ہے، یعنی ایک گاڑھا مادہ جس کا بنیادی استعمال کھانے پینے کی اشیاء میں گاڑھا پن پیدا کرنے کے لیے کیا جاتا ہے، نیز جیلاٹین پھلوں کے جوس کو صاف کرنے کے لیے فلٹر کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے، ڈبے والے دہی میں استعمال کیا جاتا ہے، تاکہ دہی پانی نہ چھوڑے، اسی طرح، جیلی، چاکلیٹ، ٹافی، چیونگم، کیک، آئس کریم، نہاری مسالحہ، کیپسول، ہڈیوں کو مضبوط کرنے والی ادویات وغیرہ میں جیلاٹین کا استعمال ہوتا ہے۔ (۲)

تنبیہ: ''بہر حال مسئلہ چوں کہ مجتہد فیہ ہے؛ اس لیے حتی الامکان خصوصاً داخلی استعمال سے بچنا چاہیے، نیز مسلمانوں خصوصاً وہ لوگ جن کا اشیاء خوردنی کی تیاری یا جلاٹین یا دواسازی سے تعلق ہے، ان پر ضروری ہے کہ جیلاٹین سازی کے لیے حلال متبادل کی تلاش کریں، مردار یا خنزیر کے اجزاء کے استعمال سے پرہیز کریں، مغرب کی طرف سے آنے والی ہر چیز کو آنکھ بند کر کے قبول نہ کریں، بلکہ دین وشریعت کی روشنی میں جو چیز حلال وجائز کے دائرے میں آئے، اس کو اپنانا چاہیے۔'' - ''نیز حلال کمیٹیوں کو چاہیے کہ اس سلسلے میں بیداری پیدا کریں، اور مناسب کوشش کریں۔''(۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن النعمان بن بشير رضي الله عنه قال : قال النبي ﷺ : " الحلال بيّن والحرام بيّن ، وبينهما أمور مشتبهةٌ ، فمن ترك ما شبّه عليه من الإثم كان لما استبان اترك ، ومن اجترأ على ما يشك فيه من الإثم أوشك أن يواقعما استبان ، والمعاصي حمى الله ، من يرتع حول الحمى يوشك أن يواقعه " . (۱/۲۷۵ ، كتاب البيوع، باب الحلال بين والحرام بين وبينهما أمور مشتبهات ، رقم : ۲۰۵۱)

(صحيح مسلم: ۲/۲۸ ، كتاب المساقاة والمزارعة ، باب أخذ الحلال وترك الشبهات)

ما في " جامع الترمذي " : عن النعمان بن بشير رضي الله عنه قال : سمعتُ رسول الله ﷺ يقول : " الحلال بيّنٌ والحرام بيّن ، وبين ذلك أمورٌ مشتبهات ، لا يدري كثيرٌ من الناس أمِن الحلال هي أم من الحرام ، فمن تركها استبرأ لدينه وعرضه فقد سلم ، ومن واقع شيئًا منها يوشك أن يواقع الحرام كما أنه من يرعى حول الحمى يوشك أن يواقعه ، ألا وإن لكل ملك حمى ؛ ألا وإن حمى الله محارمه " .

(۱/۲۲۹ ، كتاب البيوع ، باب ما جاء في ترك الشبهات ، رقم : ۱۲۰۵)=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=ما في " عمدة القاري شرح صحيح البخاري " : وقال الخطابي : كل شيء يشبه الحلال من وجه والحرام من وجه هو شبهة ، والحلال اليقين : ما علم ملكه يقينًا لنفسه ، والحرام البين ما علم ملكه لغيره يقينًا ، والشبهة : ما لا يدري أهو له أو لغيره ، فالورع اجتنابه . ..... وقال حسان بن أبي سنان : ما رأيت شيئًا أهون من الورع – د ع ما يريبک إلى ما لا يريبک " . .... قال حسان : تركت ما يريبني إلى ما لا يريبني فاسترحت . وأيضًا قال ..... حسان بن أبي سنان : ما أيسر الورع إذا شككت في شيء فاتركه . اهـ .

(۱۱/۲۳۶ ، ۲۳۷ ، كتاب البيوع ، باب تفسير المشبهات ، ط : كوئٹه)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ومن معاني الاحتياط لغة : الأخذ في الأمور بالأحزم والأوثق وبمعنى المحاذرة ، ومنه القول السائر : أوسط الرأي الإحتياط ، وبمعنى الاحتراز من الخطأ واتقائه . (۲/۱۰۰)

ما في " قواعد الفقه " : الأصل أن الاحتياط في حقوق اللّٰه تعالى جائز ، وفي حقوق العباد لا يجوز . (ص/۱۵ ، مادة : ۱۷ ، و:ص/۵۴، مادة : ۱۰)

(۲) (بحوالہ: الهيئة لتوثيق الحلال بباكستان/HALAL SANAH PAKISTAN، ہڈی سے بنی جیلاٹین کی شرعی تحقیق)

(۳) (چند اہم عصری مسائل:۲/۳۳۱،جلاٹین میں انقلابِ ماہیت ہوتا ہے یا نہیں؟طب اور سائنس سے متعلق مسائل،و:۲/۳۳۴،جلاٹین اور اس پر مشتمل ادویہ اور اشیاء خوردنی کا حکم)

شراب کی عادت چھڑانے کے لیے کوے کے خون کا استعمال

مسئلہ (۲۲۶): بعض حکیم وڈاکٹر حضرات شرابی سے شراب کی عادت چھڑانے کے لیے، اُسے کوے کا خون پلاتے ہیں، انہیں یاد رکھنا چاہیے کہ حرام چیز کے استعمال کی گنجائش بیماری کی صورت میں بدرجۂ مجبوری دی گئی ہے، اور شراب پینے کا عادی ہونا یہ کوئی بیماری نہیں ہے، بلکہ عادت ہے، اور کسی چیز کی عادت چھڑانے کے لیے حرام چیز کا استعمال جائز نہیں ہے، اس لیے شراب کی عادت چھڑانے کے لیے کوے کے خون کا استعمال جائز نہیں ہے، البتہ خراب عادت تو یونہی چھوڑ دینی چاہیے، اور اس کے ذریعے بھی نہ ہوسکے، تو کسی حلال چیز کے ذریعے اس عادت کو ختم کرنا چاہیے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إنما حرّم عليكم الميتة والدّم ولحم الخنزير﴾ . (سورة البقرة :۱۷۳) . ﴿حرمت عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير وما أهل لغير الله به﴾ . (سورة المائدة :۳) . ﴿قل لا أجد في ما أوحي إلي محرّمًا على طاعم يّطعمه إلا أن يكون ميتة أو دمًا مسفوحًا أو لحم خنزير فإنه رجس﴾ . (سورة الأنعام :۱۴۵) وقوله تعالى : ﴿ويحل لهم الطيبٰت ويحرم عليهم الخبآئث﴾ . (سورة الأعراف : ۱۵۷)

ما في " تبيين الحقائق " : قال أبوحنيفة رضي الله عنه : الدم حرام ، وأكره الستة وذلك لقوله عزّ وجلّ : ﴿حرمت عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير﴾ [البقرة : ۱۷۳] الآية . فلما تناوله النص قطع بتحريمه ، وكره ما سواه ؛ لأنه مما تستخبثه الأنفس وتكرهه ، وهذا المعنى سبب الكراهية لقوله تعالى : ﴿ويحرّم عليهم الخبآئث﴾ [الأعراف : ۱۵۷] .

(۴۶۴/۶ ، كتاب الخنثى ، مسائل شتى)=

شارک (Shark) مچھلی کھانا

مسئلہ (۲۲۷): بعض قسم کی مچھلیاں جن کو انگریزی میں شارک (Shark) کہتے ہیں، جو پھاڑ کھانے والی ہوتی ہیں، حتی کہ بعض مرتبہ یہ انسان کو بھی چیر کر کھا جاتی ہیں، کچھ لوگ ایسی مچھلی کے کھانے کو ناجائز سمجھتے ہیں، اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح یہ ہے کہ مچھلی کی تمام انواع واقسام حلال ہیں، لہٰذا مذکورہ شارک (Shark) مچھلی بھی حلال ہوگی۔ (۱)

=ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء على أن الدم حرام نجس لا يؤكل ولا ينتفع به. (۲۱/۲۵ ، دم ، الحكم الإجمالي)

(فتاویٰ قاسمیہ: ۲۳/۳۲۴، شراب کی عادت چھڑانے کے لیے کوے کا خون پلانا)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿أحل لكم صيد البحر وطعامه متاعا لكم وللسيارة﴾ .

(سورة المائدة : ۹۶)

ما في " بحر العلوم – التفسير السمرقندي " : ﴿وطعامه متاعا لكم وللسيارة﴾ يعني للمقيمين والمسافرين ، وهي السمكة المالحة . (۱/۴۵۹ ، سورة المائدة ، الآية/۹۶)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " أحلت لنا ميتتان ودمان : الحوت والجراد ، والدمان : الكبد والطحال " . رواه أحمد وابن ماجة والدار قطني . (ص/۳۶۱ ، كتاب الصيد والذبائح ، باب ما يحل أكله وما يحرم ، الفصل الثاني ، رقم : ۴۱۳۲)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : (ولا) يحل (حيوان مائي إلا السمک) ..... (وحل الجراد) وإن مات حتف أنفه ، بخلاف السمک (وأنواع السمک بلا ذكاة) لحديث : " أحلت لنا ميتتان ؛ السمک والجراد " .

(۹/۴۴۴ – ۴۴۶ ، كتاب الذبائح ، ط : دار الكتب العلمية بيروت)

ما في " بدائع الصنائع " : ويستوي في حل الأكل جميع أنواع السمک من الجريث =

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=والمارماهي وغيرهما ، لأن ما ذكرنا من الدلائل في إباحة السمک لا يفصل بين سمک وسمک إلا ما خص بدليل ، وقد روي عن سيدنا علي وابن عباس (رضي الله عنهما) إباحة الجريث والسمک الذكر ولم ينقل عن غيرهما خلاف ذلک فيكون إجماعا.

(۳۶/۵، طبع سعید کراچی ، و۱۷۹/۶ ، کتاب الذبائح والصيود ، ط : بيروت)

ما في " فتاوى قاضي خان على هامش الهندية " : ولا بأس بسائر أنواع السمک نحو الجريث والمارماهي ولا يؤكل ما في البحر سوى السمک وطير الماء عندنا .

(۳۵۷/۳ ، کتاب الصيد والذبائح)

ما في " النتف في الفتاوى " : وأما دوابّ البحر فإنها محرمة سوى السّمک بأجناسها في قول الفقهاء . (ص/۱۵۰ ، حكم دوابّ البحر ، ط : بيروت)

ما في " الفقه الحنفي في ثوبه الجديد " : ولا يؤكل من حيوان الماء إلا السمک .....

قال ابن حجر : ولا خلاف بين العلماء في حل السمک على اختلاف أنواعه .

(۲۶۱/۵ ، حكم أكل الحيوانات المائية ، دار القلم دمشق)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ولا يحل عند الحنفية من الحيوان المائي شيء سوى السمک فيحل أكله سواء أكان ذا فلوس (قشر) أم لا .

(۱۲۸/۵ ، الحيوان المائي ، حلاله وحرامه)

ما في " ما لا بد منه " : وازحیواناتِ دریانزدِامامِ اعظم سوائے ماہی بہ جمیع اقسام خود ہیچ جانور حلال نیست .

(ص/۹۹ ، کتاب التقوی ، مکتبه الأمين كتابستان ديوبند)

(مستفاد: محمود الفتاویٰ: ۴/۲۶۵، پھاڑ کھانے والی مچھلی حلال ہے)

۱۷

نہار منھ پانی پینا

مسئلہ (۲۲۸): ''نہار منھ'' پانی پینے سے متعلق حکیموں کی دو رائے ہیں: بعض حکیم کہتے ہیں کہ نہار منھ پانی پینا چاہیے، اس سے معدہ مضبوط ہوتا ہے، اور بھی دیگر فائدے ہیں، جب کہ بعض حکیم اس کے برعکس یہ کہتے ہیں کہ ''نہار منھ'' پانی پینے سے بچنا چاہیے، کیوں کہ اس سے معدہ کی قوت میں کمی واقع ہوتی ہے، اور سوشل میڈیا پر اس طرح کی متضاد تحریریں بھی پڑھنے کو مل رہی ہیں، جس کی وجہ سے بعض لوگ کشمکش میں مبتلا ہیں کہ آیا ''نہار منھ'' پانی پینا چاہیے یا نہیں؟ کیوں کہ وہ ''نہار منھ'' پانی پینے کے عادی ہیں، تو اس سلسلے میں یہ عرض کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ''المعجم الاوسط للطبرانی'' میں حضرت ابو سعید خدری اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ روایت منقول ہے: '' مَنْ شَرِبَ الْمَاءَ عَلَى الرِّيْقِ اِنْتَقَصَتْ قُوَّتُهُ''- کہ جو شخص ''نہار منھ'' پانی پیتا ہے، اس کی قوت کم ہو جاتی ہے[1]، اس سے حکماء کی دوسری رائے (نہار منھ پانی نہیں پینا چاہیے) کی تائید ہوتی ہے؛ اس لیے جو لوگ ''نہار منھ'' پانی پینے کے عادی ہیں، انہیں چاہیے کہ وہ آئندہ اپنے اِس عمل سے احتیاط کریں؛ کہ احتیاط بہتر و اَولیٰ ہے۔[2]

نوٹ-: احادیث مبارکہ میں نہار منھ پانی پینے کی صورت میں جو طاقت میں کمی کا تذکرہ ہے، یہ معمول بنا لینے کی صورت میں ہے، اس لیے اس کو بلا ضرورت معمول بنا لینے سے احتراز چاہیے، تاہم کسی عارضہ کی وجہ سے ڈاکٹر

حضرات اس کا مشورہ دیں، یا کبھی کبھار پانی پینے کی ضرورت ہو، تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المعجم الأوسط للطبراني " : حدثنا عبيد الله بن محمد بن خنيس الدمياطي قال : نا محمد بن مخلد الرعيني قال : نا عبد الرحمن بن زيد بن أسلم عن أبيه ، عن عطاء بن يسار ، عن أبي سعيد الخدري ، عن النبي ﷺ قال : " من شرب الماء على الريق انتقصت قوته " . لم يرو هذه الأحاديث عن زيد بن أسلم إلا ابنه عبد الرحمن ، تفرد بها : أبو أسلم .

(۲۹۸/۳ ، ۲۹۹ ، رقم : ۴۶۴۶ ، ط : بيروت)

ما في " التحقيق والتعليق على هامش المعجم الأوسط " : ۴۶۴۶ – إسناده ضعيف جدًا – والكلام على إسناده كسابقه . وقال الهيثمي في المجمع [۸۹/۵] : وفيه محمد بن مخلد الرعيني وهو ضعيف . قلت : بل هو متروك كما تقدم . (۲۹۸/۳)

ما في " المعجم الأوسط للطبراني " : حدثنا محمد بن أبي غسان : ثنا أبو نعيم عبد الأول المعلم : ثنا أبو أمية الأيلي ، عن زفر بن واصل ، عن أبي سلمة ، عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " من كثر ضحكه استخف بحقه ، ومن كثرت دعابته ذهبت جلالته ، ومن كثر مزاحه ذهب وقاره ، ومن شرب الماء على الريق انتقصت قوته ، ومن كثر كلامه كثر سقطه ، ومن كثر سقطه كثرت خطاياه ، ومن كثرت خطاياه كانت النار أولى به " .

(۵۲/۵ ، ۵۳ ، رقم : ۶۵۵۷ ، ط : بيروت)

ما في " التحقيق والتعليق على هامش المعجم الأوسط " : ۶۵۵۷ – ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع (۹۰/۵) وقال : رواه الطبراني في الأوسط ، وفي إسناده من لم أعرفهم. (۵۲/۵)

ما في " زاد المعاد في هدي خير العباد " : وقال الشافعي : أربعة توهن البدن : كثرة الجماع ، وكثرة الهم ، وكثرة شرب الماء على الريق ، وكثرة أكل الحامض .

(۴۰۹/۴ ، فصول متفرقة من الوصايا النافعة في العلاج ، ط : مؤسسة الرسالة بيروت ، ومكتبة المنار الإسامية الكويت)=

۱۷

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=ما في " مرقاة المفاتيح " : تحت قوله : (من الأسودين) أي التمر والماء ..... إنما قالت ذلك ؛ لأن الري من الماء لما لم يكن يحصل لهم من دون الشبع من الطعام فإن أكثر الأمم لا سيما العرب يرون شرب الماء على الريق بالغًا في المضرة . اهـ .

(٧/١٠٦ ، رقم : ٤١٩٤ ، ط : المكتبة الأشرفية ديوبند)

ما في " اختري بهشتي زيور " : "(۱) سوتے اُٹھ کر فوراً پانی نہ پیو، اور نہ یک لخت ہوا میں نکلو، اگر بہت ہی پیاس ہے تو عمدہ تدبیر یہ ہے کہ ناک پکڑ کر پانی پیو، اور ایک ایک گھونٹ کر کے پیو، اور پانی پی کر ذرا دیر تک ناک پکڑے رہو۔ سانس ناک سے مت لو، اسی طرح گرمی میں چل کر فوراً پانی مت پیو، خاص کر جس کو لُو لگی ہو وہ اگر فوراً بہت سا پانی پی لے، تو اسی وقت مر جاتا ہے۔ اسی طرح نہار منھ نہ پینا چاہیے، اور پاخانہ سے نکل کر فوراً پانی نہ پینا چاہیے۔ (حصہ نہم، ص/۸، باب نمبر:۴، پانی کا بیان)

(وفي " حاشيه اختري بهشتي زيور " : "خاص کر سردی کے زمانہ میں اگر ٹھنڈا پانی پینا ہو، تو اسی ترکیب سے پیو، ورنہ زکام ہو جاتا ہے۔ [حصہ نہم، ص/۸، حاشیہ نمبر:۱])

(۲) ما في " الموسوعة الفقهية " : ومن معاني الاحتياط لغة : الأخذ في الأمور بالأحزم والأوثق وبمعنى المحاذرة ، ومنه القول السائر : أوسط الرأي الاحتياط ، وبمعنى الاحتراز من الخطأ واتقائه . (۲/۱۰۰)

(۳) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۲۶۶۱۳)

نسوار کا استعمال

مسئلہ (۲۲۹): نسوار کا استعمال اگرچہ فی نفسہٖ شرعاً مباح ہے[۱] لیکن اس کے استعمال میں بے احتیاطی کرنے سے عموماً منہ میں ایسی بدبُو پیدا ہوجاتی ہے، جو پاس بیٹھ کر ہم کلام ہونے والوں کے لیے باعثِ تکلیف ہوتی ہے[۲]، اس لیے نسوار کا استعمال مکروہِ تنزیہی ہے، اس سے احتراز ہی بہتر ہے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : قاعدة : ۴۳۸ : هل الأصل في الأشياء الإباحة حتى يدل الدليل على عدم الإباحة ، وهو مذهب الشافعي – رحمه الله – ، أو التحريم حتى يدل الدليل على الإباحة ، ونسبه الشافعية إلى أبي حنيفة (رحمه الله) . .... ۴۴۰ : وفي "شرح المنار " للمصنف : الأصل في الأشياء الإباحة عند بعض الحنفية ، ومنهم الكرخي . (۱/۲۵۳ ، ۲۵۴ ، القاعدة الثالثة : اليقين لا يزول بالشک ، ط : مكتبه فقيه الامت ديوبند)

(۲) ما في " صحيح مسلم " : عن أبي سعيد – الخدري رضي الله تعالى عنه – قال : لم نَعُدُ أن فُتحَت خيبرُ فوقعنا – أصحاب رسول الله ﷺ – في تلک البقلة – الثوم ، والناس جياع ، فأكلنا منها أكلا شديدًا ثم رُحنا إلى المسجد ، فوجد رسول الله ﷺ الريح ، فقال : " من أكل من هذه الشجرة الخبيثة شيئًا فلا يقربنا في المسجد " . الحديث . (۱/۲۰۹ ، حديث :565/۱۲۵۶– ۷۶ ، ط : قديمي ، و:۳/۳۶۹ ، كتاب المساجد ومواضع الصلاة، باب نهي من أكل ثوما أو بصلا أو كراثا أو نحوها مما له رائحة ، ط : احياء التراث)

ما في " شرح النووي على صحيح مسلم " : قال الإمام النووي في شرح هذا الحديث : قال العلماء : ويلحق بالثوم والبصل والكراث كل ما له رائحة كريهة من المأكولات وغيرها ..... قال القاضي : وقاس العلماء على هذا مجامع الصلاة غير المسجد كمصلى العيد والجنائز ونحوها من مجامع العبادات ، وكذا مجامع العلم والذكر والولائم ونحوها .=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=(۱/۲۰۹ ، ط: قديمي ، و:۳/۳٦۷ ، ط: بيروت)

ما في " رد المحتار " : قال ابن عابدين الشامي رحمه الله تعالى : قوله : (وأكل نحو ثوم أي كبصل ونحوه ما له رائحة كريهة للحديث الصحيح عن قربان آكل الثوم والبصل ، المسجد) قال الإمام العيني في شرحه على صحيح البخاري : قلت : " علة النهي أذى الملائكة وأذى المسلمين ، ولا يختص بمسجد عليه الصلاة والسلام ، بل الكل سواء " .

(۲/۴۳۵ ، الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب في الغرس في المسجد)

(۳) ما في " رد المحتار " : ويلحق بما نص عليه في الحديث كل ما له رائحة كريهة ، مأكولا أو غيره ، وإنما خص الثوم هنا بالذكر وفي غيره أيضًا بالبصل والكراث لكثرة أكلهم لها . (۲/۵۳۵ ، كتاب الصلاة ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب في الغرس في المسجد ، ط : زكريا وبيروت) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۳۵۳۵۴)

كتاب الطب والرُّقى

طب اور جھاڑ پھونک کے احکام ومسائل

غیر حیوانی اَجزا کا استعمال

مسئلہ (۲۳۰): کسی انسان کا کوئی عضو ناکارہ ہو چکا ہو، اور اس عضو کے عمل کو آئندہ جاری رکھنے کے لیے کسی متبادل کی ضرورت ہو، تو اس ضرورت کو پورا کرنے کے لیے:

الف: غیر حیوانی اجزا کا استعمال۔

ب: ایسے جانوروں کے اعضاء کا استعمال جن کا کھانا شرعاً جائز ہے، اور جو بطریقۂ شرعی ذبح کیے گئے ہوں۔

ج: جان کی ہلاکت یا عضو کے ضائع ہونے کا قوی خطرہ ہو، اور اس مطلوبہ عضو کا بدل صرف ایسے جانوروں میں ہی مل سکتا ہے، جن کا کھانا حرام ہے، یا حلال تو ہے لیکن بطریقِ شرعی ذبح نہیں کیے گئے ہیں، تو ایسی صورت میں ان غیر ماکول اللحم، یا ماکول اللحم مگر غیرِ مذبوح بطریقِ شرعی جانوروں کے اعضا کا استعمال جائز ہے[1]، اور اگر جان یا عضو کی ہلاکت کا شدید خطرہ نہ ہو، تو خنزیر کے اجزا کا استعمال جائز نہیں۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " :﴿فمن اضطرّ في مخمصة غير متجانف لإثم ، فإن الله غفور رحيم﴾ . (سورة المائدة :۳)=

انسانی اعضا کا استعمال

مسئلہ (۲۳۱): کسی انسان کے جسم کا ایک حصہ اسی انسان کے جسم میں بوقتِ حاجت استعمال کیا جانا، جائز ہے[1]، البتہ اعضائے انسانی کا فروخت کرنا حرام ہے۔[2]

=ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : " الضرورات تبيح المحظورات " .

(۱/۳۰۷، قواعد الفقه :ص/۸۹، قاعدة :۱۷۰)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿إنما حرّم عليكم الميتة والدّم ولحم الخنزير ومآ اهل به لغير اللّٰه ، فمن اضطرّ غير باغ ولا عاد فلآ إثم عليه إن اللّٰه غفور رحيم﴾ .

(سورة البقرة :۱۷۳)

ما في " أحكام الجراحة الطبية " : ان نقل الأعضاء لا يخلو إما أن يكون من إنسان أو حيوان إلى إنسان ..... وأما إن كان النقل من حيوان فلا يخلو ذلک الحيوان المنقول منه العضو من حالتين ؛ الأولى : أن يكون طاهراً ، وحكم النقل الجواز ، الثانية : أن يكون نجسا ، وحكم النقل التحريم إلا عند الضرورة واللّٰه تعالى أعلم . (ص/۴۰۲ ، ۴۰۳ ، المطلب الثاني حكم النقل العضو من حيوان إلى الإنسان) (نئے مسائل اور فقہ اکیڈمی کے فیصلے :ص/۱۹۷، اعضاء کی پیوندکاری، دوسرا فقہی سمینار [دہلی] بتاریخ:۸-۱۱/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۰ھ مطابق ۸-۱۱/دسمبر ۱۹۸۹ء، تجویز نمبر:۱) (محقق ومدلل جدید مسائل:۲/۷۲۹، مسئلہ نمبر:۶۳۷، خنزیر کی کھال سے جلد کی پیوندکاری)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " :﴿فمن اضطرّ في مخمصة غير متجانف لإثم ، فإن اللّٰه غفور رحيم﴾ . (سورة المائدة :۳)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : " الضرورات تبيح المحظورات " .

(۱/۳۰۷، قواعد الفقه :ص/۸۹، قاعدة :۱۷۰)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولقد كرّمنا بنيٓ اٰدم﴾ . (سورة بني اسرائيل :۷۰)=

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

=ما في " شرح كتاب السير الكبير " : والآدمي محترم بعد موته على ما كان عليه في حياته فكما يحرم التداوي بشيء من الآدمي الحي إكراماً له فكذلك لا يجوز التداوى بعظم الميت ، قال رسول الله ﷺ : " كسر عظم الميت ككسر عظم الحي " . (۹۲/۱)

ما في " البحر الرائق " : (وشعر الإنسان والإنتفاع به) أى لم يجز بيعه والإنتفاع به لأن الآدمى مكرم غير مبتذل فلا يجوز أن يكون شيء من أجزائه مهاناً مبتذلاً ..... وصرح في فتح القدير بأن الآدمي مكرم وإن كان كافراً . (۱۳۳/۶ ، كتاب البيع ، باب البيع الفاسد)

ما في " الهداية " : ولا يجوز بيع شعور الإنسان ولا الانتفاع به لأن الآدمي مكرم لا مبتذل فلا يجوز أن يكون شيء من أجزائه مهاناً مبتذلاً . (۳۹/۳)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما عظم الآدمي وشعره فلا يجوز بيعه لا لنجاسة لأنه طاهر في الصحيح من الرواية لكن احتراماً له والابتذال بالبيع يشعر بالإهانة .

(۳۳۳/۴ ، كتاب البيوع)

ما في " رد المحتار " : والآدمي مكرم شرعاً وإن كان كافراً فإيراد العقد عليه وابتذاله به والحاقه بالجمادات إذلال له ..... إلا أن يجاب بأن المراد تكريم صورته وخلقته ، ولذا لم يجز كسر عظام ميت كافر ، وليس ذلك محل الاسترقاق والبيع والشراء .

(۱۷۹/۷ ، كتاب البيوع ، مطلب الآدمي مكرم شرعاً ولو كافراً)

(نئے مسائل اور فقہ اکیڈمی کے فیصلے: ص/۱۹۷، اعضاء کی پیوندکاری، دوسرا فقہی سمینار [دہلی] بتاریخ: ۸-۱۱/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۰ھ مطابق ۸-۱۱/دسمبر ۱۹۸۹ء، تجویز نمبر: ۳:۲)

انسانی اعضا کی پیوندکاری

مسئلہ (۲۳۲): اگر کوئی مریض ایسی حالت میں پہنچ جائے کہ اس کا کوئی عضو اس طرح بے کار ہوکر رہ گیا ہے کہ اگر اس عضو کی جگہ کسی دوسرے انسان کا عضو اُس کے جسم میں پیوند نہ کیا جائے، تو قوی خطرہ ہے کہ اس کی جان چلی جائے گی، اور سوائے انسانی عضو کے کوئی دوسرا متبادل اس کمی کو پورا نہیں کرسکتا، اور ماہر قابلِ اعتماد اطباء کو یقین ہے کہ سوائے عضو انسانی کی پیوندکاری کے کوئی راستہ اس کی جان بچانے کا نہیں ہے، اور عضو انسانی کی پیوندکاری کی صورت میں ماہر اطباء کو ظنِ غالب ہے کہ اس کی جان بچ جائے گی، اور متبادل عضو انسانی اس مریض کے لیے فراہم ہے، تو ایسی ضرورت، مجبوری اور بے کسی کے عالَم میں عضو انسانی کی پیوندکاری کرا کر اپنی جان بچانے کی تدبیر کرنا مریض کے لیے مباح ہوگا۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " :﴿فمن اضطرّ في مخمصة غير متجانف لإثم ، فإن الله غفور رحيم﴾ . (سورة المائدة :۳)

ما في " قواعد الفقه " : الضرورات تبيح المحظورات . (ص/۸۹ ، القاعدة :۱۷۰)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : الحاجة تنزل منزلة الضرورة ، عامة كانت أو خاصة. (۱/۳۲۶ ، القاعدة الخامسة) (نئے مسائل اور فقہ اکیڈمی کے فیصلے: ص/۱۹۷، ۱۹۸، اعضاء کی پیوندکاری، دوسرا فقہی سیمینار [دہلی] بتاریخ: ۸-۱۱ر جمادی الاولیٰ ۱۴۱۰ھ مطابق ۸-۱۱ر دسمبر ۱۹۸۹ء، تجویز نمبر: ۴)
(محقق ومدلل جدید مسائل: ۲/۷۱۱، مسئلہ نمبر: ۶۱۵)

اپنا گُردہ دوسرے کو دینا

مسئلہ (۲۳۳): اگر کوئی تندرست شخص ماہر اطباء کی رائے کی روشنی میں اس نتیجے پر پہنچتا ہے کہ اگر اس کے دو گُردوں میں سے ایک گُردہ نکال لیا جائے، تو بظاہر اس کی صحت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، اور وہ اپنے رشتہ دار مریض کو اس حال میں دیکھتا ہے کہ اس کا خراب گُردہ اگر نہیں بدلا گیا، تو بظاہرِ حال اس کی موت یقینی ہے، اور اس کا کوئی متبادل موجود نہیں ہے، تو ایسی حالت میں اس کے لیے جائز ہوگا کہ وہ بلا قیمت اپنا ایک گُردہ اس مریض کو دے کر اس کی جان بچالے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " :﴿فمن اضطرّ في مخمصة غير متجانف لإثم ، فإن الله غفور رحيم﴾ . (سورة المائدة :۳)

ما في " قواعد الفقه " : الضرورات تبيح المحظورات . (ص/۸۹ ، القاعدة :۱۷۰)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : الحاجة تنزل منزلة الضرورة ، عامة كانت أو خاصة. (۱/۳۲۶ ، القاعدة الخامسة)

(نئے مسائل اور فقہ اکیڈمی کے فیصلے: ص/۱۹۸، اعضاء کی پیوندکاری، دوسرا فقہی سیمینار [دہلی] بتاریخ: ۸-۱۱/ جمادی الاولیٰ ۱۴۱۰ھ مطابق ۸-۱۱/دسمبر ۱۹۸۹ء، تجویز نمبر: ۵)

مرنے کے بعد اعضا دوسرے کو دینے کی وصیت

مسئلہ (۲۳۴): کسی انسان کا یہ کہنا یا لکھ دینا کہ میرے مرنے کے بعد، میرے اعضاء مثلاً: دل، گُردہ، اور آنکھ وغیرہ کسی ضرورت مند شخص کے جسم میں پیوندکاری کے لیے استعمال کیے جائیں، جسے عرفِ عام میں وصیت کہا جاتا ہے، شرعاً اس کا کوئی اعتبار نہیں ہے، کیوں کہ وصیت کا تعلق اپنی مملوک اشیاء سے ہوتا ہے، اور انسان اپنے جسم کا مالک نہیں ہے، لہٰذا ایسی وصیت وخواہش شرعاً قابلِ اعتبار نہیں ہے، اور نہ اس پر عمل کرنا درست ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : ومنها أن يكون مالاً متقوماً فلا تجوز هبة ما ليس بمال أصلاً ..... ومنها أن يكون مملوكاً للواهب فلا تجوز هبة مال الغير بغير إذنه . (۴/۳۷۴)

ما في " بدائع الصنائع " : ومنها أن يكون مالا أو متعلقاً بالمال لأن الوصية إيجاب الملك أو إيجاب ما يتعلق بالملك من البيع والهبة والصدقة والاعتاق ومحل الملك هو المال فلا تصح الوصية بالميتة والدم لأنهما ليسا بمال في حق أحد . (۶/۴۵۷ ، كتاب الوصايا)

(۲) ما في " شرح كتاب السير الكبير " : الآدمي محترم بعد موته على ما كان عليه في حياته فكما يحرم التداوي بشيء من الآدمي الحي إكراماً له فكذلك لا يجوز التداوي بعظم الميت ، قال رسول الله ﷺ : " كسر عظم الميت ككسر عظم الحيّ " .

(۱/۹۲ ، باب دواء الجراحة)

(کتاب الفتاویٰ:۶/۲۱۴، نئے مسائل اور فقہ اکیڈمی کے فیصلے:ص/۱۹۸، اعضاء کی پیوندکاری، تجویز نمبر:۶)

(محقق ومدلل جدید مسائل:۲/۶۱۱، مسئلہ نمبر:۵۲۵)

(فتاویٰ بینات:۴/۳۵۱-۳۵۴)

اسٹیم سیل خلیہ (Stem Cell) سے علاج

مسئلہ (۲۳۵): اسٹیم سیل خلیہ (Stem Cell) جو کہ عورت کے بچہ دانی سے بچہ کی ناف تک جڑی نالی میں پایا جاتا ہے، جسے بچہ کے پیدا ہوتے ہی کاٹ کر پھینک دیا جاتا ہے، اسی اسٹیم خلیہ سے آج بہت سے علاج کیے جا رہے ہیں، مثلاً: بالوں کے جھڑ جانے کو روکنا، گرے ہوئے دانتوں کو قدرتی طور پر پھر سے اُگانا، ہارٹ (دل) کی مری ہوئی رَگوں کو پھر سے تندرست کرنا، ہڈیوں کے جوڑوں کو صحت یاب کرنا، جلی ہوئی جلد کو پھر سے اُگانا، ناقص ہوئے گردوں کو پھر سے کام کرنے والا بنانا وغیرہ۔ اس سلسلے میں شرعی نقطۂ نظر یہ ہے کہ: انسان اشرف المخلوقات ہے، اور اس کے جسم کے تمام اعضا قابلِ احترام ہیں، اور اجزائے انسانی کو دواؤں میں استعمال کرنا تکریمِ انسانی کے منافی اور اُس کی توہین ہے، اگر کوئی جز ناکارہ ہے، تو احترام کا تقاضا یہ ہے کہ اُسے دفن کر دیا جائے، لہٰذا اسٹیم سیل خلیہ یعنی ناف کی نالی کو دواؤں میں استعمال کرنا شرعاً درست نہیں ہے[1]، ہاں! اگر کوئی شخص بہت پریشانی اور حالتِ اضطرار میں ہو، اور مارکیٹ میں ''اسٹیم سیل'' سے تیار شدہ دواؤں کے علاوہ کوئی اور دوا بطورِ متبادل موجود نہ ہو، تو اس صورت میں ایسی دواؤں سے علاج کرنے کی گنجائش ہے۔[2] ۱۸

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولقد كرّمنا بنيٓ اٰدم﴾ . (سورة بني اسرائيل : ۷۰)

ما في " شرح كتاب السير الكبير " : والآدمي محترم بعد موته على ما كان عليه في =

.....

=حياته فكما يحرم التداوي بشيء من الآدمي الحي إكراماً له فكذلک لا يجوز التداوی بعظم الميت ، قال رسول اللّٰه ﷺ : " كسر عظم الميت ككسر عظم الحي " . (۹۲/۱)

ما في " البحر الرائق " : (وشعر الإنسان والإنتفاع به) أی لم يجز بيعه والإنتفاع به لأن الآدمي مكرم غير مبتذل فلا يجوز أن يكون شيء من أجزائه مهاناً مبتذلاً ..... وصرح في فتح القدير بأن الآدمي مكرم وإن كان كافراً . (۱۳۳/۶ ، كتاب البيع ، باب البيع الفاسد)

ما في " الهداية " : ولا يجوز بيع شعور الإنسان ولا الانتفاع به لأن الآدمي مكرم لا مبتذل فلا يجوز أن يكون شيء من أجزائه مهاناً مبتذلاً . (۳۹/۳)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما عظم الآدمي وشعره فلا يجوز بيعه لا لنجاسة لأنه طاهر في الصحيح من الرواية لكن احتراماً له والابتذال بالبيع يشعر بالإهانة . (۳۳۳/۴ ، كتاب البيوع)

ما في " رد المحتار " : والآدمي مكرم شرعاً وإن كان كافراً فإيراد العقد عليه وابتذاله به والحاقه بالجمادات إذلال له ..... إلا أن يجاب بأن المراد تكريم صورته وخلقته ، ولذا لم يجز كسر عظام ميت كافر ، وليس ذلک محل الاسترقاق والبيع والشراء .

(۱۷۹/۷ ، كتاب البيوع ، مطلب الآدمي مكرم شرعاً ولو كافراً)

(۲) ما في " القرآن الكريم " :﴿فمن اضطرّ في مخمصة غير متجانف لإثم ، فإن اللّٰه غفور رحيم﴾. (سورة المائدة :۳)

ما في " الأشباه والنظائر لإبن نجيم " : " الضرورات تبيح المحظورات " .

(۳۰۷/۱ ، قواعد الفقه :ص/۸۹ ، قاعدة :۱۷۰)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولا بأس بأن يسعط الرجل بلبن المرأة ويشربه للدواء ، وفي شرب لبن المرأة للبالغ من غير ضرورة ..... يجوز للعليل شرب الدم والبول وأكل الميتة للتداوي إذا أخبره طبيب مسلم أن شفاء ه فيه ولم يجد من المباح ما يقوم مقامه ، وإن قال الطبيب يتعجل شفائک . (۳۵۵/۵ ، كتاب الكراهية ، الباب الثامن عشر في التداوي والمعالجات ، حاشية الحموي على الأشباه والنظائر : ۳۰۷/۱) (چند اہم عصری مسائل:۳۳۵/۲، ۳۳۶، اسٹیم سیل خلیہ سے دوا تیار کرنے کا حکم،طب اور سائنس سے متعلق مسائل،فتاویٰ رحیمیہ:۴۶۳/۵، ۴۶۴، کتاب الحظر والاباحۃ، تداوی ومعالجات، پلاسٹک سرجری کا حکم،نومولود بچہ کی جھلی سے آگ والے کا علاج کرنا، ط:مکتبہ الاحسان دیوبند، و:۱۷۷/۱۰، ط:دارالاشاعت کراچی، فتاویٰ اشاعت العلوم اکل کوا:فتویٰ نمبر:۱۸۸۔رج:۲)

ایل سیسٹائن دوا کا حکم

مسئلہ (۲۳۶): ایل سیسٹائن ایک امینو ایسڈ (چربیلے نامیاتی مرکبات) ہے، جو کیمیکل فارمولہ HO2CCH CH2SH(NH2) سے بنایا جاتا ہے، یہ بہت سے پروٹین میں اہم ساختی کردار ادا کرتا ہے، جب کہ یہ کھانے میں اضافی شئے کے طور پر استعمال ہوتا ہے، اور یہ سور کے گوشت، چکن، بطخ، انڈا، دودھ اور پنیر، یا سرخ مرچ، لہسن اور پیاز وغیرہ سے تیار کیا جاتا ہے۔ اس کے استعمال کے سلسلے میں شرعی نقطۂ نظر یہ ہے کہ حلال جانوروں کے انڈے، دودھ، پنیر، ہر قسم کے نباتات سے تیار شدہ ''ایل سیسٹائن'' پر مشتمل اشیاء خوردنی اور دواؤں کو کھانے پینے میں شرعاً کوئی حرج نہیں (۱)، یہی حکم چکن، بطخ یا اس جیسے دیگر حلال جانوروں سے تیار شدہ ''ایل سیسٹائن'' پر مشتمل اشیاء کا ہے، بشرطیکہ ذبحِ شرعی کے بعد ان سے مادّہ لیا گیا ہو (۲)، خنزیر یا اس جیسے دیگر حرام جانوروں یا غیر مذبوحہ حلال جانوروں سے تیار شدہ ''ایل سیسٹائن'' پر مشتمل اشیائے خوردنی کا استعمال قطعاً جائز نہیں (۳)۔ جہاں تک دواؤں کی بات ہے تو اگر مریض کو اس کی سخت ضرورت ہو، اور کوئی حلال متبادل موجود نہ ہو، تو اسے استعمال کرنے کی گنجائش ہوگی، ورنہ نہیں۔ (۴) ہاں! اگر تحقیق سے یہ بات ثابت ہو جائے کہ ''ایل سیسٹائن'' بننے کے بعد تبدیلیٔ ماہیت کا تحقق ہو جاتا ہے، اصل چیز کے خواص و آثار تیار شدہ چیز میں باقی نہیں رہتے، تو پھر علی الاطلاق استعمال کرنے کی گنجائش ہو جائے گی۔ (۵)

۱۸

.....

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : البيضة إذا خرجت من دجاجة ميتة أكلت . (۳۳۹/۵)

ما في " رد المحتار " : لبن المأكول حلال . (۳۸/۱۰ ، كتاب الأشربة)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وكذا (الطاهر) كل ما لا تحله الحياة حتى الأنفحة واللبن على الراجح . (۳۶۰/۱)

(۲) ما في " بدائع الصنائع " : وأما بيان شرط حل الأكل في الحيوان المأكول فشرط حل الأكل في الحيوان المأكول البري هو الزكاة فلا يحل أكله بدونها .

(۱۵۵/۴ ، كتاب الذبائح)

(۳) ما في " رد المحتار " : لأنه (الخنزير) نجس العين بمعنى أن ذاته بجميع أجزائه نجسة حيا وميتا . (۳۵۷/۱ ، مطلب في أحكام الدباغة)

(۴) ما في " الفتاوى الهندية " : ولا بأس بأن يسعط الرجل بلبن المرأة ويشربه للدواء ، وفي شرب لبن المرأة للبالغ من غير ضرورة ..... يجوز للعليل شرب الدم والبول وأكل الميتة للتداوي إذا أخبره طبيب مسلم أن شفاءه فيه ولم يجد من المباح ما يقوم مقامه، وإن قال الطبيب يتعجل شفاء ك . (۳۵۵/۵ ، كتاب الكراهية ، الباب الثامن عشر في التداوي والمعالجات ، حاشية الحموي على الأشباه والنظائر : ۳۰۷/۱)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : اختلف في التداوي بالمحرم ، ففي النهاية عن الذخيرة : يجوز إن علم فيه شفاء ولم يعلم دواء آخر . (۳۶۵/۱)

(۵) ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : قال : والاستحالة تطهر الأعيان النجسة كالميتة إذا صارت ملحا والعذرة ترابا . الخ . (ص/۱۶۱ ، ط: دار الكتاب ديوبند)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويطهر زيت تنجس بجعله صابونا به يفتى للبلوى ..... ثم العلة عند محمد هي التغير وانقلاب الحقيقة ، وأنه يفتى به للبلوى كما علم مما مر ، ومقتضاه عدم اختصاص ذلك الحكم بالصابون . الخ . (۵۱۹/۱) (چند اہم عصری مسائل:۲/۳۲۱،۳۲۲،۳۲۳، ایل سیٹائن (ایک خاص) دوا کا حکم، طب اور سائنس سے متعلق مسائل)

بطورِ علاج کان میں بالیاں

مسئلہ (۲۳۷): بعض لوگ کسی خاص قسم کی بیماری کی وجہ سے اپنے کانوں میں سوراخ کرواتے ہیں، اور اس میں تار ڈلواتے ہیں، تاکہ مرض دور ہوجائے، پھر عورتوں کی طرح بالیاں پہن لیتے ہیں، تو اگر واقعی کان میں سوراخ کرنے کی وجہ سے مذکورہ مرض دور ہوجاتا ہے، اور اس مرض کے لیے کوئی دوسرا علاج بھی کامیاب نہیں ہے، تو ایسی صورت میں بدرجہ مجبوری سوراخ کرنے کی گنجائش ہے، مگر اس میں عورتوں کی طرح تار یا بالی وغیرہ پہننا ہرگز جائز نہ ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن ابن عباس : " أن النبي ﷺ صلى يوم العيد ركعتين ، لم يصلّ قبلها ولا بعدها ، ثم أتى النساء ومعه بلال ، فأمرهنّ بالصدقة ، فجعلت المرأة تلقي قرطها ". (۲/۸۷۴ ، كتاب اللباس ، باب القرط للنساء)

ما في " فتح الباري " : (فجعلت المرأة تلقى قرطها) ..... واستدل به على جواز ثقب أذن المرأة ، لتجعل فيها القرط وغيره ، مما يجوز لهنّ التزيّن به . (۱۰/۴۰۸)

ما في " رد المحتار " : ثقب الأذن لتعليق القرط وهو من زينة النساء ، فلا يحل للذكور . (۹/۶۰۲ ، كتاب الحظر والإباحة ، باب الاستبراء وغيره ، و : ۶/۴۲۰ ، ط : سعيد كراچی ، نفع المفتي والسائل المعروف بـ " مجموعة المسائل " :ص/۴۱۰)

(فتاویٰ محمودیہ:۱۹/۳۷۱، ط: کراچی، فتاویٰ قاسمیہ:۲۳/۲۲۷، ۲۲۸، عذر کی بنا پر کان میں سوراخ کرانا)

(محقق ومدلل جدید مسائل:۲/۶۶۷، کان چھدوانا، مسئلہ نمبر:۵۷۲، کتاب اللباس والزینۃ)

بلڈ پریشر کنٹرول کے لیے چین پہننا

مسئلہ (۲۳۸): بلڈ پریشر (B.P) کنٹرول (قابو) میں کرنے کے لیے، یا کسی اور بیماری کے علاج کے لیے ہاتھ میں، سونے چاندی کے علاوہ دیگر دھات کی چین کا استعمال درست ہے۔ (۱)

چہرے کے دانوں کے علاج کے لیے تانبہ کا چھلہ

مسئلہ (۲۳۹): بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ تانبے کا چھلہ پہننے سے چہرے پر دانے نہیں ہوتے، اُن کا یہ خیال غلط ہے، صحیح بات یہ ہے کہ شرعاً اس کی کوئی اصل نہیں ہے، ہاں! اگر واقعی کسی حکیم یا طبیب نے بطورِ علاج چہرے کے دانوں کو ختم کرنے کے لیے تانبہ کا چھلہ پہننے کو کہا ہو، اور تجربہ سے اس کا فائدہ ظاہر ہو چکا ہو، تو ایسی صورت میں بطورِ علاج تانبہ کا چھلہ پہننے کی گنجائش ہے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : بقي الكلام في بند الساعة الذي تربط به ويعلقه الرجل بزر ثوبه ، والظاهر أنه كبند السبحة الذي تربط به . تأمل . (۹/ ۵۱۰ ، كتاب الحظر والإباحة ، ط : زكريا ، و: ۶/ ۳۵۴ ، ط : سعيد كراچي) (فتاویٰ قاسمیہ:۲۳/ ۲۲۸، بلڈ پریشر کنٹرول کرنے کے لیے ہاتھ میں چین پہننا) (کتاب الفتاویٰ:۶/ ۲۱۱، مفتا طیسی ہار)

(۲) ما في " رد المحتار " : بقي الكلام في بند الساعة الذي تربط به ويعلقه الرجل بزر ثوبه ، والظاهر أنه كبند السبحة الذي تربط به . تأمل .

(۹/ ۵۱۰ ، كتاب الحظر والإباحة ، ط : زكريا ، و: ۶/ ۳۵۴ ، ط : سعيد كراچي)

(فتاویٰ قاسمیہ:۲۳/ ۲۲۹، چہرے پر دانوں کے علاج کے لیے تانبے کا چھلہ پہننا)

آپریشن کے ذریعے جنس کی تبدیلی

مسئلہ (۲۴۰): بعض لوگ آپریشن کے ذریعے اپنی جنس تبدیل کرواتے ہیں، یعنی مرد؛ عورتیں، اور عورتیں؛ مرد بن جاتی ہیں، جب کہ جنس تبدیل کرنا، ناجائز اور ملعون عمل ہے، یہ اللہ تعالیٰ کی خلقت و بناوٹ کو بدلنا، فطرت سے بغاوت کرنا، مذموم وشیطانی حرکت کا ارتکاب کرنا، اور تخلیقِ الٰہی کو چیلنج کرنا ہے، شریعتِ اسلامیہ میں اس کی اجازت نہیں، قرآنِ کریم میں ہے: ﴿فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ﴾[1]. ''اللہ کی فطرت پر قائم رہو، جس پر اللہ نے لوگوں کو پیدا کیا ہے، اس کی خلقت میں کوئی تبدیلی نہیں''، اور حدیث پاک میں ہے کہ اللہ پاک نے خلقت میں تبدیلی کرنے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے[2]، نیز جب خوبصورتی کے لیے یا کم عمر دکھانے کے لیے پلاسٹک سرجری کروانا[3]، اور عورتوں کا مردوں کے ساتھ، یا مردوں کا عورتوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرنا، ناجائز وممنوع ہے[4]، تو جنس کو تبدیل کرنا، بدرجۂ اولیٰ ناجائز اور حرام ہوگا؛ لہٰذا مسلمان مردوں اور عورتوں کو اس ملعون وشیطانی عمل سے بچنا چاہیے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فطرة الله التي فطر الناس عليها لا تبديل لخلق الله﴾ . (سورة الروم : ۳۰) وقوله تعالى : ﴿ولآمرنهم فليبتكن آذان الأنعام ولآمرنهم فليغيرن=

.....

= خلق اللّٰه﴾ . (سورة النساء : ۱۱۹)

(۲) ما في " صحيح مسلم " : لما جاء في الحديث : عن عبد اللّٰه بن مسعود قال : " لعن اللّٰه الواشمات والمستوشمات ، والنامصات والمتنمصات ، والمتفلجات للحسن ، المغيرات خلق اللّٰه " . الحديث . (۲۰۵/۲ ، كتاب اللباس والزينة ، باب تحريم فعل الواصلة والمستوصلة ، رقم : ۵۵۳۸ ، باب : ۱۲)

(۳) ما في " أحكام تجميل النساء " : وقد رأى العلماء المعاصرون تحريمها ومنعها لدلالة النقل والعقل على منعها . فأما النقل : فبقول اللّٰه عز وجل : ﴿ ولآمرنهم فليغيرن خلق اللّٰه﴾ . [النساء : ۱۱۹] . ووجه الدلالة من الآية : أنها من سياق الذم وبيان المحرمات التي يسول الشيطان للإنسان بفعلها ، ومن هذه المحرمات تغيير خلق اللّٰه وهذه الجراحات تشتمل على تغيير خلق اللّٰه والبعث فيها حسب الهوى والرغبة ، فتكون العملية والحال هذه مذمومة شرعًا ، ومن جنس المحرمات التي يسول بها الشيطان للإنسان . ومن السنة يقول النبي ﷺ : " والمتفلجات للحسن المغيرات خلق اللّٰه " . [صحيح مسلم : ۲۰۵/۲] . ووجه الدلالة : أنه ﷺ جمع بين تغيير الخلقة وطلب الحسن وكلا هذين المعنيين موجودان في الجراحة التحسينية ، فإنها تغيير للخلقة من أجل بل والزيادة فيه ، فهي على هذا داخلة في الوعيد ، ولا يجوز أن تفعل . (ص/۳۷۸)

